خاموشی

عین حکمت ہے خموشی صفت غنچہ بہ گل
منھ سے نکلا جو سخن نکہت برباد ہوا
حرف خاموشی بہار زندگانی چاہیے
غنچہ ساں منھ میں زباں بے زبانی چاہیے
چاہیے جو بقا نطق سے بہتر ہے خموشی
ہے طول حیات فقرا جس نفس میں
یہ صدا آتی ہے خموشی سے
منھ سے نکلی ہوئی پرائی بات
حفظ لساں سے ہوں میں مشہور خلق
نطق خموشی ہے قلم کی طرح
جو چاہو تو ہم سوکھے لو چپ چاپ ایں ہم ایسے
گویا زباں نہیں ہے اپنے دہن کے اندر
کون سنتا ہے کسی کی خلق بے بہرہ ہے
بات دل کی دل میں رکھو کچھ نہ بولا چاہیے
خموش رہنے میں وہ لطف ہے کہ غنچہ صفت
ہزار ہوں جو زبانیں تو گفتگو نہ کریں
بہ ہر روں

امیر — " — " — آتش — امیر — آتش — بحر — "

خاکساروں کا ترے شوق میں اٹھتا تھا غبار	رہ گیا ہے یہ وہی عرش معلےٰ بن کر	نظم
ہوئی کدورت دل دور خاکساری سے	اس آئینہ میں جلا رکھتے ہیں غبار سے ہم	"
جھکوں جو اہل تبختر سے خاکسار نہیں	فلک سے دیکھے رہے جو یہ وہ غبار نہیں	"
رگ گردن پہ جسکو ناز ہو تو جھک کے مل اُس سے	یہ وار ایسا ہے جو تسمہ نہ گردن میں لگا رکھے	"
ناصر ہر ایک جنس سے ہے تو حقیر تر	ذرہ کو بھی نہ دیکھ حقارت کی آنکھ سے	ناصر
جو افتادہ ہیں وہ ایذائے موذی سے رہیں ایمن	الجھتے کس نے دیکھا خار سے صحرا کے دامن کو	نساخ
نساخ اپنی اپنی سمجھ میں بقول ذوق	سب ہم سے ہیں زیادہ کوئی ہم سے کم نہیں	"
خاکساری سے نہیں بہتر جہاں میں کوئی شئے	خلق میں سب سے بڑا رتبہ ہے آدمزاد کا	"
بغیر سرنگونی جمع زر سے خاک ہو حاصل	زوال دولت قاروں کا باعث گنج قاروں ہے	
نہ خاکساری کی عادت چھٹے گی کامل سے	فلک پہ ابر جو پہنچا ہے تو بھی آب گرے	نسیم
خاکساری وہ ہے کہ ذروں پر	روز باران نور ہوتا ہے	"
طبیعت میں ہے اپنے انکساری	لکھا ہے نسخۂ اکسیر دل پر	واسطی
بشر کو چاہئے گزرے نہ خاکساری سے	کیا ہے خاک سے پیدا خدا نے انساں کو	"
بشر کو خاکساری ہے مناسب	حقیقت خاک ہے اس آدمی کی	"
ہستی کی گر ہوس ہے تو جھک جھک کے رکھ قدم	باعث فنا کا ہے یہ ابھرنا حباب کا	
لیجا کے بگولے نے یہ کی دشت میں تعلیم	بے خاک نشیں ہونے کی عزت نہیں ملتی	وقار
درۃ التاج مہر ہے ذرہ	اوج پر شان خاکساری ہے	"
نہ اترا مرے تن سے جامۂ خاک	وقار اپنی اسی میں آبرو ہے	"
پیش خدا وہ خلق سے زائد ہے ہر طرح	جو شخص اپنے آپ کو سمجھا ہے سب سے کم	"
غیرت تخت ہے ہم خاک نشینوں کو زمیں	صورت چتر ہے یہ گنبد گرواں سر پر	"
قطرہ سے بحر ذرہ سے خورشید ہو گیا	اونچا کیا ہے مجھ کو مرے انکسار نے	"
جب خاک ہوا میں تو ملا رتبۂ اعلےٰ	سمجھا تھا تخت ثرےٰ عرش بریں تھا	"
خاکساری میں وطن حاصل ہے مجھ کو سلطنت	ہے مجھے تخت سلیماں چھانوں پائے مور کی	وطن
خاکساری جس کو ہے سلطانی ہے اس عالم منے	کاسۂ خاکی اسے جیوں چینیٔ فغفور ہے	ولی
اے ولی تیغ غم سوں خوف نہیں	خاکساری بدن پہ جوشن ہے	"
سرکشی رکھتا ہے کیوں رکھ خاکساری پر نظر	آئے گی اک روز خاک دوست دشمن زیر پا	"
خاکساری سے دلا ہوتی ہے سرسبزی نصیب	خاک میں دانہ ملے جب کشت دہقاں سبز ہو	ہرچند
خاکساری چاہئے مرنے سے پہلے زیست میں	کیوں غرور زندگی ہے مر کے ہونا خاک ہے	"
کیوں مرتبہ بلند نہ ہو انکسار کا	جھکنا ہی فیض ہے شجر باردار کا	ہزبر
ذرۂ ناچیز تاباں خاکساری سے ہوا	منکسر ہونے سے اسکو ہو گیا حاصل فروغ	ہوش
خاکساری گردخواری کو نہ کیوں کردے فنا	آدم اشرف ہو گیا ہوتے ہی پیدا خاک سے	یکتا
اوج شان خاکساری کے حضور	چرخ گیا اور چرخ کی بنیاد کیا	

؎ کو ۱۲ ؎ میں ۱۲ ؎ مانند ۱۲ ؎ سے ۱۲

بے بہروں میں بہروں کی طرح بیٹھئے اے بحر	کانوں کو خدا رکھے خرافات سے محفوظ	بحر
نہ کرحق میں بزرگوں کے کڑی بات	کہیں گے لوگ چھوٹا منہ بڑی بات	”
متانت ہے بہت کم بولنے میں	خموشی دو گھڑی ہو دو گھڑی بات	”
دُر دہن کے لئے خاموشی مناسب ہے	یہی ہے قفل نہیں جس میں کیل کا کانٹا	”
جو بات کی انسان نے معلوم ہوا حال	منہ کھلتے ہی دروازہ کھلا عیب و ہنر کا	”
لطف خاموشی کے آگے ہیچ ہے	خوشنوائی، خوش بیانی، کوئی ہو	بیدل
زمانہ مکر و دغا سے بھرا ہے اے پرتو	ہزار بات سنے ایک بھی کہا نہ کرے	پرتو
ایک صورت پر بسر کرتے ہیں ارباب سکوت	شست و شو سے پاک دیکھا پیرہن تصویر کا	تسلیم
ہائے بے دیکھے رکھا کرتی ہے کیا کیا کچھ زبان	دیکھئے سب کچھ۔ نہ کہئے کچھ بھی، آنکھوں کی طرح	ثاقب
جو کچھ کھویا وہ کھویا بات کہہ کر	جو کچھ پایا وہ پایا خامشی میں	”
بو رنگ غنچہ ملا ہے ہمیں دہن خاموش	شکایت چمن روزگار کیا کرتے	جرار
دہن ہے بند جبتک راز دل پوشیدہ ہے اپنا	کھلے حال اسکا کیا جس گھر کا دروازہ مقفل ہے	”
ہرگز کسی کے سامنے کچھ تذکرہ نہ کر	آگاہ ہے خدا ترے ہر ایک حال کا	خلیل
بولنے سے چمن دہر میں رسوائی ہے	بو نہ چھوٹے دہن غنچہ جو خاموش رہے	”
واں گالیوں پہ منہ ہے ہمیشہ کھلا ہوا	یاں مہر خامشی مرے لب پر لگی ہوئی	داغ
سرتاقدم زبان ہیں جوں شمع گو کہ ہم	پر یہ کہاں مجال کہ کچھ گفتگو کریں	درد
بے زباں ہے بد زبان سوسن	اس چمن میں کسے مجال سخن	”
وصف خاموشی کا کچھ کہنے میں آسکتا نہیں	جس نے اس لذت کو پایا ہے سدا خاموش ہے	”
کہے ایک جب سن لے انسان دو	کہ حق نے زباں ایک دی کان دو	ذوق
بات آوے نہ تو چپ رہ کہ گماں کے نزدیک	سو طرح کا ہے سخن پردۂ خاموشی میں	سودا
پوچھے بھی وہ تو ہم نہ کہیں آرزوے دل	وہ بات کیوں کہیں جو ہو اپنے دہن سے دور	”
ہوں تو چراغ راہ ہنر زیر آسماں	لیکن خموش ہو کے سر شام رہ گیا	”
کر اختیار کم سخنی تو بھی اے شفق	ڈھکتی ہے آدمی کے خموشی ہزار عیب	شفق
مرغان نوا سنج کو صیاد نے پھانسا	محفوظ رہے ہم لب خاموش کے باعث	شہید
سپر بدنامیوں کی خامشی ہے	کہ حرف آتا نہیں اپنی زباں پر	صابر
جب اس زمانہ میں قدر ہنر نہیں طاہر	تو پھر سکوت ہی بہتر ہے خوش بیاں کے لئے	طاہر
لب خاموش نے سکھائی بات	کہ نہ کہنا کبھی پرائی بات	”
میں نے سو بار آزمائی بات	منہ سے نکلی ہوئی پرائی بات	”
خاموش رہنا چاہئے دنیا کی شورنگاہ میں	سنتا کسی کی اے ظفر یاں کون شور و غل میں ہے	ظفر
نشو و نما ہے اصل سے غالب فروع کو	خاموشی ہی سے نکلے ہے جو بات چاہئے	غالب
حق کہو تلخ۔ جھوٹ بولو گناہ	بس خموشی سخن سے بہتر ہے	قدر
خامشی سے ہوا ایسا ہیں عزیز ہر دل	مثل تصویر کسی پر کبھی دو بھر نہ ہوا	”
نکلے نہ نیک و بد کبھی منہ سے خدا کرے	مہر سکوت قفل دُر خیر و شر رہے	”

خاموشی

خاموشی بھی کچھ طرز لطیف ہے کہ قاصر — قاصر

جس میں نہ تصنع نہ تکلف

کرنا پڑے ہیں خامشی میں لیکن — ”

سو حرف ہرزہ گو نہ سمجھے — میر

اس کو کبھی مصلحت اب

خاموشی ہی میں ہم نے دیکھی کہا زباں سے — ”

ہر اک سے حال دل کا مدت اے جرس بہتر

نہ ہو ہرزہ سرا اتنا خموشی ضبط نفس بہتر — ”

نہیں اس قافلہ میں اہل دل جنبش لب سے

بلند آتش جہاں ہووے ہوائے ضبط نفس بہتر — منت

تو اپنی فہم ناقص میں وہاں خموشی زبان کی

کہتی ہے بار بار خموشی زبان کی — مومن

محرم ہوں راز دار ہوں اپنے بیان کی

یہ حالت ہے تو کیا حاصل بیاں سے — مصحفی

کہوں کچھ اور کچھ نکلے زباں سے

آگے کسی کے بات نہ کیجو کہ مثل شمع — میر

ہوجاتی ہے نکلتے ہی منہ سے پرائی بات

جو کہ چپ ہیں بر سے ہیں وہ کم یاد رہے — ناسخ

تو بھی کم گوئی کو کر اپنا شعار و عادت

بچے آفات دہر سے انساں

خموشی سے رہے جو غنچہ لب بستہ و دست گلچیں سے

ہمیشہ

خلق

عوام الناس سے مت رکھ توقع آدمیت کی — رشک
کہ اکثر گرگ و روباہ و شغال و گربہ و سگ ہیں

جو اچھے ہیں وہ اچھا جانتے ہیں ساری خلقت کو — افسوس
ہے خوبی جنہیں وہ ہر دم بڑھاتے ہیں مروت کو

منظور گر فلاح ہے دنیا و دین کی — برقی
انساں کو چاہیئے کہ خود اپنا ادب کرے

کرتا رہے محاسبۂ نفس روز و شب — "
تا نیک و بد سے اپنے سدا مطلع رہے

جو جذبہ ہائے نفس ہیں روکے انھیں مدام — "
رستے اگرچہ تو ذرا دیکھ کر چلے

اک بادشاہ وقت سے قوت میں بڑھ گیا — "
وصف جب کہ داخل معمول ہو گئے

پر دل میں کبھی اپنے یہ خطرہ نہ آنے دے — "
دنیا میں اس کی قدر ہو اور آبرو بڑھے

سمجھیں بھلا جسے اہل جہاں اسکی راہ میں چلے — "
جو کرتے ہیں کہ اس کی خلق خدا پوجا کرے

نیکی کی دلفریبی میں آتا ہے اس سے فرق — "
ترغیب بدی میں جیسے کوئی پارسا پھنسے

فطرت کے اعتدال نے جس دل میں گھر کیا — "
سب لوگ اس کے بندۂ بے دام ہو گئے

بے خوف

ہمیشہ چپ ہی رہے جو ہو صاحب جوہر — نساخ
کس قدر لطف خموشی ہے طبیعت کو پسند

ایک چپ رہنے سے لاکھوں راحتیں موجود ہیں — نسیم
بزم عالم میں ہے خاموشی سے اے ناسخ فروغ

ملا ہے یہ گل صد برگ سے سبق ہم کو — "
خموشی میں ملا گوہر صدف کو

جتنے روشندل ہیں وہ سب رہتے ہیں مہر سکوت — ناسخ
گالیاں دیکے وہ قائل ہوئے میں چپ جو رہا

ہمیشہ لشکر آفات سے رہے محفوظ — نظم
بن گئے خامشی ولی نہ ملے گوہر مراد

خاموش اگر رہا ہے ولی تو عجب نہیں — وقار
سچ کہا ہے کسی نے اے یکتا

خامشی ہی سے تو ملتی ہے جہاں میں دولت — وہبی

زبان تیغ کو دیکھا ہے بیشتر خاموش — وزیر
ہم نشاں تک بھی نہیں رکھتے دہان گور کا

مٹ گیا جھگڑا ہوا احساں لب خاموش کا — ولی
گو سراپا ہے زبان کرتی نہیں گفتار شمع

ہزار ہوں بھی زبانیں تو گفتگو نہ کریں — "
نہ پایا کچھ ہوئے جس وقت وا لب

کچھ زبان شعلہ سے کار بیاں ہوتا نہیں — "
خامشی سے کبھی بہتر کوئی تقریر نہیں

نصیب جس کو ہوا ہے حصار خاموشی — یکتا
حیرت کے باج اور ہے سب قیل و قال محض

غواص کا ہمیشہ خموشی کمال ہے — یم
ایک چپ لاکھ کو ہرا تی ہے

لب صدف کے جو ہوئے بند تو گوہر پایا

خُلق

وہی ہے خوبرو جو نیک خو ہو — آصف رح
حیف کی جا ہے نہ ہووے نرم و چرب اسکی زباں

لازم نہیں وہ بات کہ دشمن ہوں تیرے دوست — آتش
جس آنکھ میں نہیں ہے مروت وہ کور ہے

ملتے ہیں جھک کے ہر کس و ناکس سے بے سبب — امیر
سنکر کسی کی بات کو کیوں مانئے برا

گفتگو باعث تسخیر جہاں پیدا کر — "
شرف ذات اسی میں ہے جو ہے نیک صفات

خلق جس میں کہ نہ ہو اس کو بشر کیا کہئے — "
کس کام کی وہ آنکھ مروت نہ جس میں ہو

خالی جو خلق سے ہے وہ کس کام کا بشر — "
کی عمر دشمنوں میں بسر ہم نے عمر بھر

نہ کوئی بات ہو جس میں کہ آدمیت کی — "
حیواں کے برابر ہے نہیں جسمیں ہے جوہر

کچھ شک نہیں کہ خلق سے ملنا ضرور ہے — "

وہی ہے پھول جس میں رنگ و بو ہو — "
پرورش پایا ہوا یہ آدمی ہے شیر کا

وہ کام کر کہ تجھ سے ہو بیگانہ آشنا — "
خواہاں نہیں ہیں ہم قدح بے شراب کے

اہل ریا کا خلق ملاقات عید ہے — "
آفاق میں کروڑ ہیں باتیں۔ دہن ہزار

اسم اعظم ہو وہ تاثیر زباں پیدا کر — "
دہر میں معدن یاقوت نہیں ہر پتھر

یوں تو ہے گھاس بھی جنگل میں بشر کی صورت — "
بیکار بزم میں قدح بے شراب ہے

کانٹا مری نظر میں ہے جو پھول بو نہ دے — "
کانٹوں میں پھول دانتوں کے اندر زباں رہے

مرے حساب نہیں ہے وہ نسل آدم سے — "
انسان سمجھتے ہیں ہم انساں کو ادب سے

جو اس سے اختلاف کرے حق سے دور ہے — اکبر

بے خوف کاربند ہو اس اصول پر
پروا ہو معترض کی نہ انجام کار کی
عزت ہے حق کی حق سے نہ اس کے نتیجہ سے
خلق کی باتوں سے بیگانوں کو اپنا کیجئے
امید یہ نہیں کوئی بر وقت کام آئے
نہ بیٹھو امتیازی بنکے بجز اس سے ہے کیا حاصل
نیک طینت کیجئے کس طرح سے بد اصل کو
آدمی سنگدلوں پر کبھی نرمی نہ کرے
سیکھو یہ طریق آدمیت
یہ ہونٹ نہ بولیں کلمۂ بد یہ دعا ہے
درشتی چھو نہیں سکتی انہیں جو نرم طینت ہیں
سیرت کے ہم غلام ہیں صورت ہوئی تو کیا
جبکہ سیرت نہ ہو کب بھائیگی صورت ہم کو
ادب انسان کو وہ دولت لطف الٰہی ہے
عقل کہتی ہے ادب ایمان ہے
حسن اخلاق کو بنا زیور
سب تجھے آنکھ کا کہیں تارا
جو کوئی خوش وضع خوش اخلاق ہے
جہاں انسانیت نہ ہو یہ کچھ بھی
بار خاطر ہوکے صحبت میں کسی کے رہئے مت[1]
شست و شو ظاہر کی لے زاہد بہت کرتا ہے کیوں
آدمیت جس میں ہو کہتے ہیں اس کو آدمی
اپنا کرلیتا ہے ہر غیر کو ہر نیک سرشت
جو بو نہیں تو نہیں خلق کے گل دستار
خلق سے پیش آ تو سب پر فتح پائے
یوں رہا پاس ادب راہ طلب میں مانع
مساوی ہوکے اعداد ادب سے یہ ملا رتبہ
جھکا جو سر تو زمانہ میں سرفراز ہوا
کسی کو دیجئے ایذا یہ کب ہے کام اپنا
کیا کرم ہوگا وہ جس میں نہیں خلق و کرم
شرافت ہے حسن عمل سے خلیل
پاؤں کا کام یہاں آنکھ سے لینا ہے ضرور
بے ادب روح جسم خاکی میں

بے فکر زندگی کا اسی کو مزہ ملے	بزمی
ایماں کے فیصلہ کا متبع سدا رہے	"
یہ بات گوش دل میں ترے جانشیں رہے	"
چال وہ چلئے کہ دل میں راہ پیدا کیجئے	بحر
واقف نہیں زمانہ مروت کے ڈھنگ سے	"
کہ دنیا دار ہو تو مل چلو اعلیٰ سے اسفل سے	"
غیر ممکن ہے کہ رانگا سیم تانبا زر لگے	"
رو رہے آنکھوں کو جو تل بھر بھی مروت رکھے	"
جو چال چلو اسے نبا ہو	"
یہ کان سنیں کوئی نہ الزام کسی کا	"
تہی ہے استخواں سے جسم میرے شمع بالیں کا	"
سرخ و سپید مٹی کی مورت ہوئی تو کیا	بیان
جا سے لیجائے گی کیا مٹی کی مورت ہم کو	"
کہ جو خوگر ہے اس کا اسکے سر پر تاج شاہی ہے	بیدل
یہ نہیں جس میں ہے وہ بے جان ہے	تائب
تاکہ اقبال سے ہو نیک اختر	"
گل کے نزدیک دل سے ہو پیارا	"
اس سے گردیدہ تمام آفاق ہے	تراب
وہ تو حیوان شکل آدم ہے	"
بلکہ یوں رہئے کہ جیسے پانی پر اترائے پھول	"
جامۂ دل کو بد اخلاقی سے دھونا چاہئے	"
اس کو حیواں کہئے جو اخلاق انساں چھوڑ دے	"
آزمایا ہے ملا کر کے لبن پانی میں	ترکی
گلاب سے کہیں خوشرنگ ہیں انار کے پھول	ثاقب
یوں ہے املا ایک خلق و خلق کا	"
پاؤں تو پاؤں کبھی سر بھی اٹھا کر نہ چلے	"
کہ گھیرا سبعہ سیارہ نے ساتوں آسمانوں کو	"
ادب سے پائی فلک نے ترقی معکوس	"
لیا نہ بھول کے دشمن سے انتقام اپنا	جنون
خوئے نیک و بد سے خلقت بخیر ایسی نہیں	"
جبیں پر کہاں شیخ و سید کھدا ہے	خلیل
بے ادب منزل تسلیم کو پہونچے کیونکر	خاطر
گر ادب ہی نہیں تو جان نہیں	رمز

خلق

اخلاق سے ہے کہنا تمیز ہے تو یہ ہے	
خاک آپ کو سمجھنا اکسیر ہے تو یہ ہے	رنگین
اخلاق سے منور ہر بزم دلبری ہے	
اخلاق سے مصفا آئینۂ دلی ہے	"
بہبودی و سعادت اخلاق کے ثمر ہیں	
خوشنودی و مسرت اخلاق کے ثمر ہیں	"
دنیا ہے چند روزہ کچھ کیجئے بھلائی	
کچھ خدمت خلائق کچھ طاعت خدائی	"
اخلاق نخل دیں کی اک شاخ پرثمر ہے	
انسان کا محافظ اور دافع ضرر ہے	"
اخلاق ہی کا یہ فضل و کرم ہے	
اخلاق ہی ضیا خورشید صبحدم ہے	افسر
گلزاروں کا ہے حسن خلق سے اوج	
قدر پھولوں کی رنگ و بو سے ہے	راسخ
بشر کو چاہیئے پاس دل بشر رکھے	
کسی کا ہو کے رہے یا کسی کو کر رکھے	سودا
کیسی ہے تو کیا ہے وہ وحشت خاک سودا	
خاطر جب کسی کی اس سے ملال آیا	محو
عیب پوشی ہے آدمی کو ضرور	
وہ خطا پوش ہے چھپا دے گا	اکبر

[1] لہ مثنی ۱۲۔ لہ مت۔ ۔ ۱۲

خلق

چھوٹا خدا کے واسطے کچھ بڑا نہیں
دو دن اگر کسی سے کوئی کام آ پڑے
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

شاعر	شعر
مصحفی	اس سے کیا بہتر ہے دنیا میں جو حاصل ہو تجھے
	ہمیشہ ہے رضامند اُس سے خالق
	گزار اپنے دن عمر کے چند روز
مضطر	کوڑی نہ صرف ہوگی عالم مطیع ہوگا
	خلق سے ہے بعید یہ سید
	حلم و تواضع و ہنر و داد و دیا دخلق
ناسخ	حسن اخلاق سے ہے قدر بشر دنیا میں
	ادب ہے جامۂ انسانیت کہ اُس کو تمیز
	ظہیر راہ فنا میں نہیں مجال کلام
نصیر	نہ کر ظالم دل آزاری جو دل منظور ہے لینا
	جو ہوگا مرد معقول اس کو ہوگا پاس ہر اک کا
	اے ظفر ہے جہاں میں خلق کہاں
نظیر	اخلاق ہی بہتر علی احمد ہے ہر اک سے
	مہرباں ہو کے بلا لو مجھے چاہو جس وقت
	وہ آئے گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے
ناصر	تمیز نیک و بد خلق ہے رویہ سے
	جھک جائے اس سے پہلے جھکے جو کہ آپ سے
	دشمن جاں کو ہو جو دوست بنانا منظور
واسطی	کر نہ آداب میں کمی قنبر
	جس چال کو کہ چار کہیں واہ واہ وا
	اچھے وہی ہیں سب سے اچھے خیال جنکے
=	مومن نہ توڑ رشتۂ زنار برہمن
	کیمیائے خُلق کیا کافی نہیں
	بدلتی جبر سے ہے کوئی خوئے بد بھی کبھی
=	نہیں تعلیم اعلیٰ سے بھی جب اخلاق ربانی
	نہیں گر آدمی میں آدمیت اور ہمدردی
	ہو حکومت یا نہ ہو اخلاق اعلےٰ چاہیئے
=	خاک کا پُتلا ہے آدم جو کوئی اچھی کہے
	خوش سیرتی ہے جس سے کہ ہوتا ہے اعتبار
	پست سے گفتگو ہے کیا معتبر ہے صورت
	شریف مرد شرافت سے منہ نہ پھیرینگے
	ظاہر میں گرچہ رکھتے ہیں اہل ریا خلوص
	بے ادب کو نہ ادب ہے نہ بلاؤں کا ہے ڈر

شعر	شاعر
اچھا خلق اچھی طبیعت اچھی خو اچھا مزاج	سرور
جو رکھے خلق سے نیک اپنے اخلاق	″
باخلاق و آداب و لطف و کرم	″
اخلاق سے بھی بڑھکر دولت نہیں ہے کوئی	سیفر
چھوڑ دوں طرز محبت کیونکر	سید
جس شخص میں یہ وصف نہیں وہ بشر نہیں	شفق
پھر گھر کیا ہے وہ جب آپ گھر سے نکلا	شاداں
وگرنہ خلقت انسان بھی ایک حیواں ہی	صادر
چلے چلو سر آداب کو جھکائے ہوئے	ظہیر
کسی کا دل جو ہاتھ آیا تو دلداری سے ہاتھ آیا	ظفر
اگر دُور آپ کو کھینچے گا نا معقول کھینچے گا	″
اب تو خلقت کا اور ہے نقشہ	″
باقی نہیں دنیا میں بڑا بول رہا ہے	علی احمد
میں گیا وقت نہیں ہوں کہ پھر آ بھی نہ سکوں	غالب
کبھی ہم اُن کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں	″
عیاں حقیقت انسان ہے چلن کے بیچ	فیض
اُس سے کرے غرور جسے کچھ غرور ہو	قلق
حسن اخلاق سے بڑھکر نہیں کوئی تسخیر	قاسم
جس کو جو کچھ ملا ادب سے ملا	قنبر
وہ چال وہ چلن وہ رویہ اُٹھایئے	قطب
آوارہ پھرتے ہیں جو وہ ہی پھنگے تنکے	کمال
مت کر وہ بات جس سے کوئی دلشکستہ ہو	مومن
کیوں عبث میں طالب دُنیا رہوں	محب
ہزاروں کھیل رہے ہیں شکار پردے میں	″
تو پھر کس بات میں ترجیح ہے عالم کو جاہل پر	″
فضیلت حضرت انسان کو پھر کیا اور حیواں پر	″
اہل دل ہوتے نہیں اس دار ہستی میں خراب	″
عالم خاک میں برسوں تئیں وہ بات رہے	میر
ہے چوب خشک بو جو نہ ہووے اگر کے بیچ	″
ہے ایک سوکھی لکڑی جو بو نہیں اگر میں	″
وفا کے بدلے جفا کام ہے رذالوں کا	یکش
ایسا خلوص بھی ہے تو کس کام کا خلوص	″
شانہ کیسا تری زلفوں سے لگا جاتا ہے	مصحفی

[illegible]

لے جن کا ۱۲ ۔ سے میں ۱۲ ۔ لے ہو ۱۲ ۔ سے برسوں تک

مدارا ترک مت کر اے حیا دوست	مدارا ہے حصار آشنائی	ولی
سیرت کے ہم غلام ہیں صورت ہوئی تو کیا	سرخ و سپید مٹی کی مورت ہوئی تو کیا	ہمایوں
آدمیت نہ ہو جس شخص میں کچھ بھی ہمدم	پھر وہ حیوان سے بدتر ہے مت انساں سمجھ	ہمدم
حسن اخلاق ہے چلتا ہوا جادو یکتا	غیر ممکن ہے نہ ہو اس کا اثر دشمن پر	یکتا
خمیدہ ہو کے ہر شاخ ثمر بھی بیخ کی جانب	اشارہ کر رہی ہے یوں جھکو اپنے بزرگوں سے	״
حسن یوسف سے سوا ہے حسن خلق	اک جہاں اس کے خریداروں میں ہے	یوسف

خوشی و غم

دنیا میں کون غم ہے نہیں جس کے بعد عیش	آئی بہار خشک جو گلزار ہو چکا	امیر
بے غم ہیں عیش کب چمن روزگار کے	کھٹکے ہیں کوچۂ رگ گل میں بھی خار کے	״
شادی کی رکھ اُمید جو غم کا ہو سامنا	بعد سواد شب ہے ظہور رُخ صبح	״
باغ عالم میں جو راحت ہے تو پھر رنج بھی ہے	تا کمر گل ہیں تو یاں تا سر زانو کانٹے	آتش
جو نہ دے رنج کسی کو اُسے ہوتا نہیں رنج	پاؤں پر میرے نہیں پانے کے قابو کانٹے	״
شادی و غم سے ہے عالم کا مرقع تو ام	سرخ تصویر ہے کوئی کوئی تصویر سپید	״
رنج یاں جنکو ہے آتش اُنہیں راحت ہے وہاں	اے خوشا حال جو دُنیا سے خفا جاتے ہیں	״
غم و شادی کی حالت دیکھ عالم کے مرقع میں	کوئی تصویر روتی ہے کوئی تصویر ہنستی ہے	״
زمانہ شادی بے غم کسی کو دے یہ کیا ممکن	بنے تخت عروسی بھی تو چوب نخل ماتم کا	اسیر
دورنگی رنج و راحت کی ہٹی کب اِس گلستاں میں	وہی ہنسنا ہے پھولوں کا وہی رونا ہے شبنم کا	״
ہے بعد وصل ہجر کا ہم کو کمال رنج	ہر عیش کا جہاں میں ہے آخر مآل رنج	״
دولت ہے جہاں خار خلش اُسکے ہے ہمراہ	اک بیخ ہے لوہے کی بھی سونے کے کلس میں	״
عیش سے توام ہے غم۔ ہے زخم سے ظاہر اسیر	چہرۂ خنداں ہے لازم دیدۂ خونبار کو	״
بغیر غم نہیں عالم میں قدر عشرت کی	خزاں کے بعد بہاراں سے ہے چمن کی بہار	״
کسی کا نفع ہے اِس باغ میں کسی کا زیان	خزاں ہماری ہے غسال و گورکن کی بہار	״
راحت ہے غم جو فضل خدا ہو شریک حال	آتش میں گر کے آنچ نہ آئی خلیل پر	״
دہر میں اپنی خوشی سے ہے خوشی	دل اُداس اپنا ہے تو محفل اُداس	״
رنج راحت ہے فقط رنگ شرافت کے سبب	خندہ زن ہوں مثل گل پیراہن صد چاک میں	״
آدمی کیوں طالب راحت ہے دَور چرخ میں	چین دانہ کو بزیر آسمان ملتا نہیں	״
تنگیٔ غم دل کو آخر باعث راحت ہوئی	اِس قدر سمٹی پریشانی کہ جمعیت ہوئی	״
رتبہ ہے غم سے باغ جہاں میں نشاط کا	قدر بہار کیا ہے جو فصلِ خزاں نہ ہو	״
رنج و راحت باغ عالم میں ہے باہم اے اسیر	پہلوئے گل میں جگہ دیکھی ہمیشہ خار کی	״
غم و شادی میں ہوئی عمر دو روزہ آخر	کبھی گلزار کی کھائی کبھی زندان کی ہوا	״
شادی کے واسطے ہے یہاں غم کی احتیاج	پھولوں کو بہر خندہ ہے شبنم کی اِحتیاج	״

خوشی و غم

خوشی

لہ نہ ۱۲ ۲ مٹی ۱۲ ۳ نہ ۱۲

خوشی و غم

مصرع اول	مصرع ثانی
خوشی اور غم دونوں ہی جا بجا ہیں تو ہم	کسی کا برا ہے کسی کا بھلا ہے
کہاں کے شادی کہاں کے خوشی [illegible]	یہاں ہر اک [illegible]
عیش و آرام کے اسباب نظر آتے رہے	اپنے جینے کے نہ دنیا میں اسباب دیکھے
اب غم کے بعد خوشی کا زمانہ ہے	ہے شب [illegible] ثنا دیا نہ ہے
خوشی کو آج کمک ہے نہ [illegible]	[illegible] غم رنج و الم سب آشنا نکلے
زمانہ میں کوئی شادی نہیں ہے بے کھٹکے	شب وصال ہے [illegible] کے ہیں
ہم [illegible] کے ہوتے ہیں راحت و رنج جتنے	[illegible]
رنج رہتا ہے کسی کا نہ کسی کی راحت	[illegible]
مرنے کی کچھ خوشی نہ ہوئی سخت غم ہوا	جوانی کی [illegible] عشق ختم ہوا
حد سے افزوں جو خوشی ہو تو پھر انجام ہے غم	جب ہنسی آئی زیادہ ہوئے آنسو پیدا
[illegible] کا رنج ہے [illegible] کے لئے راحت یہاں	سانپ کے واسطے [illegible]
کیا یاد نہیں ہے اسے تکلیف کے ایام	پھر [illegible] عیش [illegible] غم
کس شوق سے [illegible]	لیتی ہے مزہ [illegible] عیش [illegible] غم
حق تو یہ ہے وہ اچھے ہیں [illegible]	جن کو نہیں [illegible] عیش [illegible] غم
ایک کی زحمت سے [illegible]	[illegible]
اک طرف شور [illegible] ہے عیش و خوشی	اک طرف آہ و درد و ماتم ہے
[illegible]	دوست کو اپنے تو دیتا نہیں [illegible]
کب تک [illegible] کے لئے پھرتا ہے [illegible]	ہے جہاں کی [illegible] خوشی و شادمانی چند روزہ
وقت ہی کی بات تو ہے وقت گزشت [illegible]	کوئی خوش ہے ہے کہیں [illegible] غم و آلام کا
رنج سے صورت [illegible]	عید دیکھو پس ماہ رمضان ہوتی ہے
کبھی ہے مرگ کا رونا کبھی نشاط حیات	[illegible]
بسر کی صورت تصویر بے دل ہم نے دنیا میں	خوشی آئی [illegible] پاس غم آیا
واقف حیات و مرگ کے جھگڑے سے [illegible]	جینے کی کچھ خوشی نہیں مرنے کا غم نہیں
شادمانی کا مزہ کیا [illegible] جب تک [illegible]	[illegible]
تکلیف ہے [illegible] خوشی کی [illegible]	[illegible]
[illegible] اگر مر کے وہاں تک پہنچے	کہ نہ تکلیف وہاں ہوگی نہ راحت ہوگی
خاک آسائش لحد میں [illegible] راحت ہوگی	[illegible] قیامت ہوگی
کس نے خوشی سے زیر فلک عمر کی بسر	خنداں [illegible] چاک گریبان [illegible]
بہار کی کبھی شادی کبھی خزاں کا ہے غم	یہاں ہیں عشرت [illegible]
مقام دہر بھی طرفہ طلسم حیرت ہے	کسی کو رنج و الم ہے کوئی یہاں محظوظ
خزاں جب آئیگی کمبخت تو پھر کیا لینا	خوشی سے زیست کے ایام [illegible]
کبھی خوش ہے دل اور کبھی [illegible]	زمانہ کا جیسے ہے پست و بلند
جہاں [illegible] اندوہ و عشرت ہیں	کہیں صبح عشرت کہیں شام غم

دل صد چاک ہے گل خنداں	شادی و غم جہاں میں توام ہے	درد
نہ سمجھا درد ہم نے بھید یاں کی شادی و غم کا	سحر خنداں ہے کیوں روتی ہے کسکو یاد کر شبنم	″
جہاں میں عرصۂ عشرت سے سوا دہ چند ہی غم کا	اگر ہے عید کا اِک دن تو عشرہ ہے محرم کا	ذوق
ہو خوشی بے رنج سو یہ ہے زمانہ سے بعید	نوش دے بے نیش یہ زنبور خانہ سے بعید	سودا
چمن دہر میں توام ہیں سدا شادی و غم	خندۂ گل نہ رہے گریۂ شبنم سے دُور	″
اِس باغ میں اِک گل کو خنداں جو کہیں دیکھا	سو غنچے کی واں صورت دیگر نظر آئی	″
گل دیکھے جو سو غنچے نظر آئے ہزاروں	خوش لٹھینگے کم اس باغ میں مغموم بہت ہیں	″
عیش آلودۂ افسوس ہے اِس جا کہ حنا	جس کو پہنچی تو اُسے ہاتھ ہی ملتے دیکھا	″
خوشی دو دل کو اِک جا پر نہ دیکھا میں زمانہ میں	چمن میں گل اگر خنداں ہے تو بلبل بھی نالاں ہے	″
لاکھ شادی ہو نکل آتا ہے غم کا پہلو	نالہ پوشیدہ ہے آواز میں شہنائی کی	سفیر
آج جو عیش میں ہے کل ہے مقید غم کا	اِک طرح پر نہ کبھی حال کسی کا ہوگا	سید
سب کے لئے جہان میں ہیں شادی و ملال	وہ کونسا چمن ہے کہ جس کو خزاں نہیں	شفق
غم و عیش توام ہیں باغ جہان میں	جو شبنم ہے گریاں تو گل خندہ زن ہے	″
عیش دنیا میں ہے غم عقبے	نفع کو دیکھ اور ضرر کو دیکھ	″
ضد اشیاء سے ہے ظاہر نیک و بد	عیش کی خوبی جہاں میں غم کے ساتھ	شاہ
دور عالم میں مقدم کیوں نہ سمجھیں غم کو ہم	اے شہیدی ماہ ماتم سے شروع سال ہے	شہیدی
اندوہ دائمی سے کٹے کس خوشی سے عمر	گر مجھ کو غم نہ ہو طرب گاہ گاہ کا	″
میری قسمت میں نہ لکھتا اِس قدر گو رنج و غم	سادہ رہ جاتا نہ دفتر منشی تقدیر کا	″
رنج میں بھی عیش کا لطف رہا عمر بھر	روز دکھاتی رہی گردش ایام رقص	طاہر
بزم عالم میں بہم شادی و غم ہیں دونوں	ایک ہنستا ہے ظفر ایک ہے گریاں روتا	ظفر
خوش کوئی کیا ہو ہمیشہ کہ خوشی ہے گاہ غم	ہاں مگر وہ جو کہ ان دونوں کو سمجھے ایک سا	″
جب عشرت و نشاط کا موسم گزر گیا	تو کیا گزر نہ جائینگے رنج و محن کے دن	″
غم و شادی بھی اِک جا ہی زمانہ کی دورنگی سے	ہنسی شدت سے جب آتی ہے تب آنسو نکلتے ہیں	عاشق
رنج و راحت ہیں زمانہ میں ملے	شاد کوئی کوئی ناشاد ہوا	″
رفع الم حاصل لذات دنیوی	ہے عیش کی طلب سے جہاں میں بنا رنج	″
ہے جو یہ صبح تو وہ شام نہیں	عیش و غم دونوں کو دوام نہیں	″
کوئی غم ایسا نہیں جس میں نہ ہو سامان عیش	نغمۂ شادی ہے پیدا نالۂ مزمار سے	عزیز
زحمت ہے گویا بجر جہانِ خراب میں	آرام کچھ ہر آئینہ اِس پار پارہ ہے	فدا
سچ پوچھئے تو عیش کا باعث ہی رنج ہے	مزا نہ ہو تو جینے میں کچھ بھی مزا نہ ہو	فروغ
آنکھ رونے کے لئے ہے لب ہنسی کے واسطے	عیش و غم کے ہیں یہ سامان آدمی کے واسطے	فوق
عیش و غم توام اگر ہیں عالم اسباب میں	تو کف افسوس زیبا ہے جلاجل کے لئے	قدر
ہائے اس میخانہ میں توام ہے شادی غم کے ساتھ	قہقہہ شیشہ کا دیکھا دیدۂ پرنم کے ساتھ	″
کبھی ہنسے کبھی روئے فلک کے نیچے ہم	یہاں گزر گئے برق و سحاب کی مانند	″

خوشی و غم

جہاں وہ چند روز کا یہ جاں کے ساتھ ہے [illegible] رنج	قلق
کیونکہ زیادہ عیش سے مجھ کو نہ بھائے رنج	″
صبح عیش اپنی شب غم ہمیں دکھلائیگی	
[illegible] ہوا کرتے ہیں اکثر محظوظ	گویا
لطف رنج کے بعد ہے روزگار میں	
راحت کے ساتھ رنج بھی ہے شبنم بہار میں	
ہنسنے پہ گل کے روتی ہے شبنم سے یکساں یاں غم و خوشی	میر
ہوتی ہے دل کی جمعیت سے [illegible] کی شادی ہے	
[illegible] نکالے [illegible] ہم نے پایا	″
شادی سے غم جہاں میں ہے چند دم [illegible] رہا ہے	″
ہے عید اک دن تو دس روز [illegible] ہی کی جا تھی	
جہاں تنگ [illegible] سے رہا خوش	″
کوئی دن میں تکلف [illegible] میں تو سن اسے ہم	
ہوا ہوں فرط اذیت سے میں [illegible] مجھ کو نہیں	″
بغیر رنج و خیال نشاط [illegible] زیادہ دہر میں	
وقت خوشی دیکھا نہ اک دم [illegible] شبنم رو دیئے	″
خندۂ صبح چمن پہ مثل [illegible] وہی ہو فرق	
شادی و غم میں جہاں کے ایک سے دن [illegible] محرم رو دیئے	
عید کے دن ہنستے تو دس دن [illegible] دم زیست	منشی
غم رہا دل میں کبھی عیش رہا [illegible]	
یہ جو چلی کبھی جہان سے خالی نہ ہوئی	

راحت [illegible]

لے ہونگے ۲ نہ۔

خوشی و غم

راحت تھی ابتدا میں تو ایذا اخیر میں
خوشی کو کیا کوئی ڈھونڈھے کہ نام کو بھی نہیں

اے مصحفی عشرت میں کہ عسرت میں بسر ہو
اے دل تمام عمر یہاں کون خوش رہا

ہیں رنج و راحت ایک اُسے جس کے کان میں
خوشی کے ساتھ ہم آغوش غم نہ کیونکر ہو

چمن دہر میں تنہا نہیں بے رنج کے گنج
خوشی کے بعد ہے غم غم کے بعد ہو شادی

خوشی میں غم کا ہے ڈر غم میں ہے خوشی کی اُمید
خوشی حیات کو لازم ہے گرچہ ہو موہوم

جہاں کے شادی و غم در گزر ہیں
اس جہاں میں نہیں جز رنج مآل شادی

کیا بزم روزگار میں نادر ہے نام عیش
عیش و عشرت کی تمنا حسرت و ارمان عبث

شادی و غم ہیں زمانہ میں بہم بے کم و کاست
وہ کون ہے جس کو کہ نہیں رنج و الم

مخلوط ہی ملتے ہیں جہاں ملتے ہیں
نہیں خوشی کو قیام مانا الم کو کیسے دوام جانا

راحت گزران ہے رنج بھی ہے گزران
شادی سے نہ شاد ہو نہ غم سے غمگیں

میں نے دیکھا ہے سرور اور الم توام ہیں
توام جہان میں دل انساں ہے اور غم

رہتا ہے روز و شب کی طرح باہم اتصال
شادی و رنج ازل سے ہیں بہم میرے ساتھ

ہو نشاط یا غم ہو اپنی اپنی قسمت ہے
میں سمجھتا ہوں کہ شادی کا سرانجام ہے غم

نوائے شادی و غم دونوں یوں ہیں دوش بدوش
شادی و غم کو یہ مانا کہ بہم ہیں لیکن

غم و شادی کو میں ایسا ہی سمجھا جس طرح کوئی
ہنسنے کے ساتھ زخم نے کی خونفشانیاں

گہے غم کا ہے عالم گہ خوشی کا
ہے مرے قہقہہ کے ساتھ ساتھ نالہ بھی

گل جو ہنستے ہیں تو کیوں روتی ہے شبنم باغ میں
گویا میں حرف عطف ثواب و عذاب تھا

وہ ہو گئی ہے ہمارے دیار سے رخصت
ہے اپنے تو نزدیک مساوات کا عالم

گذرے خوشی کے ساتھ جو اک دم بہت ہے یاں
صوت قفس ترانۂ گلزار ایک ہے

محب گلوں ہی کے پہلو میں خار ہوتے ہیں
گل بھی رہ کہتے ہیں یہاں نوک سر خار کو تیز

بتا رہی ہے یہ لیل و نہار کی صورت
عروج میں بھی ہے اندیشۂ زوال مجھے

کہ ایک سانس پہ پھولا حباب رہتا ہے
ملول اس سے نہ اس سے شاد ہوں میں

گرتے ہیں خاک پہ گل شاخ پہ خنداں ہوکر
غمگیں جو سیکڑوں ہیں تو ہیں پانچ چار خوش

چار دن کا عیش یا رنج فنا کچھ بھی نہیں
ساتھ ہی ملتے ہیں اے دوست میں کہتا ہوں راست

وہ کون ہے مسرور رہے جو ہمیشہ
ہیں شادی و غم مہر جہاں میں توام

جہاں میں شادی و غم ہیں توام الم تجھے کیوں اے دل حزیں ہے
دونوں اے مہر اس لئے ہیں یکساں

ہیں شادی و غم جہاں میں توام ناداں
کیونکہ دنیا ہے وہ جا شادی و غم توام ہیں

لاکھوں جو نعمتیں ہوئیں پیدا شکم کے ساتھ
شادی کے ساتھ غم ہے تو شادی ہے غم کے ساتھ

زخم کی طرح سر لب ہوئے خنداں پیدا
چاہیئے بُرا کس کا گرچہ ہے بھلا اپنا

مل رہے ہیں کف افسوس جلا جل ایسا
کہ پس گیا گل نغمہ کف جلاجل پر

سیکڑوں دہر میں گریاں ہیں تو خنداں دو چار
لگا لے خون دامن میں کہ ناخن پر حنا رکھے

سچ کہتے ہیں کہ رنج خوشی کا مآل ہے
رہے پھر حال کیا یکساں کسی کا

صدائے خندہ سے رہتی ہے توام فریاد
گلشن عالم میں گر شادی و غم توام نہیں

منیر
مصحفی
محب
مجروح
ماہ
مقبول
مہر
ناسخ
نشاط
نظم
وزیر

زمانہ کی نہ گردش اک طرح یکساں ہی رہتی ہے / کبھی شادی کبھی غم ہے سماں کہ ان میں توام کا — ہرچند

ہے کسی کو غم کوئی دلشاد ہے اس دہر میں / رات بھر روتی ہے شبنم گل ہے خنداں باغ میں — ״

شادی و غم جہان میں توام ہے / لیک غم ہے بہت خوشی کم ہے — ہوش

خود غرضی

کوئی زمانہ پائے جو ہوتا شریکِ درد / پائے تو اس زمانے میں مطلب کے پائے دوست — آفاق

کام مطلب سے کسی کے نہیں رکھتے صاحب / تم کو منظور فقط اپنی ہی خود کامی ہے — انشار

رونا ہے تو اسی کا کوئی نہیں کسی کا / دنیا ہے اور مطلب مطلب ہے اور دنیا — اکبر

بے سبب کوئی کسی کا دہر میں طالب نہیں / ہے شبِ تاریک میں مطلوبِ خاص و عام شمع — اسیر

لگائیں تو دل حیف کس سے لگائیں / جسے دیکھیے خود غرض آشنا ہے — اطہر

سب کی نظروں سے گرے رہتے ہیں اربابِ غرض / سب کی آنکھوں میں وہ ٹھہرے جو یہ حاجت رکھے — بحر

اتحاد اہل غرض سے نہیں رکھتا کوئی / ایک دن مل کے نہ محتاج و تونگر بیٹھے — ״

سمجھ مطلق نہیں اہل غرض کو / کسے محتاج سائل جانتا ہے — ״

نہ رکھ امید اقارب سے نہ کام آئینگے مشکل میں / کہ سب ناخن ہیں عاجز و رشد عقد انامل میں — ״

غرض جس سے نکلتی ہے بشر وہ کام کرتا ہے / اسی میں خوب جی لگتا ہے جس میں مطلبِ دل ہو — ״

یکساں ہیں فقیر اور امیر اہل غرض کو / جس گھر سے کہ امید بر آئی وہ ہے دربار — ״

رفتار رہرو و یارہ مقصد میں ایک ہے / ثابت ہوا یہ گبر و مسلماں کو دیکھ کر — ״

اہل مطلب کی کوئی حرکت نہیں ہے معتبر / ہر طرح بندے ہیں یہ کم نور گویاں حال کے — پرتو

اہل حاجت کس قدر رہرو پڑے ہیں دیکھئے / جس سے کچھ ملتا ہے بنجاتے ہیں اس کے پالکے — ״

بحر جہان میں کون غرض آشنا نہیں / خود غرضیاں تو کوئی نیا ماجرا نہیں — ״

کل یہ در تک بھی عداوت سے نہ آنے دینگے / آج اٹھ اٹھ کے جو محفل میں بٹھاتے ہیں مجھے — تسلیم

خود غرض انسان سے بڑھ کر کوئی دنیا میں نہیں / خود سمجھ لیں ہو گا مستوجب یہ کس الزام کا — تمنا

جو ہیں اربابِ غرض ان کا نہیں پنہاں ہے حال / اپنے مطلب کے لئے لیتے ہیں تدبیریں نکال — ״

یہ غرض وہ ہے کہ جس کو الغرض ہے اپنی فکر / سب کے آگے ہے یہ پھیلائے ہوئے دست سوال — ״

جتنی ایجادیں ہوئی ہیں ہے ضرورت ان کی ماں / جس سے ہو پوری غرض طالب وہی چلتے ہیں چال — ״

خود غرض سے نہیں امید وفا کی ترکی / کیونکہ رکھتا ہے سدا اپنے ہی وہ کام سے کام — ترکی

بے غرض اہل دنیا فقرا سے کب ملے ہیں / مشکل پڑے تو ہووے مشکلکشا سے ملنا — تراب

اہل دنیا کی غرض لگتی ہے جب درویش سے / کہتے ہیں اپنے حصول مدعا کے واسطے — ״

عبرت کی جا ہے دیکھیے احباب کا جو حال / مطلب کے آشنا ہیں غرض اپنے کام سے — جنون

زمانہ یار ہے مطلب کا دوستی کیسی / طریق کار بر آری ہے آشنائی کا — جویا

باپ بیٹوں میں نہ الفت کا اثر ہے باقی / جس کو دیکھا گلِ مقصود کا شیدا دیکھا — حیرت

افسوس اہل دیں بھی مانند اہل دنیا / خود کام خود نما ہیں خود بیں ہیں اور خودآرا — حالی

خود غرضی

اہل دنیا ہیں تمام اہل غرض کے بندے — خلیل

پڑ گئی جب کوئی مشکل تو خدا یاد آیا — داغ

بیگانہ کو دیکھا ہر اک یگانہ دیکھیں

اپنے مطلب کا سب زمانہ دیکھیں — ״

جس کو دیکھا غرض غرض کا ابی

دنیا کا عجیب کارخانہ دیکھیں — سودا

تجھے جو سمجھے ظالم اس سے تو دشمنی ابتک ہے

خدا جانے بلا کیا لالچی یہ تیری خود کامی — تمیز

تجھ کو خاص مطلب ہے نہ عوام سے کام

ہر کوئی ہے مجھ کو اپنے کام سے کام — سید

ہزار کوئی تو نظر آیا نہ بشر دنیا میں

بے غرض تو نظر آیا نہ بشر دنیا میں

جس کو دیکھا اسے مطلب ہی کا خواہاں پایا — سفیر

خود غرض دنیا میں کہلاتا ہے جو

ہو خدا کی مار اس انسان پر — شفق

اپنے مطلب کے سوا کوئی نہیں بات اچھی

ہٹ گیا اہل زمانہ کی ملاقات سے دل — عادل

اپنے مطلب کی بہت باتیں بناتے ہیں جو

ایسے یاروں کو سمجھتے نہیں ہم یار کبھی — عیش

بحر جہاں میں ملتا نہیں کوئی بے غرض

پایا یہاں ہر اک کو غرض آشنا غرض

جس کو دیکھو

خوشامد

کیوں خوشامد میں کروں قاصد تیری
بھیجدو نیکا نامہ اپنا دو رشک ہے
خوشامد یہ میسر دوں کا جو اپنے لئے میں ملتا ہے
بڑا کامل ہی نا تو کام کیا دینا ہنر خالی
جو کہئے تو جھوٹی کا جو سنئے تو بھی
خوشامد بھی کام ہے عجب چیز پانی
خوشامد سے کر لیں کمال طبیعت اہل انسان کی
خوشامد سے تسخیر کیا انسان ہو یکی پیشانی
چاپلوسی کا ہے دشمنوں کی کا کار دار انگیز ہے
پاؤں کہ کبر پر رکھ اس کوئی کار ہیں ہو
اہل دنیا کو وہ انسان کے لئے ہیں
اور خوشامد ہم اس کو غرض ہی نہیں
کلام ہے دنیوی کا خوشامد کیسا کا غلام ہے
ما لک خوشامد سے ہر اک شخص کا کیا راضی ہے
دل خوشامد سے جن دیا نا بھوت بلا راضی ہے
آدمی جن و پری خلق اس لئے سدا راضی ہے
جو خوشامد سے کر خوش ہے خدا راضی ہے

اپنا مطلب

جس کو دیکھو خود غرض نا آشنا
دُنیا میں اندنوں ہے محبت غرض کا نام
سب اپنی غرض کے آشنا ہیں
از رُوئے تجربہ ہوا ظاہر کہ اہل دہر — تسلیم
اپنی اپنی فکر ہے ہر شخص کو
جو طالبان زر ہیں ہوئے کب وہ آشنا
اپنے مطلب کا زمانہ ہے ہر اک ہے خود غرض
دوست بنجاتے ہیں دشمن یار بنجاتے ہیں غیر — "
ہوتا ہے یہاں مہر کوئی کب اپنا
ہم نے سب آشنا غرض کے پائے
مطلب کا زمانہ ہے غرض کا بندہ — حالی
گریہ دیکھا ہے اور خندہ دیکھا
مطلب کے یار یار سارے ہیں مہر
تیرے لے خود غرض عمل جھوٹے ہیں — سودا
ٹکسال سے باہر ہیں یہ سکے نادان
اے خود غرض غرض کے پھندے ہیں برے
ایسے دھندوں میں تم نہ پھنسنا ہرگز — سلیمان
اپنی اپنی ہی ہر انسان یہاں کہتا ہے
اہل دُنیا تو ہیں غرض کے مُرید
وہی ہیں قابل اُلفت جو بے غرض ہیں محب — شائق
آشنا اپنی غرض کے ہیں محبت کا ہے نام
قوم میں تو عدل و رحم و دوستی یکسر نہیں
نہیں خطرہ سے خالی صحبت اہل غرض ہرگز — فدا
سکیں برادر و زن و فرزند و آشنا
زمین کی سیر کی اور آسمان کو دیکھا
دوست دُنیا میں نہیں کوئی کسی کا بے غرض — نظیر
سچ ہے دُنیا میں نہیں ہوتی محبت بے غرض
ارباب غرض کی بات سُنکر
ابنائے زمانہ ہیں غرض کے بندے
یہ مٹھی بھر اپنے اونچے ہونے کے لئے
جو کوئی ہو آپ مطلب آشنا
وقار اپنے دم سے میں رکھتا ہوں مطلب
سچ تو یہ ہے آدمی سا کوئی خود مطلب نہیں

کیجئے کس سے محبت آجکل — عجیب
غیر از غرض نہیں ہے کوئی آشنا کبھی — فدا
کوئی نہ کسی کا آشنا ہے — "
رکھتے نہیں ہیں مردم بیکار سے غرض — قطب
کون کرتا ہے کسی کے واسطے — "
نا آشنائے محض ہیں یہ مطلب آشنا — مہر
فارغ البال آدمی ہو یا کہ ہو وہ تنگ حال — "
درمیان آتا ہے جب حرف غرض اے نیک فال — "
مطلب ہاں ڈھونڈھتے ہیں ہم سب اپنا — "
سچ ہے دنیا ہے اور مطلب اپنا — "
تو اپنی زندگی نہ کر ان میں خراب — "
دنیا کا عجب ہم نے دھندا دیکھا — "
جس کو دیکھا غرض کا بندا دیکھا — "
اور اون کے جو پھل چاہے وہ پھل جھوٹے ہیں — "
سچ کہتا ہوں جو سیم و عمل جھوٹے ہیں — "
بندے ہیں جو خود غرض وہ بندے ہیں برے — "
سچ کہتا ہوں تم سے میں یہ دھندے ہیں برے — منتھی
خویش اپنا نہیں کوئی نہ برادر اپنا — محب
اور ہم اُن کو آشنا سمجھے — "
بشر کو چاہئے ہر خود غرض بشر سے بچے — "
کون کس کا دوست ہے سب آشنا کہنے کو ہیں — "
یار سب اپنی غرض کے ہیں کوئی یار نہیں — "
پٹک دیتے ہیں آئینہ کو سنگیں دل کبھی سل پر — "
مطلب کے اپنے سب ہیں جو دیکھا جہان میں — "
غرض کہ اپنی غرض کا جہان کو دیکھا — "
ہو گئی جب صبح شمع مردہ کا کچھ غم نہیں — ناسخ
کیا شب تیرہ میں وہ رشک قمر آتا ہے یاد — "
کرے لیجے یک بیک نہ باور — نسیم
جھکنا نہ کہیں دغا کریں گے تجھ سے — نظم
رکھنے کو گلے پہ پاؤں ہونگے تیار — "
اس سے چشم حاصل مطلب عبث — وقار
نہ طالب کسی کا نہ شیدا کسی کا — "
کی عبادت بھی تو حور و لقا کے واسطے — وزیر

اپنا مطلب ہو تو مطلب کی خوشامد کیجیے	اور نہ ہو کام تو اس ڈھب کی خوشامد کیجیے	نظیر
اولیا انبیا اور رب کی خوشامد کیجیے	اپنے مقدور غرض سب کی خوشامد کیجیے	״
بڑے عاقل بڑے دانا نے نکالا ہے یہ دام	خوب دیکھا تو خوشامد ہی کی آمد ہے تمام	״
عیش کرتے ہیں وہ جن کا خوشامد کا مزاج	جو نہیں کرتے وہ رہتے ہیں ہمیشہ محتاج	״
ہاتھ آتا ہے خوشامد سے مکان ملک و تاج	کیا ہی تاثیر کی اس نسخے نے پائی ہے رواج	״
خوب دیکھا تو خوشامد کی بڑی کھیتی ہے	غیر کیا اپنے ہی گھر بیچ یہ سکہ دیتی ہے	״
میٹھی میٹھی ہیں خوشامد کی تو پیاری باتیں	ہاں مگر زہر سے بدتر ہیں یہ نیاری باتیں	״

خوش مزاجی

شکل تصویر ہوں ہر رنگ میں شاد	کبھی رونا مجھے آتا ہی نہیں	تسلیم
تو لطف خدا سے جو خوش حال ہو	تو دل مائل حسن اعمال ہو	تائب
خوش حالیوں سے اپنی موج شمیم گل ہوں	رہتا ہوں ذکر بن کر یاران ہم وطن میں	ثاقب
جو صحبت یاران طریقت میں بسر ہوں	بڑھ کر ہیں وہ دن عمر کے عیسیٰ و خضر سے	״
جو مصیبت میں رہا کرتے ہیں خوش	جائیں گے دنیا سے ہنستے بولتے	״
خوش مزاجی سے رہے دل کو مسرت ہردم	شاد و بشاش رہے اور طبیعت ہردم	شفق
جو کہ دنیا میں ہیں خوش باش شریف و لائق	ان کی ہوتی ہے ہر اک ملک میں عزت ہردم	״
خوش مزاجی سے ہر اک کام ہو پورا تیرا	تازگی دل کو ملے اور ہو طاقت ہردم	״
خوش مزاجوں کی تو دنیا میں ہو تعریف سدا	بدمزاجوں پہ ہو نفرین و ملامت ہردم	״
بدمزاجی سے رہو دور خدارا یارو	یاد رکھو یہ ہے خادم کی نصیحت ہردم	״
آسودگی دل سے ہے آزادمنش خوش	ظاہر میں ہے گو فرق بڑا شاہ و گدا میں	״
باغ عالم میں شگفتہ دل ہیں ہم پیری میں بھی	کون کہتا ہے خزاں میں پھول کھلتے ہی نہیں	میکش
نور دل کو ہوئی خوشی پیدا	جب کوئی غم نیا نظر آیا	نور
ہم رہا کرتے ہیں ہر حال میں خوش اے یکتا	رنج کہتے ہیں کسے اور مصیبت کیسی	یکتا

خوف خدا

دبے نہ سامنے فرعون کے کبھی موسیٰ	خدا سے باک ہے جن کو کسی سے باک نہیں	اسیر
نہ آندھی سے ڈریئے نہ بھونچال سے	خدا کے غضب سے ڈرا کیجیے	بحر
کب ہول باز پرس قیامت سے ہوگی بند	وہ آنکھ خوف حق سے جو وقت سحر کھلے	ترکی
اے مسلماں گر ترے دل میں خدا کا خوف ہے	توبہ کر اپنے گناہوں سے اور عصیاں چھوڑ دے	تراب
وہاں یہ بال بال اپنا بتا دیگا حال اپنا	غضب سے حق تعالیٰ کے بہت اس وقت ڈرتا ہے	״
حیرتی کی دعا ہے کہ جو دنیا سے سفر ہو	انجام ہو بہتر مری عمر گزراں کا	حیرت

خوف خدا

جس جگہ پاؤں ٹھہرتا نہیں ہزاروں کا حال کیا ہوگا وہاں ہم سے گنہگاروں کا	حیرت
ہے خوف اگر جی میں تو ہے تیرے غضب سے اور دل میں بھروسا ہے تو ہے تیرے کرم کا	درد
کیوں نہ ہو خوف خدا جب ہو یقین آئے گی اک دن قیامت آئے گی	رونق
زینت ہے خوف حشر میں مجھ کو گناہ کا نقشہ پلٹ گیا مرے روئے سیاہ کا	صابر
گرچہ ہو دشمن جاں سارا زمانہ ظفر ہاں مگر چاہیے اللہ کا انسان کو خوف	ظفر
ظفر آدمی اس کو نہ جانیے گا ہو وہ کیسا ہی صاحب فہم و ذکا جسے عیش میں یاد خدا نہ رہی جسے طیش میں خوف خدا نہ رہا	״
عزیز خوف الٰہی سے عفو کی ہے امید کہ رنگ زرد بھی ہے نامۂ سیاہ کے ساتھ	عزیز
غضب سے خدا کے جو ڈر کر ہے روتا سیاہی کو عیبوں کی وہ دھو رہا ہے	علی احمد
اس جہاں میں خوف حق سے جو سدا روتا رہا ہے یقیں اس اشک سے ٹھنڈا سفر ہو جائیگا	״
خدا کا خوف کہاں ہے کیوں نہ انساں خوف کی جا ہے کرنا ہے حساب تجھے خاک میدان قیامت میں	ذوق

استقامت

لہ میں ۱۲ سے آرام ۱۲

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
ہائے قائم نہ تری آنکھ پسیجی لیکن	ابر روتا ہے سدا خوف سیہ کاری سے	قائم
خدا کا خوف جوانی میں مجھ کو آتا ہے	مرے شباب پہ عالم ہے پارسائی کا	قطب
طبیعت پر نہیں کچھ ذکر عقبیٰ سے ملال آتا	نہیں دلمیں تمہارے خوف رب ذوالجلال آتا	مہر
کبھی بھول کر بھی وحشت نہ کیا خیال فردا	میں رہا اسی سے غافل کہ جو کام تھا ضروری	وحشت
غافلو خوف خدا کچھ نہیں رکھتے ہو بھلا	تب ہی احوال کھلے گا ذرا مر تو دیکھو	ہمدم
روز پرسش سے ذرا دل میں رکھو خوف و خطر	اس قدر دنیا میں تم عقبیٰ کا ڈر مت چھوڑ دو	״

دروغ گوئی

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
دعویٰ باطل ہے انسان کو ہلاکت کا سبب	حال کیا آخر انا الحق سے ہوا منصور کا	اسیر
فریبوں سے عبث امید ہے مطلب برآری کی	گہر بیدھے گیا کب سوزن مژگاں سے آنسو کا	״
جی اٹھا ہیں گو بنا کر بات قاصد نے کہی	صدق سے بہتر دروغ مصلحت آمیز ہے	״
چرچا بہت دروغ کا ہے زیر آسماں	شاید کہ ماٹ نیل کا شاید بگڑ گیا	״
جھوٹ اور غیبت کی عادت ہے بری	اس سے سب بچوں کو نفرت چاہئے	افضل
سچ کہو سب کی بھلائی ہیں رہو	جھوٹ، چغلی سے عداوت چاہئے	״
جھوٹ کی بھول کر نہ ڈالو خو	جھوٹ ذلت کی بات ہے آخ تھو	اسمٰعیل
ہے بڑا جھوٹ بولنے والا	آپ کرتا ہے اپنا منہ کالا	״
فائدہ تم کو کچھ نہ دیگا جھوٹ	جائیگا اک روز بھانڈا پھوٹ	״
جھوٹ کا پکا جو تجھ کو اے زبان ہو جائیگا	ایک دن ہونا ہے جو کچھ وہ عیاں ہو جائیگا	انجم
صبح کاذب روسیہ ہے صبح صادق روسپید	وقت پر چھپتا نہیں کھلتا ہے سب کا جھوٹ سچ	بحر
کلۂ باطل سے جھنڈے پر نہ چڑھ	قصۂ منصور سن۔ کچھ دھیان کر	״
یاوہ گوئی آدمی کرتا ہے روٹی کے لئے	جان لو دو لقمۂ ابنائے دنیا جھوٹ سچ	״
اعتقاد ارباب دنیا سے ہمارا اٹھ گیا	منہ میں دو دو زبانیں دلمیں کیا کیا جھوٹ سچ	״
ایسے جھوٹے ہو کبھی سچ بھی اگر ہو بولتے	اعتبار آتا نہیں صاحب تمہاری بات کا	״
تمام جرم کا دنیا میں بادشاہ ہے جھوٹ	خدا اپناہ میں رکھے بڑا گناہ ہے جھوٹ	حفیظ
کبھی عروج صداقت بغیر کیا ممکن	یہ جان لو کہ ترقی کا سد راہ ہے جھوٹ	״
ہے جھوٹے پہ اللہ کی بس ہر گھڑی لعنت	کاذب کو کیا کرتے ہیں سب لوگ ملامت	عادل
جو جھوٹ کا عادی ہے وہ ہے خوار ہمیشہ	دنیا میں کبھی ہوتی نہیں کذب کی عزت	״
موت سے بدتر سمجھتا ہوں میں جھوٹی بات کو	زہر کھا لوں خوف آتا ہے قسم کھاتے ہوئے	عاشق
نہیں ممکن کبھی فروغ دروغ	ہو سکے گا کبھی نہ جھوٹ کا سچ	عیش
کبھی جھوٹا آدمی تو نہیں ذی وقار ہوتا	وہ ہمیشہ سب کے آگے ہے ذلیل و خوار ہوتا	گہر
کہو بات مانے کیسے کوئی جھوٹے آدمی کی	کہے سچ بھی وہ تو جھوٹا ہے برا شمار ہوتا	״
کوئی نیک سمجھے اچھا کسی جھوٹے کو بھلا کیا	کہ بدوں میں بھی تو جھوٹا ہے برا شمار ہوتا	״

دشمن پنہاں سے انساں کیوں نہ دھوکے میں پڑے	چاہ اگر خس پوش ہو اس کا پتا ملتا نہیں	اسیر
کون ایسا دل اپنے دشمن کو نہیں پہچانتا	چشم گربہ تیز پڑتی ہے کبوتر باز پر	″
دشمن سے کچھ ضرور مروت نہیں اسیر	لازم ہے تلخ بات کا دینا جواب تلخ	″
وہ کون ہیں جو دوستی کرتے ہیں دشمنی	ہم کو تو دشمنوں سے محبت پسند ہے	
غیر کی منت پر اے اختر نہ جا	عجز اس کا گھات سے خالی نہیں	اختر
دشمن سے آرزو جسے مہر و وفا کی ہے	اس ناسمجھ کی عقل پہ رحمت خدا کی ہے	افسوں
عداوت کا شعلہ یہاں مشتعل ہے	جلا ایک کا دل ہوا دوسرا خوش	بحر
حال قابیل کا ہابیل سے پوچھے کوئی	وہ زمانہ ہے کہ بھائی ہے عدو بھائی کا	″
اپنے بیگانے ہو گئے شاید	دشمنی نام ہے محبت کا	تسلیم
میرے جو دوست ہیں وہی کرتے ہیں دشمنی	بوتے ہیں کانٹے مہر و محبت کی راہ میں	
ایسے چمنستاں میں بسر میری ہو کیونکر	بیگانہ جہاں سبزہ ہو شمشاد کھنچا ہو	″
سر جھکا جب پاؤں کی جانب تو غافل آئی موت	دیکھا دشمن کی تواضع پر نہیں لازم گھمنڈ	ثاقب
ہو جائے نشانہ نہ کہیں دیکھ خبردار	دشمن کی تواضع میں ہے تاثیر کماں کی	″
فریب عجز دشمن تجھکو کردے گا تہ و بالا	جھکیں جس گھر کی دیواریں وہ ہی برباد ہوتا ہے	″
حرص و ہوا اجل غم اموات دوستاں	خالق بچائے لاکھ ہیں دشمن بشر کے ساتھ	جوشش
دشمن جاں ہے زبس جوشش یہ گردوں میرا	منتشر کیوں نہ کرے ہوش یہ گردوں میرا	″
تجھے گرگ پئے یوسف جاں جملہ برادر	پردیس میں کیا رنج کروں ہجر وطن کا	جرار
چوکتے وہ لوگ ہیں کب وقت پر	جن کو ہوتا ہے عداوت کا مرض	جنوں
اعدا کے قرب سے نہ کرے خوف آدمی	بتیس دانت منہ میں ہیں دشمن زباں کے	طاہر
اپنے دشمن کو نہ کہتر کبھی سمجھے انسان	اس سے غافل نہ کبھی آن میں رہنا بہتر	عالم
پھر نہیں ممکن کہ لطف یک دلی باہم رہے	جب کسی انساں سے آجائے دل انساں میں فرق	عاشق
دیکھو عاجز ہر کسی سے دوستی	ہاں کسی سے دشمنی اچھی نہیں	عاجز
دوستی ہے وجہ عزت و آبرو	دشمنی سے آدمی ہوتا ہے خوار	
سمجھ لو دوستی کو تندرستی	عداوت کا مرض ہوتا برا ہے	″
عداوت مصیبت ہے آفت ہے ایک	کسی سے نہ عاجز عداوت کرو	
کیا برا زمانہ ہے جگر کا مرے بھوکا	تشنہ ہے فلک بھی تو بہت دن سے لہو کا	فدا
دشمن اگر قوی ست نگہباں قوی ترست	اے قدر تم نے حال سنا ہے خلیل کا	قدر
گرے گا آپ عدو ٹال جائیے اے قدر	کہ منہ کی کھاتا ہے چوکا ہوا نشانے کا	″
عدو کی تواضع سے غافل نہ رہنا	کہ جھکنے میں اس کے ہے خنجر کی صورت	منتہی
معدوم دوست دشمن انساں ہیں بیشمار	پیدا اگرچہ بہت ہیں کوئی داد گر نہیں	محب
بچایا مسخ صورت سے جہاں میں رحم نے ورنہ	عداوت سے یہی انساں بشکل مار ہوجاتا	″
راحت قلب ہے اسی کو نصیب	جو عدو کو بھی آشنا جانے	
کسی سے رکھ کے کین بے سبب لینا ہے کیا تم کو	کسی سے دشمنی کرکے ملے گا کیا بھلا تم کو	مہر

دشمنی

خندۂ زخم و لب سوفار کرتا ہے خون / [illegible] دشمنی میں دشمنی — نسیم

بہتر [illegible] بدگہر کو ہے عیش پاک طینت سے — ناسخ

عداوت [illegible] دانائی مرہم — =

[illegible] دشمن [illegible] — ناسخ

[illegible] دشمن [illegible] — =

[illegible] دشمن [illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

دل

دل آشنا اور نا آشنا ہے / [illegible] — معروف

[illegible] — =

[illegible] دل — [illegible]

دل

دل شکنی نہ کر جان کے دل گھر ہے خدا کا
زنہار کسی دل کو تو ناشاد نہ کرنا — تراب

بے خطرہ ہو کے دیکھ تماشائے دل تراب
کیا کیفیت ہے کیا ہی تجلی ہے طور پر — "

صورت اوس کی نظر پڑی ہے تراب
صاف اس دل کا آرسی سا ہے — "

رتبہ بڑھا نہ اوس کو مرے دل سے لگ گیا
مشہور گر زمانہ میں بھی جام جم ہوا — "

نقش اللہ کا ہے تم دل پہ چکیدہ ہے تراب
لوح دل پر تو مرے یار کی صورت کا بھی — "

کس طرح بے نقش رہے وہ دل
ہو لگا جس میں خار دنیا کا — "

لگا اس دل کو آئینہ طلعت
ہو نہ جس میں غبار دنیا کا — "

کر نہیں سکتا ہوں میں مفتون بھی کو دل
قلندرانہ کر ہو باغ ارم میں دیدہ اور — "

مومن کے دل کو کہتے ہیں سب خانہ خدا
بار دیگر یہ بنا کر ہے خیر البیوت ہے — "

اے آسمان معاف رکھ ان محبوبوں کا اب
شادی کا سے کام کا دل اندر دیکھیں نہیں — جرأت

شاعر	مصرع	مصرع
آصف	ڈھونڈھا مارا سب جگہ آخر لگا دل میں پتہ	دَیر میں پتھر تھا اور کعبہ میں کیا تھا خاک تھا
انور	حال نیرنگ جہاں اس میں نظر آتا ہے	جام جم میں کیا ہے جو آئینۂ دل میں نہیں
افسوس	دل سے بھی کہیں آتی ہے اغیار کی آواز	تو سن تو ہے اس گھر میں اسی یار کی آواز
"	اپنے دل کا تو آشنا ہو اگر	راز کھل جائے تجھ پہ ہر دل کا
اسیر	فقرا سے یہ ہے سیدھا مراد سے اُلٹا	راستی ہے تو یہ ہے دل کی کجی ہے تو یہ ہے
"	دل ہی ٹوٹا تو کہاں قالب خاکی کو قیام	قلعۂ چار عناصر کا یہی پھاٹک ہے
"	جو دل ہو معتدل اعضا کو فیض عام ملتا ہے	اگر سلطان ہو عادل خلق کو آرام ملتا ہے
"	رہے دُرست طلسم حیات یا ٹوٹے	کسی کا دل نہ کبھی ہم سے اے خدا ٹوٹے
افسر	خضر سے بھول کے پوچھیں گے نہ راہ کعبہ	دل دیوانہ کو ہم قبلہ نما دیکھیں گے
"	خانۂ دل کبھی خالی نہیں جاتا تجھ سے	کبھی تو ہے مرے دل میں کبھی جلوہ تیرا
انجم	جو تصور کیا وہی دیکھا	دل بھی آئینہ ہے سکندر کا
"	بیت العتیق کعبہ ہے بیت الشرف ہے دل	اسمیں خیال ماہوش و مہ رُخاں رہا
"	دل رہنمائے مسلک راز و نیاز ہے	یہ خانقاہ رسم و رہ سالکاں رہا
"	جیسی زیست ہماری گزری دشمن کی بھی یوں نہ بسر ہو	انجم حضرت دل کی بدولت ہم نے مصیبت کیا کیا دیکھی
"	جز یار اس میں غیر کے رہنے کی جا نہیں	اے آرزو دل ہے یہ مہمان سرا نہیں
"	سینکڑوں خواہشیں اور ایک دل پُر ارماں	عمر کس طرح سے ہوتی ہے بسر دیکھیں تو
امین	ہیں خانہ دل کی عظمت ہے لازم	کسی دوست کا یہ بنایا ہوا ہے
بیان	جھانک ٹک اے باغ دل میں اپنے بیاں	اس چمن میں بھی کم بہار نہیں
"	بیاں محفل بہ محفل ڈھونڈھتا تھا جسکو کاش اُسکی	میں اپنے دل کی خلوتگاہ ہی میں جستجو کرتا
باقی	دل میں دنیا کا تماشا دیکھا	موجزن کوزہ میں دریا دیکھا
بیدل	رکھا کرتے ہیں دل کو آئینہ سا صاف دل والے	یہ کیا معنے کہ دل ہو اور پھر دل میں کدورت ہو
"	خوشی کے نام سے دُکھتا ہے رنج کا کیا ذکر	وہ دل جو مشق ستمہائے روزگار رہا
"	اپنے دل کو کرے جو آئینہ	میرے نزدیک وہ سکندر ہے
پرتو	دنیا میں نرم دل سے ہیں سخت دل زیادہ	بتیس دانت تو ہیں اور اک زباں دہن میں
تراب	تراب جلوہ گہ حق تو دل ہے مومن کا	کرتا ہے آئینہ ناحق مقابلہ دل کا
"	کیونکر نہ رکھے صاف تراب آئینۂ دل	جس دل میں نظر پڑتے ہیں مولا کے تماشے
"	قلب مومن عرش و کعبہ تینوں یکساں ہیں تراب	مرد صاحب دل ہے وہ جس کا خدا سے دل لگا
"	جو دل کو نہ جانے کعبۃ اللہ	کہیو نہ تراب اُس کو حاجی
"	عجیب سیر و تماشا نظر پڑے اس کو	جو اپنے دل کی طرف دیدۂ خیال رکھے
"	حق نے گھر اپنا کہا مومن کا دل کیا جانے	خوبی اُس چھوٹے مکاں کی اس مکیں سے پوچھئے
"	خوبی اس عرش کی زیادہ مجھے پڑتی ہے دکھ	خانۂ دل دیکھنے میں گو نہایت تنگ ہے
"	جائے خالی میں بسے ہیں دیو بھوت	دل میں گر حق ہے تو کیا وسواس ہے
"	صحت قلب تو آساں نہیں مشکل ہے بہت	آہ دل ہو نہ کسی شخص کا بیمار خدا

سلہ ذرا ۱۲ سلہ کرتا ہے ۱۲

جب آکر کسی نے اٹھایا تو اٹھے	جہاں لے کے بیٹھا ہمیں دل ہمارا	تعشق
وقت پیری یاد اگر روز حساب آیا تو کیا	ہوش میں اب تو دل خانہ خراب آیا تو کیا	تسلیم
پھاڑ کھاتا ہے جو زردار سزا ہے تیری	کیوں شب و روز تو لے دل سگِ دنیا سے لپٹ	"
سارے عالم کو بنایا دوست ہم نے خلق سے	اب کوئی دل کے سوا اپنا عدو باقی نہیں	"
کیونکر متوجہ طرف دل نہ رہیں ہم	اس آئینہ میں جلوہ نما اور ہی کچھ ہے	"
دل کو اپنے جو غور سے دیکھا	صاف طور اس میں ہے تجلی کا	جوش
جویا نظر نہ آئے کبھی شکلِ دلربا	جب تک تمہارا آئینۂ دل میں زنگ ہے	جویا
جو دل ہے آئینہ ہے تمہارے ظہور کا	ذرہ میں آفتاب چمکتا ہے نور کا	"
ہے رشتۂ دل بھی تار برقی	ہوتی ہے خبر معاً وہاں کی	"
بن گیا آئینہ شاہد مقصود جلیل	دل روشن جو خیالِ رخ روشن میں رہا	جلیل
یہ دل جس کو سمجھے ہیں یک قطرۂ خوں	وہ دریا ہے جس کا کنارا نہیں	"
ہائے کیا حسرتکدہ تھا دل ہمارا اے جلیل	ہوگیا دو روز میں آباد بھی برباد بھی	"
دلِ انسان میں عجب جلوہ نظر آتا ہے	آنکھیں کھلجائیں کرے غور جو انسان ملیں	"
جنکو دل شگفتہ ملا ان کا قول ہے	جنت کی کچھ بساط نہیں دل کے سامنے	"
مسرت ہو کہ عسرت ہو گدائی ہو کہ شاہی ہو	خدا کی سمت لازم ہے رجوع قلب انساں کو	جرآر
بے صبر و خرد کاہل و غافل نظر آیا	یہ دل مرا ہر نقص میں کامل نظر آیا	جوہری
سب رنج و غم و ہر دیا دل کو خدا نے	صد شکر کہ وہ اس کے بھی قابل نظر آیا	"
ہوش و خرد و تاب و تواں عشق سے بھاگے	ثابت قدم اس راہ میں اکدل نظر آیا	"
ظلم پر ظلم سہے اُف نہ نکالا منہ سے	دل جسے سمجھے تھے وہ سینہ میں پتھر نکلا	"
جوہری گرچہ ہوئے رمزِ جہاں سے واقف	اس میں کیا کیا ہے یہ کچھ بھید نہ جانا دل کا	"
وہ ڈھائے کعبہ کسی کی کرے جو دل شکنی	یہ دل خدا کا نہیں گھر تو گھر یہ کس کا ہے	"
عیاں سر بسر حال عالم ہے دل پر	تجھے جوہری جامِ جم ہے تو یہ ہے	"
یہ بضاعت ہے سکندر کی نہ صنعت جم کی ہے	جام و آئینہ کوئی شئے اور ہے دل اور ہے	"
جانچتا ہوں وسعت دل حملۂ غم کے لئے	امتحاں ہے رنج و حرماں کی فراوانی تجھے	چکبست
دل نہیں روشن تو ہیں کس کام کے	سو شبستاں میں اگر روشن ہیں جھاڑ	حالی
عید اور نوروز ہے سب دل کے ساتھ	دل نہیں حاجز تو دنیا ہے اُجاڑ	"
کعبہ اگر پہنچ نہ سکے دل کی دید کو	دلبر قریب ہے تو نہ عزم بعید کر	حسن
نسخۂ دل کو سرسری مت دیکھ	سینکڑوں علم اس کتاب میں ہیں	"
صورت نہ ہم نے دیکھی حرم کی نہ دیر کی	بیٹھے ہی بیٹھے دل میں دو عالم کی سیر کی	"
ہے حریم دل میں حق آتا نہیں کوئی ادھر	قصد کعبہ کا کیا کرتے ہیں اکثر آدمی	حق نما
تو کہتا ہے آئینہ حیرت ہے مجھکو	وہ دل ہے مرا جو مرے رو برو ہے	"
جس طرف جاؤں ادھر طعن ہے تشنیع ہے	کس طرف جاؤں میں اے اللہ دل کے ہاتھ سے	حسرت
چھان کر دیر و حرم کی خاک یہ عقدہ کھلا	دل کے ویرانہ میں اس کی جستجو درکار ہے	حفیظ

دل

اسلام و کفر دونوں کا اس دل سے ہی ظہور
بتخانہ ہے یہی یہی بیت الحرام ہے — خاموش

ڈھونڈتے پھرتے ہیں اسکو جا بجا خوشدل عبث
کب وہ اپنے دل کے گوشہ میں بھلا ملتا نہیں — خوشدل

اسی دل میں خوشدل ہے دنیا کی سیر
یہ ہے جام جم جام جم کی قسم — "

دل دے تو اس مزاج کا پروردگار دے
جو رنج کی گھڑی بھی خوشی سے گذار دے — داغ

دل مرا باغ دل کشا ہے مجھے
دیدہ جام جہاں نما ہے مجھے — درد

یہ حسرت زدہ ہے یہ فرقت زدہ ہے
نہیں دل ہمارا کیا نے کرت بل — ذاکر

رہا کرتی ہیں لاکھوں آرزوئیں دل کے گوشے میں
اسی شیشے میں ہم نے بند کر رکھا ہے عالم کو — "

ہوئے دیر و کعبہ میں حیران جب کر
وہ دل میں ہے جس کی ہمیں جستجو ہے — "

کعبہ و دیر کی جب خاک بہت سی چھانی
دل کے پہلو میں نظر آیا ٹھکانہ تیرا — "

دل نے ہمیں تو صاحب کشور بنا دیا
اس آئینہ نے آج سکندر بنا دیا — "

دیکھو

دل

خدا سنگِ حوادث سے بچائے شیشۂ دل کو
فزوں تر ہے حبابِ بحر سے بھی یہ نزاکت میں — سخن

جگہ ہی نہ تھی کیا تجھ کو اور اس کے سوا
ہمارا دل ہی ترا جلوہ گاہ ہوتا تھا — "

جس نے کہ دل کو گھر ترا سمجھا تو پھر اُسے
کعبہ ہو یا کہ دیر کم از رہگذر نہیں — "

عالم کی دید کو تو مرا دل بھی کم نہیں
کچھ غم نہیں جو پاس مرے جامِ جم نہیں — "

نقص سے جس کا دل ہوا ناقص
انتہا اُس کی انتہا ناقص — عشرت

نہ دیر و حرم میں کسی کو ملا تو
جو پایا تو بس خانۂ دل میں پایا — سرور

بنا کعبہ کی ابراہیم سے ہے
ہے جلوہ گاہ خاص کبریا دل — سعید

مرا دل وادیٔ ایمن سے بھی روشن زیادہ ہے
خیال اُس میں جما ہے جب سے اُس کے روئے تاباں کا — شائق

وہیں وہ موجود ہے پر آنکھ سے پوشیدہ ہے
ہنر کی تقدیر سے فضل ہی اب تقدیرِ دل — "

رہِ حقیقتِ دل ہے سفرِ عشق میں درکار
آئینہ ہے چہرۂ اسرار صفائی و تری کا
ہے چار سو — تشنہ

دیکھ لیتا ہوں اگر آئینۂ دل کو کبھی
صاف آتا ہے نظر روئے مصفا تیرا — راکب

یہ کھنڈر دل کی تجلی سے رہا ہے معمور
دلِ ویران کدہ اک وادیٔ ایمن نکلا — راسخ

دین و دنیا کے ہیں مزے دل میں
وسعت دو جہان ہے گویا — "

ڈھونڈتا کیوں ہے جو ہر ذاتی
دیکھ کہسارِ دل میں ہے یہ لعل — سید

کہتی ہے اس کو خلقِ خدا خانۂ خدا
سو جان سے کس طرح نہ ہو سید فدا دل — "

ہر وقت کشورِ تنِ خاکی پہ ہے عمل
اس سلطنت کا شاہ نہیں ماورائے دل — "

قلوب المومنین عرشِ خدا ہے
کسی کا بھی نہ تو ہرگز ستا دل — "

ہے موجِ معرفت مرے دریائے قلب میں
شبنم کا مرتبہ ہے یہاں رودِ نیل کا — "

خودی کے مس کو سونا بےخودی کا
بنا دیوے گا ہے یہ کیمیا دل — سالک

مرتبہ کعبہ کا دل سے بڑھ نہیں سکتا کبھی
پاس ہر انسان کے ہے اللہ کے گھر کا جواب — "

قدر سمجھے وسعتِ دل کی نہ شیخ و برہمن
ورنہ دونوں کے لئے ہم کعبہ ہم تبخانہ ہے — سودا

بیکس کوئی مرے تو جلے اُس پہ دل مرا
گویا ہے یہ چراغِ غریبان کی گور کا — "

کب دل شکستگاں سے کر عرضِ حال آیا
ہے بے صدا وہ چینی جس میں کہ بال آیا — "

نہ درد دل ہی کے کہنے کی مجھ میں ہے طاقت
نہ چپ ہی رہنے کی تاب و توان باقی ہے — "

دل نا آشنائے نالہ سے صد رہ جرس بہتر
نہ ہو مژگاں جو خوں آغشتہ اُن سے خار و خس بہتر — "

اپنا ہنر دکھائیں گے ہم تجھکو شیشہ گر
ٹوٹا ہوا کسی کا اگر ہم سے دل بنا — "

تیرے سخن کو میں لب و چشم نا صحا
مانوں ہزار بار اگر دل سے بس چلے — "

ساغرِ دل خوں سے مالا مال رہتا ہے مرا
اہلِ دل گر مست رہتے ہیں تو ایسے جام کے — "

بہ از آئینہ خانہ ہے یہ منعم
جو تجھ سے ہو سکے تعمیرِ دل کی — "

دل کی شکست و ریخت کی میرے تو لے خبر
ہر گھر کی ویرانی کو تعمیر شرط ہے — "

جہاں سے کندنِ دلِ سخت کا رہے فرہاد
وگرنہ کوہ کنی زور آزمائی ہے — "

باغِ جہاں میں آ کر کیا پھل نہ ہم نے پایا
اک دل ملا کہ جس میں ہیں سینکڑوں پھپھولے — "

جو گذری رات میرے پر کسے معلوم ہو تجھ بن
دلِ پروانہ کا جز شمع کوئی راز کیا جانے — "

دل کسی سے کہ جب پلٹتا ہے
دین و دنیا سے جی اچٹتا ہے — "

جھانک تو اپنے دل کو یار عزیز
تیرے ہی دل میں دونوں ہیں عالم — سوز

اس دل میں کائنات خدا کی ہے مختفی
دوزخ بھی ہے یہی یہی گھر ہے بہشت کا — "

تجھے وہم ہے عرش پر ہے خدا
ترے دل سے تو عرش تک راہ ہے — "

بنیادِ دل کی نورِ الٰہی سے ہے بنی
کعبہ اگر بنا تو بنا سنگ و خشت کا — "

دل کا آئینہ وہ رہیں نکلا
ہم نے سو بار آزما دیکھا — ہیراج

نگینہ ہے دل مضطر ہمارا نقشِ قدرت کا
خدا جانے نظر آئے گلِ باغِ جہاں کیسا — "

مطلعِ دل سے ہوئیں پیدا شعاعیں نور کی
سایۂ خورشیدِ وحدت کا گزر ہونے لگا — "

دن رات یاں ہے پیشِ نظر نورِ کبریا
کعبہ کی اصل کیا ہے مرے دل کے سامنے — "

عیاں ہے آئینۂ دل پہ حالتِ کونین
ہمارے سامنے اب جامِ جم رہے نہ رہے — "

ا سے بنادے گا ۱۲ سے غریبوں ۱۲ سے مجبیر ۱۲ سے تیر۔ بغیر ۱۲

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
ہے چار سوئے دل میں مجھے لامکاں کی سیر	کیا دیکھوں کائنات کو میں چار سو عبث	شہید
ہے حال دو جہاں کا مرے دل پہ منکشف	ہرگز نہیں ہے دل سے کبھی جامِ جم زیاد	"
خلوت دل میں ہے اے شیخ و برہمن وہ یار	کعبہ و دیر کے ہو درپئے تعمیر عبث	"
غرض فہمیدنی ہیں مستیاں اور ولولے دل کے	مرے اللہ یہ جوش و خروش اک قطرۂ خوں میں	"
دل پھٹ کے چاک چاک ہوا اس کے ہاتھ سے	ہے سوزنِ مسیح سے اس کا رفو عبث	"
شیخ کعبہ کی ہے تعمیر میں مصروف عبث	کسی ٹوٹے ہوئے دل کا ہے بنانا اچھا	"
طوف دل ہر کسی کا کام نہیں	شیخ یہ مسجد الحرام نہیں	"
اے شیخ و برہمن حرم و دیر کی تعمیر	سچ پوچھو تو دل کی نہیں تعمیر سے بہتر	"
جز دیر و حرم کوئی ترا گھر نہیں پاتا	میں خانۂ دل سے تجھے باہر نہیں پاتا	"
دل مرحوم بھی تھا مجمع ہشیاری و مستی	مقابل جامِ کیخسرو کے رُوکش جامِ جم کا تھا	"
دل ہوا جب آشنا رمز فنا فی اللہ کا	ہے وہی رہبر ہوا حائل جو اپنے راہ کا	"
دل صاف ہے وہ جس میں کہ ایماں کا نور ہے	اندھا ہے جس کی آنکھ میں نور بصر نہیں	شیر
فیصلہ ہوتا ہے نیکی و بدی کا ہر دم	دل کو اس جسم میں چھوٹی سی عدالت سمجھو	شاد
ہم تو انساں ہیں فرشتے بھی پھنسے ہیں زاہد	مدعی یوں نہ ہو پہلو میں دل انساں رکھکر	صابر
حبِّ دُنیا سب گناہوں کا سرا ہے غافلو	اس سے جو بچ جائے اس کو کچھ خطر ہوتا نہیں	فنتیا
عالم اک پل ہے مسافر کے گذر جانے کو	یعنی انسان ادھر آیا ہے اُدھر جانے کو	طالب
جو لامکاں سے مجھے اس مکان میں بھیجا	گڑھے میں اے مرے پروردگار پھینکدیا	طاہر
دنیائے بے ثبات میں دو دن کے واسطے	اے منعمو بناتے ہو دولت سرا عبث	״
رنگِ نشاط گلشن دُنیا ہے بے ثبات	مثلِ انار خندۂ دنداں نما عبث	״
حسرت کدۂ دہر میں رنج و الم و درد	دو دن کے لیے آئے تھے کیا کیا نہیں دیکھا	״
دنیا ہے اس کا نام بڑی بیسوا ہے یہ	دھوکے میں ہم نہ آئیں گے اس پیرزال کے	ظفر
ہنستے کیوں گل کی روش باغ جہاں میں غافل	اے ظفر ہوتے اگر یاں کی ہوا سے واقف	״
چین اے کس کو فلک وہ آپ ہی چکر میں ہے	ہے ہوس راحت کی زیر آسمان بنیاد	״
جو ہوتے ہم نہ جہان خراب میں داخل	تو ہوتے کاہے کو رنج و عذاب میں داخل	״
دیکھ پھر آخر خزاں ہے کوئی دن ہے یہ بہار	اس چمن میں آشیاں اپنا نہ اے بلبل بنا	״
کوئی حلاوتِ دُنیا میں پڑ کے کیا نکلے	کہ یہ تو بس مگس و انگبیں کا ہے نقشہ	״
دنیا ہزار رنج و مصیبت کی جائے ہے	یہ غمکدہ نہ عیش نہ عشرت کی جائے ہے	״
دنیا ہے جائے رنج و مقامِ غم و الم	یاں ہوتا کس طرح تجھے غافل سرور ہے	״
کھو کے دیں گر ہوئی دنیا تو ہوئی کیا دُنیا	ایسی دُنیا پہ ظفر ہم تو ہیں لعنت کرتے	״
دنیا مثال فاحشہ جاتی ہے جس کے پاس	رہتی ہے اُس کے پاس یہ بدذات چند روز	״
نقش سراب ہستی ناپائدار ہے	شکل حباب زندگی مستعار ہے	״
ظہیر اٹھو ذرا ہشیار ہو کس نیند سوتے ہو	نہیں یہ جائے خوابیدن کہ دنیا اس کو کہتے ہیں	ظہیر
ہیں زباں پر تلخکامی کے مزے	لذت دنیائے فانی دیکھ لی	״
جہاں کے جس قدر جھگڑے ہیں سب قصے کہانی ہیں	کہ گل بوٹے ریاض دہر کے سب نقش فانی ہیں	״
روز اک سیر ہے اس بزم گہ دُنیا میں	اٹھ گیا کوئی کوئی رونق محفل آیا	عاشق
اے پیر فلک دولت و حشمت نہیں مقبول	دنیا ہے عجوزہ مجھے داماد نہ کرنا	״

دنیا

[illegible]

عاشق

دنیا

نہ رہا اس آدمی کو ہوائے باغ دنیا
کریں کیسے سیر اب تو ملک عدم کی
کیوں دنیا نبھاتی ہے یہیں چھوڑو اس دنیا
پھر ذرا ہیں سلجے تو سے سیر کی قسم جاتے ہیں
اس جہاں کا ایک دن اپنا سفر ہو جائیگا
دنیا چھوڑ کر جنگل میں گھر ہو جائیگا
عیش دنیا یار اے علی احمد نہیں کچھ کام کی
جو دنیا سے کیا گر عمر سب جاتی رہی
ہوگا پچھتانے سے کیا بہار چمن اس جہاں کی
خزاں ہے جب بہار چمن ہو رہا ہے
کہ غنچۂ گل خندہ زن ہو رہا ہے
دنیا نہیں قابل اعتبار
دنیا ہے زمانہ کا بیل دنیا بار
دنیا کے مکر و کید سے غافل کو کیا غرض
کب غلط ہو مرد واں پیر زال ہے
خزاں نے پا کے خزاں بہار اگر بہار ہی
دوام سلطنت خاطر ہے عیش دنیا کا
مثال ہے خوف فرصت ہستی کا کوئی غم
عمر عزیز صرف عبادت ہی کیوں نہ ہو

سم نہیں

شعر	شاعر
ہوتے ہیں کیوں مقیم جہان خراب میں	
مرد جواں ہے جاہل دولت پہ جو ہے مائل	
لگی رہتی ہے یاں آمد خزاں کی	ناسخ
ہیچ ہے عشوہ و انداز عجوز دنیا	
یہ دنیا کشت زار آخرت ہے آہیں کچھ بو لے	
تعمیر جہاں خاک ہے در اصل جو دیکھو	علی احمد
سب ہے یہ تا دید نی عالم اسباب میں	
ہاں یہ دنیا سراب کی سی ہے	
یہ کیا ہے عاشق جنون نہیں ہے یہ کیا ہے غفلت اگر نہیں ہے	"
دنیا ہے چند روزہ نہ اس پر اچھل کے چل	
دل کو ہٹاؤ خانۂ دنیا ہے چند روز	
دنیا سے ایک روز سفر تجھ کو ہے ضرور	"
حسرت کے سوا کیا ہے طلسمات جہاں میں	
بگاڑے کھیل اور لاکھوں بنائے	
آ کر خراب کیوں ہوئے ہم اس جہان میں	"
عجب لائی ہے رنگ دنیا طلسم کیا کیا ہوئے ہویدا	
ہر طرح سے دیکھا ہے طلسمات جہاں کو	
طلسم جہاں ہے مقام تحیر	طلعہ
بہت سے لوگ یاں آئے گئے اور آئیں جائینگے	
نہیں آساں تماشا دیکھنا کچھ ملک امکاں کا	
اس گلشن ہستی پہ نہ کر ناز تو گل چیں	عاشق
یہ عدم کا اور یہاں کا حال ہے	
سیر دنیا دیکھ کر یہ حال ہے	
اک آیا اک گیا یہی نقشے جہاں کے ہیں	غالب
دار فانی کربلا ہے یاں کہاں آب بقا	
چمن دہر کی ہوا اے عیش	
کس کو دنیا یہ ساز گار ہوئی	"
غنچہ نہ جہاں میں نہ خوش خوش نشست کر	
طفل و جواں کرشمۂ دنیا کے ہیں شکار	
نہ سمجھ سکتے ہیں موجود نہ معدوم عزیز	
کچھ نہیں کشور وحدت میں مگر سب کچھ ہے	
نہ ملا خانۂ دنیا میں تو آرام عزیز	
نظر فریب ہے گلزار عالم امکاں	

شعر	شاعر
کرتا ہے اس مقام کو کیوں کارواں پسند	عاشق
ایماں ہے مہر غافل دنیائے پیرزن کا	"
عجب آب و ہوا ہے گلستاں کی	"
چاہئے یہ کہ تو مردانہ اس عیار سے بچ	"
نہ کر کچھ ناز ناداں اس جگہ کے ساز و ساماں پر	"
تعمیر ہے دل کی کہ نہیں نام کو واں خاک	"
دیکھنا اس کو ہی تو دیدہ اگر دیکھنا	"
چشم حق بیں میں خواب کی سی ہے	"
عجوز دنیا پہ جاں نثاری الہٰی توبہ الہٰی توبہ	"
عبرتکدہ ہے اس میں تو غافل سنبھل کے چل	"
ڈالو نہ چند روز کی بنیاد کی طرح	"
سیدھی طرح سے چاہے تو چاہے مچل کے چل	"
کل جو ہوا پیدا تھا گیا وہ ہی گزر آج	"
یہ نیرنگی ہے نیرنگ جہاں کی	"
بے قدر ہے وہی جو وطن سے نکل گیا	"
کہ سبزہ و گل نے ہو کے پیدا پتہ دیا صورت آفریں کا	"
اک خواب ہے نظروں میں یہ دنیا مرے آگے	"
کہ غفلت میں انسان آئے ہوئے ہیں	"
مسافر خانہ ہے دنیا یونہی ہم بھی ہیں آن نکلے	"
کہ یہ مہو کا مکاں ہے جس میں ہے عالم خموشاں کا	"
پژمردہ ہیں اک روز یہ گل اور خزاں ہے	"
آئے تھے گریہ کناں مضطر چلے	"
ہم عدم کو بھی ہیں اب تشنہ رچلے	"
پر جاتے سب وہیں ہیں کہ اصلی جہاں کے ہیں	"
تشنہ کامی سے ہے پتلا حال دنیا دار کا	عیش
غم فزا ہے نہ باعث تفریح	"
عیش کرنا کبھی نہ اس سے ساز	"
اے عیش جھینکنا ہے یہاں بات بات کا	"
خوبی تو کیا ہے سحر کچھ اس پیرزن میں ہے	عزیز
کوئی عارف ہو تو پوچھیں کہ یہ کیا عالم ہے	"
کثرت آباد میں سب کچھ ہے مگر کچھ بھی نہیں	"
آؤ اس گھر سے چلیں اور کوئی گھر دیکھیں	"
دکھائی دیتی ہیں خالق کی صنعتیں کیا کیا	عالم

کم نہیں خانۂ ماتم سے یہ دنیا جسمیں
جو مسافر آرہا مارا گیا | سینہ زن کوئی کوئی خاک بسر ہوتا ہے | ناسخ

منزل دنیا ہے جا افسوس کی | فیض
لاکھوں جوان داؤں میں دنیا کے آگئے
صد ہا بھرے فریب ہیں اس پیرزال میں | ″
مشتاق ہو نہ اس چمن کائنات کا
کیا اعتبار جلوہ گہ بے ثبات کا | ″
آباد جسے سمجھے ہو تم گویا ہے ویران
یہ دشت جہاں غافلو میدان ہے ہُو کا | فدا
دنیا بھی ہے نمونۂ احوالِ آخرت
موجود ہے آلِ شقی و سعید کا | ″
وہ ہی ویرانہ دنیا میں ہے گویا آباد
جس نے اس دیرِ خرابات کو ویران دیکھا | ″
ناداں ہے تو جو سمجھا ہے ظرف زمردیں
دنیا مگر ہے کاش شکستہ سفال کا | ″
ہے آب و ہوا جہاں کی ناقص
اب کوچ مقام سے ہے بہتر | ″
نکرآراستگی خانہ تاریک کرو
خاک حاصل نہیں دنیا کے سفید ایواں سے | ″
مگر ہے خواب شب عمر آدمی کی
یہ دُنیا گویا اک بہا نسرا ہے | ″
دنیا کبھی نہ دوست کسی آشنا کی ہے
جو قحبگی قدیم سے اس بیسوا کی ہے | ″
مرتے ہوئے کو مارنا دیکھا بہت فدا
اک پیر سال خوردہ کی اک یہ بھی چال ہے | ″
غافلو سمجھو جہاں کا نام ہے کون فساد
ہے خرابی سے بہم دُنیا کی جو تعمیر ہے | ″
ناداں جو تجھ کو چشمۂ شیریں کا گماں ہے
دُنیا تمام زہر ہلاہل کی جھیل ہے | ″
دُنیا کی عمر سعد جوانی میں طے ہوئی
باقی جو کچھ کہ رہ گئی منحوس رہ گئی | ″
کیا تیرہ تنگ جا ہے جہاں مطلقاً جہاں
کچھ انشراحِ دل کو نہ آرام تن کو ہے | ″
زال دنیا نہیں دو دن بھی کسی کی پابند
اک نیا روز بنالیتی ہے شوہر اپنا | ″
رونق دنیا نہیں کم دیدہ ہائے غول سے
جس کو تو آباد سمجھا ہے بڑا ویرانہ ہے | ″
آکر یہاں فلک سے فرشتوں نے کیا کیا
چارہ کسی کو عالم اسباب میں نہیں | فروغ
ہے یہ دُنیا سرائے جسمیں ذوق
ہر بشر میہمان ہے گویا | ذوق
پھنس گئے دنیا کے دار و گیر میں
ہوتی ہے کب تک رہائی دیکھیے | ″
مصیبت اور دنیا کی مصیبت
قیامت ہے قیامت ہے قیامت | قنبر
جائے بود و نہیں یہ بحر جہاں
خانہ بردوش رہ تو مثل حباب | قائم
جیا بکام کب اس بخت ارجمند سے میں
پھنسا قفس میں جو چھوٹا چمن کے بند سے میں | ″
کہتے ہیں خوشدلی ہے جہاں میں مگر غلط
رنج و تعب ہی ہم نے تو دیکھا جدھر گئے | ″
مکروہ گر ہی ہیں جہاں کے تو لاکھ بار
افزوں ہے عمر خضر سے فرصت شرار کی | ″
آرام سے کوئی دم کٹ جائے گر جہاں میں
ہم عمر صد خضر کے کب فرصتِ شرر ہے | ″
تھا بد و نیک جہاں سے میں عدم میں آزاد
آہ کس خواب سے ہستی نے جگایا مجھ کو | ″
قائم عبث ہے فکر رہائی کی مثلِ موج
جبتک کہ بو ہے ساتھ مرے پیچ و تاب کی | ″
دنیائے دوں کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھیے
عاشق جوان ہوتے ہیں کیا پیرزال کے | قلق
کبھی تھوکیں نہ مرد دُنیا پر
تف یہ مکار بیسوا کیا ہے | قدر
خوش نہ ہوں دولت دنیا سے زمانہ والے
رُونگے صورت فوارہ خزانے والے | ″

دنیت

شمار میں نہیں موجیں جہان فانی کی
جنون ہے اے لہریں لگے جو پانی کی | قدر
تم وہ اہل جہاں تم سے کنارا اچھا | ″
لاٹھیاں مار کے پانی کو جدا کرتے ہو | ″
قدر ریحان نہ کرا ہے یہ دنیا | ″
لاکھوں آتے ہیں لاکھوں جاتے ہیں | ″
عزرائیل یہ ہر رنگ نہیں کچھ بھی نہیں | ″
کھو کے دیکھ چکا بند تو کر کچھ بھی نہیں | ″
دنیا سے تو نے ربط بڑھایا ہزار حیف
اک بیسوا کے دام میں آیا ہزار حیف | ″
مردان حق سے قحبۂ دنیا ہے بیزار
صورت جبرئیل کی تو پیرزال کا مزاج | ″
زال دنیا بھی ایک قحبہ ہے
جس نے دیکھی ہزار کی صورت | قمر
واقف نہ تھا عدم میں یہ دنیا ہے غمکدہ
آیا ہوں میں جہاں میں فقط اشتباہ سے | قربان
مومن کے لیے لطف زندگی کا نہیں
دنیا میں قربان کچھ بھی تو چلو سفر کو | قطب
دنیا کے مال و زر پہ نہ مغرور ہو قطب
یہ زندگی ہے آپ مثل حباب آج
بے آرج

دنیا

دنیا کی نہ کر تو خواستگاری
اس سے کبھی بہرہ ور نہ ہو گا
دھوکا ہے تمام بحر دنیا
دیکھیگا کہ ہونٹ تر نہ ہوگا
موضع کی سیر کر کہ عالم حباب تھا
جانے کا بعد مرگ کے
آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا
آشوب جہاں بس ہے ہستی کیا جانیے کب تک
موج و حباب اٹھکے ... کنارے
دنیا میں دیر رہنا رہتا نہیں کسو کا
دنیا ہے فانی آکر کاروان سرا ہے
یہ دوسرا ہے فانی یاں نہیں رہتا کوئی
کاروان سا ہی جہاں میں ...
جیسے یاں دیکھتے ہیں چلنے کی تیاری ہے
جانے ہو دن تو نہ تھی دنیا نے دل
اتفاقاً دنیا آنا ہوگیا ہے
عالم ہے محض ... ایک عجیب ...
صنعت میں ... دیکھو تو عالم
دنیا میں ایک دو کو ...
جو ہے ... — میر

میر	ہے آج نام کو تو نہیں گل نشان تک
=	دہر دلالہ کو بہتر ہے کہ دیدیجے طلاق
=	ہاں ہاں یہ زال دہر کو دیدیجے طلاق
=	زال دنیا سے نہ کر اخلاص قطب
=	اے ساکنان عالم ایجاد ہوشیار
=	یہ بے ثبات بہار ریاض ہستی ہے
=	خزاں ہے میری نظروں میں بہار اس باغ عالم کی
=	دیکھے دنیا میں کم ہیں دوست اور دشمن بہت
=	فائدہ بھی یہاں تو نقصان ہے
=	جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے
=	گل راحت کہاں ہے باغ دنیا کے اے لائق
=	لائق کوئی فریق میں آسودگی نہیں
=	تماشائے گل گلزار دنیا سب ہے لاحاصل
=	جب سے جہاں ہے تب سے خرابی ہی ہے میر
=	اجڑی اجڑی بستی میں دنیا کی جی لگتا نہیں
=	یاں چلتے دیر کچھ نہیں لگتی ہے میر جاں
=	جہاں نہیں رہنے کو جی بہت تھا نہ کر سکے میر کچھ توقف
=	یہاں کا دریا بھی بیکراں تھا سراب پایان کار نکلا
=	موہوم ہے ہستی تو کیا معتبری اسکی
=	ہستی میں ہم نے آکر آسودگی نہ دیکھی
=	اک آن میں بدلتی ہے صورت جہان کی
=	اس مہلت دو روزہ میں خطرے ہزار ہیں
=	حاصل بجز کدورت اس خاکداں میں کیا ہے
=	سہل مت بوجھ یہ طلسم جہاں
=	دیکھو نہ چشم کم سے معمورۂ جہاں کو
=	جہاں میر رہنے کی جاگہ نہیں ہے
=	خاک بھی سر پہ ڈالنے کو نہیں
=	کچھ نہیں موج جہاں کی موج پر مت بھول میر
=	ہوتا ہے یاں جہاں میں ہر روز و شب تماشا
=	ہر گل زمیں یہاں کی رونے ہی کی جگہ تھی
=	اس کاروان سرا میں کیا بار میر کھولیں
=	یہ توہم کا کارخانہ ہے
=	اس کہنہ خرابے میں آبادی نہ کر منعم

قطب	کیسا ذکر ایسی ہستی ناپائدار کا
"	قطب تم زال جہاں کے کبھی داماد نہ ہو
"	بس بھول جائیے یہ زن بدچلن کی یاد
"	ابھی ہو جس کا ابھی سے سرسفید
کوثر	دنیا نہیں فریب دغا کا یہ جال ہے
گویا	کلی جو چٹکی تو ہستی پر اپنی ہنستی ہے
"	برابر جانتا ہوں بوستاں کو اور شبنم کو
"	سات زیر پا زمیں تو آسماں بالائے سر
"	سنگ کہاتے ہیں باروار درخت
لااسلم	یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے
لائق	بجائے گل کے اس گلشن میں خار غم بدست آئے
"	جو کارخانہ دیکھو تو برہم بہت ہے یاں
"	گر اس باغ سے کچھ نیکنامی کا ثمر لیجا
میر	تم دیکھکر زمانہ کو حیران کیا رہے
"	تنگ آئے ہیں بہت ان چار دیواروں میں ہم
"	رخت سفر کو اپنے شتابی سے باندھ کہ
"	بنا تھی ناپائدار اس کی اسی سے رہنا بھا نہ اپنا
"	جو لوگ تر سے کچھ آشنا تھے انہوں نے لب ترکیا نہ اپنا
"	ہے گاہ اگر کوئی بے گاہ نہیں کوئی
"	کھلتیں نہ کاش آنکھیں خواب خوش عدم سے
"	جلد اس نگارخانہ سے کر انتقال چل
"	اچھا ہے رہ سکو جو خبردار آج کل
"	خوش رہ کہ اٹھکے ہیں داماں جھٹک جھٹک کر
"	ہر جگہ یاں خیال ہے کچھ اور
"	بنتا ہے ایک گھریاں سو سو تمیں بگڑ کر
"	چلا چاہئے یاں سے اسباب کر دور
"	کس خرابے میں ہم ہوئے آباد
"	دور سے دریا نظر آتا ہے لیکن ہے سراب
"	دیکھا جو خوب تو ہے دنیا عجب تماشا
"	مانند ابر ہر جائیں زار زار رو یا
"	یاں کو بیچ لگ رہا ہے شام و سحر ہمارا
"	یاں وہی ہے جو اعتبار کیا
"	اک شہر نہیں یاں جو صحرا نہ ہوا ہو گا

دنیا دار دنیا

کبھی

لہ ہاتھ آئے ۲ے نہ ۱۲ سے سمجھ ۱۲ سے جگہ ۱۲

دنیا میں جا نہیں رہنے کی میر غرور نہیں اچھا
دنیا کی قدر کیا جو طلبگار ہو کوئی

کچھ نہیں اور دیکھتے ہیں کیا کیا
راہ دور عدم سے آئے بستی جان کے دنیا میں

ایسی متاع قلیل کے اوپر چشم نہ کھولیں اہل نظر
ہم ننگ خلائق عجب ہے کہ نہیں ہیں

اسباب بے ثباتی ہوا ہوتا آگے تو
عالم کسی حکیم کا باندھا طلسم ہے

پست و بلندیاں ہیں ارض و سما سے ظاہر
عالم خاکی بھی بسمل گاہ ہے

کچھ چیز و مال ہو تو خریدار ہو کوئی
یاں اعتبار کریئے جو کچھ ہو وہ ہے ظاہر

رہنے کے قابل تو ہرگز نہ تھی عبرت سرا
نوبت ہے اپنی جب سے سنا کوچ ہی کا شور

یاں کوئی دن رات وقفہ کر کے آگے قصد کر
وہ ستم جس کو محیط سمجھا ہے

جو ہے سو اپنے فکر خرو بار میں ہے یاں
سڑا ہو کا ہی ہے دریائے ہستی

اس منزل دلکش کو منزل نہ سمجھئے گا
پیدا نہیں جہاں میں قید جہاں سے رستہ

بود نقش و نگار سا ہے یہ کچھ
کچھ نہ دیکھا تھا ہم نے پر تو بھی

دل لگی اتنی جہاں میں کس لئے
سرسری مت جہاں سے جا غافل

جو کچھ نظر پڑے ہے حقیقت میں کچھ نہیں
کہیں ٹھیرنے کی جا یاں نہ دیکھی میں نے میر

مقام خانہ آفاق وہ ہے
کیا دلفریب جائے ہے آفاق دلنشیں

کھول کر آنکھ اڑا دید جہاں کا غافل
ہر ہر قدم کو اپنے رکھ احتیاط سے یاں

جہاں کا دید بجز ماتم نظارا نہیں
زیر فلک جہاں ٹک آسودہ میر ہوتے

کرنہ تعلق کہ یہ منزل نہیں

شعر	شاعر
جو جاگہ سے جاتے ہیں اپنی وے گرتے ہیں بیجا لوگ	میر
کچھ چیز مال ہو تو خریدار ہو کوئی	〃
خواب کا سا ہے یاں کا عالم بھی	〃
سو یاں گھر اجڑے ہیں سارے اک منزل معمور نہیں	〃
آنکھوں میں آوے جو کچھ ہووے دنیا اتنی مال نہیں	〃
اس عالم اسباب میں اسباب سے واقف	〃
کیوں اس چمن میں ڈالتے ہم آشیانہ کی طرح	〃
کچھ ہو تو اعتبار بھی ہو کائنات کا	〃
دیکھا جہاں کو ہم نے کتنی کڈھب جہاں ہے	〃
ہو رہے ہیں ڈھیریاں سو سو جنے	〃
دنیا کی قدر کیا کہ متاع قلیل ہے	〃
یہ کائنات اپنی آنکھوں میں سب نہیں کچھ	〃
اتفاقاً اس طرف بھی اپنا آنا ہو گیا	〃
بجا نہیں سنا ہے کبھو اس مقام کا	〃
کارواں گاہ جہان رفتنی منزل ہے کیا	〃
دیکھئے تو سراب ہے وہ بھی	〃
سارا جہان راہ میں اک کارواں سا ہے	〃
نہیں کچھ تہ سے تجھ کو آشنائی	〃
خاطر میں رہے یاں سے درپیش سفر بھی ہے	〃
مانند برق کے ہیں وے لوگ جستہ جستہ	〃
صورت اک اعتبار سا ہے کچھ	〃
آنکھ میں آئی ہے نہ دنیا کچھ	〃
رہگذر ہے یہ تو کیا منزل ہے میاں	〃
پاؤں تیرا پڑے جہاں ٹک سوچ	〃
عالم میں خواب دیکھو تو عالم ہے خواب کا	〃
چمن ہیں عالم امکاں کے جیسے آب پھرا	〃
کہ جو آیا ہے یاں کچھ کھو گیا ہے	〃
دو دن کو یاں جو آئے سو برسوں نہ جا سکے	〃
خواب ہو جائیگا پھر جاگنا سوتے سوتے	〃
یہ کارگاہ ساری دکان شیشہ گر ہے	〃
کہ دیدنی بھی نہیں جس پہ یاں نظر کریئے	〃
ایسا نظر آیا اک قطعۂ زمیں بھی	〃
آہ ٹبکتا رہو اچاہیئے	〃

دنیا

شعر	شاعر
جہاں سے تو رخت اقامت کو باندھ / یہ منزل نہیں بے خبر راہ ہے	میر
یہ منزل [illegible] میر [illegible] مقرری	〃
دنیا ہے [illegible] پاؤں [illegible] نکال چل	〃
اس سے تو [illegible] سے کون سلامت	〃
آفاق کی منزل سے [illegible] / اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا	〃
دم صبح بزم خوش جہاں شب غم سے کم نہ تھی میر یاں / کہ چراغ تھا سو تو دود تھا جو پتنگ تھا سو غبار تھا	〃
[illegible] یاں رنگ [illegible] کچھ ہے	〃
ہر گل ہے اس چمن میں ساغر بھرا لہو کا	〃
[illegible] دل گرفتہ [illegible] جگر نکال	〃
[illegible] چمن میں [illegible] غم	〃
ہم نے اس بستی میں [illegible] عدم اچھی رہے	〃
جو روانہ ہوئے سوئے عدم [illegible] گذرا رہے	〃
کیا خاک [illegible] عمر زیادہ	〃
بزم جہاں میں عشق [illegible] تمام روز	〃
گذرا کیے جہاں میں خوشی سے تمام شب	〃
کس کی کبھی زمانہ میں آسودگی نہ دیکھی	〃
ہستی میں ہم [illegible] آسودگی [illegible]	〃
کھلتیں بکاوش [illegible] خوش [illegible]	〃

بس

له جگہ ۱۲ ـ سله وہ ۱۲ ـ سله دیکھتے ہیں ۱۲ ـ سله آئے ـ شه ہو ۱۲ ـ له بے طور بے ڈھنگ ـ سه سینکڑوں آدمی ـ شه کبھی ۱۲ ـ ۹له وہ ـ ۱۰له نہ ـ ۱۱له ذرا ۱۲ ـ ۱۲له کچھ ۱۲ ـ ۱۳له ذرا

دنیا

تنہا نہ آسماں کی مٹی خراب ہے
عالم میں اک جہان کی مٹی خراب ہے — مصحفی

یارب تو اس جہاں سے اٹھا لے مجھے شتاب
جس میں کہ ہو زمیں نئی آسماں نیا — =

منزل دنیا میں بہت ہم رہے
مصحفی اب یاں سے سفر کیجیے — =

دنیا میں اہل دل کو دل سے محبت نہیں رہی
دو دوستوں میں بھی الفت نہیں رہی — =

ہے نو بہار گلشن آفاق دیدنی
آنکھیں ہیں سو کبھی تو اے دل بیتاب دنیا کی دیکھ — =

ہم نے [illegible] دیکھی
کبھی فلک نے تماشا دکھا دیا کیا کیا — =

ورنہ ہم کو بھی یہ لے جائے جہان گزراں
بزم ماتم ہے [illegible] — =

یاں جو آتا ہے وہ نادیدہ تر جاتا ہے
صیاد [illegible] اس گلستاں میں یا ہم — =

ہے دل میں [illegible] آشیاں [illegible]
رہیں اک روز اس تک [illegible] — =

ساتھ لائے [illegible] عدم سفر عرض
خاک آمیختہ [illegible] بازیچۂ اطفال اس کو — =

اس حدیقہ کے عیش پر مت جا	مے نہیں ہے ایاغ پر گل کے	میر
شادی و غم میں جہاں کے ایک سے دس کا ہے فرق	عید کے دن ہنسئے تو دس دن محرم روئیے	"
جو ہے سو پائمال غم ہے میر	چال بے ڈول ہے زمانے کی	"
اہل دنیا کو ہے دوزخ اہل تقوی کو بہشت	یہ جہان پر غل ویراں بھی ہے آباد بھی	محب
یہ کارخانۂ عالم تو ہے فریب نظر	ہمارے سامنے داغ سراب رہتا ہے	"
جو چونکتا وہی ہے یہاں پریشاں حال	وہ ہوشیار ہے جو مست خواب رہتا ہے	"
ملتا نہیں ہے درس حقیقت کہاں مجھے	فطرت کا مدرسہ ہے یہ سارا جہاں مجھے	"
کشت عالم میں یہ نیکی کا ثمر ملتا ہے	ڈھیر خرمن کے ہوئے بونے سے اک دانے کے	"
بغیر اسباب کام کچھ نہیں ہوتا ہے دنیا میں	مصیبت کو بھی ہم اعمال کی اپنے سزا سمجھے	"
پیچھا چھڑانا تجربہ دنیا سے ہے محال	گر ایک بار بھی وہ کسی سے لپٹ گئی	"
لطف دنیا کیوں نہ جی بھر کر اٹھائیں زاہدو	ہم سرائے دہر میں آئے ہیں جانے کے لئے	"
کوئی ذرہ بھی جہاں میں نہیں ہرگز بےکار	آب و آتش ہے نہ ہے خاک نہ ہے باد عبث	"
امید و بیم کا میداں ہے عرصۂ ہستی	سراب اتنے ہیں اس میں کہ کچھ حساب نہیں	"
ہے زندگی خیال تو دنیا بھی ہے سراب	خواب میں عجب دیکھ رہا ہوں میں خواب میں	"
مرغ ہوا نما کی طرح پھیرتے ہیں رخ	اہل جہاں بھی دیکھنے والے ہوا کے ہیں	"
یہاں کی شادی و غم میں کوئی بھی ہے نسبت	خوشی ہو ایک تو صدمے ہزار ہوتے ہیں	"
جو غنچہ ہنستا ہے ہستی پہ طفل روتا ہے	سبب ہے ایک ہی رونے کا مسکرانے کا	"
خوش گیا دنیا سے جو غافل گیا	عقل والوں کو یہاں کیا مل گیا	"
یہ مادر گیتی بھی عجب ڈائن ہے	جتنی بھی ہے اور آپ ہی کھا جاتی ہے	"
یہ طلسم جہاں ہے پر اسرار	جز خدا کوئی اس کو کیا سمجھے	"
اپنی تو اس چمن میں عمر اس طرح سے گذری	یاں آشیاں بنایا واں آشیاں بنایا	مصحفی
کسی کے عقد میں رہتی نہیں ہے کوئی دہر	یہ قحبہ روز ازل سے ہے کچھ طلاق نصیب	"
بزم ہستی میں کچھ آسودہ نہیں ہم بیٹھے	مثل شمع سحری ہم کو سفر ہے درپیش	"
ہر دم کو سمجھتے ہیں دم بازپسیں ہم	دنیا میں مسافر ہیں نہیں کوئی مکیں ہم	"
ملک ہستی سے جو جاتے ہیں جریدہ ہو کر	راہ میں اپنا سب اسباب لٹا جاتے ہیں	"
زمیں سرپوش خون کشتگاں ہے	سوائے خوں نہیں زیر زمیں کچھ	"
جو کوئی عالم فانی سے سفر کرتا ہے	اس گلستاں کی اسے رہتی ہے حسرت باقی	"
خلعت خاک میں عالم ہے جو یک رنگی کا	واں نظر آتے ہیں درویش و توانگر میلے	"
دنیا بری جگہ ہے وہ جب مالدار ہو	مرنا پدر کا کیوں نہ پسر چاہنے لگے	"
اے مصحفی حیرت کے سوا اگر کوئی دیکھے	کچھ اور تو اس آئینہ خانہ میں نہیں ہے	"
اے مصحفی کچھ یاں سے نہ لیجائیگا کوئی	حسرت ہی فقط سوئے عدم ساتھ چلے گی	"
ہو نہ دانستہ کسی چیز کا یاں صاحب ہوش	رہے دنیا میں وے آپ کو مہماں جانے	"
ہم سوئے عدم یوں گئے دنیا سے تہیدست	جس طرح کہ مفلس کوئی بازار سے خالی	"

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
غنچہ کو تبسم کی جگہ یاں نہیں ملتی	صحن چمن دہر عجب تنگ فضا ہے	مصحفی
اے دل تمام عمر یہاں کون خوش رہا	گذرے خوشی کے ساتھ جو اک دم بہت ہے یاں	"
لالہ پژمردہ دل افسردہ ہے نرگس بیمار	کونسا مرغ چمن ہے کہ فغاں میں وہ نہیں	"
کیا خوش آئی ہے دلا منزل ہستی تجھ کو	سچ بتا یاں سے تجھے قصد سفر ہے کہ نہیں	"
لو اس سے لگاؤ جو ہمیشہ رہے منت	وابستگیٔ عالم اسباب کہاں تک	منت
غور سے موج سیر دنیا دیکھ	چپکا بیٹھا ہوا تماشا دیکھ	موج
چاروں طرف سے نالہ و شور و بکا ہے یہ	دنیا کو میں سمجھتا ہوں ماتم سرا ہے یہ	مہر
دنیا نہیں سرائے سپر رہگزار ہے	کس کو یہاں قیام ہے کس کو قرار ہے	"
دنیا کا معما ہے تعجب انگیز	گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل	"
اک دم کے لئے چاہئے کیا دولت دنیا	گر ساتھ حشم جاہ و تزک جائے تو اچھا	"
دنیا کے لوگ چاہئیں دنیا کے واسطے	ہم بیٹھیں اس عجوزۂ مکار سے الگ	"
بند دنیا میں پھنسے تم تو رہائی معلوم	کرم وقت سے ہوا کرتا ہے ریشم سے الگ	"
خواب کا نقشہ ہے یا نقش طلسمی یہ جہاں	عقل میری دنگ ہے نیرنگ امکاں دیکھکر	"
اس گلشن جہاں میں نہیں ہے شگفتگی	سنبل کی طرح سے ہیں پریشانیوں میں ہم	"
صلاح نیک ہے میری پھنسو نہ دنیا میں	تمام سود کا سودا ہے یاں زیاں کیلئے	"
بندۂ دنیا نہ بن مرد خدا اتنا تو سوچ	بات اس میں کچھ نکلتی بھی ہے یا کچھ بھی نہیں	"
خواب دنیا کا تماشا اس طرح	اے تماشائی دنیا کب تک	"
خوشی کی جا یہ نہیں مرغ گلستاں کیلئے	کہ یہ بہار کے نیرنگ ہیں خزاں کیلئے	"
دنیا کی ہوس کوٹ کے اس طرح بھری ہے	مائل مرا دل جانب عقبی نہیں ہوتا	"
جنگل دیکھا ہے اور بستی دیکھی	ہر حال میں ہر ایک کی مستی دیکھی	"
دنیا ہے وہ جا کہ حق پرستی کے بجائے	ہم نے اے مہر خود پرستی دیکھی	"
گر اس میں پھنس گیا ہے تو سودائی ہے	نادانی محض تیری دانائی ہے	"
دنیا ہے فقط ایک تماشا اے مہر	اور تو کیا ہے فقط تماشائی ہے	"
دنیائے دنی میں جو نکہ دل بستہ ہے	تو مہر سدا خراب اور خستہ ہے	"
اس راہ میں آرام کے اسباب نہیں	چھوڑ اس کو بہت خراب یہ رستہ ہے	"
ہے رنج و الم کا گھر سراسر یہ جہاں	اور رنج میں راحت کا ہے طالب انسان	"
جو رنج کا گھر ہے اس میں راحت کیسی	کوشش ہے عبث ببول میں آم کہاں	"
دنیا ہے مہر ایک بازار لگا	آنے جانے کا ہے یہاں تار لگا	"
خواہش ہے کہ سب کو کھینچکر لاتی ہے	خواہش میں دل کو نہ تو زنہار لگا	"
مرئی ہے عین ذات ناظر اے دل	ناظر مرئی ہے۔ ہے یہ کہنا باطل	"
ہے علت و معلول میں یکسانیت	معلول عدم ہے گر عدم ہے علت	"
دنیا ہی کو ثابت نہ کیا اس نے مہر	جس نے اس کی کہی عدم سے خلقت	"
آئے ہو تو کچھ یہاں کا تماشا دیکھو	رہ کر دنیا میں سیر دنیا دیکھو	"

دنیا

	شاعر
دنیا ہے یہ چار دن کا میلا اے مہر	مہر
اور اس میں غضب کا یہ جھمیلا دیکھو	
دنیا کے لئے دین کو کھویا تو نے	"
غافل اچھی کمائی دنیا تو نے	
لازم ہے کہ سب ترا تماشا دیکھیں	"
گھر بیٹھ کے دیکھا ہے تماشا تو نے	
تحریر کی ہم نے نکتہ دانی دیکھی	"
تقریر کی اعجاز بیانی دیکھی	
دنیا وہ معما ہے کبھی حل نہ ہوا	"
اے طبع رواں تیری روانی دیکھی	
دنیا کی ہوس کمال نادانی ہے	"
اس میں اے بوالہوس پریشانی ہے	
بنائے عالم [illegible] کارخانہ ہے	"
جسم زندگی [illegible] ہو وہ جھوٹا افسانہ ہے	
طلسم عالم امکان	"
نمود ہی ہے فقط [illegible] شان پیدا کر	
مرا جاتا ہے [illegible] دنیا میں ہوس	
بوالہوس کھینچ لائی تجھے [illegible] کی یاد	
یار آتی ہے یاں [illegible]	
دنیا میں رہ کے	

وصیت

اے نفسِ مطمئن ترے ملنے کی کیا ہے راہ
دنیائے دوں میں دق ہیں بہت خیر و شر ہمہ
نمودی ہے طلسم ما سوا کی بود اے غافل
پہچان جان اس کو گر امید رستگاری ہے
تماشا گاہ عالم میں تماشے گو بکثرت ہیں
یہ کثرت ہی مگر آئینہ توحید باری ہے
بہارستانِ امکاں کے طلسمی کارخانے میں
ہر صورت تصویر ان کو دیے حیرت میں
گلستانِ ظہور اپنا عجب کچھ رنگ رکھتا ہے
عجب نیرنگیاں ہیں کارگاہ نام و صورت میں
نمودی ہے وجود اس عالم کثرت کا اے غافل
حباب آسا نمایاں بحر بے پایان وحدت میں
جھوٹی دنیا کی ہے کہانی ساری
ہے نقش بر آب زندگانی ساری
یہ عالمِ تمثال ہے نیرنگ خیال
اے طبع رواں تیری روانی ساری
کیوں چھوڑ کے عیش جاوداں آتا ہے
انساں سے کوئی کہو کہاں آتا ہے
دنیائے دنی رنج و الم کا گھر ہے
روتا ہوا آیا جو یہاں آتا ہے

[illegible]

مہر

دنیا میں رہ کے اے سگ دنیا تلاش حق
آکے یاں شاہد اصلی کو تو ہم بھول گئے
خواب کا نقشہ ہے عالم دیکھنے والا ہے تو
مہر دنیا قید خانہ ہے کہاں وارستگی
پہچہاتے ہیں خوشی سے یوں جو مرغان چمن
خوشی تجھ کو دنیا میں ملتی نہیں
ہونا ہے حال تیرا یاں ایکدن دگرگوں
دنیا فنا کا گھر ہے ملک فنا کی بستی
عبرت کی جا یہ کارگہ اعتبار ہے
گزری مگر یہ دہر سپر ہگزار ہے
وہ مخالف ہوا ہے دنیا کی
جائے دلبستگی نہیں دنیا
پھنسنے کی جا نہیں ہے تردامنی ہماری
ہشیار ہو کہ ناداں کالگ لگیگی سب کو
بنا ہے تو جو ایسا بندۂ بے دام دنیا کا
نہ کر مجھ پہ بھروسا یہ چہروزہ ہو نہیں اے غافل
یہ ہے وہ بیوفا نا آشنا کچھ بھی اگر سمجھے
اجل جب تجھ کو آئیگی نہ ہوگا فکر دنیا کو
چلے گی یہ نہ تیرے ساتھ تو کیوں ساتھ دے اس کا
پھنسا جو اس میں آکر وہ نکلنے ہی نہیں پاتا
نتیجہ خود فراموشی ہے ہیچ سوچکر غافل
ہوس بیفائدہ ہے محض بڑھ چلنے کی دنیا میں
نہیں ذکر و عبادت کی جگہ غافل ترے دل میں
سحر سے شام تک بس تو ہے اور دنیا کے دھندے ہیں
تجھے چلنا ہے خالی ہاتھ اور ناکام دنیا سے
بزم دنیا میں نہیں نام کو جمعیت دل
ہوس دنیائے دوں کی ہے کہ تجھکو خوار کرتی ہے
نہیں جز نام و صورت یہ طلسم عالم امکاں
گراں ہے بار دنیا وہ اٹھانے سے نہیں اٹھتا
نہیں پھنستے ہیں ارباب صفا دنیا کے جھگڑوں میں
فنا فی اللہ پہ لیکن کہاں تو کان دیتا ہے
تعلق جتنے تو نے آکے دنیا میں بڑھائے ہیں
جسے کہتے ہیں ہم دنیا وہ کھیتی آخرت کی ہے

مہر

یہ نخلِ آرزو ہے جس میں ثمر نہیں
ایک خاطر میں بدستور ہے پندار کی بات
بوالہوس کیا جستجو ہے اور کیا ملتا نہیں
جو یہاں آیا گرفتار من و مائی ہوا
ان کو دنیا کی لگی شاید ہوا کچھ بھی نہیں
خوشی کی نہیں مہر یہ سرزمیں
دنیا ہے عارضی شئے کیوں تو ہے اس پہ مفتوں
اے بوالہوس کریگا کب تک ہوس پرستی
کس کو یہاں ثبات و قرار و قیام ہے
کس کو یہاں قیام ہے کس کو قرار ہے
سر اٹھانے کی کس کو فرصت دی
گھر ہے یہ فکر و رنج پیہم کا
وہ شئے ہے لوث دنیا دیکھو جسے بری ہے
اے غافلو یہ دنیا کاجل کی کوٹھری ہے
ذرا سوچا بھی ہے تو نے کبھی انجام دنیا کا
زبان حال سے تجھ کو یہ ہے پیغام دنیا کا
نہ لے پھر خواب میں بھی بھول کر تو نام دنیا کا
تجھے رہنا ہے گرچہ صبح سے تا شام دنیا کا
جفا جائے وفا اک قاعدہ ہے عام دنیا کا
عجب ہے پیچ در پیچ اہل دنیا دام دنیا کا
فقط دارو بے ہوشی سے پر ہے جام دنیا کا
کہ گرنے کے لئے اے غافلو ہے بام دنیا کا
بھرا رہتا ہے اہمیں تو خیال خام دنیا کا
نہیں عقبی سے تجھ کو کام ہے وہ کام دنیا کا
یہ ہے اک روز انجام اے دل ناکام دنیا کا
مطمئن آئے تھے ہم اور پریشاں نکلے
وہ ارباب باطن کو ہوس زیبا نہیں ہوتی
مگر صورت کبھی ماہیت اشیا نہیں ہوتی
نہیں جھکتی مگر اس بوجھ سے تیری کمر کچھ بھی
تجھے دیتے نہیں لیکن یہ جھگڑے دردِ سر کچھ بھی
خدا تیرا ہے دنیا تو تو اس پر جان دیتا ہے
خدا سے بھی تجھے ناداں اتنی ہی جدائی ہے
سبق یہ ہے بدیہی محنت سرگرم دہقاں کا

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
جب سُوئے عسل کوئی مگس آتی ہے	دیکھا کہ بالعموم پھنس جاتی ہے	مہتر
دنیا سے بھلا ہے ہو کنارہ ہی بھلا	پھنسکر نکلے گا کس کی یہ چھاتی ہے	״
دنیا میں پھنس کے پھر کیا بننا ہے	اک روز وہ آئیگا کہ چل دینا ہے	״
دریا میں بھی ٹھہرا ہے کوئی اے غافل	تجھ کو اُس پار نا دیکھنا ہے	״
غافل دنیا میں دل نہ زنہار لگا	ورنہ یہ سمجھ جان کو آزار لگا	״
کس کس کا کریگا غم کس کس کی خوشی	آنے جانے کا ہے یہاں تار لگا	״
آخر کچھ بھی خیال عقبےٰ کا ہے	کچھ بھی تجھے خوف حق تعالیٰ کا ہے	״
رہنا ہے یہیں کہ یاں سے چلنا بھی ہے مہر	بندہ اس طرح تو جو دنیا کا ہے	״
ہر اک شاہ و گدا اس شاہ سے روزی کا طالب ہے	جہاں کے دور کو سمجھا ہوں میں کاسہ گدائی کا	منتہی
انجام کو جب دیکھتا ہوں دور جہاں کے	عالم نظر آتا ہے چراغ سحری کا	״
امید نہ رکھنا کبھی دنیا سے وفا کی	مشتاق نہ ہونا کبھی کھوٹے سے کھرے کا	״
روز و شب مجھ کو طلسمات جہاں کے اندر	نظر آتا ہے نیا نقش و نگار ایک نہ ایک	״
اہل عقبیٰ سے یہ سگ دنیا	جتنے بڑھتے ہیں اُتنے گھٹتے ہیں	״
کون دنیائے دنی کے نہیں رہتا درپے	دام تزویر ہیں یاں کون گرفتار نہیں	״
یہ بشر ہے شعبدۂ جہاں، یہ جہاں ہے بزم مسافراں	یہ مکان دھوکے کا ہے مکاں یہ زمانہ قابل دور ہے	״
یہ سب نشان ہے نیرنگ زار عالم کا	نظر جو صورت نقش و نگار آتی ہے	״
نقد دل دیتا ہے پئے دنیا	دولت لازوال کھوتا ہے	״
کو بکو ہو ہے پئے دنیائے دوں خانہ خراب	ایک دیوانہ ہے وہ بلکہ سگ دیوانہ ہے	״
یہ مُرقع جہان کا اے دل	چشم بینا میں نقش باطل ہے	״
اس منزل ہستی میں بہت آئے گئے ہیں	ہر ایک مقامی ہے ہر اک یاں سفری ہے	״
عالم ہستی کا یا رب کچھ عجب انداز ہے	یہ نہیں معلوم تیرا راز ہے یا ناز ہے	״
بیداری اس جہان کی ساماں ہے خواب کا	یاں موج آب پر بھی گماں ہے سراب کا	میکش
جہاں میں کام کسی کا کبھی بدجمعی	بوجہ زندگی مستعار ہو نہ سکا	״
ملک ہستی میں کیا کیا جا کر	چار دن رہ کے پیٹ بھر آئے	״
جو عقل رکھتا ہے تو توڑ دام دنیا کو	جو اس میں پھنستا ہے وہ بے شعور ہوتا ہے	״
نفس کی آمد و شد کوچ کا ہے نقارہ	قیام کرنا یہاں عاقلوں کا کام نہیں	״
یہ دن دکھائے ہمکو جھگڑے بکھیڑے کن نکلنے	ظاہر ہے رہنے والے ہم لوگ تھے جہاں کے	״
ہے نہیں اک برگ گل محفوظ باد دہر سے	گلشن ایجاد بھی صرف خزاں ہو جائیگا	״
خوب ہی گذری عدم آباد میں لیکن یہاں	چار دیوار عناصر قید خانہ ہو گیا	״
زور چلتا ہے کسی کا کب یہاں	آکے سب سہراب و رستم چل دئے	״
ہوتی گر اس جہاں میں کچھ خوبی	کہتے پھر کیوں صفت ہیں اُسکی خراب	مجروح
شیطاں کا اس کو جال بچھایا ہوا سمجھ	دل مت پھنسا جہان کے نقش و نگار میں	״
یہ دنیا کی حقیقت ہے کہ گویا	مکاں اک دل لگی کا راہ میں ہے	״

دنیا

بحرِ ہستی میں جو ابھرے [illegible]
بہہ گئے اس صورت حباب ہے وہ
پتہ قفس میں میری رہائی محال ہے
لایا ہے آب و دانہ یہاں مجھ اسیر کا
دنیا ہے مقام رہ گزر کا
ساماں کریں گے ہم سفر کا
چار دن کی ہے چاندنی دنیا
ماہ و روز میں مت [?] ہوا
ماہ و روز سے دنیا کا یہ سارا فروغ
چلتی پھرتی چھاؤں ہے دنیا
تیرگی شب کا باعث روز روشن ہو گئی
بیتی کب عجوزۂ دنیا کا میل ہے
اندھوں ہی کی نظر میں بڑی پیچ دار ہے
ڈرتا ہے کیوں عجوزۂ دنیا کو دے طلاق
ہے نہ کچھ فکر [?]
عاشق وہ تیرا ہے کوئی منظر
جب کہ رہا جہاں ہیچ مجھے [?]
کیا اور کیا برائی و بھلائی کا غم و رنج
نہیں مشغول ہے [?] دنیا کی محفل ہے
ہم ایک آدمی کا ایک قاتل ہے
عداوت ہے ہم [?] دنیا سے
غریق بحر گنہ میں فریب دنیا سے
عجب ہی طرح کا طوفان ہے سراب دریغ

تمام دنیا

۴ اور ۱۲

دنیا

نیتی ہے جسے کہتے ہیں ہستی کا
بار سر پر لیا لیا نہ لیا

تم نے سمجھ ہو دنیا کو ہے وارفتہ ہیچ
ہم کو نہیں ملتا اس کی بقا ہیچ

تسلیم نہیں ہے ہم کو صنع کا عالم نرالا ہے
طلسمات جہاں ہے کہ ابتک کیا کیا ہے جہاں ہو کر

عیاں ہو نہاں لگا دیکھا تا ابتک سرکھ چھپ کر نہاں ہو کر
یہ بازی گاہ طفلاں ہے انہی کا رواں ہو کر

ہنوز ہیچ اس قدر نادان ہے تشکیل زن کا
دیکھئے دنیا ہے دنیا غلط

شکل غلط اور یہ دنیا ہے بس اپنی
زندگی ہے جاب ہے ہیں ہم

ہو جو مر جو فن ہیں تشکیل زن کا نرسم
دنیا تشکیل زن نقش دکھا رہی ہے

عمر کے نقش دکھا رہی ہے ملی ہے نقش نہیں
رنگ حسن جہاں میں کوئی ہے نقش نہیں

چپ ہے شاخ گل میں بلبل نشیں تماشا ہے
تبسم گل کا ہے یا خندہ برق

وجود عشرت اہل فنا کہا

گلستان

تم اپنا یار سمجھتے ہو یاں قیام مدام — نسیم ط
غافل رہو نہ کوچ سے گھر جان کر اسے
ایک چھوٹا تو ملی دوسرے کو قید حیات
پس از مردن بھی ظاہر ہے دخل ان اہل دنیا کا
ایک کے نفع سے ہے ایک کو نقصان یہاں
تنگی عالم امکاں کی یہ قاطع ہے دلیل
بیحیائی سے ہے دنیا میں حصول مقصد
جہاں میں تیرہ دل جو ہیں وہی بے رنج رہتے ہیں
ملاقات دو روزہ کو یہاں آئے تھے لیکن
ازل میں جو کہ ہیں باہم جدا ہوتے ہیں دنیا میں
ایک کا دشمن جہاں میں ہو نہ کیونکر دوسرا
دنیا میں اکل و شرب ہے حاضر مسافر و
شیر سے تا شربت مرگ ایک سے تلخی ہے یہاں
عیش ہے عاریت اس باغ میں او رنج مدام
چین دنیا میں زمیں سے تا فلک دم بھر نہیں
چین کی جا کوئی دنیا میں نہیں جز غمکدہ
گل نہیں جز داغ حسرت بوستان دہر میں
رنگ عشرت کر گیا پرواز باغ دہر سے
باغ عالم میں نہیں ہے جز دل صد چاک گل
تہلکہ ہے جان کو ہر آن زیر آسماں
رنگ عشرت باغ عالم میں نظر آتا نہیں
طفل یہ رو رو کے کہتے ہیں زبان حال سے
نشہ ہستی میں ساقی بادۂ عشرت کہاں
آلودگی سے دہر میں بچنا محال ہے
زاہد کیونکر کروں میں ترک یہ دنیا وہ ہے
غل۔ شور۔ بولا۔ آگ۔ ہوا۔ اور کیچڑ پانی مٹی ہے
یہ پیٹھ عجب ہے دنیا کی اور کیا کیا جنس اکھٹی ہے
واہ وا کیا کیا نظیر اس خلق کے اطوار ہیں
نعمتیں عیاں ہیں جو عالم کے واسطے
کلجگ نہیں کرجگ ہے یہ یاں دن کو دے اور رات لے
کاخ دنیا جو ہے بازیچۂ طفلاں ہے نصیر
دنیا ہے فاحشہ نہ لگا اس سے دل نصیر
دنیا مقام رنج ہے بیدار ہو نصیر

رہا ہے کون رہے گا یہاں کدام مدام — مہتاب
ارمان کا مقام ہے یہ ایر مانسرا — ناسخ
کبھی ہوتا نہیں یہ خانہ زنداں خالی
وگرنہ کیا سبب ان کے روضوں پر طمع ہے
جام بھر جائے جو ساقی تو ہے مینا خالی
آئے دو چار جو یہاں وہیں دو چار چلے
نظر آیا نہ کبھی کاسۂ ساحل خالی
کہ نازل ہوتی ہے آفت ہوا کی شمع روشن پر
سرائے دہر کو نے مقام جنگ ٹھہرایا
دلیل اس پر جدا ہونا ہے یاں طفلان توام کا
عرصۂ امکاں نہیں میدان ہے یہ جنگ کا
اللہ نے بنائی ہے کیا مہمانسرا
غم لگا کھانے وہیں انسان جب پیدا ہوا
کیا ہوں گلبن سے بھلا گل کی روش خار چلا
داغ ہیں یہ گل نہیں ناسور ہیں اختر نہیں
کیا ہی دانا ہے کہ ساکن خم میں افلاطوں ہوا
طور ہر برگ شجر میں ہے کف افسوس کا
مجھکو حیرانی ہے گل کیونکر ہے خنداں باغ میں
یاں سوا اشکوں کے کب آب رواں درکار ہے
جلد نکلا چاہئے اس قصر کی بنیاد سے
گل کو گل چیں کا خطر بلبل کو غم صیاد کا
جو عدم میں چین تھا وہ اماں ناور میں نہیں
ہے سر گردوں میں صورت شیشۂ معکوس کی
خوں کافروں کے لگتے رہے ذوالفقار میں
سیر کو آئے تھے آدم باغ رضواں چھوڑ کر
ہم دیکھ چکے اس دنیا کو یہ دھوکے کی سب ٹٹی ہے — نظیر
یاں نال کسی کا میٹھا ہے اور چیز کسی کی کھٹی ہے
خوار ہیں، سردار ہیں زردار ہیں ناچار ہیں
ہینگے یہ سب میاں اسی آدم کے واسطے
کیا خوب سودا نقد ہے اس ہاتھ دے اس ہاتھ لے
کہ کبھو گھر یہ بنا اور کبھو ٹوٹ گیا — نصیر
مرتی ہے پیر زال یہ ہر نوجوان پر
غافل ذرا تو سوچ کہ قید فرنگ ہے

لہ سہارا ۱۲ لے میں ۱۲ لے کبھی۔

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
گلستان جہاں ہے خار غم ہے قسمت گلچیں	نہال حسرت شداد ہے گلزار رضواں کا	نشاط
ہوا ہے گل سے جزو اور جز سے کل ہونا مقرر ہے	یہ چندے کے لیئے کچھ کا تماشا ہے خدائی کا	نسیم
خاک دیکھا کچھ شبستان جہاں میں او نسیم	ڈھیر پروانوں کا تھا شمع سحر کے سامنے	"
جب نہ جیتے جی مرے کام آئیگی	کیا یہ دنیا عاقبت بخشائے گی	"
سیلی موج حادثہ پڑتی ہے اب حباب	اس بحر بے کنارہ میں سر کیا اٹھائیے	"
اس بحر پر خطر میں ہو نہیں جس کے خوف سے	ڈر کر ہوا سوار طلاطم جہاں زمیں	نظم
سختیاں جھیلے نہ کیوں انسان دنیا کیلئے	کوہکن پر کب فریب پیرزن ثابت ہوا	"
سمجھا ہوں عیش وطیش جہان خراب تلخ	ہے جام واژگوں میں فلک کے شراب تلخ	"
دُنیا کو آنکھ بھر کے نہ تھا دیکھنا تجھے	ہستی کا ایک جام بھی ہے اے حباب تلخ	"
کیوں آبا باغ دہر میں کیا جانتا تھا میں	کردیگا زندگی دل خانہ خراب تلخ	"
اس پیرزال دہر کی ہم ٹھوکروں میں ہیں	جب سے گئی ہے ہمت مردانہ چھوڑکر	"
بدلکے دنیا نے بھیس صدہا اُسے ڈرایا اُسے لبھایا	کبھی زن پیرزال بنکر کبھی بت شوخ وشنگ ہوکر	"
جہاں حادثہ آگیں میں ہے بشر کا ورود	گزر حباب کا دریائے موجزن کی طرف	"
کسی کے قصر پر کیوں رشک کیجے	سرا ہے یہ نہیں مسکن کسی کا	"
اب لذت دنیا پہ ٹپک پڑتی ہے رال	پھر شرکت غیر سے تجھے ہوگا ملال	"
پہلے ہی سے آنے دے دل میں یہ خیال	دنیا تو ہے اک انار اور سو بیمار	"
جینا بھی یہاں کا سخت مرنا بھی ہے سخت	دونوں کا ہے اک حال تختہ ہو کہ تخت	"
خالی نہیں غم سے زندگانی یک لحت	جینا ہے کب آسان جو ہے مرنا دشوار	"
سامان کر رکھ یہاں سے چلنے کے لیئے	رکھ پاس عصا گر کے سنبھلنے کے لیئے	"
منہ کھولا ہے قبر نے نگلنے کے لیئے	اور تاک میں ہر وقت ہے چرخ غدار	"
زال دُنیا کو میں دل دیتے ہوئے ڈرتا ہوں	پیر گردوں نہ کہیں دشمن جانی ہوجائے	"
ممکن ہی نہیں یہاں لگانا بستر	ہٹیائے نہ دوسرے کی جبتک چادر	"
سب کو ہے یہاں خیال آرائش سر	لیکن ہے کسی کا سر کسی کی دستار	"
عدم اک دائرہ ہے اور محیط چرخ ہی مرکز	جہاں سارا سراپا ہے رہن بے سروپائی	"
یہاں کے لالہ وگل داغ دل زخم جگر نکلے	نہ بہلی اس گلستاں میں طبیعت لاکھ بہلائی	"
منزل اسے سمجھ کے کمر کھولتے ہیں ہم	بستی جو رہزنوں کی بسائی ہوئی سی ہے	"
بند کیں آنکھیں یہ کہکر ہم نے وقت واپسیں	کیا تماشا دیکھئے دُنیا ہے عبرتناک کا	نظر
دل ملک عدم میں نہیں لگنے کا ہمارا	بھولیں گے نہ ہستی کے مزے یاد کرینگے	نواب
دیں کے درست کرنے کو دُنیا ضرور ہے	دنیا نہیں تو دعوئ دیں مکر و زور ہے	نذیر
دُنیا نہیں تو دین کی رونق کہاں سے ہو	اعلائے شان قادر مطلق کہاں سے ہو	"
دُنیا کو جب کسی نے عموماً برا کہا	میں اس کے منہ کو دیکھنے لگتا ہوں کیا کہا	"
ممکن نہیں ہے دین میں دُنیا نہ ہو دخیل	ایسا خیال کر نہیں سکتا کوئی عقیل	"
طلسمی کارخانہ ہے کہ اک قدرت خدا کی ہے	یہ دنیا کیا ہے کچھ آتا نہیں ہے فہم انساں میں	نزہت

دنیا

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
وہ جیتے ہیں پہ جان و دولت دنیا کی فکر میں	مرتے ہیں پر اوس کی ہستی نا پائدار پر	وجاہت
دنیا میں اگر ثبات ہوتا بھی تو کیا ہوتا	دریا میں دم حباب نے دم بھر اٹھا لیا	وزیر
پھرے طلب میں ہیں جو دنیا کی وہ نہیں بیدار	نہال دانہ جو گردش کی چکی میں آرام نہیں	"
گذر جا عالم امکان سے اے دل نور جاں ہو کر	تو اے دیوار فنا صحرا لامکاں ہو کر	"
گرا دے چار دیوار آرائش یہاں ہے جو کسی قابل نہیں	ان کی آرائش باغ میں جنت و پلے وابستہ	"
ہے خدا اس باغ میں جز خواب و خیال جان	جس شے کو دیکھتا ہوں سے خواب ہے	وارث
بیداری کا لے ہر وقت آتے ہیں نظر جلوہ سفر	آلکھڑی ہر وقت طلسم عالم ایجاد بھی	وہی
ہائے کیا شے ہے یہ دریائے جہان فانی	ہے عجب جنگ کہیں قطرہ ہلا نا پانی کا	"
جانے کو ہیں جہاں میں ہوا کونسا عجب	ہر اک اس جہاں کو ہوتا ہے دھوکا سراب کا	

ایک

دُنیا

شاعر	شعر
ہوشؔ	پوشش کعبہ ہے مظہر غمکدہ میں دہر کے / اور کیا ہے جب خدا کا گھر ہی بے ماتم نہیں
=	زال دنیا صاف باطن کو رکھے کیونکر عزیز / موجب خندہ ہے دست پیرزن میں آئینہ
=	کچھ نرالا سب سے رنگ گلشن ایجاد ہے / ہے کہیں سنبل پریشاں تو کہیں گل شاد ہے
=	دیکھا ہے چشم غور سے بازار دہر کو / یوسف کا کچھ نشان بجز پیرہن نہیں
=	کہیں کیا جو دنیا سے ہم لے چلے / غم و درد و رنج و الم لے چلے
=	پھیلاتی کیوں ہے جال یہ دنیائے پیرزال / دانا جو ہیں پھنسیں گے نہ وہ اس کے دام میں
=	یہ دنیا ہے جائے الم خوش ہوں کیا ہوش / میں دیکھئے کسی سے محرم ہیں
=	سیر باغ دہر سے فارغ ہوا نہیں / پتلی کی طرح چشم تماشا میں گھر رہا
=	دیکھیں اہل بصیرت چشم عبرت سے اسے / صاحب قابل بھی یہ دفتر عالم نہیں
=	کوئی محتاج بشر کا ہے خدا کا کوئی / حق تو یہ ہے کہ یہاں سائل امداد ہیں سب

ایک آتا ہے تو فوراً دوسرا لیتا ہے راہ
یہ دنیا ہے وہ قحبہ پُرفتن
نہ ہو تو فکر سے دنیا کی مُو[1] تن باریک
بناوے[2] دین کی لذت جسے دنیا کی خواہش ہے
بھلا اس وحشت آباد جہاں میں دل لگے کیونکر
یہ دنیائے دوں بھی ہے مہماں سرائے
مثل مہماں سرائے ہے دنیا
ہے جو دنیا وقار خواب ہے وہ
مثل ریگ رواں نہیں ہے قرار
پیرزال دہر کے سے جیسیں ہوں مکر و فریب
بجز رنگ کچھ نہ آب ہے بحر خراب میں
دیکھ لے اے چشم ہر گل کی بہار رنگ و بو
پاس اس قحبہ کے اک خلق کی ہے آمد و رفت
آئے تو تھے عدم سے ہو کر آزاد اس ہمدم
رکھتے ہیں سوز و گداز ایسا ہی اہل دنیا
ایک نظر خوش گذر بس ہے یہاں جوں شرر
ہمدم ہے جہاں جاگنے کا سپنا
جینے ہی کی ہے ہم محبت الفت
ہمدم جو عیش چاہئے موجود ہے یہاں
دنیا کی نجاست میں جو ہوتا ہے ملوث
کنارہ کیونکہ کیجے ہمدم اس دریائے عالم سے
اگرچہ ہوش ہے ہمدم تو سب چھوڑ الفت دنیا
روز و شب انساں رہتا ہے امید و بیم میں
ہو گئے آزاد دام دہر سے جو اٹھ گئے
جہاں سے حسرت و اندوہ کر حصول گیا
عدم سے آیا جو ہستی میں مثل نقش قدم
گرفتار دنیا ہوا یاں تم تو ہمدم
دہر ہے ظلمت کدہ غافل سمجھ اس واسطے
ہے بدی نیکی کا یاں نفع و ضرر دست بدست
ہے یہ دنیا سراب کے مانند
دو روزہ گیا خوش باش جو آیا مسافر یاں
آئے یہاں جس کے لئے دیکھا نہ اسکو گھر چلے
کشاکش کچھ عجب دنیا میں پائی

شعر	شاعر
کیا سرائے دار فانی بھی مسافر خانہ ہے	ذہبی
بچے اس سے وہ جو کہ ہیں اہل راز	واصل
سیاہ دل کو کریگا خضاب کے مانند	ولی
قفل ہے لذت دنیا حقیقت کے خزانے کا	"
پریشاں دیکھتا ہوں ہر طرف خاک عزیزاں کو	وحشت
جو شام آکے ٹھہرے سحر چل بسے	وقار
شام کا آیا صبح راہی ہے	"
یہ جو نقشے ہیں نقش باطل ہیں	"
جس کے دل میں ہوائے دنیا ہے	"
مرد سادہ کیا نباہے اس زن مکارہ سے	"
پانی نہ تشنہ لب کو ملے اس سراب میں	ہرچند
گلشن دنیا بنایا ہے تماشا گاہ کو	"
پایا ہم نے نہ کبھو[3] خانۂ دنیا خالی	ہمدم
پریاں سے لیک اپنا کچھ دل اُچاٹ پر ہے	"
آگ پر موس میں جس حال تہ میں زر ہے	"
عمر عدم کی ہے پھر صرف سفر شرط ہے	"
آیا ہے جو یاں اُسے ہے آخر کھپنا	"
پھر آپ کسو[4] کے ہیں نہ کوئی اپنا	"
ڈر موت کا نہ ہو تو جہاں زور جائے خوش	"
سرگیں کا اُسے دیکھئے ہو تنگ میں کیڑا	"
پڑی ہے کشتی دل بے طرح گرداب حیرت میں	"
کسو[5] شے میں بھی اے ناداں تو یاں جی اپنا مت اٹکا	"
سوچئے تو ہے مکان دہر بھی اعراف دار	"
ہیں گرفتار آہ ہم کس دردسر میں بیٹھکر	"
میں جس قدر کہ خوش آیا تھا وہ ملول گیا	"
یہاں سے پھر اُڑا اپنے سر پہ دھول گیا	"
وہاں ہوگی کیا رستگاری تمہاری	"
دن دئے روشن ہے مہر نور افگن کا چراغ	"
باغ میں دہر کے ہے آج ثمر دست بدست	"
کر خیال اس کو خواب کے مانند	"
سن اے غافل جہاں کا گھر نہ میرا نہ تیرا ہے	"
بزم جہاں میں کیا کریں وہ رونق محفل نہیں	ہزبر
گھٹا کی عمر تو غفلت بڑھا کی	ہوش

[1] بال کی طرح ۱۲ [2] نہ ۱۲۔ [3] کبھی [4] کسی [5] کسی۔

ظرف پر سوز ہے یہ بزم نشاط عالم	ساز جو ہیں ہمہ تن نالہ و فریاد ہیں سب	ہوش
کون وہ گل ہے خزاں کا نہیں جس کو کھٹکا	قابل سیر جہاں میں کوئی گلزار نہیں	”
یہ دنیا نہیں دل لگانے کے قابل	کہ یہ بیسوا سر بسر بیوفا ہے	یقین
دنیا سے نہ دل لگاؤ ہرگز	اس نے نہ کسی سے کی وفا حیف	”
باغ عالم کی فضا ہے چار دن	پھول ہیں اس کے نہیں بوئے وفا	”
زال دنیا کب ادا تیری پسند	ہوتی ہے مردان حق آگاہ کو	”
زال دنیا چاہئے میری بلا	اس بلا سے خدا بچائے ہمیں	”

دنیائے فانی

دیکھ اے منعم ہے بیجا شوق ایوان بلند	خاک میں اک روز تیرا قصر تن ملجا ئیگا	اسیر
پھرتے پھرتے لحد میں ٹھہرے ہم	دورۂ آخری تمام ہوا	”
رنگ ثبات مجھ کو کہاں باغ دہر میں	گولر کا پھول میں کھلا اور جھڑ گیا	”
اپنا تن خراب بنا اور بگڑ گیا	اک دم میں یہ حباب بنا اور بگڑ گیا	”
احوال صاف ہستئ موہوم کا کھلا	جس وقت نقش آب بنا اور بگڑ گیا	”
منعم کہاں ہے فرصت اکدم کی بھی یہ ہستی	شداد کی طرح سے کیوں بوستاں بنایا	”
کوئی رہنے کے لئے آفاق میں آیا نہیں	اس قدر ہے اعتماد عالم فانی عبث	”
دہر فانی میں تجھے فکر عمارت ہے تجھے	امن چاہے تو کسی دل میں مکاں پیدا کر	”
گہ عدم میں گاہ ہستی میں ہوا اپنا گزر	مثل ریگ شیشۂ ساعت رہے سیار ہم	”
ہنسنے نہ پائے پھول کہ آخر ہوئی بہار	وقفہ کہاں ہے اس چمن کائنات میں	”
جہاں میں چند روزہ ہے مکاں کی تنگی وسعت	گزر شاہ و گدا کا ایک دن ہے کنج مرقد میں	”
کارخانہ ہے زمانہ کا سراسر فانی	نہ رہی ہے نہ رہیگی کوئی دولت باقی	”
ہے بے ثبات منزل ہستی کرو سفر	آواز آ رہی ہے یہ کوس رحیل سے	”
کیا ہے آتے ہی عالم میں کوچ کا سامان	زمیں پہ ایک قدم دوسرا رکاب میں ہے	”
آئینہ کی طرح سے اس عالم امکاں میں ہم	دیکھنے آئے تماشا خود تماشا ہو گئے	”
ڈھونڈھتے پھرتے تھے کل تک دولت دنیا جو لوگ	کچھ نہیں معلوم ہمکو آج وہ کیا ہو گئے	”
شاید بساط دہر ہے شطرنج کی بساط	جس کو میں دیکھتا ہوں جدا اس کی چال ہے	”
یہ سب باشندے ہیں ملک عدم کے	جسے دیکھو وہ صورت آشنا ہے	”
ہیچ سمجھا ہوں جہاں کو نظر آتا نہیں کچھ	شکل اعلے ہیں شب و روز میسر مجھکو	”
جو بنایا قصر وہ برباد ہونے کے لئے	ہے بنا محکم خرابی کی مری تعمیر سے	”
دار فانی میں زیادہ ہے عبث فکر قیام	ایک دو روز کا میلہ ہے یہ گھر کس کا ہے	”
کل یہاں جو عدم آباد سے آ کے رہے	نہیں معلوم کہ وہ آج کہاں جا کے رہے	”

دنیائے فانی

دنیا سے گئے جتنے امیر اہل ثروت تھے	اسیر
باقی نہ رہا ایک بھی ان ناموروں سے	”
دولت کو ہے قرار نہ وقفہ شباب کو	”
ٹھہرے ہیں غافلو [illegible] بہار کے	”
نقاش اسیر بزم جہاں سے گذر گئے	”
باقی ہیں نقش خامۂ معنی نگار کے	”
صبح ہے شام نہیں شام ہے تو صبح نہیں	”
نام ہے ظاہر کہ جہان فانی ہے	”
اس دور زندگی سے [illegible] چمن چلے	”
ہستی سے نیستی کو [illegible] وطن چلے	”
غربت میں جب ہوا [illegible] عدم اب	”
ہوا ثابت نہیں کچھ بیشتر ہستی و عدم [illegible] منزل کی	”
جو دوری [illegible] منزل قیام	”
جہاں [illegible] نہیں [illegible] کوئی پیچھے رہ جائے	”
آئے یہاں کوئی کوئی [illegible] فانی سے اسیر	”
[illegible] گئے	”
بیٹھے ہیں [illegible] ہم [illegible]	”
منزل ہستی میں [illegible]	”
کوچ میں دیر نہیں [illegible]	”
[illegible] کائنات	”
[illegible] یہاں کی بات	”

دار فانی

وہمِ فانی

لکھا ہے لوح پہ اول قلم نے روزِ ازل
فنا ہے سب کو کوئی چیز جز خدا قائم نہیں — رشید
جو غافل ہے اٹھا دل سے تعلق دہرِ فانی کا
دم آیا نہ آیا کیا بھروسا زندگانی کا — ″
کوچ و مقام ایک ہے اس راہ میں اسیر
گھر بن چکا کہ مقبرہ تعمیر ہو چکا — ″
میرے نزدیک کیا باغ سے زنداں میں آنا
جو عدم سے طرف عالمِ فانی آیا — ″
[illegible] سے کوچ کر جانا
فنا سرِ بازارِ دہر [illegible] مسافر دم نہیں لیتا — ″
جہاں ہوتا ہے [illegible] ہوں میں ان میں
منزلِ کل [illegible] اس دارِ فانی میں — ″
خاک و [illegible] شوق سے اس خانۂ تن کا
کرو طول [illegible] شطرنج — ″
ثبات [illegible] دنیا کا
صفر و [illegible] رفتار جدا — ″
دیکھیے [illegible] زمانہ موج میں
دریا ہے یہ زمانہ اہلِ عالم رو روی کا — ″
دیکھا تو سب میں پایا [illegible] شبنم
ہے ثباتِ گلشن [illegible] کا — ″
اے ہم [illegible] موقع نہیں — انجبار

دارِ فانی میں ذرا ہم نہ ٹھہرتے لیکن	کر چکے خوب جو چلنے کا سرانجام چلے	اسیر
فنائے اہلِ جہاں سے جہاں کو کیا پروا	مکاں کو غم نہیں غارت مکیں ہوئے تو ہوئے	″
اوّل تو رہی تلاشِ دنیا	آخر کو اجل کی جستجو کی	″
رہنے آیا نہیں اس منزلِ ہستی میں کوئی	جو مسافر ہے وہ چلنے کے سرانجام میں ہے	″
بے ثباتی اس چمن کی دیکھ کر	پھر رہی تھی خوب شبنم رو گئی	″
باغِ ہستی میں سُبک رَو دی سے ہم	مثلِ رنگ آئے برنگِ بو چلے	″
جن کو رہنا تھا وہ پیچھے رہ گئے	جن کو جانا تھا وہ آگے جا چکے	″
اس سرا میں ہے مقام اک شب کا	شام آنا ہے سحر جانا ہے	″
دارِ عمل سے دارِ جزا کا ثبوت ہے	ظاہر یہ ہے کہ شرط کوئی بے جزا نہیں	″
جوان مرتے ہیں بوڑھوں سے جو پہلے کیا تعجب ہے	توانا ناتواں سے جلد طے کرتے ہیں منزل کو	″
حبابِ آب سا اسیر اس بحر میں کیوں لوگ ہیں سرکش	ثباتِ زندگانی کیا کہ وقفہ ہے کوئی دم کا	″
گدا و شاہ ہیں دو چار روز لقمۂ گور	زمیں کو شام تلک اپنا پیٹ بھر لینا	″
گور میں رہنا ہے یاں بہرِ سکونت چند روز	طاقِ کسریٰ کا فریدوں کا محل پایا تو کیا	″
ہوا ثابت ہمیں طفلی و پیری و جوانی سے	کہ ہستی سے عدم تک فاصلہ ہے تین منزل کا	″
حبابِ اہلِ جہاں۔ بحر طلاطم خیز ہے دنیا	بہت ٹھہرا جو اس طوفاں میں کوئی۔ ایک دم ٹھہرا	″
سرائے ہستی سے اے مسافر ضرور کر قصد اب عدم کا	سحر ہے نزدیک رات کم ہے سحر کا تارا فلک پہ چمکا	″
گئے کچھ ایسے نہیں پتا ہے جو کوئی ڈھونڈے کبھی نہ پائے	غبار و بانگِ جرس تو یکسو نشاں نہیں ایک کے قدم کا	″
جانتا باقی تو دنیا کی حکومت مانگتا	چار دن کے واسطے کیا ہیچ نوبت مانگتا	″
موت سے کرتا ہے آگاہ زمانہ سے فلک	روز دکھلاتا ہے کافورِ سحر کی صورت	″
کر چکے مرحلۂ ہستیِ فانی ہم طے	ملک الموت سے کہدو کہ ہے تاخیر عبث	″
کثرتِ مال و منالِ زر و گوہر ہمہ ہیچ	وسعتِ کشور و جمعیتِ لشکر ہمہ ہیچ	″
حرصِ دولت، طلبِ جاہ، سرِ قدرِ بلند	فکرِ دنیا، غمِ روزی، طمعِ زر، ہمہ ہیچ	″
جملہ افراد، برنگِ خطِ باطل۔ باطل	مفتی و ناظر و سردفتر و دفتر ہمہ ہیچ	″
جق جق اہلِ ہنر، بق بق اربابِ سیر	مستی صاحبِ زر، کبرِ تونگر ہمہ ہیچ	″
چلے جاتے ہیں روز و شب مسافر	کبھی ہوتی نہیں راہِ فنا بند	″
بحرِ جہاں نہیں کوئی آشوب گاہ ہے	کہتی ہے موج، موج سے جلدی گزر گزر	″
کیا نہ یہ میری طرح بحرِ فنا میں ہونگے غرق	ہنس رہے ہیں کیا سُبکساران ساحل دیکھ کر	″
یہ وہ منزل ہے جہاں قافلہ اُترا ابھی نہیں	کان میں آنے لگی کوسِ سفر کی آواز	″
ظاہر میں ہوں مقیم تو باطن میں ہوں رواں	دریا ہے یہ زمانہ تو کشتی نشیں ہوں میں	″
منزلِ دہر نہیں ہم سفر و جائے قیام	تم چلو یا نہ چلو ہم تو سفر کرتے ہیں	″
تا چند یہ صحبتِ تن و جان	جگ ایسے ہزار لوٹتے ہیں	″
جتنے احباب ہمارے تھے وہ دنیا سے گئے	ماتمِ قیس کریں یا غمِ فرہاد کریں	″
اک دم ہے سو آئے یا نہ آئے	حق یہ ہے کہ کچھ نہیں بشر میں	″

اظہار زندگی سے مٹی صورت حباب	آنکھوں کا کھولنا نفسِ واپسیں ہوا	اسیر
سمجھا ہوا ہوں باغ جہاں کو جو بے ثبات	ہنستا ہوں گل کی طرح میں اپنی بہار پر	〃
ہم اس بحر جہاں میں کشتیٔ طوفاں رسیدہ ہیں	تباہی سے تباہی ہے تباہی ایک عالم پر	〃
بے ثباتی چمن دہر کی کرتی ہے بیاں	سرو پر فاختہ ہے یا سر منبر واعظ	〃
رہنے والے اس جہاں کے جتنے ہیں برباد ہیں	کیا بُری ساعت ہوئی تھی حیف بنیادِ فلک	〃
نہ زندگی نے وفا کی نہ فصل گل ٹھہری	شتاب عمر کہوں یا شتاب خندۂ دہر	〃
ثبات بحرِ جہاں میں کہاں خوشی کے لئے	فنا ہے عشرت پا در رکاب خندۂ گل	〃
زمانہ پیش نظر رنگ بے ثباتیٔ دہر	سرورِ فتح نہ ہم نے غم شکست کیا	〃
اٹھا جہان سے اے دل شتاب رختِ سفر	سرا ہے یہ کوئی ہوتا نہیں مقیم بہت	〃
ثبات اس کو نہیں یہ عالم واشد دو روزہ ہے	ہنسو اتنا بھی اے غنچو نہ تم کھل کھل گلستاں میں	آتش
کوئی زمانہ سے جاتا ہے کوئی آتا ہے	کسی کا کوچ کسی کا مقام ہوتا ہے	〃
دنیا سے کوچ کرنا ہے اک روز رہرو	بانگِ جرس سے شور یہی کارواں میں ہے	〃
حسرت انجام جہان گزراں ہے غافل	حسن رہتا نہیں گلزار خزاں ہوتا ہے	〃
گھر بناتے اگر یقیں ہوتا	اس خرابہ میں استقامت کا	〃
عجیب بھول بھلیاں ہیں غفلت ہستی	جیسے کہ راہ ہوئی اس سے خوب ہی بھٹکا	〃
دوچار دن کی ہستیٔ وہمی کا کیا وجود	آیا جو یاں عدم سے وہ آخر عدم ہوا	〃
قابلِ سیر نہیں بسکہ جہان گزراں	جو گیا یاں سے کبھی اس نے نہ پھر کر دیکھا	〃
یارانِ رفتہ ہم سے منہ ایسا چھپا گئے	معلوم بھی ہوا نہ کدھر کارواں گیا	〃
مسافر کی طرح رہ خانہ بر دوش	نہیں جائے اقامت دارِ فانی	〃
دم بھی اس مہمانسرائے دہر میں لینے نہ پائے	آتے ہی یاں توسن عمر رواں پر زیں ہوا	〃
اک دم میں جا ملونگا عزیزانِ رفتہ سے	کیا عرصہ ہے زمانۂ ماضی سے حال کا	〃
غافلو منزل دنیا ہے سرائے فانی	اس خطرگاہ میں تم چھاؤنی چھاتے ہو عبث	〃
اک روز اس سرا سے ہے لاکلام کوچ	سن تو سہی پکارتا ہے یہ مقام کوچ	〃
ایک دن میں منزل ہستی سے جا پہنچا عدم	راہزن سنتا تھا جس کو ہو گیا ہادی مجھے	〃
قالب خاکی کو تو سنتے ہیں آتش زیر خاک	کچھ نہیں معلوم ہم کو روح کس عالم میں ہے	〃
دوچار روز لالہ و گل کی بہار ہے	کھیچے قبا پہ اور نہ دستار پر گھمنڈ	〃
پوچھو نہ کچھ حقیقت ہستیٔ بے ثبات	آیا جو کچھ خیال میں عالم تھا خواب کا	احد
میں حال بحر ہستیٔ موہوم کیا کہوں	دم بھر بنا ہوں دم میں طلسم حباب کا	〃
بے ثباتیٔ جہاں کو دیکھتے جاتے ہیں پر	دیکھنے پر بھی ہیں اندھے مثل مادر زاد ہم	〃
بحر ہستی میں حباب آ کر چلے	زندگی کا کہنے کو دم بھر چلے	〃
دنیا میں کچھ قیام نہ سمجھو کرو خیال	اس گھر میں پہلے تم سے بھی کوئی مقیم تھا	امیر
ثبات بحرِ جہاں میں نہیں کسی کو امیر	ادھر نمود ہوا اور ادھر حباب نہ تھا	〃
ہم مسافر ہیں یہ دنیا ہے حقیقت میں سرا	ہے توقف ہمیں اس جا تو فقط رات کی رات	〃

دنیائے فانی

[illegible]

[illegible]	امیر
[illegible]	〃
[illegible]	〃
[illegible]	〃
[illegible]	〃
[illegible]	〃
[illegible]	〃
[illegible]	〃
[illegible]	〃
[illegible]	〃
[illegible]	〃

دنیائے فانی

دیکھو من کل علیہا فان ہیں
کوئی دن دنیائے فانی اور ہے — رہبر

ہے بہار باغ دنیا چند روز
دیکھ لو اس کا تماشا چند روز — "

اے مسافر کوچ کا سامان کر
اس سرا میں ہے بسیرا چند روز — "

ہے زمیں کی موج دریا کوئی دن
آسماں ہے بلبلہ سا چند روز — "

ہے نمائش اس جہاں کی اس طرح
جیسے ہو چیونٹی کا میلہ چند روز — "

کے رہا کچھ روز یاں جم کوئی دن
کچھ دنوں شداد و کسری چند روز — "

مہمانسرائے دہر میں کیا فکر بود و باش
ہم تو غریب لوگ ہیں آج آئے کل چلے — بحر

بنتے ہیں جہاں میں ہزاروں نکلے لاکھوں محل
ہر گوشے میں پتا ہے خانۂ برباد کا — "

بہار عالم امکاں نہایت بے حقیقت ہے
عناصر کو سمجھ اک پھول ہے باغ فانی کا — "

دنیائے سفر شبنم و خورشید کے مانند
ہے صبح کسی کا تو سر شام کسی کا — ہزار

آنے جانے پہ سانس کے ہے مدار	سخت ناپائدار ہے دنیا	امیر
بدتر اس کو سمجھ خزاں سے امیرؔ	دیکھنے کو بہار ہے دنیا	"
جس طرح عمر گذرتی ہے امیرؔ	آپ بھی یونہی گزر جائے گا	"
دنیا ہے بے ثباتیٔ افلاک کی خبر	جامِ جہاں نما سے ہیں کم نہیں حباب	"
حال فنائے دہر سے غافل نہیں حباب	ہر دم کو جانتے ہیں دمِ واپسیں حباب	"
پہچانتے ہیں خوب جو ہیں معنی آشنا	دنیا ہے نقشِ آب سپہر بریں حباب	"
کہاں ہے دارِ فنا میں قرار کی صورت	نمودِ عمر ہے برق و شرار کی صورت	"
منزلِ سیلِ جہاں ہو گئے کتنے بے نشاں	بیٹھے ہیں جم کے ہم یہاں صورت نقشِ پا عبث	"
چلتے ہی گزری ہیں دم کی طرح	ٹھہرے کہاں نقشِ قدم کی طرح	"
اربابِ کمال چل بسے سب	سو میں کہاں ایک دو رہے ہیں	"
قیام اس بحرِ طوفاں خیز دنیا میں نہیں ہمدم	حباب آسا ٹھہرتے ہیں تو کوئی دم ٹھہرتے ہیں	"
دارِ فانی ہیں پتا اس کا میں کس سے پوچھوں	سب ہیں پردیسی یہاں کا کوئی ساکن ہی نہیں	"
کوس رحلت سے آتی ہے آواز	کہ خبردار اے مسافر ہو	"
دنیائے بے ثبات میں کیا ہو ہمیں ثبات	جس گھر میں ہم مقیم وہ گھر ہی سفر میں ہے	"
بحرِ ہستی میں تن انساں حبابِ آب ہیں	آن واحد میں نہ کیوں یہ گھر بنے اور ٹوٹ جائے	"
ہوئے نامور بے نشاں کیسے کیسے	زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے	"
نہ گل ہیں نہ غنچے نہ بوٹے نہ پتے	ہوئے باغ نذرِ خزاں کیسے کیسے	"
رہنے کیا آئے تھے دنیا میں امیرؔ	سیر کر لی اور اپنے گھر چلے	"
بہت بقا نہ سمجھ اے ہزار پھولوں کی	کہ چار دن ہے چمن میں بہار پھولوں کی	"
ریاضِ دہر میں پوچھو نہ میری بربادی	ہر رنگِ بو اُدھر آیا اُدھر روانہ ہوا	"
اس کشورِ فنا کا عجب طرز و طور ہے	دم بھر میں صورت اور ہے دم بھر میں اور ہے	آزاد
بزمِ فنا میں کچھ نہیں جز نغمۂ فنا	جو کچھ نہیں سُنا ہے سُنا ہی سمجھ اسے	"
مہمانسرائے دہر ہو جب منزلِ فنا	پھر جو محل سرا ہے سرا ہی سمجھ اسے	"
دنیا ہے جب فنا تو فنا ہی سمجھ اسے	پی جامِ مرگ آبِ بقا ہی سمجھ اسے	"
اٹھا بستر ہے سیاح اب یاں آنیوالے ہیں	جو ہیں موجود وہ سب آگے پیچھے جانیوالے ہیں	احمدی
نہ سمجھے ہر نہال اک روز پامالِ خزاں ہوگا	قیامِ صحنِ گلشن تا رضائے باغباں ہوگا	"
یہ دو روزہ نشو و نما کو تو نہ سمجھ کہ نقش بر آب ہے	یہ سراب ہے یہ حباب ہے فقط ایک قصۂ خواب ہے	انشار
کمر باندھے ہوئے چلنے پہ یاں سب یار بیٹھے ہیں	بہت آگے گئے پیچھے جو ہیں تیار بیٹھے ہیں	"
دنیا تو سیرگاہ دو روزہ ہے آسماںؔ	آنے کو آئے ہیں یہ ٹھہرنے کی جا نہیں	آسماں
بہار و خزاں کو بقا کچھ نہیں	ہے سب کچھ یہاں پر سدا کچھ نہیں	افسوس
غافل یہ لوگ چین سے بیٹھے ہیں ہی غضب	کوس رحیل کی ہے صدا روز یاں بلند	"
بہاریں ہیں دنیا کی سب چند روزہ	رہے گا یہ میلہ تو اک دن بچھڑ کر	اشک
نہیں جمتا کسی کا نقش اس دنیائے فانی میں	حباب آسا مٹا اُبھرا جو بحرِ زندگانی میں	اکبر

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
ہزار موج صفت بحر دست و پا مارے	حباب سا مگر اپنا قیام ہو نہ سکا	بحر
کچھ اس کی فکر نہیں کل سفر ہمارا ہے	سرائے دہر میں بیٹھے ہیں گھر بنائے ہوئے	"
حباب دار ہے دنیا میں بود و باش اپنی	مقیم اہل فنا کوئی دم ہوئے نہ ہوئے	"
کونسا گھر ہے کہ جس سے نہیں مردہ نکلا	دار فانی میں مبارک نہیں تعمیر کوئی	"
ہم مسافر ہیں، سرا دنیا ہے، چند سے ہے قیام	چار دن کے واسطے کیا دولت و زر چاہیے	"
بحر ثابت ہو گئی یہ بات جب ٹوٹا حباب	پائداری کچھ نہیں ہے سر اٹھانے کے لئے	"
منزل پہ کھلا حال کہ بازار جہاں میں	جاں سفری زاد سفر بحر کر آئے	"
بحر کچھ اپنی روانی کی خبر ہے کہ نہیں	تیرا ہر تار نفس ہے کس سے بدن زورق ہے	"
ہر شے ہے بے ثبات ہے اس خاکداں میں	گردوں کو جانتا ہوں بگولا بلند ہے	"
اس سرا میں یہی سنتے ہیں یہی دیکھتے ہیں	کل مقام اس نے کیا آج سفر اس کا ہے	"
اثاثہ نہیں جس کے جانے کا غم ہو	گھروندا ہے مٹی کا گھر ہے تو کیا ہے	"
سرائے دہر سے ایسا سفر شتاب ہوا	کہ اپنا منزل اول میں پا تراب ہوا	"
فرار کر گئی سوئے مزار تن سے روح	نہ جب اجل سے مفر اس سرا میں دیکھا	"
کیسی پیری کیسی جوانی ہم سب لوگ مسافر ہیں	صبح ہوئی تو کوچ کی ٹھہری شام ہوئی تو مقام کیا	"
کیا کہئے کیوں جلد اٹھے ہم چند سے بھی نہ قیام کیا	دنیا میں جب چین نہ پایا مرقد میں آرام کیا	"
بادشاہی یا گدائی جو بن آئی کر چلے	ربع مسکوں چار دن اپنا بھی مسکن ہو گیا	"
جب سا دنیا سے خالی ہاتھ اسکندر گیا	سلطنت بھی لینے میں ہم کو تامل ہو گیا	"
کس لئے تفصیل دنیا میں ہوں مصروف اس قدر	کیا دیار زندگی پر یاں اجارا ہو گیا	"
گوشۂ گور کے طالب ہیں عمارت کیسی	کفنی چاہیے سادی خز و دیبا کیسا	"
مسافر خلد کے تیار ہیں رخت سفر باندھے	ہمارے ساتھ چلنا جس کو ہو اٹھے کمر باندھے	"
ساتھ خیمہ بھی نہیں چاہیے مانند حباب	چھوڑ جانا ہے یہاں اپنا سب اسباب مجھے	"
کسے خبر ہے کہ منزل قریب ہے کس کی	خبر نہ ہوں جو کوئی راہ مار کر آہ چلے	"
ہاتھ اٹھا بیٹھنے کو ہے یہ جہانِ فانی	پاؤں پھیلانے کو ہے گور کی منزل کی جگہ	"
انسان مرگ و زیست کے جھگڑے سے پاک ہو	یہ جان ہو ہوا کہیں یہ جسم خاک ہو	"
بحر اپنی بے ثباتی کوئی کیا دیکھے یہاں	آنکھ ملتے ہی حبابوں کی نظر ملتی نہیں	"
ہزار حیف نہ ٹھہرا گل و سمن کا رنگ	خزاں میں صورت طوطی اڑا چمن کا رنگ	"
دنیا میں کچھ بساط نہیں انبساط کی	اتریں نہ سوکھے گھاٹ کہیں آشنائے عیش	"
باشندگان دار فنا کو یہ چاہیے	بنائیں گھر نیا تو گرے ہے کے سر کے پاس	"
آسماں بھی اک حباب اس لجۂ فانی میں ہے	سر اٹھاتا ہے کوئی اے بحر کس بنیاد پر	"
چمن میں موسم گل کا نہ کچھ زمانہ ہوا	ہوا کی شکل ادھر آیا ادھر روانہ ہوا	"
ہستی بے ثبات کا وقفہ نہ پوچھئے	معلوم کچھ نہ فرق وجود و عدم ہوا	"
ملک بقا کو جائیں گے ملک فنا سے ہم	دو دن کو کوچ کرتے ہیں پھر اس سرا سے ہم	باقی
اک دن سب چھوڑ کر جانا ہے یاں سے اسلئے	خوش نہیں آتا ہے باقی عالم فانی مجھے	"

دنیائے فانی

دنیائے فانی

گل ہوں کہ غنچہ سب ہیں یہ دنیا و چمن میں ہیں
کوئی ہے دو روز کوئی ہے منزل کے سامنے — جلیل

یاں کوچ کی گھڑی آتی ہے صدا اپنا رخت باندھے
دو دم کو اٹھوں سے ہو یا تم اے احباب کہاں تک — حسرت

شبنم کی مثال اس چمن میں
شب آئے تھے ہم سحر سدھارے — حسن

ٹھہرا اونٹ قافلہ اس چمن میں
اے حسرت ہم یاں کی ہستی سے گزرے — ”

شبنم کی طرح سیر چمن ہم بھی کر گئے
رو دھو کے ایک رات یہاں ہم بھی گزار کے — خاقان

دنیا ہے یہ اک دار فنا جس کا اثاثہ
سب خاک ہے تا انجم افلاک ہے فانی — جرأت

دیکھے جہاں میں کیا کوئی صورت قیام کی
ظاہر ہے کہ منزل فانی میں [illegible] — ”

غافل نہ بن [illegible]
[illegible] — ”

ٹھہرے نہ یاں [illegible] حسرت سے [illegible]
ہر حال میں ہے [illegible] — ”

کل آئے آج بستر اٹھا کے
دنیا نہیں ایک مہمان سرا ہے — سخی

جہاں سے کھینچ لے دامن کہ خارستاں ہے یہ گلشن	جہاں ہو خار واں کب اپنے دامن کا گزارا ہے	تراب
جائے عبرت ہے جہاں یہ بوجھ تو دلیں تراب	کس طرح آئے یہاں سب کس طرح مرنے لگے	”
جی لگاتا ہے کیا تراب ادھر	یہ تو عالم تمام فانی ہے	”
وائے حسرت تراب بار دگر	پھر نہ آئے جو کوئی یاں سے گیا	”
جہاں سے آ کے پھر جائینگے واں کبتک رہینگے یاں	وہ احمق ہے قیام اپنا جو دنیا میں سدا جانے	”
وحشت سرائے دہر میں آیا نہ پھر کوئی	ایسے گئے یہاں سے مسافر ڈرے ہوئے	تعشق
شب کے سب مہمان رہے وقت سحر سوئے عدم	اڑ گئے مانند شبنم گلشن فانی سے ہم	تسلیم
رات کی شکلیں نظر آتی نہیں ہنگام صبح	عالم غفلت سرائے دہر بھی گویا ہے خواب	”
عالم اسباب کی زینت ہے مانند حباب	دیکھتے ہی دیکھتے سامان محفل کچھ نہیں	”
شد و آمد سے ہی اس سرا میں تھی رونق	کبھی روز کوئی مسافر نہ ہوگا	جاہ
بود و نابود بشر یکساں ہے باغ دہر میں	عطر گل ہے آج گل کا نور پیراہن میں ہے	”
گلستان جہاں کی بے ثباتی جاہ ظاہر ہے	کوئی شیرازہ اور اق گل کیا سوچکر باندھے	”
توام حیات و موت بشر ہے جہاں میں جاہ	قالب میں جان زرا ادھر آئی ادھر گئی	”
دیکھ اے غافل نہیں بحر جہاں جائے قیام	کان رکھکر سن یہ دیتا ہے صدا کوس حباب	”
کارخانہ میں زمانہ کے نہیں پایا ثبات	چینی سو داریا کا سر فغفور کا	جنون
ہوں بے ثبات گلشن ہستی میں اس قدر	سنگیں محل ہے قصر مجھے ہر حباب کا	”
غور سے دیکھا جو اس ماتم سرائے دہر میں	جو ہوا پیدا وہ طفل اندوہگیں پیدا ہوا	”
روح کو دار فنا میں ہے نہایت وحشت	ہم بھی اے مردم اقلیم عدم آتے ہیں	جوش
عاقبت اس منزل فانی سے لازم ہے سفر	اس لئے دنیا میں ہم آکر رہے خانہ بدوش	”
نہیں یہ دار فنا جائے سکونت اے جوش	ایک دم کے لئے تم چھاونی چھاتے ہو عبث	”
جائے ثبات کچھ نہیں یہ دار بے بقا	کیجیے یہاں سے دل میں ہے عزم سفر شتاب	”
کہاں دیکھی ہیں سیریں سیر ہو کر بزم عالم کی	چراغ صبح کی صورت یہاں مہلت تھی یک دم کی	”
ایک دن شہر خموشاں کی طرف جانا ہے	ہے فصیحوں کو یہاں دعوی تقریر عبث	”
چند روزہ ہے یہ دنیائے دنی اے جویا	قدر اس کی نہ کبھی عارف کامل سمجھیں	جویا
ہزار ہو گئے پیدا جہاں میں اسکندر	کروڑ مر گئے یاں جم سے ایک ہفتہ میں	”
آنکھوں میں ہے مرقع نقش حباب دہر	عرصہ جہان فانی کا کس درجہ تنگ ہے	”
سرائے فانی یہ خاکداں ہے لگا نہ دل اپنا اس سے منعم	فقط ٹھہرنے ہی کی جگہ ہے نہ در یہاں ہے نہ گھر یہاں ہے	جعفری
خیال کیسا غلط تھا اپنا سرا سے تھے دل لگائے بیٹھے	لحد میں ہم چین سے ہیں سوئے تو یہ کھلا اصل گھر یہاں ہے	”
گئے سب اقربا و دوست دنیا سے تو پہچانا	وطن سمجھے تھے جس کو ہے وہ عالم بے ریائی کا	جرأت
خواب و خیال گلشن ہستی ہے عنا فلو	یاں کی خزاں بھی ہیچ یہاں کی بہار ہیچ	”
مقام اس کا آخر کو زیر زمیں ہے	پڑا ہے یہ لشکر جو سارا زمیں پر	”
کہتے ہیں زندگی جسے اک انتظار ہے	آئے ہیں سب عدم سے جہاں میں برائے مرگ	”
اے فلک چاند کے چھپنے سے ہے تیرا یہ حال	ایسے کتنے چاند زیر خاک پنہاں ہو گئے	جلیل

له جان۔

کھلی کنج لحد میں بے ثباتی عیش و عشرت کی
یہ منزل دنیائے فانی گویا کہ مسافر خانہ ہے
بھرے عالم میں طلسم تن خاکی ہیں حباب
افسوس ناامیدوں کے کیا کیا نشاں مٹتے ہیں
کھلا یہ طلسم جہاں کو جو دیکھا
بغیر حسرت مآل دنیا سے کبھی حاصل نہیں
دنیائے چند روز کسی سے وفا نہ کی
حباب کرتے ہیں یہ اشارے نہ فکر تعمیر کیجیو یاں
نہ پوچھو حال دنیا کوچ کا نقارہ بجتا ہے
سمجھتے اہل دنیا ہیں کہ یہ عالم فنا کا ہے
دوستو دیکھا تماشا یاں کا بھی
چند مدت اب تم اے یاران آئندہ رہو
مانند حباب آنکھ تو اے درد کھلی تھی
شرار و برق کی سی بھی نہیں یاں فرصت ہستی
فقیرانہ آئے صدا کر چلے
کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا
کچھ لائے نہ تھے کہ کھو گئے ہم
کیا کہیں سوئے فنا کس طور پر جاتے ہیں ہم
مورتیں کیا کیا ملی ہیں خاک میں
وائے نادانی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا
دل لگاتا نہ کبھی دار فنا میں ہرگز
ہر دم اپنا۔ دم آخر کی سناتا ہے خبر
منزل عیش نہیں یہ ہے سرائے فانی
ہنسی کے ساتھ یاں رونا ہے مثل قلقل مینا
اے ذوق گر ہے ہوش تو دنیا سے دور بھاگ
یہ تنگنائے دہر نہیں منزل فراغ
یہ اقامت ہمیں پیغام سفر دیتی ہے
کہانیاں ہیں حکایات خضر و آب حیات
کریں جدائی کا کس کسکی رنج ہم اے ذوق
یہ دل لگانے کی دنیا جگہ نہیں ذاکر
بلبل ناداں چمن میں یوں نہ پھول
بس اے عمر سوئے عدم مجھ کو لے چل
سوائے ذات خدا سب کے واسطے ہے فنا

کہ سامان جہاں مجموعہ تھا خواب پریشاں کا — خلیل
جو شام کو ہے وہ صبح نہیں جو صبح کو ہے وہ شام نہیں — 〃
دم میں بنتے ہیں تو دم بھر میں بگڑ جاتے ہیں — 〃
خوشبو رہی نہ باقی سادات کے بدن میں — 〃
مسافر ہے انسان دنیا سرا ہے — 〃
کب سکندر لے گیا زر زیر مدفن ہاتھ میں — 〃
مثل شب وصال ادھر آئی ادھر گئی — 〃
کہ جس کرنا پڑیگا دم کو بڑی خرابی ہے گھر بنا کر — 〃
کمر باندھے ہوئے چلنے کو سب تیار بیٹھے ہیں — خوشدل
ہوا پر کیوں مکاں کرتے ہیں پھر تعمیر کیا باعث
تم رہو اب ہم تو اپنے گھر چلے — درد
چشم زیں یک خندہ اس بستی میں ہم رہ کر گئے — 〃
کھینچا نہ پر اس بحر میں وقفہ کوئی دم کا — 〃
فلک نے ہم کو سونپا کام جو کچھ تھا شتابی کا — 〃
میاں خوش رہو تم دعا کر چلے — 〃
ایک دم آئے ادھر اودھر چلے — 〃
تھے آپ ہی ایک سو گئے ہم
شمع کے مانند سر کے بل ادھر جاتے ہیں ہم — 〃
ہے وطن ہر شخص کا زیر زمیں — 〃
خواب دیکھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا — 〃
کیا خبر تھی مجھے آج آؤنگا کل جاؤنگا — داغ
ہر نفس ہر نفس احوال فنا کہتا ہے — 〃
رات کی رات ٹھہر جائیں ٹھہرنے والے — 〃
کسی نے قہقہہ اے بیخبر مارا تو کیا مارا — ذوق
اس میکدہ میں کام نہیں ہوشیار کا — 〃
غافل نہ پاؤں حرص کے پھیلا سکیڑ تو — 〃
زندگی موت کے آنے کی خبر دیتی ہے — 〃
بقا کا ذکر ہے کیا اس جہان فانی میں — 〃
کہ ہونیوالے ہیں سب ہم سے عنقریب جدا — 〃
مٹے ہی جاتے ہو ڈیڑھ دن کی زندگی کے لئے — ذاکر
شاخ گل پر ہے نشیمن چند روز — 〃
یہ دنیا نہیں دل لگانے کے قابل — 〃
ثبات ہستی ناپائدار دیکھ چکے — رند

دنیائے فانی

مہر و مہ ارض و سما جن و ملک وحش و طیور
سب یہ فانی ہیں مگر ذات خدا باقی ہے — [illegible]
[illegible] سب ہیں بے ثبات
کارخانے [illegible] دنیا کے [illegible] افسانہ ہوا — 〃
[illegible]
مانند برق چشم زدن میں گزر گئے — 〃
[illegible] — 〃
[illegible] — 〃
[illegible] — 〃
[illegible] — 〃
[illegible] — 〃
[illegible]
رنگور

دنیائے فانی

اس خاکدان دہر میں کیا خاک جی لگے
ساتھی گئے اب اپنا ارادہ سفر کا ہے — سعید

سنسان کس قدر ہے یہ بھول بیاں ہے
بود و نبود دنیا دو گھڑی کی ہے
نمود و بود عالم فانی کو سراج — راسخ

کہتے ہیں دامن عالم میں رہنے والے
چین کیا پائینگے آفاق میں خرگاہ نشیں — شہیدی

ایکدم میں رہے خرگاہ نہ یہ ساماں ہے
بلبلہ کا سا تیرا اہل ہوا ساماں ہے — ایضاً

آب بقا خضر کو مبارک رہے
ہم تو سر زمین فنا میں ہیں
کافی ہے جام زہر جہاں کا عیش تلخ — ایضاً

دنیا کے میوہ باغ جہاں ثمر فانی نہ ہو
اے شہیدی کی لذت دنیا و فقہ نہ ہو — ایضاً

دنیا میں شہیدی کیا زیست کا اوپر جلد
کیا ہنسی چین کا ہے ثبات — ایضاً

انجمن آرائی اہل فنا کو کیا ثبات
ٹوٹ جاتی ہے ہوا سے دم میں بنا انجمن
ہم خلائق کسی دریا کے ہیں حباب
دم میں سو بار بنے اور بگڑے سو بار — ایضاً

بیں

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
لب گور سے آ رہی ہے صدا	کہ دنیائے فانی عبث ہے عبث	راسخ
بہاریاں کی ہے بلبل خزاں سے ہم آغوش	لگا نہ دل کو تو اس بوستان فانی سے	سوز
گرا کے ہم نے تخت سلیماں لیا تو کیا	اک روز اس جہان سے برباد جائینگے	"
خانہ بر دوش ہیں حباب کی طرح	شکل نقش بر آب ہیں ہم لوگ	سحر
چار دیوار عناصر کی تو مضبوطی نہیں	خام طبعی سے ہے پختہ قصر و ایواں کی عبث	"
گلوں کے ہنسنے پہ زیبا ہے گریۂ شبنم	مٹے دھرے ہیں یہ نقش و نگار کی صورت	"
اہل عدم عدم میں پوچھینگے حال ہستی	دیکھا تھا خواب سا کچھ دو دن کے میہماں تھے	"
یہ ہے سرائے دوراں کیجے سفر کا ساماں	جانا وہیں ہے جاناں جو ہے وطن جہاں تھے	"
کہو روح کو نکلے قالب سے جلد	اگر رنج دنیا کے جھیلے رہے	"
صاحب خانہ ہم ہیں کہنے کو	آئے ہیں چار دن کے رہنے کو	"
عجب مقام تردد سرائے دنیا ہے	کرینگے کوچ کب اے ہمسفر نہیں معلوم	"
آن پہونچا قریب وقت زوال	شام کے آفتاب ہیں ہم لوگ	"
یہ وہ خرابہ ہے سب اپنی اپنی راہ پہ ہیں	کسی کو حال کسی کا سحر نہیں معلوم	"
فنا ہے محو نہیں دیکھکر مرقع دہر	ٹیگا یہ بھی جو نقش و نگار باقی ہے	سخن
غافلو ہیچ ہے سب حاصل دنیا کیا ہے	اس گھروندے میں بجز خاک کے رکھا کیا ہے	"
یہ رونق بزم ہے کوئی دم	ہے شمع نہ انجمن ہمیشہ	"
سب وقت پہ اپنے چل بسینگے	کس کا ہے یہاں وطن ہمیشہ	"
سچ کہا کرتے تھے اس زیست کو احباب غلط	فی الحقیقت ہے یہ سب عالم اسباب غلط	"
ہستی سے عدم تک نفس چند کی ہے راہ	دنیا سے گزرنا سفر ایسا ہے کہاں کا	سودا
گر ہے گوش فہم عالم ورنہ کہتی ہے بہار	جو گل آیا اس چمن میں ایکدن گل ہوئیگا[1]	"
ساحل بحر جہاں پر ہوں کہ جوں[2] ہیزم خشک	ڈوبا پانی میں نہ تو آگ سے جل جاؤنگا	"
رخصت ہے باغباں کہ ٹک اک دیکھ لیں چمن	جاتے وہاں جہاں سے پھر آیا نہ جائیگا	"
ہے رنگ تماشائے جہاں صورت خورشید	جو صبح کو دیکھا وہ نظر شام نہ آیا	"
مل گئے مٹی میں کیا کیا جامہ زیب اس گھر کے ہیچ	اب تلک نقشا تو پڑتا ہے نقش بوریا	"
گئے جہاں سے کیا کیا ستیزہ جو تہ خاک	کہ گل جو آیا تو مجروح بے شمار آیا	"
اس بحر میں ہے موج کی حافظ شگفتگی	فیصل ہوا حباب کہ جس دم ابھر چلا	"
اے غنچہ کیا سبب ہے کہ آتے ہی جہاں میں	گل جھاڑتے[3] ہے دامن تو نے نتیجہ کو سنبھالا	"
سیر کی یوں کوچۂ ہستی کی ہم[4]	نے میں سے جوں نالہ گزر کر گیا	"
کر خانۂ گردوں پہ نظر چشم فنا سے	ہے مثل حباب اس کی بھی تعمیر ہوا پر	"
کیا اس چمن میں آن کر[5] لیجائیگا کوئی	دامن کو میرے سامنے گل جھاڑ کر چلا	"
جاتے ہیں لوگ قافلہ کے پیش و پس چلے	دنیا عجب سرا ہے جہاں آکے بس چلے	"
سفر قریب ہے اکدن وہاں کو چلنا ہے	تم اس سرائے میں ہو راہگیر کی صورت	سید سفیر
زینت دنیا نہ اصلا چاہئے	چار دن کے واسطے کیا چاہئے	

[1] ہوگا [2] مثل [3] جھاڑتا ہے [4] ہم نے [5] آکر سے

زمیں پہ تو نہ عمارت بنا کہ آخر کار	تمام جائینگے خرد و کلاں زمیں کے تلے[1]	شہید
نہ اُبھر لجۂ ہستی میں کہ مانند حباب	باد نخوت سے بھرے کاسۂ سر ٹوٹ گئے	″
بحر دُنیا کی ہر اک لہر ہے مانند حُباب	گھر کے گھر ہو گئے اک آن میں برباد گئی	″
ہر اک صبا روش اودھر آیا اُدھر گیا	رہنے کا گھر کسی کے یہ مہمانسرا نہیں	″
آشنا دم کا رہا اس بحر میں مثل حباب	ایکدم یاں زیست کرنا مجھ کو دوبھر ہی رہا	″
بحر ہستی میں مکاں کی ہے بنا مثل حُباب	گھر قیامت تک یہاں کس کا بنا رہ جائیگا	″
شہید آنکھیں ہوئیں جب بند اپنی بحر ہستی میں	حباب آسا کھلا اُس دم کہ سب نظارہ دم کا تھا	″
بحر ہستی میں ہست و بود مرا	جوں حباب ایک دم ہوا نہ ہوا	″
نہ کوہکن ہی رہا اور نہ کوہسار رہا	فقط جہاں میں فسانہ ہی یادگار رہا	″
حباب بحر فنا دہر کا مکاں سمجھا	ہیں ہیچ پوچ زمیں اور آسماں سمجھا	″
دنیا ہے خیال شکل حیرت	صورت کوئی اس کی کیا بتائے	″
آخر کو ہے ایک دن جدائی	کیا کوئی کسی سے دل لگائے	″
رہگئی بوقلمونی فلک کانوں میں	نہ خورتن ہی رہا اور نہ سنار رہا	″
قصر گردوں کا بھی قائم نہ رہیگا اکدن	کیا عجب گر نہ رہا قصر فریدوں ثابت	″
جو ہوتا ہستی فانی سے واقف	نہ ہنستا کھل کھلا کر گل چمن میں	″
سب یہ دنیا سرائے فانی ہے	عشق معبود جاودانی ہے	شوق
نہ پوچھے کوئی مگر بے ثباتی عالم	کہ ہے یہ دفتر دنیا حباب کا کاغذ	شائق
سرائے دہر کو گر سوچئے دلمیں تو فی الواقع	مسافر کی نمط بس ایک شب سب کا گزارا ہے	″
دنیا کو بے ثبات سمجھتے ہیں اس قدر	گھر بیت عنکبوت سے اوہن بنائینگے	″
دیر فانی میں عبث ہے جو کرے زر کی تلاش	لیگئے وہ ساتھ کیا جنکو تھی گوہر کی تلاش	″
کریں کیا خواہش تاج سکندر دہر فانی میں	کہ ہم نے خاک میں ملتے ہوئے جبر و قشوں دیکھے	″
بیدار ہو کے چشم تفکر سے دیکھ لے	اے بیوقوف گلشن ایجاد خواب ہے	شاہ
حباب وار یہاں زندگی ہے دم بھر کی	یہ دم رہے نہ رہے یہ مکاں رہے نہ رہے	صفدر
غنیمت ہے دلا جو دم ہے امید بقا کیسی	عناصر میں بھی باہم چار دن کی آشنائی ہے	″
ایسے آنے سے تو ہم کاش نہ آئے ہوتے	چار دن گلشن ہستی کی ہوا کھانے کو	″
کچھ نقشبند امکاں رکھتا نہیں ہے پروا	کیا کیا بنا بنا کر نقشے مٹا دیے ہیں	″
ہے سکندر کا نہ دارا کا نہ قیصر کا نشاں	چار دن سب رہ گئے اس قصر بے بنیاد میں	″
یہاں ہے جینے کا کیا بھروسا حادثوں سے بھری ہے دنیا	یہی جو ہے موج کا تماچا تو پھر قیام حباب کبتک	″
جہان فانی خراب پایا یہ بحر ہستی سراب دیکھا	تمام عالم کا کارخانہ برنگ چشم حباب دیکھا	″
فقط چار دن کی ہے یہ جاہ و حشمت	زمانہ یہاں آشنا ہے کسی کا؟	″
نہ مال و دولت نہ جاہ و حشمت نہ دور لیل و نہار ہوگا	فقط ہے یہ چار دن کی ہستی ہم اور کنج مزار ہوگا	″
یہ ہے چند روز جہاں میں ہم چلے نامراد سوئے عدم	یہی زندگی سے حصول تھا یہی اس جہاں کا مآل تھا	″
بحر جہاں میں زیست نہ کیوں ہو حباب وار	نقطوں ہی کا ہے فرق حیات و حباب میں	صابر

دنیائے فانی

کنارہ کش ہو جو دنیا سے اے ظفر کوئی
تو پھر نصیب اسے کنج فراغ اچھا ہو

[illegible]

[1] نیچے ۱۲ [illegible]

دنیائے فانی

عدم میں رہیں وہیں رہیں مرقد میں جا کے ہم جو آئے
قیام خاک کریں یاں کہ گھر خراب ہے بنا ہے سی — عاشق

مہلت ملی نہ سیر جہان خراب کی
شب کو سرا میں آئے سحر کو رواں ہوئے

شب کو سرا میں مقام کریں کیا سمجھے ہیں ہم
زیر فلک مقام کریں دنیا میں کب تک ہم بھی

رستہ میں پیادہ لو دنیا سے گیا آدمی
منعم مٹی میں مل جانے لگا آدمی — عرش

صورت قصر نہیں بنا تن تیرے ساتھ ہے
مثل حباب جب چل فنا دم سے پائدار ہیں

کیا گھر بناؤں عالم نا پائدار میں
سن اے غافل یہ نقش و نگار ہے ثبات نہیں

نہ ہوا اس شوق سے تو محبت خانہ دنیا
کس کو یہاں قیام ہے کس کو ثبات ہے

مانند نقش پا ہے یہ محل کائنات ہے
آئے یہی ہستی میں ہوتا ہے دنیا کو یہاں

طفل کا نالہ یہاں لایا ہے اور دنیا
اے ناداں سنبھل کر چل پھر دنیا کیا ہے دنیا کا

نہ تو اتنا چل کر چل پھر دنیا بے فانی
نہیں دولت پر دل کر چل پھر دنیا کیا ہے دنیا کا

بے گردن

روز معمورۂ دنیا میں خرابی ہے ہسی — ایسی بستی سے تو ویرانہ بنایا ہوتا — ظفر

رنج ہے دنیا میں وافر اور ہے عشرت قلیل — دیکھے یاں خورسند کم، اندوہگیں دیکھے بہت

فکر گرداں کی ہمیشہ تجھے رہنا ہے جہاں — یاں مکاں کرتا ہے کس واسطے تعمیر عبث

مانند حباب ایک نفس میں ہے خرابی — اس منزل فانی میں ہے بنیاد مکاں ہیچ

ہو جنس تنک مایۂ ہستی کا نہ خواہاں — یہ جنس یہ بازار یہ گوہر یہ دکاں ہیچ

نہیں ہے گلشن عالم شگفتگی کی جا — برنگ غنچۂ تصویر ہے صدا دیگر

قیام رنڈ کی جڑ سے بھی کم ہے دنیا کو — کچھ اس کی اصل نہیں ہے مگر فساد کی جڑ

جس نے رکھلیاں قدم تحت الثریٰ کو وہ گیا — کیونکہ نکلیں دیکھئے دنیا کے اس دلدل سے ہم

وہ کھیل کھیل جس سے بنے کچھ وہاں کا کھیل — کیا فائدہ ہے یاں کے ظفر کھیل کود میں

فرصت یکدم پہ اس بحر جہاں میں اے حباب — کیا ابھرتا ہے تو آتا تیری ہستی ہے یہی

کھول کر آنکھ اپنی مثل حباب — کچھ نہ ہم نے بجز فنا دیکھا

خاک دنیا کی سیر کی ہم نے — یہ تو اک یونہی خواب سا دیکھا

یہ جہاں مہمانسرا ہے جو ہے مہماں ہے یہاں — زندگی دو روز ہر مہمان کی مہمانی سے ہے

کہتے ہیں منزل دنیا جسے گھر اس کو نہ جان — فکر کر خانۂ عقبیٰ کا کہ مسکن یہ ہے

منعم اس قصر و محل کی ہے بنا ناپائدار — بعد تیرے کچھ یہاں تعمیر ہوگی اور ہی

جو نقش قدم مٹ گئے یاں خاک میں لاکھوں — رکھا نہ فلک نے تو کسی کا بھی نشاں خاک

سطح خاکی پہ بہت زور دکھائے لیکن — عاقبت کھا ہی گئی رستم و سہراب کو خاک

مہرۂ شطرنج کی صورت بساط دہر پر — مر گئے کتنے ہی اس دنیا کی برد و مات میں

ہے سفر درپیش اس بتانسرا سے غنچہ وار — باندھ تو رخت سفر غافل سفر سے پیشتر

چلے جائیں گے جیسے آئے ہیں ہم سب — رہے گا یہاں اور نہ کوئی رہا ہے — ظہیر

سراسر بے بقا بود و نمود کاخ ہستی ہے — فنا ہونے کو غافل کل زمین آسمانی ہیں

یہاں کے جس قدر جھگڑے ہیں سب قصے کہانی ہیں — کہ گل بوٹے ریاض دہر کے سب نقش فانی ہیں

نہیں جائے اقامت رہگزار وادی ہستی — مسافر میہمان منزل دنیائے فانی ہیں

کاٹنا راہ بقا کا غافلو دشوار ہے — دو قدم ہے راستہ بس ہستی کوتاہ کا — عاشق

جو سمجھے نسبت ہے یہ جملہ عالم — دل اس کا درہم و برہم نہ ہوگا

دنیا سے ایک روز سفر تجھ کو ہے ضرور — سیدھی طرح سے چاہے تو چاہے چل کے چل

یہ ہستی نیستی سے ہے زیادہ — مٹا کس کس کا یاں نام و نشاں ہے

گلچیں کو ہے نہ گل کو نہ بلبل کو ہے ثبات — پھر اس چمن میں کیا کوئی اپنا لگائے دل

نہیں قیام کسی کو سرائے فانی میں — ہر اک مسافر پا در رکاب ملتا ہے

بے ثباتی سن کے دنیا کی ادھر آنا نہ تھا — اس خرابے میں بنایا ہم نے گھر کیا دیکھ کر

ہوتے ہیں کیوں مقیم جہان خراب میں — کرتا ہے اس مقام کو کیوں کارواں پسند

عاشق بہار گلشن ایجاد دیکھ لی — ناپائدار پھول بہت اس چمن کے ہیں

سر بھی پھوڑے تو نہیں لذت دنیا کو قیام — جوئے فرہاد ہے موجود مگر شیریں نہیں

ہے اک دن قبر میں جانا وہی گھر ہے ہمیشہ کو
ہوا ہے نشۂ غفلت میں کیوں سرشار اے غافل
ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام
کارگاہِ ہستی میں لالہ داغ ساماں ہے
آغوشِ گل کشودہ برائے وداع ہے
ہاں کھائیو مت[1] فریبِ ہستی
چمن دہر میں مانند گل آخر فصل
اس سرائے دہر میں ہر دم مقام و کوچ ہے
جو آیا اس میں چندے رہ گیا ہے
باغ جہاں میں آتے ہی مثل صبا چلے
دنیا ہے مثل گلشن تصویر بے ثبات
کیا کیا یہاں نہ شکلیں بنیں اور بگڑ گئیں
کم از بازیچۂ طفلاں نہ جان اس خاکداں کو تو
کب بھلا قابل اقامت کے ہے یہ مہماں سرا
جو نہ گئے وہ جا کے رہیں گے
دولت۔ ثروت۔ عزت۔ حشمت
دارِ فنا ہے دنیا فانی
اے فدا دنیا میں ہر دم اک تماشا ہی نیا
ہرگز بہار باغ خزاں کو نہیں قیام
محض یکتا شب تیرہ ہے قیام دنیا
یک دم کی بود و باش ہے اور کیا کیا انتظام
ہیچ تر اے فدا نظر آئی
سفر درپیش ہے غافل تجھے اس دار فانی سے
سرائے دہر میں مہمان فقط تو رات بھر کا ہے
حقیقت میں جگہ دنیا نہیں ہے دل لگانے کی
بشر بھی پانی کا بلبلہ ہے کبھی تو پیدا کبھی فنا ہے
کبھی تو جوش بہار گل ہے خروش باد خزاں کبھی ہے
بہار باغ عالم بے ثبات ایسی ہے اے بلبل
بحر جہاں میں اپنی بقا ہے حباب وار
کب ہے ثبات بحر جہان خراب کو
ہے رنگ بے ثباتی باغِ جہاں کا ظاہر
برنگ غنچہ بہار اس چمن کی سنتے تھے
جائے بود نہیں یہ بحر جہاں

نہ تو اتنا اچھل کر چل بھروسا کیا ہے دنیا کا	علی احمد
سنبھل کر چل سنبھل کر چل بھروسا کیا ہی دنیا کا	"
مہر گردوں ہے چراغ رہگزار بادیاں	غالب
برقِ خرمن راحت خون گرم دہقاں ہے	"
اے عندلیب چل کہ چلے دن بہار کے	"
ہر چند کہیں کہ ہے۔ نہیں ہے	"
آنکھ کے کھلتے ہی بس روئے خزاں دیکھا ہے	غافل
کوئی بیٹھا ہے کوئی پا در رکاب استادہ ہے	"
یہ دنیا کیا کرایہ کا مکاں ہے	"
حیرت ہمیں یہی ہے کہ کیا آئے کیا چلے	"
دل مت لگا یہاں کے تو نقش و نگار سے	"
ہستی بھی اک نمونہ ہے موجِ حباب کا	"
بتا کیا کیا نہ یاں کیا کیا نہ اے چرخ کہن بگڑا	"
جو اسے گھر اپنا سمجھا وہ بڑا دیوانہ ہے	"
سب ہیں مسافر جانے والے	فانی
چھوڑ گئے سب جانے والے	"
آنیوالے ہیں جانے والے	"
شب تجمل عالم فانی کا بے بنیاد ہے	فدا
بیلا تھا جس چمن میں وہاں اب کریل ہے	"
صبح ہوتے ہی یہاں کوچ کا ساماں دیکھا	"
سمجھا ہے تو قیام سرائے سپنج میں	"
سب یہ دنیا کی کائنات مجھے	"
لگا دل کو نہ دنیا سے نہ عیش و کامرانی سے	فصیح
کمر باندھے ہوئے تیار رہ عالم سفر کا ہے	"
وفا کرتی نہیں یہ بیوفا سارے زمانے کی	"
یہ بحر ہستی میں ہم نے دیکھا گھڑی میں کچھ ہی گھڑی میں کچھ ہے	فروغ
فروغ نیرنگ باغ دنیا گھڑی میں کچھ ہی گھڑی میں کچھ ہے	"
گماں ہے خندۂ گل پر صدائے کوس رحلت کا	قلق
ہے نقش آب نام ہمارے جہاز کا	"
بیجا ہوا ابھری ہے دماغ حباب میں	"
دیکھو شگوفہ آیا لپیٹا ہوا کفن میں	"
یہ جوں ہی[2] آنکھ کھلی موسم خزاں دیکھا	قائم
خانہ بر دوش رہ تو مثل حباب	"

دنیائے فانی

قائم اب رخت سفر باندھ کہ یاں سے اپنا [illegible]	قائم
جی تو جاتے ہیں ہم اس محفل میں [illegible]	"
بہت جاتے ہیں [illegible]	"
کوئی دم اب تو چار [illegible]	قدر
دنیا کے جو مزے ہیں ہرگز وہ کم نہ ہونگے	"
چرچے یونہی رہیں گے افسوس ہم نہ ہونگے	"
عالم اسباب کہاں ہم کہاں [illegible]	"
میلے میں اپنا بھی گذر ہو گیا	"
زندہ ہے نہ بھائی نہ یوسف نہ شاہ مصر	"
باقی ہیں کہانیاں زندان و چاہ کی	"
گھر عدم ہے یہ جہاں ہے سیرگاہ	"
ہر کوئی دم بھر کو آیا پھر گیا	"
[illegible]	"
[illegible]	"
کوئی جہاں میں آ کر ٹھہر نہیں سکتا	گویا
[illegible]	"
شکل حباب آنکھ جو کھولی تو یہ کھلا	فروغ
کچھ نہیں ہے جہان خراب کی	"
دنیا میں ہم کو بھی نہ دنیا میں بھروسا سمجھ	"
ہم تو [illegible] حباب لب دریا سمجھ	"
بحر رنگ	

[1] نہ [2] گر۔

دنیائے فانی

۲۶۱

بجز رنگ فنا کے لائق اس گلشن میں کیا دیکھے
بحر جہاں میں آمد و شد جلد جلد ہو
بڑھ گئے اکدم سے نہیں گلشن ہستی کی بہار
ہر دم کو سمجھتے ہیں دم باز پسیں ہم
سیر جہاں سے ہم کو خبر ہے بھی اور نہیں
یہ چمن جائے اقامت نہیں تب تو شب ہے
جنگل میں جب سے قافلے آگرا تو رہے
اجل لگائے ہوئے گہات ہر کسی پر ہے
بے اتیازئی چمن دہر کیا کہوں
محفل ہستی میں جو آئے تھے یار
ہم تو چمکتے ہی ہوا ہو گئے
مل گئے خاک میں ایسے کہ نشاں تک نہ رہا
میرے رکھنے کی جگہ یہ ہستئ فانی نہیں
یوں مل گئے خوبانِ جہاں خاک میں سارے
کبھی بہار کبھی ہے خزاں زمانے میں
دنیا میں ہم رہے بھی تو کم فرصتی کے ساتھ
بحر جہاں میں رہنے کی تا دیر کیا خوشی
نظر آتا ہے کہ اک روز میاں اس گلشن سے
باقی نہ مصحفی کا رہا خاک بھی نشاں
کیا اعتمادیاں کی عمارت کا ہے کہ یاں
ہستی کا حساب کچھ نہ نکلا
نہ گور سکندر نہ ہے قبر دارا
عجب کیا چھٹا روح سے جامۂ تن
اے مصحفی آئے تھے احباب سنور کر جو
سینکڑوں صحبتیں پوشیدہ ہوئی ہیں تہِ خاک
پوچھ کچھ صفحۂ ہستی پہ نہ انسان کا حال
راہ عدم میں خاک ہوئے یا فنا ہوئے
ہوتا ہے باد صبح کا تیار قافلہ
سرائے فانی ہی کوچ کی جا ہر ایک کو فکر دمبدم ہے
عیش و نشاط و عشرت یہ چند انفاس کے ہیں جھگڑے ہیں
کچھ نہ اس عالم فانی کا رہیگا باقی
ہے نقش بر آب شکل ہستی
یہ دنیا ہی سرا کوئی زیادہ پانچ دن سے یاں

حباب جو کے مانند اکدم جو چشم تر کھولے
مانند قطرہ جا تو برنگ حباب آ
اس سے تو سیر گلستان عدم ہے بہتر
دنیا میں مسافر ہیں نہیں کوئی مکیں ہم
اک واہمہ سا پیش نظر ہے بھی اور نہیں
غنچے گٹھری لئے بیٹھے ہیں سفر کرنے کو
یوں ہی یہ رہروانِ عدم جا بجا بسے
ہوش باش کہ عالم رواروی پر ہے
اس بوستاں میں قدر گل و خار ایک ہے
یہ نہیں معلوم وہ کیا ہو گئے
مثل شرر دم میں فنا ہو گئے
پھر کوئی خاک کرے گور غریباں پہ نگاہ
چھوڑ کر مجھ کو گئی یہ ہستی باطل کہاں
وہ صورتیں گویا کبھی پیدا نہ ہوئی تھیں
ہمیشہ کون رہا ہے جواں زمانے میں
جیسے سرا میں رہتا ہے انسان شب کی شب
صد سالہ زندگی بھی ہے وقفہ حباب کا
خاک اڑاتا ہوا مانند صبا جاؤں گا
نقش قدم کی طرح زمانہ سے اٹھ گیا
خورشید زندگی سر دیوار ہی رہا
جز عالم خواب کچھ نہ نکلا
مٹے ناموں کے نشاں کیسے کیسے
لٹے راہ میں کارواں کیسے کیسے
اس محفل ہستی میں افسوس کہ کم بیٹھے
کوئی کیا جانے کہ اس پردہ میں کیا صحبت ہے
ہے عجب نقش کہ بس آپ مٹا جاتا ہے
یاران رفتہ آہ خدا جانے کیا ہوئے
ہم بھی تو چلنے والے ہیں کیوں اضطراب ہے
رہا سکندر یہاں نہ دارا نہ ہی فریدوں یہاں نہ جم ہے
ملال و رنج و غم و مصیبت یہ چند انفاس کے ہیں جھگڑے
قبر پختہ کا بنانا بھی بڑی خامی ہے
یہ نشو و نما حباب کیا ہے
یہ ٹھہرا ہی نہ ٹھہریگا نہ تم ہوں گے نہ ہم ہوں گے

لائق
مصحفی
بہسر

کیوں عمر عبث تو نے کھوئی کچھ کر لے اب بھی خدا جوئی
تہ کر تہ کر بستر اپنا باندھ و آٹھ کر رخت سفر اپنا
وہ پیک اجل کا آتا ہے اور ساتھ تجھے لیجاتا ہے
جتنا یہ مال و خزانہ ہے اور تو نے اپنا مانا ہے
دنیا کو نہ کہہ تو میری ہے غافل دنیا کب تیری ہے
کیوں مہر یہ عالم نسیاں کا دیتا ہے سودا نقصاں کا
ہمیں ہے چھوڑ جانا جمع کیا کرتا ہے اے غافل
دنیا نہیں ہے خواب ہے ہر نقش نقش آب ہے
ہے روزگار آپ ہی ناپائدار جب
صدا ہے مہر کی دنیا جسے کہتے ہیں فانی ہے
بحر بے پایان ہستی میں ذرا مثل حباب
جہاں گزراں ہے اور جو چیز ہے اس میں وہ گزراں ہے
کھلی ہے بے ثباتی ہستی موہوم کی جس پر
جہان پنجروزہ جا نہیں ہے استقامت کی
جہاں گزراں ہے اور جو چیز ہے اس میں وہ گزراں ہے
جہاں کی بے ثباتی تجربہ میں روز آتی ہے
گزارا جس طرح سے ہو سکے کر لے یہاں نادان
کیوں پھنس رہا ہے رغبت و نفرت کے دام میں
دنیا ہے ہیچ اس کا ہے سب کاروبار ہیچ
منظر بدلتے رہتے ہیں ہر لحظ مثل خواب
گزران جہاں ہے یاں ہے ہر اک شے گزشتنی
جہاں ہے بے ثبات اسباب یہ کب تک ہم ہونگے
جہاں گزراں ہے گزراں چیز میں دل بستگی کیسی
عبث ہیں حسرتیں دنیائے دوں کی ایکدن آخر
بحر دنیا میں حباب آسا کسی نے دم کے دم
مہر دنیا پنجروزہ میں نہ کر دل بستگی
عالم تمثال میں رکھا ہے کیا کچھ بھی نہیں
جہاں گذراں ہے اور اس کا طلسمی کارخانہ ہے
ہوا ہے کس کا پہلے اور اب کس کا زمانہ ہے
فنا کے گھر میں بقا کی امید ہے بے سود
جہان گذراں ہے جائے عبرت کبھی نہیں اسکی ایک حالت
نہ یار دنیا ہوئی جواں کی نہ طفل اور پیر ناتواں کی
عبث ہو نام و عزت شہرت بقا کی اس میں نہیں ہے صورت

میں کہتا ہوں تجھ سے یاں کوئی نہ رہا نہ رہا بابا — مہر
دنیا کی سرا کو گھر اپنا تو نے ہے غلط سمجھا بابا ،،
سب جیتے جی کا ناتا ہی پھر کون یہاں تیرا بابا ،،
سب چھوڑ کے یاں سے جانا ہی کرتا ہے اکٹھا کیا بابا ،،
سائیں کی جیسی پھیری ہے پھرتا ہے تو اس جا بابا ،،
ہے ذوق تجھے تو عرفاں کا تجھکو دنیا سے کیا بابا ،،
نتیجہ محض بے برگی ہے سارے ساز و ساماں کا ،،
یاں ہیں نہ کچھ شئے ہونے تو حاضر ہے وہ ناظر ہو وہ ،،
کیونکر نہ ہو ترا گلہ روزگار ہیچ ،،
جو دیکھا غور سے خواب شبینہ زندگانی ہے ،،
جب کھلی چشم حقیقت اپنی تھا کچھ بھی نہیں ،،
تجھے اس بات کی لیکن ذرا پروا نہیں ہوتی ،،
اسے فرصت برائے خندۂ بے جا نہیں ہوتی ،،
عدم کے جانیوالوں کو ہے عجلت کس قیامت کی ،،
کیا اس فکر نے لیکن نہ تیرے دل میں گھر کچھ بھی ،،
گھر ہوتا نہیں تیری طبیعت پر اثر کچھ بھی ،،
سرائے پنجروزہ جا نہیں ہے استقامت کی ،،
یاں ناگوار ہیچ ہے اور خوش گوار ہیچ ،،
یہ نقش آب مہر ہے انجام کار ہیچ ،،
ہے گلشن جہاں میں خزان و بہار ہیچ ،،
دریا و شہر و بحر و بر و کوہسار ہیچ ،،
اجل جب آئیگی خوشیاں نہ یاں ہونگی نہ غم ہونگے ،،
قیام اے دوست یاں کس کا نہ تم ہونگے نہ ہم ہونگے ،،
چلے جب چھوڑ کر دنیا نہ تم ہونگے نہ ہم ہونگے ،،
کیا ہوا گر باندھ لی اپنی ہوا کچھ بھی نہیں ،،
تجھ سے سچ کہتا ہوں یہ مہمانسرا کچھ بھی نہیں ،،
جز تصور یہ طلسم امکان کا کچھ بھی نہیں ،،
یہاں آیا ہے جو اکدن اسے دنیا سے جانا ہے ،،
یہاں ہے روئے رفتن سب کا اسکو سب نے مانا ہے ،،
یہ خاکداں نہیں آرام جاوداں کے لئے ،،
ابھی ہے کچھ اور دم میں کچھ ہے یہاں کا عالم طلسم کا ہے ،،
نہ عورتوں سے اسے تعلق نہ اسکو مردوں سے کچھ واسطہ ہے ،،
رہیگا نام خدا ہی باقی یہاں ہر اک چیز کو فنا ہے ،،

دنیائے فانی

[illegible]

مسکان ادب

دنیائے فانی

ہزاروں آئے یہیں اور گئے یہیں رہ کر اس وقت جا رہے ہیں
ہمیں نہ دنیا کی فکر مطلق کہ کون آیا ہے یا گیا ہے
یہیں ہے دنیا کی یوں فنائی اور اسکی جاتی ہے یوں رہائی
تم آج دنیا کے جانب ہے یہ وفا اور اسکی جانب ہے یہ وفا
تمہاری جانب سے
فانی منزل دنیا ہے مسافر خانہ
کوئی آتا ہے تو ہوتا ہے روانہ کوئی
بحر جہاں میں رک نہیں سکتی ہے فنا
ناآشنا حباب کی عمر دمی ڈاک ہے
کوئی اس دار فنا میں نہیں رہنے پاتا
[illegible] فرزیں تو یارب پھر اس کی ہے
[illegible] بھی اتر جاتے ہیں مسافر [illegible] اسکی ہے
روز [illegible] میں [illegible]
دنیا میں [illegible] کا [illegible] اک [illegible]
[illegible]
دنیا میں [illegible] نصیب میں [illegible]
اس ملک کے نصیب میں [illegible] زینت کا
[illegible] میں کسی گل [illegible] شبنم کو
[illegible] توقف چلے چلو
دنیا نہیں [illegible] جائے [illegible]
اجڑی ہوئی سرا میں ٹھہرنا ضرور کیا

مہر

مکان اونچے اگر بنائے کھڑے رہینگے وہ ٹھاٹھ لائے
نہ تم آقا رب یہ ناز کرنا کہ تجھ محبوب کا دم ہی بھرنا
نہ کام آئیگا مال و دولت نہ کام آئیگا مال و شہرت
تمہیں ہے دنیا کا فکر ہر دم تمہیں ہے دنیا کا رنج ہر دم
تم اٹھ گئے جب یہاں سے یارو تو لے مر پیارے کو دوستدارو
کبھی نہ دنیا سے دل لگانا نہیں ہے دنیا بری بلا ہے
کبھی یہ اسکی کبھی یہ اسکی جو غور کیجے تو کب ہے کسکی
نہ بادشاہوں کو ہی رہائی نہ مخلصی ہی کسی نے پائی
کیا اگر جمع ساز و سامان ہو گے تم اور بھی پریشان
ہوئی جو حاصل بھی تمکو قدرت تو اسمیں کچھ بھی نہیں ہے ندرت
کئے فراہم اگر خزینے یہیں رہینگے وہ سب دفینے
کیا اگر جمع لاؤ لشکر چلو گے اس کو نہ ساتھ لیکر
جہاں میں دیکھی ہے بے ثباتی مگر نہیں اسکی چاہ جاتی
دنیا فنا کا گھر ہے کوئی ہنس کے یاں مرا
کیا بھروں مادمی کا دم خدایا دہر میں
بے سود ہے کبر ہیچ سب ہستی ہے
دنیا میں ہے انسان حباب لب جو
جو آئے یہاں بسکہ تھے فانی نہ رہے
اے مہر ہماری تو حقیقت کیا ہے
اے ہم سفر قافلۂ ملک فنا
طاق ایوان جم پہ کندہ تھے یہ حرف
کیوں رہتا ہے تجھ کو فکر تعمیر مکاں
دنیا کی سرا میں پانچ دن کا ہے قیام
دنیا کی سرا میں پانچ دن کا ہے قیام
کیا سر پہ مکاں اٹھا کے لیجائیگا
ٹھہرا ہے کیوں دم سے کہہ دو کہ نکل
دیکھی ہم نے روا روی دنیا میں
دنیا اک کاروان سرا ہے اے دل
جب صبح ہوئی یاں سے چلا جاتا ہی
لکھ رکھ اے مہر بات حکمت کی ہے
آثار صنادید سے آتی ہے صدا
ہیچ دنیا ہے ہیچ بود اس کی
اس کے نقشے ہیں خواب کے سے تمام

ملیگی دو گز زمین آخر بس اتنا حصہ ہر ایک کا ہے
یہ تا لب گور ساتھ ہیں سب آگے کوئی کبھی گیا ہے
تمہیں ہے کچھ فکر بھی عزیزو کہ ایکدن تم ہوا و قضا ہے
مگر تمہارا خیال دنیا کو پہلے تھا اور نہ اب ہوا ہے
نہ ہو گا دنیا کو رنج کچھ بھی کہ چھوڑ کر کون یہ چلا ہے
کبھی نہ دیکھو ہیں اس کے آنا نہیں ہے دنیا بری بلا ہے
نہ یہ ہماری نہ یہ تمہاری نہ یہ کسی کی بھی آشنا ہے
غرض خدائی ہے مو حیرت عجیب در طرفہ ماجرا ہے
سوائے اعمال ساتھ یاں سے کسی کے کچھ بھی نہیں گیا ہے
یہاں سکندر رہا نہ دارا تمہارا دعوی تو چیز کیا ہے
چلو گے جس روز خالی ہاتھوں کوئی جائیگا پاس کیا ہے
جہاں میں تنہا ہر ایک آیا یہاں سے تنہا ہر اک گیا ہے
یہاں ہے سولی پہ نیند آتی کوئی ہے ہاں جو جگا دے مجھکو
اور دم کسی کا رنج و محن سے نکل گیا
ہے یہاں جو کچھ وہ تیرا ہے مرا کچھ بھی نہیں
مہر ابھارتے ہی یہاں پستی ہے
بس آنکھ کھلی کہ کالعدم ہستی ہے
دنیا ہے چیز آنی جانی نہ رہے
وہ یا فانی نہ رہے جہانیں گیانی نہ رہے
مت بھول کہ کاروانسرا ہے دنیا
یاں کوئی رہے گا نہ کبھی کوئی رہا
بنوا لیا بھی تو چھوڑ جانا ہے یہاں
کرنے جس طرح ہو گزارا نادان
سودائے عمارت ہے سودائے خام
جب آئے گا اے مہر اجل کا پیغام
میں بھی چلتا ہوں مہر اور تو بھی چل
تیرا ہے کوچ آج میرا ہے کل
یاں رات کی رات ٹھہرنا ہے غافل
اتنا سا قیام اور فکر منزل فاضل
دنیائے دنی جا نہ اقامت کی ہے
کچی بنیاد ہر عمارت کی ہے
چشم ظاہر میں ہے نمود اس کی
جن کو ہرگز نہیں بقائے دوام

مہر

تار و پود ہستیٔ موہوم تھا بے اعتبار
دل میں صفا صفا میں فنا تھی تمام عمر
اے گلو حسن چند روزہ ہے
ہر قدم پر ہے فنا ہر گام پر ہستی یہی
قبضہ میں جہاں بھی ہو تو رہتا نہیں دائم
کہاں وہ باغ ہیں جن میں ہجوم بلبل و گل تھا
ہر مکاں کے واسطے اک دن خرابی ہی ضرور
باغ ہستی میں بسیرا کوئی دن ہے بلبلو
بحر فنا میں ڈوبے ابھرا نہ ایک بھی
باغباں سست۔ ہوا گرم۔ میسر نہیں آب
زمیں سے اُگتے ہی ہوتا ہے خشک ہر پودا
سب ہے نظر کا فریب اصل میں یاں کچھ نہیں
کوس رحلت بج رہا ہے وقت رخصت ہے قریب
جو شہر نامور تھے یا رب کہاں گئے وہ
دیوار و در بڑے تھے جہاں ان نشاں نہیں
وہ زور و جواں جنھیں کہئے پہاڑ تھے
اس بحر میں مٹا بشکل حباب ہر دم
پائے ثبات نہ دم بھر ٹھہرا اس میدان میں رستم کا
فرصت ہے کم یاں رہنے کی بات نہیں کچھ کہنے کی
شور جرس شبگیر کا غافل تیاری کا تکیہ ہے
کیا چلے جاتے ہیں جہاں سے لوگ
یاں حادثہ سے باد کے ہر اک شجر حجر
ضعیف و قوی دونوں رہتے نہیں
نہ ٹک واشد ہوئی دل کی نہ جی کی لاگ کچھ پائے
مجلسوں کی مجلسیں برہم ہوئیں
شتابی گئی اس روش فصل گل
پھرتی ہے ساتھ اپنے لگی متصل فنا
اس تنگنائے دہر میں تنگی نفس نے کی
دنیا میں ہے بسیرا یا روسرائے کا سا
ہائے کس حسرت سے شبنم نے سحر رو کر کہا
کیا رنگ ہے بوبہ باد سحر سب ہیں گرم راہ
میسر چلنے سے کیوں ہو تم غافل
زیست ایک ماندگی کا وقفہ ہے

ایسے گورکھ دھندے سے کب تک تو نگر کھیلتے — منیر
موتی میں آب آب رواں میں حباب تھا
پھر تو یہ رنگ و روپ سب ہے خاک — محب
پانوں پھر کیوں جانب راہ عدم اٹھتا نہیں
دارا ہے کہاں اور سکندر ہے کدھر آج
نہ گل کا ہے نشاں باقی نہ بلبل کے نشیمن کا
کیا کرے کوئی حفاظت ان قدیم آثار کی
چاہیئے دو تین تنکے آشیانے کے لئے
منجدھار میں جو ناؤ ہماری الٹ گئی
سب یہ آثار ہیں اس باغ کے مرجھانے کے
زمیں کا۔ آب و ہوا کا۔ یہ اثر کس کا ہے
سامنے اپنے سراب دیکھیے کب تک رہے
بلبلیں ہیں ہم بغل گل ہے بصد آہ و بکا
آباد کم رہا ہے یاں کوئی خانوادہ — میر
یاں خانوادوں کے رہیں آثار کب تلک
جب آئی موج حادثہ تنکے سے بہ گئے
ابھرا رہے ہمیشہ نقش بر آب کیونکر
باغ ہستی کیا عالم تھا غم دنیا و دیں کا نہ تھا
آنکھیں کھول کے کان جو کھولو بزم جہاں افسانہ ہے
یعنی آنکھ نہ لگنے پائے قافلہ صبح کو چلتا ہے
مگر آئے تھے مہمان سے لوگ
کیسا ہی پائدار تھا آخر اکھڑ گیا
نہ یاں زال ٹھہرا نہ رستم رہا
رہے دس دن جو اپنی عمر کے یاں ہم سو مہماں تھے
لوگ وے پل مارتے کیدھر گئے
گہ جو رفتگی ہو جوانی کے ساتھ
آب رواں سے ہم ہوئے نابود ہر جگہ
جوں صبح ایکدم ہی رہے ہم جو یاں رہے
یہ رہروان ہستی عازم ہیں سب سفر کے
خوش رہو اے ساکنان باغ ہم تو اب چلے
کیا ہے جو اس چمن میں ہے ایسی چلا چلی
سب کے یہاں ہو رہی ہے تیاری
یعنی آگے چلیں گے دم لے کر

دنیائے فانی

اس کاروانسرا میں کیا [illegible]
یاں کوچ [illegible]
جہاں [illegible]
[illegible]
[illegible]

دنیائے فانی

ناسخ	بے سبب اسباب دنیا کا فراہم کیا کروں	چھوڑ جانا ہے مجھے سارے عالم اسباب کو
"	اس خرابہ میں نہیں ہے کوئی دو دن آباد	آج معمور ہیں جو ہونگے وہ کل کھنڈر خالی
"	تنگی عالم امکاں کی ہے یہ [illegible]	آئے دو چار [illegible]
"	دمبدم اٹھتے چلے جاتے ہیں [illegible]	[illegible]
"	کیونکر عمارت ہے جو دنیا میں کرنا	ویرانہ میں گھر کوئی تعمیر نہیں کرتا
"	[illegible] کیفیت دریا	[illegible]
"	بلائے چشم دنیا میں [illegible]	[illegible] سلیمان چھوڑ
"	اعتبار دنیا نہیں [illegible]	اٹھ گیا دنیا سے خاتم [illegible]
"	[illegible] عشرت [illegible] باغ	[illegible]
"	مجھکو ویرانہ [illegible]	اس خرابہ میں بنا یا [illegible]
	دیکھ [illegible] ناسخ [illegible]	[illegible]

شاعر	مصرع ثانی	مصرع اول
بیکس	لحد منہ کھولے کہتی ہے کہ آ یہیں ایک منزل ہے	قدم کیا خاک اٹھے راہ ہستی دو روزہ میں
"	ایک شب کاٹی فقط ہم نے مسافر کی طرح	کیا ٹھہرتے اس رواروی سے سرائے دہر میں
"	ہمیشہ کھیلتی سر پر قضا ہے	سرائے دہر میں کیا چین پائیں
"	کمر باندھے کھڑا ہوں کب عدم کو قافلہ نکلے	رواروی سے جہاں کے چین اک دم کو نہیں حاصل
"	صبحدم مانند شبنم چل دئے	شب کی شب ٹھہرے غریبان عدم
"	میزباں اپنے ہی مہمانوں کا مہماں ہوگا	دار فانی کی رواروی پہ اگر غور کیا
"	جا رہے ہیں سرائے دنیا چھوڑ	اٹھ چکے ہیں مسافران عدم
"	کہ جنکے دل میں نقشہ جم گیا ہے دار فانی کا	مزہ کب اُن کو حاصل ہوئے عمر جاودانی کا
مجروح	دیکھ لے اور غلط نما جانے	ہے وہ عارف جو دولت دنیا
"	کیا قیام اپنا یہیں اہل فنا جانتے ہیں	ہیں جو مشغول عمارات رفیع و محکم
"	نقش ہستی مٹائے بیٹھے ہیں	فرد باطل سمجھ کے دنیا کو
"	گزر بس ہے یاں گھر نہ بنانا ہرگز	دار فانی میں نہ کر فکر قیام اے ناداں
"	یہ عبث اس کا کارخانہ عبث	جب کہ فانی جہان ہے تو پھر
"	خود پریشان ہے یہ خواب بہت	دار فانی میں کیا ہو خاطر جمع
مہتاب	ہے خبر دارا اسکندر جم نہ اسفندار کی	جو کہ اس دنیا میں آئے سب گئے تحت الثریٰ
مذنب	اگر تم سوچکر دیکھو یہ سب کو چھوڑ جانا ہے	نہ دولت کام آئے گی نہ اس دنیا سے کچھ حاصل
نشاط	قائم نہیں دائم نہیں ہے اسکی بقا ہیچ	ہم کہتے ہیں دنیا کو یہ ہے دار فنا ہیچ
	بہار آئی ادھر نکلی اُدھر شکل خزاں ہوکر	عجب اس گلشن ہستی میں رنگ بے ثباتی ہے
نساخ	قصہ اصحاب کہف اور حال دقیانوس کا	بے ثباتی میں اگر کچھ شک ہے دنیا کی تو دیکھ
"	حبابوں کی طرح جو جوش مستی میں ابھرتے ہیں	فنا ہو جاتے ہیں اک آن میں سیل حوادث سے
"	بیٹھے ہیں لیکن چلے جاتے ہیں ہم	یہ جہاں ہے کشتی بحر فنا
ناسخ	کھدوا رہے ہیں قبر پہ تم کیا خطاب کو	مٹتا ہے دم میں صفحہ ہستی سے نام بھی
"	ہو گیا جن کا گزر اس میں گئے وہ تیر سے	خانہ دنیا دلاں گویا کمان خانہ ہے
"	جہان تار نفس ٹوٹا گیا میدان ہستی سے	بہار گلشن ایجاد کو اک روز جانا ہے
"	اسفل رہے جہاں میں نہ عالی نسب رہے	اس باغ میں ثبات ہے گل کو نہ خار کو
"	دو دن اس وحشت سرا میں ہم بھی مہماں ہو گئے	ارمغان داغ سودا لے چلے سوئے وطن
"	آفتاب اپنی نظر میں اک شرارا ہو گیا	بے ثباتی جو ہوئی عالم کی ثابت اے فلک
"	ایک دن یہ باغ پامال خزاں ہو جائیگا	کارواں باد بہاری کا رواں ہو جائگا
"	پاتا ہوں ہر ستارے میں عالم شرار کا	گردوں برنگ دود ہوا بے ثبات ہے
"	دوست دشمن کا وجود اک دن عدم ہو جائیگا	شکر و شکوہ ہے سو رہ جائیگا اے ناسخ نہیں
"	یا صحرا مجھ کو آیا کنج زنداں دیکھکر	ایسی ہستی سے سو درجہ عدم ہی خوب تھا
"	آدمی کو جامہ ہستی کفن سے کم نہیں	جو ہوا دنیا میں پیدا فی الحقیقۃ مر گیا
"	بے ثباتی میں ستارے یاسمن سے کم نہیں	اس چمن میں ہے برنگ گل بقائے آفتاب

ہوں چراغ اس بزم کا ناسخ کہ جھملا کہہ بار	پتلیوں کا عالم ہستی تماشا گر گیا	ناسخ
یہ رمز ہے کہ جائے سکونت جہاں نہیں	گردش میں کب ہے آٹھ پہر آسماں عبث	"
بس دلا صورت ہستی کو کوئی دم ہے ثبات	یہ جہاں آئینہ ہے کاغذ تصویر نہیں	"
بزم عشرت میں ہیں طبلے غافلو طبل رحیل	یہ مجبوروں کی صدا بانگ درا سے کم نہیں	"
ہے دلا کس کو دوام اس گردش افلاک میں	خاک کے پتلے ہزاروں ملگئے ہیں خاک میں	"
اسفل و اعلیٰ جو ہیں مل جائینگے سب خاک میں	آسماں اس رتبہ عالی پہ زیر خاک ہے	"
ملک و دریا رہ گئے اکثر ہوئے دونوں تباہ	ایک سا عالم نظر آیا حباب و تاج کا	"
دنیا سرا ایسی نہیں آکر جہاں رہ جائیے	بس شب کی شب آئے رہے اور پھر گجر دم چل بسے	نیاز
گلشن ہستی نہیں جائے شگفتن اے صبا	دیکھ جو غنچہ گیا یاں گل ٹھکانے لگ گیا	نصیر
مثل نقش پا یہاں ممکن نہیں ہے بیٹھنا	اے مسافر اٹھ کہیں اور دوش سے بستر لگا	"
جلد آکہ روح تن سے عزم سفر رکھے[1] ہے	رہنے کا کیا بھروسا اس گھر کے میہماں کا	"
کیا خاک جائے عیش ہے دنیا کہ جوں[2] حنا	دیکھا جسے برنگ دگر ہاتھ مل گیا	"
بحر جہاں ہے دیدہ و دانستہ جوں حباب	با چشم تر گزر جو کیا ہم نے کیا کیا	"
دنیا میں غرض ہیچ ہے یہ زندگی اپنی	جو ہم نے سراغ رہ مقصود نہ پایا	"
کوئی دم تو اور شرط سیر ہستی کر حباب	کوچ کا کیوں ساتھ اپنے خیمہ تو لیکر اٹھا	"
آہ کچھ ہم کو نہ تھی فرصت یکدم کی خبر	اے حباب لب جو تو نے یہ عقدہ کھولا	"
بحر جہاں میں فرصت یک دم نہیں حباب	دل کی شکستگی کا جو کیجے بیاں درست	"
اک دم کی ہے بنیاد حباب لب دریا	ہیہات کہ ہستی کی ہے تعمیر سر دست	"
ہنسے ہے اس لئے اس ہستی موہوم پر اپنی	کہ سیر عالم فانی کی رکھتا ہے طلب اخگر	"
سچ ہے کہ وہ عذاب سے دنیا کے چھٹ گیا	ہستی سے جو عدم کو گیا انتقال کر	"
طرفۃ العین کھلا تجھ سے یہ عقدہ کہ حباب	راہ ملک عدم اتنی نہیں کچھ دور دراز	"
ہو چکی باغ میں بہار افسوس	آہ اے بلبلو ہزار افسوس	"
حباب کا دم ہستی سے ہو وے[3] گیا اخلاص	فنا سے رکھتے ہیں کب بائل بقا اخلاص	"
شمع پروانہ سے کہتی تھی یہ انگشت اٹھا	صبح کو میں ہوں نہ تو یاد رہے رات کی بات	"
نہیں ہے فکر زاد راہ کچھ یاران محفل کو	یہ اس مہمانسرا میں رہ کے صاحب خانہ ہو بیٹھے	"
دل بستگی دل ہے عبث باغ جہاں سے	عقدہ یہ کھلا اب ہمیں غنچہ کی زباں سے	"
فریدوں کوئی یا کہ بہرام ہو گا	ولے گور سے عاقبت کام ہو گا	"
ہوا پر ہے یہ بنیاد مسافر خانہ ہستی	نہ ٹھہرا ہے کوئی یاں اے دل مضطر نہ ٹھہریگا	"
طرفۃ العین کیا بیش نظر تو نے حباب	عقدۂ زندگی و مرگ کو حل دنیا میں	"
بہار و خزاں کو بقا کچھ نہیں	ہے سب کچھ یہاں پر سدا کچھ نہیں	"
دنیا عجب مرحلہ بے ثبات ہے	ہر ذی حیات کو یہاں آخر ممات ہے	نذیر
کسطرح آرام سے بیٹھیں کہ بعد از چند روز	پیش ہے ہم کو سفر اک منزل دشوار کا	نسیم
دار فنا نی مقام لغزش ہے	کوئی اپنا قدم جما نہ سکا	"

دنیائے فانی

جا بیٹھتا تھا [illegible] رہے گئے وہیں — نیر
اس لئے میں یاں آیا تو گھر بنا نہ سکا — نکیر
یا الٰہی [illegible] یا ظلم [illegible] — "
کچھ رہا نہیں جاتا [illegible] اک دم کے لئے [illegible] — "
[illegible] نظر ہیں یاں [illegible] رہنا نہیں کسی کو چلنا ہے سب کو آخر — "
نہ ملک نہ دولت نہ سر انجام رہ گیا — "
آخر وہی اللہ کا اک نام رہ گیا — "
[illegible] سر پڑی تباہی — "
جب [illegible] تاج بادشاہی — "
[illegible] نہ نام رہ گیا — "
آخر وہی اللہ کا اک نام رہ گیا — "
آغاز کسی [illegible] نہ انجام رہ گیا — "
آخر وہی [illegible] صاحب مطلق — "
[illegible] آرام رہ گیا — "
آخر وہی اللہ کا اک نام رہ گیا — "
[illegible] گردش ایام رہ گیا — نیر

[1] رکھتی ہے ١٢ [2] مثل ١٢ [3] ہو ١٢ ، نہ ١٢

دنیائے فانی

آیا جو یاں وہ آخر اس سے عدم کو پہونچا
مدت سے دیکھتا ہوں یہ چال آسمان کی — ہمدم

بحر جہاں میں ہمدم ہم [illegible] حباب [illegible]
کیا آنکھ کھول دیکھیں دم بھی نہ لینے پائے — "

اس بحر موج خیز حوادث میں جوں حباب
[illegible] دم کی نہ مہلت ہوئی ہمیں — "

کھولے تھے آنکھ [illegible] جوں حباب
ہم اس بحر دنیا میں [illegible] الئے
کہ یاں آن کر کوئی دم رہ لئے

دوراندیشی

اسیر کون قیامت کو دور کہتا ہے
کہ [illegible] فنا وعدہ [illegible] بہت — اسیر

کہ [illegible] ہیں الغرض [illegible] سمجھ کر
کل مجمع احباب ہیں تو سو [illegible] سمجھ کر — "

اب بات کی جا ہم نے [illegible] اجل مہلت
کہاں تک شغل عیش و عشرت [illegible] وقت [illegible] — "

جو دم ہے باقی وہ ہے غنیمت خیال [illegible] تعمیر کرنیکا
خرابی ہے ارادہ ہے مکاں تعمیر کرنیکا — آتش

کرو گر تصرف تو کوری منزل اٹھانا ہے
جاؤ گے

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
دنیا میں نہ کوئی خاص نہ کوئی عام رہیگا	نے صاحب مقدور نہ ناکام رہے گا	نظیر
یا سکھ میں یا دکھ میں غرض جاں سے گزر جانا ہی یاں	یاں چار دن کی زندگی آخر کو مر جانا یہاں	"
بسکہ سیلاب فنا دار محن ثابت ہوا	بلبلہ پانی کا یہ چرخ کہن ثابت ہوا	نظم
قسمت میں دہر میں لکھی ہوئی ہے ویرانی	میں نے ہر خاک کے ذرہ میں بیابان دیکھا	"
منزل دنیا میں مسافر جو شام	آکے رہا صبح سفر کر گیا	وقار
بحر ہستی میں رہے شکل حباب	ہر نفس تاراج فرصت ہو گیا	"
آنا روا روی میں پس و پیش ہے لگا	جائیگا کوئی آج اگر کوئی کل گیا	"
عناصر زیر تربت جا کے آپسمیں جدا ہونگے	بھروسا کیا جہاں میں چار دن کی زندگانی کا	واسطی
دم بھر کا ہے قیام یہاں صورت حباب	بحر جہاں میں کوئی رہا بھی تو کیا رہا	"
ہو گئی آنکھوں کو روشن بے ثباتی دہر کی	جو حباب آیا نظر ان کو وہ جام جم ہوا	"
بحر عالم میں نہ دیکھا کبھی عالم کو ثبات	بلبلہ تھا جو یہ پانی کا اٹھا بیٹھ گیا	"
دار فانی میں کہاں مثل شرر ہم کو ثبات	آنکھ کھلتے ہی گزر جائینگے اس محفل سے ہم	"
ٹھہرنا چار دن بھی بحر عالم میں ہوا مشکل	برنگ و بوئے گل ہم اب چمن سے جانیوالے ہیں	"
محیط دہر میں کیا رہرو ملک فنا ٹھہرے	حباب آسا کوئی ساعت جو ٹھہرے بھی تو کیا ٹھہرے	"
دیدۂ غور سے دیکھا تو یہاں کچھ بھی نہیں	نیست ہے نیست ہے ہستی کا نشاں کچھ بھی نہیں	"
کہاں قیام ہے کیسی مقام کی صورت	سرائے دہر میں دو دن کے میہماں ہیں یہ	"
دنیا کو کچھ ثبات نہیں مثل نقش آب	چشم فنا سے دیکھ کہ دریا حباب ہے	وزیر
چھانتا ہے خاک تو کیا گھر بنانے کے لئے	فکر رہنے کی نہ کر آیا ہے جانے کے لئے	"
جور گردوں سے ہی اگر خلق گریزاں ہمدم	جس کو دیکھوں ہو نہیں وہ سوئے عدم بھاگے ہی	ہمدم
نقش بر آب زیست نظر آئے جب کہ ہم	اس بحر سے حباب نمط چھوڑ دم اٹھے	"
بر سر کوچ ہے عالم ہوا اس سے معلوم	ہفت افلاک کی ہے یہ جو گری پال پہ پال	"
قسمت دنیا سے گو آمادہ ہے خوان فلک	کیا ہوں لذت یاب کوئی دم کے ہیں مہمان ہم	"
جو یہاں آیا ہے ہمدم آخر اس کو ہے فنا	بحر عالم کے ہیں سب جاتے ہیں پتلے گل کے گل	"
حیف دنیا کو جو میں رہنے کا مسکن سمجھا	یہ اترنے کی سرا تھی دم مردن سمجھا	"
ہے رنگ و بوئے گل تو فانی لگا نہ دل کو	باغ جہان چشم بینا نہیں خوش آتا	"
ہے بے ثبات جہاں اسمیں کر نہ فکر مکاں	بئے کی طرح گزارا اپنی کاہ کے گھر میں	"
جو کہ دنیا میں ہے آیا وہ عدم ہے ہمدم	دمبدم موت کا پیغام ہے ہم کو تم کو	"
پائداری نہیں اس بحر جہاں میں ہرگز	اے حباب اپنا عبث باندھے ہے گھر پانی میں	"
کون آیا ہے سدا رہنے کو یاں اے ہمدم	چل بسے یار جو ہیں وہ بھی ہیں جانیوالے	"
ہے ایسا گلشن دنیا میں اپنا جلوۂ ہستی	چمک دکھلا بیک چشمک زدن ہو جوں شرر غائب	"
ہمیں جوں شرر ہے مہلت یہاں ایکدم غنیمت	جو ٹک آنکھ کھول دیکھیں یہی جانیں ہم غنیمت	"
تو ڈھونڈھے ہے یہاں دل غافل یہاں کدھر میراث	کہ رہنے کو یہ جہاں کا نہیں ہے گھر میراث	"
سرائے دہر فانی میں ہمیشہ کس کو رہنا ہے	اسے ناداں کہہ محکم جو بے ادراک گھر باندھے	"

لہ دیکھتا ہوں ۱۲

جاؤ گے یاں سے وہاں چاہیے کچھ یاں کا پاس
آغاز سے زیادہ ہے انجام کا خیال
بڑھ چل قدم اٹھا کر دشت جہاں سے ایدل
نقل کو پہچانتے ہیں اصل سے بنیاد بیں
سفر درپیش ہے اٹھئے کمر کو باندھئے حضرت
روتی ہے شبنم چمن میں کس لیئے اے باغباں
ہوتا ہے ارادہ سفر ملک عدم کا
عیش و عشرت میں مجھے رنج و محن یاد آیا
کہے ایک جب سن لے انسان دو
واں یا کوئی دوست نہ ہو یگانہ ہمدم اپنا
کھودی بنیاد مکاں کی تو لحد یاد آئی
جس کو دنیا میں ہے کچھ فکر مآل اندیشی
کام وہ کیجیے کہ آخر کو پشیمانی نہ ہو
اپنی ہستی پہ نہ آئے مجھے رونا کیونکر
غریق بحر ہشیاری کو ہر دم فکر ساماں ہو
ہر بات میں جاہل کی طرح کب ہیں الجھتے
ہے مآل کار کا اندیشہ اب ہر دم مجھے
خرچ زائد اور آمد کم یہ نادانی ہے شوق
کیا دہ دنیا کہ ضرر جس میں ہو عقبیٰ کا شہید
خود نمائی خود پسندی کو ہے رہبر آئینہ
مثل یہ اسے ظفر ہے نکلی ہونٹوں اور چڑھی کوٹھوں
کام کا ہے کو وہ کرے انسان
جو کوئی ہنسنے پہ روتا ہے بہت فہمیدہ ہے
کھلجائے زندگی میں اگر لطف خواب مرگ
بشر کو عاقبت کار کا خیال رہے
قرض کی پیتے تھے مے پر یہ سمجھتے تھے کہ ہاں
الٰہی ان کا کیا انجام ہوگا
ابتک مآل شادی سے آگاہ جو نہیں
انجام پر نظر نہیں ہے جن کو اے فدا
نہیں جو لوگ عاقبت اندیش
خوف گر اعمال تلنے کا ہے اے گویا تجھے
ملبوس نو ہو یا کہن پہنے تو کر یادِ کفن
آسماں روتا ہے اسکے حال پر

آئے ہو واں سے یہاں چاہیے کچھ واں کا لحاظ
پیری کی آرزو ہے زمان شباب میں
سنتے ہیں سو طرح کے اس رہگزر میں کھٹکے
قالب خاکی جو پایا قبر ہم نے یاد کی
اگر دو چار دم ٹھہرے بھی جویا تم تو کیا ٹھہرے
کیا خزاں بھی گل کے ہمراہ رکاب آئینکو ہے
جب دیکھتے ہیں ابلق ایام کی صورت
جوڑا شادی کا جو پہنا تو کفن یاد آیا
کہ حق نے زبان ایک دی کان دو
اپنے اعمال پر اس وقت میں رونا ہوگا
قطع پوشاک کرائی تو کفن یاد آیا
اے سخن اس کو پھر اندیشۂ فردا کیسا
سوچ لینا خوب ہے آغاز میں انجام کا
جب فنا سامنے خورشید کے شبنم ہو جائے
کبھی یاں کشتی مے پر نہ ہم نے بادباں دیکھا
دانا تو بہم کرتے ہیں تدبیر سے تدبیر
بس یہی غم ہے نہیں ہے اور کوئی غم مجھے
اہل دانش پاؤں پھیلاتے ہیں چادر دیکھکر
وہ نہ کر کام ہو جس کام کا انجام قبیح
مرد آخر بیں کو ہے قبر سکندر آئینہ
نہیں کہنے کی جو بات اسکا کہنا کچھ نہیں اچھا
اپنے نزدیک جو برا جانے
رونے پر ہنستا ہے جو وہ کہ زمانہ دیدہ ہے
بدلے مکاں کے چاہیے انساں بنائے گور
بخیر دیکھیے اپنا مآل ہو کہ نہ ہو
رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایکدن
نہیں جو سوچتے سود و زیاں تک
کیا باؤلا ہے مرد نگوڑا بیاہ کا
کرتے ہیں وہ پسند بکھیڑا بیاہ کا
اے فدا ان کی عاقبت معلوم
چاہیے یوں جب ترازو دیکھنا رونا ضرور
کیوں ہے تو محو زیب تن ہو موت کے ساماں میں
جو کہ اپنے حال پر روتا نہیں

اکبر
تسلیم
"
تعشق
جویا
حیرت
"
دلاور
ذوق
سید
سعید
سخن
"
سفیر
شہیدی
شادان
شائق
شوق
شہید
صابر
ظفر
عالم
عاشق
"
"
غالب
فوق
فدا
"
"
گویا
"
"

دُور اندیشی

عطر مٹی کا لگایا چاہیے پوشاک میں
غفلت سے بنا ہے اکدن خاک میں
خاک میں دی ہے خدا نے عقل و دانش
جنہیں دی ہے آج ہی سے فکر کل کی
ہے ان کو تو آخر شب
مسافر چل پڑا جو آخر شب
تو منزل اس کی ہو جاتی ہے ہلکی
نفس کو جتنا منایا اتنی ہی بڑھتی ہے ضد
عقل کی پیروی دل کا منانا چھوڑ دے
سمجھتے ہی نہیں یہ نا سمجھ اتنا وقت
وہی ہستا ہے جو ہر زمانہ کی ادا سمجھے
کیوں زمانہ مقتضی جب ہے
وقت کا جو تقاضا ہے کچھ دیر میں
ٹھیکی عقل ور آتی ہے سمجھ کب تک رہے
خام ہے آتش کباب بیخ میں و درخت
طوفان انقلاب سے بچتے ہیں ہوا کے ساتھ
رخ پھیر لیتے ہیں جلد جو اپنا
بچ رہی ہیں نظر سے اہل کا یہاں
جو بازشوں سے بہت آپ کو بچا کے چلے
وہی تو مرغ چمن میں ہے باغباں ہر کل
قفس کو دیکھ کے جو سوئے آشیاں پھر جائے
دیکھیے

گویا
لا اعلم
"
مجبر
"
"
"
"
"
مصحفی

دیکھیے صبح ہو کیا شام بنے کیا جی پر
وہ ہنسیے سُن کے نالۂ بلبل کا
خزاں کے رُوز کا ہوتا خیال گر دلیں
ہو مفلسی بھی یا د امارت کے سامنے
کس طرح یا الٰہی بسر ہوگی قبر میں
تا حشر ہوگی کس طرح اپنی بسر وہاں
ہے دُور دراز مہر عقبیٰ کا سفر
بھاری ہے بہت ما و منی کی گٹھڑی
جنہیں خبر ہے کہ ہوگی خموش شمع حیات
آتا ہے خوف دل کو مرنے کے بعد کیا ہو
انقلاب دہر کا جس دم مجھے آیا خیال
بُلبل ہے پس موسم گل فصل خزاں بھی
کہہ بیٹھ نہ کچھ جس کا نتیجہ ہو ملامت
رُوتے کا اُسی کو بولتے انسان ہیں ہم

ہم اسی سوچ میں دن رات رہا کرتے ہیں
مجھے رُونا ہے خندۂ گل کا
بہار باغ پہ نازاں نہ باغباں ہوتا
بھولے بشر نہ رنج کو راحت کے سامنے
اپنے سوا وہاں تو کوئی دوسرا نہیں
مرقد میں دوست ہے نہ کوئی غمگسار ہے
کیوں کرٹے ہو گا تجھ سے غافل کیونکر
اور تو نے رکھا ہے اس کو اپنے سر پر
جہاں نہیں رہتے ہیں وہ شور و شر نہیں کرتے
منکر نکیر سے تو اک دن پڑیگا پالا
عیش و عشرت دیکھکر رنج و محن یاد آگیا
اے صحن گلستاں کے گرفتار ذرا سوچ
گفتار کا مضموں دم گفتار ذرا سوچ
نظر آغاز میں کر جو سوانجام چلتا ہے

مصحفی / " / ماہ / مضطر / " / " / مہر / " / " / نواب / وحشت / " / ہمدم

دوست

نہیں ہے اگر تو ہمارا تو کیا ہے
جسے دوست سمجھے تھے دشمن ہے وہ
جسکو پایا اپنے مطلب کا ہی پایا آشنا
داستان یوسفؑ کی سُن لو جا ہو
دیکھا جسے جہاں میں مطلب کا آشنا
یوں تو دنیا میں کیا نہیں ملتا
یہ سخن موج کی زبانی ہے
مصیبت میں جو شخص کام آئے اپنے
ہم اپنا جس کو سمجھے تھا غیر سے بدتر
دوستی اور کسی غرض کے لئے
فراخی و عشرت میں شادی و غم میں
بجا کرتی ہے دونوں ہاتھ سے تالی میاں بیدم
کوئی کسی کا کہیں آشنا نہیں دیکھا
دل سے یاروں کے اٹھ گئی بالکل
دکھ میں سکھ ہو جو یار ہو وے ساتھ
جو دوستی کے پردہ میں اکرتے ہوں دشمنی

زمانہ میں کوئی کسی کا ہوا ہے
نہیں اب ہمیں دوستی کی تلاش
آزمایا خوب ہم نے یار اور غم خوار کو
دوست بھائی کا کوئی بھائی نہیں
رہرو کو بہر سایہ ہے دیوار کی تلاش
پر کوئی باوفا نہیں ملتا
بے غرض آشنا نہیں جاتا
وہی دوست اور وہی آشنا ہے
اور دوست جس کو جانا دشمن تھا وہی جانی
وہ تجارت ہے دوستی ہی نہیں
بہر حال یاروں کے تم یار رہنا
جو ہم کو بھول جائے اُنکو کب ہم یاد کرتے ہیں
سوائے اسکے ان آنکھوں نے کیا نہیں دیکھا
آشنائی و دوستی کی داد
صحبت یار غار ہے نعمت
اس سے کوئی عبث ہو طلبگار دوستی

آصف رح / انجم / " / احسن / اسیر / انور / " / اسد / اخگر / اسمٰعیل / " / بیدم / بیان / تراب / "

دوست

جو رنج و دکھ میں کام آوے
کہتے ہیں اسی کو آشنا خوب
ثابت نہ اس زمانہ میں ہوا یکہ وفادار
کہتے اگر کسی سے ہم اسرار دوستی
جو رنج و دکھ میں حاضر و غائب ہو اک طرح
ملتا اسی کا ہے وہ سزاوار دوستی
نہیں چھوڑیگا مخلص اپنا اخلاص
کرے ہر چند طعن اس پر منافق
مصاحب بہت دیکھے اس وقت میں
نہ پایا کوئی ہم نشیں آشنا
وہی ہمدم ہے اور وہی ہے یار
جو مصاحب دم اخیر کا ہو
[illegible]
کہتے اسی کو یار ہیں ہم وقت امتحان
[illegible]
[illegible]
[illegible]
دوستی کسی کی [illegible] اختلاط
[illegible] کوئی غمخوار
پوچھیگا کون [illegible] تکلیف

ذ ا ب / " / " / " / " / " / " / " / بیدم / " / کوثی

لہ ایدہ ۱۲ سک آسے ۱۲ سکہ ادرہ ۱۲

کوئی کسی کا بعد فنا آشنا نہیں
جیتے جی غمخوار سب ہیں ورنہ مر جانے کے بعد
ہوا کرتے ہیں سب مشتاق بس باتیں بنانے میں
سچ تو یہ ہے کہ کوئی کسی کا نہیں جنون
دوست پایا نہ خویش و بیگانہ
بحر ہستی میں سعیر کی ہر چند
وہی اب بیوفا کہلاتے ہیں جو ہم سے کہتے تھے
کون سب میں ہے ترا چاہنے والا دل سے
غیر کیا سمجھے درد دل کو جلیل
یار صادق ڈھونڈھتے ہو تم جلیل
نہیں لازم ہے وقت بد میں جنوں
کیا بھلا امید نیکی ہو عزیزوں سے ہمیں
ڈوبتے کو بحر غم میں تھامتے ہیں آشنا
دوست کے رنج کا ہو دوست کو کیونکر نہ الم
ہم اے دوست سمجھتے ہیں جسری
کس کے رفیق کس کی محبت کہاں کے دوست
نہ آنکھوں میں مروت ہے نہ ہے خوف خدا دلمیں
حالی سے کام ہے یاں فعلوں سے اسکے کیا کام
دوست ایک عالم کے پر مطلب کے دوست
ہو سکے جہانتک تو اپنے دوستوں کے عیب ڈھانک
اس نے ہم سے چھپا لیا منہ کو
جو کچھ کہ مرے ساتھ کیا دوست نے میرے
دوستوں کی آزمائش وقت بد میں ہو گئی
کس سے جا کر کہیں حقیقت دل
کیا کیجے سخن شکوہ بیداد زمانہ
جہاں میں یار وفادار دوستاں نہ ملا
سب سمجھے تھے جسکو دوست وہ دشمن نظر پڑا
موج دریا کو رواں دیکھکے آگے پیچھے
دوست یک رنگ کہاں ڈھونڈھتے ہو آج سراج
کام آئیں برے وقت میں جو ہیں وہی مخلص
نہ رکھا جگ میں سہم و دوستی اندوہ روزی نے
قبائے دوستی مٹ چاک کر یو[1]
دوست ہو جب برسر پرخاش پھر کیا کیجے

اے بیکسی ترا بھی مجھے آسرا نہیں — تسلیم
کون میرا آشنا ہے کس کے میں یار و نہیں ہوں — "
بہت مشکل ہے سچا دوست ملنا اس زمانے میں — ترجمہ
دم دوستی کا بھرتے ہیں یہ آشنا غلط — جنوں
سب کو سو بار آزما دیکھا — جوش
نہ مگر کوئی آشنا دیکھا
تم ایسے ہو تو ممکن ہے میں ایسا ہو نہیں سکتا — جلیل
صاف کھلجائے اگر غور کرے تو دل میں — "
آشنا جانے آشنا کی چوٹ — "
مشفق من یہ زمانہ اور ہے — "
پرسش حال دوستاں نہ رہے — جنوں
بھائی جب یوسف سے بھائی کو گرادیں چاہ میں — "
دوست ہو جاتے ہیں اکثر قوت بازوئے دوست — جرار
روح کو قید مصیبت ہے گرفتاری دل — "
کام جو وقت ضرورت آئے — جری
مطلب تک کے یار ہیں پھر کس کے یار ہیں — جویا
زباں پر دوستوں کی لذت ظاہر پرستی ہے — حیرت
اچھا ہے یا برا ہے پھر یار ہے ہمارا — حالی
ایسے یاروں سے حذر یار و حذر — "
درحقیقت آشنا کا آشنا ہے پردہ پوش — خوشدل
جسے ہم اپنا آشنا جانے — خاموش
دشمن سے بھی مجھ کو یہ گماں ہو نہیں سکتا — سفیر
چارہ تو ثابت قدم صد شکر دشت میں رہ گئے — "
کوئی یاں درد آشنا ہی نہیں — سخن
ہم نے جسے چاہا وہ ہمارا نہیں ہوتا — "
ملا بھی ماہ لقا ایک مہرباں نہ ملا — سعید
اے دوستو شکایت اغیار ہے عبث — "
آشنایان زمانہ کا چلن یاد آیا — "
رنگ حباب کے ہیں اب تو دگرگوں نکلے — سراج
جاتا نہیں ساتھی کوئی تربت میں کسی کی — "
گزرا تو سے اب باقی رہا ہے ربط پیشانی — سودا
پھٹا دل پھر نہیں ہوتا ہے پیوند — سوز
امر تقدیری میں شکوہ جبر دشمن سے نہیں — شائق

دوست

دل تنگی اے شہید چھوڑ دو
دنیا میں نہیں کوئی کسی کا — شہید
تجھے نگاہ مروت اگر نہیں تو نہ ہو
ہمیں تو مد نظر پاس آشنائی ہے — "
کیا مجھ کو آگاہ عیبوں سے مرے
وہی دوست ہے جو مرا عیب جوئے — شفق
روا ہے تو کہنے کو محبت سب جتاتے ہیں مگر
وقت حاجت دوستوں کی دوستداری دیکھئے — "
دشمن ہوا وہ جان کا کی جس سے دوستی
میں مشکل کسی کا کوئی آشنا نہیں — شمیم
سچ ہے دوست کو لے دل نہ دیکھا
رنج و ملال دوست کو ہرگز روا نہیں — "
آزردگی میں یار کی اپنا نہ پایا
کسی کو ہم نے یاں اپنا نہ پایا
جسے پایا اسے بیگانہ پایا — قطعہ
ہو کیونکہ کسی سے نظر امید محبت
ہم جانتے ہیں جیسے ہیں احباب زمانہ — "
نبی دن نہیں ہوتا کسی کا آشنا کوئی
گرہاں زندگی کے یار اسباب جانی ہیں — نسیم
دکھایا یہ تماشا خوبی قسمت نے ان روزوں
کہ جن کو اپنا سمجھے تھے وہ مطلب آشنا ٹھہرے — ذاکر

مسکم

[1] نہ تہ کرنا

شہر
ہم کو اعدا سے کیا گلہ ہے عزیز
بجز ذات الٰہی کون ہے دنیا میں یار اپنا
دشمنوں میں جو پھنس گئے عاشق

مضطر
دنیا کے دوستوں میں نہیں ہے وفا کی بو
عاشق جو دوستوں کی طبیعت میں ہے فساد
دشمنوں کی تو شکایت کے مزے لوٹتے پر

=
یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح
نہیں ملتا کوئی زمانے میں
امتحاں بارہا یاران زمانہ کا کیا

مصحفی
ایام ساز گار رہیں اغیار یار رہیں
خواہش نہ بر آئی اپنے جی کی
تا کجا کرتے تلاش اے ہم نشیں آفاق میں

مہر
دنیا میں جس کے دوست بہت ہیں عدو ہیں سب
گو زبان عام میں جو آشنا ہے دوست ہے
وسعت اخلاق سے کر سکتے ہیں عالم کو دوست
بارہا آئینۂ ہستی کو دیکھا ہوتے تا ند

=
تذکرہ کیا عکس اصلی کا کہ ہے خواب وخیال
دوست جو ہے اے مرے پیارے وہ برائے نام ہے
درمیاں میں رہتے ہیں جبتک کہ جذبات غرض

=
اب ثناخواں انکے ہیں جن سے پھر اٹکا کوئی کام
مقتضائے دوستی اس عہد میں یہ رہ گیا
دوستی اہل صفا میں ربط قلبی کا ہے نام

[illegible]
بھول جائے عالم ہستی کے جب نقش ونگار
دوستی کو گو کہہ سکتے نہیں کار محال
ادعائے دوستی کرتے نہیں اہل تمیز

=
ہے برابر ہو عرب میں یا عجم میں آئینہ
کیا ہوا محراب مسجد ہو اگر تیا کج

دل سیہ ہے کیا اگر ہو چہرۂ ہندو سفید
کرتے ہیں ہر مکان میں شمس و قمر گذر

پڑتی نہیں گرہ کبھی چینی کے بال میں
وہ آئینہ ہے یہ دل جس میں رنگ و زیب نہیں

چینی کا خمیر اٹھتا ہے چالیس برس میں
بڑھ جائے نور کعبہ جو پوشش سیاہ ہو

دوست دشمن پہ کشادہ ہے در آئینہ
ظاہر ہے یہ کہ آب گہر بے حباب ہے

کھٹک کب چشم آئینہ میں ہو مژگان جوہر سے
کسی کو کام نہیں کچھ صفا گزینی سے

دوست دشمن دونوں یکساں ہیں اگر دل صاف ہے
پانی زمیں پہ جانب پستی روانہ ہے

آب گوہر میں ہے آتش سنگ اور آہن میں ہے
زخمی نہ ہوا موج کی تلوار سے کوئی

اسیر
" (×24)

صفائے باطن

ہیں اسیر ہم تو اسیر پاک طینت
اغیار کو خبث باطنی ہے
جو ہیں اہل صفا کیا کام ہے ان کو تلون سے
کبھی وہ اٹھتی نہ دیکھیں ہم نے موجیں آب گوہر کی
غیر کا احسان اوٹھاتے ہیں کہیں اہل صفا
دل وہ آئینہ ہے جس کو حاجت صیقل نہیں
کام ظاہر سے نہیں کچھ صاف باطن چاہیئے
[illegible]
اہل جوہر کو کدورت سے [illegible] لازم ہے
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

کلفت سے امیر صاف کر دل	یہہ آئینہ ہے جلا کے قابل	امیر
فی المثل آئینہ ساں شفاف جس کا دل نہ ہو	دیکھنے والوں کو تسکیں اس سے کچھ حاصل نہیں	انشا
سب پہ روشن ہی یقیناً کہ بہر صورت ہے	منجلی آئنہ سے اہلِ صفا کا سایہ	"
لغزش نہیں کرتا قدم ارباب صفا کا	انداز و پسندیدہ ہے مردان خدا کا	احمدی
اک قلندر کی پسند آئی مجھے کتنی یہ بات	چار ابرو کی صفا سے دل صفا ہوتا نہیں	آتش
صفائے قلب سے زیر نگیں ہیں بحر و بر دونوں	ملا نہ سکندر کا مجھے آئینہ سازی سے	"
سیاہی دور کر دل کی نوید انورِ عرفاں ہو	سر افعی کو کچلا جس نے مال اُس کا خزانہ ہے	"
زیادہ چشم سے لازم ہے روشنی دل میں	خیال یار ہے اس گھر میں میہماں ہوتا	"
اہل صفا کی قدر نہیں کرتے تیرہ روز	روشن ہے حال آئنہ سے زنگبار کا	"
دیں نہ ارباب صفا ہرگز کسی کے دل کو رنج	گوشۂ دامن سے اسکا جھاڑ کب بلور کا	"
صاف ہو ہرچند بد باطن عزیز دل نہو	کج نما آئنہ ہرگز دل کے قابل نہیں	"
روشندلوں کو بار حوادث سے کیا گزند	صرصر سے گل ہوا نہ چراغ آفتاب کا	امانت
ہیں خرابی سے بری اہلِ صفا زیر فلک	شدت باراں سے کب آئینہ کا گھر گر پڑا	"
صاف ظاہر ہو گیا سرمایۂ زیب و صفا	کیا تعجب ہے جو باطل باصفا ملتا نہیں	"
صورت آئینہ اے انگر رہو ہر اک سی صاف	دامن دل پہ نہ کچھ گرد ملال غم رہے	انگر
صفائے دل ہو تو راز نہاں عیاں دیکھیں	اک آئنہ ہیں طلسمات دو جہاں دیکھیں	انور
کدورت سے جس کا کہ سینہ صفا ہے	وہی باصفا ہے وہی بے ریا ہے	افسوں
منہ کہتا ہے بھلا اور بُرا آئینہ	ہے جہاں صاف دلی بات صفائی ہی	آزاد
حرص دنیا کو کیا جگہ ہو کہ دل	نقد توحید کا خزانہ ہوا	احسن
آدمی جب آئینہ ہے آدمی کے واسطے	ناخوش و خوش ہو جو کیوں مدح و ذم کیا کیجیے	بیخود
مس دل کو کیا ہے صاف جس نے	زر خورشید میں طل جانتا ہے	بحر
ہے سزاوار زیارت جو صفا پیدا کرے	خلقت آئینہ کچھ کعبہ کے پتھر سے نہیں	"
حاصل صفائے قلب ہوئی کسر نفس سے	میں خاک ہو کے عرش خدا کی ضیا ہوا	"
صفائے قلب سے حاصل ہو ہم کو سلطنت جم کی	کہ گھر بیٹھے ہے آئینہ حقیقت سارے عالم کی	بشیر
بیش روشن طبع سائل کیوں نہ مالا مال ہو	مہر تاباں رفع کرتا ہے قمر کی احتیاج	برق
صاف باطن ظاہر بد پر نظر کرتے نہیں	سنگ بھی ہے دیدۂ اہل نظر میں آئنہ	"
مرگ سے غافل نہیں جو شخص ہے روشن ضمیر	صبح کے ڈر سے یہاں شکو نہیں ہوتی ہی شمع	بیان
انسان کو صاف سینہ بے کینہ چاہیئے	منہ دیکھنے کے واسطے آئینہ چاہیئے	پرتو
تہمت آلودگی سے پاک طینت پاک ہیں	چادر آب رواں کو شست و شو سے کیا غرض	تسلیم
عرض سے اے شیخ کعبہ جو ہر دل صاف رکھ	چاہیے جبہ زنگ چاہے جامۂ احرام رنگ	"
حسن باطن کو نہیں پروائے زیب ظاہری	نکہت گل کو نہ اکدن فکر عریانی ہوئی	"
صورت تصویر ہر لوث ہوس سے پاک ہیں	جو جسد جس میں رہے ہم وہ جگر کہتے نہیں	"
عارفوں کے قلب کی کیا بات ہے عرش مجید	اولیاء کا ہر سخن ہے ترجمہ مشکوہ کا	تراب

صفائے باطن

گر آرسی ہو صاف تو چہرہ نظر آئے	تراب
غنچہ چٹکے ہے اس دل میں نہ ہو جس میں کدورت	"
صوفیوں کو تصفیہ دل کا مقدم ہے تراب	"
قلب ہے جس کا ملوث وہ بدن دھوتا ہے کیا	"
بدن کو اپنے سبھی پاک و صاف رکھتے ہیں	"
کیا نہ آئینۂ دل کا تصفیہ تو کیا نہیں کچھ	"
اسے دل میں سوا اس کے نہیں ہے	"
یہاں نازل وہی وارد وہی ہے دیکھے	"
کرے تصفیۂ باطن طریق صوفیہ چاہیے	"
تراب آئینۂ دل پہ جو کوئی لے جلا خدا	"
گر زیارت کر ہمارے دل کی از بہر خدا کو بیت اللہ کی	"
آرزو ہے تجھ کو وہ کدورت ہم گر	"
زاہد اگر آرزو ہے کسی سے پایا کیا صاف	"
نہیں رکھتے ہیں دل صافی کو ہیں پایا زیادہ ہی	"
صوفیوں کے دل سے کیا وہ لوح سادہ ہی	"
صفا میں آرسی صوفی کے دل کہاں وہ کسی طرح	"
کہاں یہ لوح محفوظ اور کہاں روشن ضمیر	"
تاریک اس کی قبر نہ ہوگی کسی طرح	
جس کا خدا کے نور سے روشن ضمیر ہے	
ہے وہی صاحب دل و روشن	
نور حق کا جس کے دل میں بھرا ہے	
حقیقت کو ہر اک	

صفائے باطن

خلاف جبر و شر و بی بہرہ ور دگار ہے [illegible]
دشمن کی بھی طرف سے یہاں لطف [illegible] — سراج
ہاں صفائے قلب میں [illegible] دوستی [illegible]
[illegible] ظلمت کی کثرت دل میں ہو — "
اسے تیر دکھاتی ہے [illegible] بزرگی اپنی
ہاں جلوہ فگن دل میں ہے [illegible] ایمان کی صورت — "
روشندلوں کو [illegible] کدورت [illegible]
دامن اٹھائے خاک میں سب آفتاب کا — سبعہ
روشنی دل کو [illegible]
[illegible] — "
[illegible] نگاہ [illegible]
مثل آئینہ دل [illegible] منعکس — "
[illegible] صورت عرفان [illegible]
جب [illegible] آئینہ دل [illegible] سعید — سعید
صاف آئینہ دل [illegible]
صورت [illegible] — "
اپنے دل میں [illegible]
[illegible] خاطر میں غبار — "
صاف طینت [illegible] دل آئینہ [illegible]

صاف

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
حقیقت کو ہر اک صورت میں ظاہر	سمجھتے ہیں دل آگاہ والے	تراب
سمجھتے ہیں عالم میں صاحبدل خدا والوں کو سب	جان بھی اس دل کو کہیئے جسمیں اس کا نور کا	"
تراب کیوں نہ ہو نور خدا سے روشندل	کہ ہر مکان کو صاحب مکاں سے رونق ہے	"
جو روشندل ہیں اپنے فیض کو مختص نہیں کرتے	ہے سب پر روشنی یکساں چراغ ماہ کامل کی	توفیق
صاف دل نیک و بد خلق نہاں رکھتے ہیں	آئینہ عیب و ہنر سب کا دکھا دیتا ہے	"
قلب تاریک تجلی گہ محبوب غلط	عشق میں شوق ہے خود آرائی کا	ثاقب
نور عرفاں سے دل کو روشن کر	گھر میں اللہ کے چراغ جلا	"
فیض سے روشندلوں کے ہی سیہ دل بہرہ یاب	تیرگی شب کی مٹانے کو جلاتے ہیں چراغ	"
صاف طینت میں اگر زنگ کدورت سے بری	دوست دشمن سے رہا کرتا ہے اکیدل آئینہ	"
صاف باطن کی ضرورت کوئی رک سکتی نہیں	قطرہ پانی کا صدف میں آتے ہی گوہر بنا	"
تیرہ دل فانی ہیں باقی ہیں مگر اہل صفا	آئینہ عالم میں روشن ہے سکندر خاک میں	"
ازل سے جو ہیں روشندل انہیں کیا زنگ کلفت سے	نہیں محتاج صیقل آئینہ مہر درخشاں سے	جوش
تو جو ہے صاف شکل آئینہ	دل میں میرے لیے بھی غبار نہیں	"
عزیز خلق ہونا ہے تو کلفت دور کر دل کی	کہاں محفل کے لائق ہے جو آئینہ مکدر ہے	جرار
نہیں دشمن سے بھی میرے دل شفاف میں کینہ	بدلنے کا نہیں اس آئینہ کو میں سکندر سے	جنون
رہتے ہیں سدا صاف جو ہیں صاف طبیعت	آئینہ کے دل میں کبھی کینہ نہیں آتا	جاہ
جو صاف دل ہیں گرد علائق سے پاک ہیں	کب بہر شوب چادر آب گھر گئی	"
تاریکی خودی نہ رہے تب ہو دل صفا	جب زنگ اڑ گئی تو صفا آئینہ میں ہے	جویا
بت پندار کو توڑو تو ہو دل صاف جلیل	تم خدا خانہ بناؤ اسی بت خانہ میں	جلیل
مثل آئینہ ہے دل صاف تو وہ انساں ہے	ہے زمانہ میں بشر کے لیے جوہر اخلاص	جرأت
ڈھونڈھتا ہے جس کو وہ ہی جلوہ فرما آپ میں	دیکھ لے گر دل کو آئینہ بنا کر آدمی	عقبا
کبھی دشمن سے بھی نہ کھٹکے ہم	صاف تھے آپ سب کو پایا صاف	حالی
اہل صفا جہاں میں مکدر نہ ہو کبھی	تاثیر رد ہے تجربہ کب ہو غبار کی	خلیل
قلب اپنا صاف کر لے سونا روپا ہے یہی	پھینک دے پارس بھی اور اکسیر اپنے ہاتھ سے	خاموش
جو چاہے کہ ہو جائے باطن صفا	تو کر دور آئینہ دل سے زنگ	خوشدل
نہیں مشتاق آئینہ کے وہ جو صاف طینت ہیں	صفا تو عارضی ہے اور کدورت اسکی ذاتی ہے	ودود
اکسیر پہ ہوس آشنا نہ ناز کر	بہتر ہے کیمیا سے دل کا گداز کرنا	"
دل اگر صاف نہ ہو پاک نہ ہو گا انساں	یوں تو ابلیس کو بھی شرط وضو آتی ہے	داغ
جو روشندل ہیں دیکھتے ہیں سب کو ایک آنکھ	روشن ضمیر ملتے ہر اک نیک و بد سے ہے	ذوق
صاف ہو قلب تو خود بینی و نخوت نہ رہے	ظاہر اس شیشہ سے سب عیب و ہنر ہوتا ہے	سخن
کام آب کا لے خاک سے بھی روشنی طبع	آئینہ نے منہ گرد سے عمر بھر دھلایا	"
زنگ آئینہ ہم اور سینہ صاف ہوئے	جو اپنے دل پہ کسی شکل سے غبار آیا	"
نور حق گرد و کدورت سے ہی پاک	روشنی ہے صاف باطن کے لیے	سیاح

صاف ہوجاتا ہے آئینہ کدورت سے مگر
جب کہیں دل میں غبار آیا صفا ہوتا نہیں — شفق

صاف باطن ہیں جو کہہ دیتے ہیں کہتے ہیں وہی
ہم تو ہوجاتے نہیں سہواً بھی ریا کے نزدیک — شایق

سمایا ہے جو خاطر میں خیال ایزد برحق
گزر پھر کیونکہ ہو دل میں مرے وسواس شیطاں کا — ″

دشمنوں سے صاف باطن اور پاتے ہیں فروغ
دشمنی کچھ شمع سے چلتی نہیں گلگیر کی — ″

ہے عمارت کا بنانا دہر فانی میں عبث
چاہیے انسان کو ہر حال میں تعمیر دل — ″

نہیں کینہ ہے دشمن سے بھی اس کو
یہ رکھتا ہے مرا صدق و صفا دل — ″

اٹھا پردہ زمیں سے تا بعرش
دیدۂ دل جب کہ میں نے وا کیا — ″

کر صفا حاصل کہ دل میں جلوہ گر ہوجائے یار
آب میں موجود ہے گو اس سے دور ہے آفتاب — صابر

زنگ دوئی کو دل کی صفا نے مٹا دیا۔
وہ آئینہ ہوں عکس بھی جس کو گراں ہے اب — ″

دل کی صفا ضرور ہوئی خودنمائی کو
بے آئینہ نظر نہیں آتا ہے یار رخ — ″

تیرگی ظاہری کھوئی نہ باطن کا فروغ
نقش کاغذ پر سفید اٹھتا ہے اپنے نام کا — ″

روشن دلوں کو ہو نہ سیہ باطنوں سے رنج
سایہ جلے نہ آتش نخل چنار سے — ″

لوح دل سے کبر و کینہ دھوئے جب
وصل ہے تخم محبت بوئے جب — ″

دل کا آئینہ اگر زنگ گناہ سے پاک ہو
سارے آئینہ سے ہو ظاہر یہ بہتر آئینہ — طاہر

مشتاق دل اہل صفا کا نہیں کوئی
اس آئینہ کا دیکھنے والا نہیں کوئی — ″

نمود اپنی اگر چاہے صفائے قلب پیدا کر
جہاں میں آئینہ سے نام روشن ہے سکندر کا — ″

آبرو پائی تھی کیا میں نے صفائے قلب سے
سینۂ بے کینہ تھا یا آئینہ کا خانہ تھا — ″

دل فقیری سے صفا کر اس سے کیا حاصل اگر
تو نے داڑھی کو بڑھایا یا صفاچٹ کر دیا — ظفر

منہ پہ جو کچھ ہے وہی دل میں ہے
مثل آئینہ باصفا ہیں ہم — ″

خوف کیا روشن دلوں کو خانۂ تاریک سے
قبر میں جاکر چراغ عقل کب گم ہوگیا — عاشق

جن کی طینت پاک ہے دھبا نہیں لگتا انہیں
خاک میں سوتے ہیں پر میلا کفن ہوتا نہیں — ″

کدورت سے صفا سے فرق ہوجاتا ہے رتبہ میں
انہیں بالوں سے بنتے ہیں یہ کملی وہ دوشالہ ہے — ″

جو روشن دل ہیں وہ کب رکھتے ہیں پروائے اموال
دیکھو اپنے گھر میں کچھ رکھتا نہیں زر آئینہ — ″

اللہ رے صاف دل کی ہمارے صفائیاں
جس جا نگاہ کی وہیں جلوہ ہے نور کا — ″

عاشق ہمیں کدورت دنیا سے کیا غرض
رکھتی ہے کام ہم سے صفا اور صفا سے ہم — ″

صاف دل جو نہیں مشکل ہے ہی پانا تیرا
یعنی گمراہ نہ پائے گا ٹھکانا تیرا — ″

حرص دنیائے دنی سے پاک رکھنا چاہیے
یوں تو دل کو سب کہا کرتے ہیں دل اللہ — ″

طینت کی بھی صفا کو ہے صحبت میں کیا اثر
جو اپنا آشنا ہے وہ روشن ضمیر ہے — ″

غیر تو کوئی نہیں پھر کیا ہے یہ ما و منی
ترک کر عاشق اسے دل کی صفا کے واسطے — ″

دل کا آئینہ کدورت سے اگر ہوتا بری
اپنے دشمن کو بھی ہم اپنا برادر جانتے — ″

صاف باطن کے نہیں کھلتے ہنر
آئینہ میں جس طرح جوہر رہے — ″

رو سفیدوں کو بخت سیہ سے ضرر نہیں
گل ہو چراغ من کا نہ مار سیاہ سے — عرش

اے عیش ہے صفائی دل کا یہی طریق
مرغوب دل ہو جو کوئی شے تو اسی کو چھوڑ — عیش

صفائے باطن

صفائے دل، صفائے طینت

[illegible]

صفائے باطن

صفائے قلب پیدا کر کہ آئینہ ہے لا ثانی — مصحفی
اسی میں منعکس ، عکس یار ہوتا ہے
بدی سے کیا ہو نیک طینت کو ضرر ہے محال
زنگ تیرہ رابطہ غلغل سے نہ ہو گا نور کا
اثر کیا خاک ہیں جب اپنا تک آتی ہو پیدا
ملا کیا خاک میں جب دل تو اہل صفا جاتے ہیں — منشی
دیکھو جانے ہیں تو دنیا نے بہا دیا
دل کی صفا کو خواہش دنیا نے ڈبو دیا
تر دامنی نے جامۂ تن سے مٹا دیا — "
دل کی صفا کو حرص و ہوا نے کھو دیا
ہاتھوں سے اپنے کیا دُر شہوار کھو دیا — "
وہ صفا کی نہیں ارباب صفا کے گھر میں
فقر و فنا ہے محبوب خدا کے گھر میں — "
غم جھلکتا نہیں ارباب صفا کے گھر میں
کدورت کو دخل نہیں ہے تمہارے گھر میں — "
تاک باہر ظاہری باطن میں ہے آئینہ دار
خوب احوال دل اہل صفا معلوم ہے — "
دل جو رہتا ہے زمانہ کی کدورت سے بری
آئینہ سے بھی زیادہ وہ صفا ہوتا ہے — "
اپنا کر دو ہوس سے پاک ہے دل
آئینہ ہے سو صفا ہے یہ
دیدار کے

چشم ظاہر سے صفائے باطنی جاتی نہیں
دل نہ ہو صاف تو ظاہر کی فقیری کیا مال
زندگی ہیں کہیں ہوتی جو صفائے باطن
مثال آئینہ ہم سب سے ہیں صاف
دل پاک و صاف ہو تو حسد کیا ضرور ہے
صاف طینت کو نہیں درکار کچھ اپنا عروج
جو کہ روشن دل ہیں ان میں عیب ہی ہوتا نہیں
صاف دل زینت ظاہر کے نہ ہونگے محتاج
ہم صاف دل ہیں صورت آئینہ اے قلق
حال خوب و زشت کہدیتا ہوں منہ پر صاف صاف
آنکھ ہیں روشن دلوں کے شمع بنی ایک ہی
کام کب آئے شب تاریک میں گل کا چراغ
روشن دلوں کو گردش دوراں کیا ہے خوف
ہر آن اس کے سامنے دلبر ہے جلوہ گر
سینہ بے کینہ ہو تو اچھا ہے
کہنا ہوا جو کہدیا رکھتے نہیں کہیں
جو دل ہیں مصفا وہ کدورت نہیں رکھتے
پوچھو یہ نکتہ مرد کامل سے
سات پردوں میں بھی چھپ جاؤگے جا کر جو کہیں
کریں صیقل تو پھر یہ دل مجلا ہو ہی جاتا ہے
تیرگی دل کی صفا کر کے دیکھ
آگیا صاف دل میں عکس دوست
دل کی آتش کو خوب روشن کر
کدورت سے ہوا دل صاف تب آنکھیں کھلیں اپنی
آئینہ خانہ جب اس دل کا مجلا ہو گیا
قلب تیرہ پہ اگر صیقل کریں روشن بنے
حیرت ہو سکندر کو وہ صورت نظر آئے
جہل و پندار سے کہدو کہ نکل جائیں وہ
فلک جس طرح تر ہوتا نہیں ہے ابر باراں سے
ظرف ناپاک ہے تو اس میں ہے ہر شئے ناپاک
جس طرح عرش سے رحمت کے فرشتے اُتریں
انہیں کو ہوتا ہے دیدار یار بے پردہ
دیدار کی اے مہر ہوس بوالہوسی ہے

کب بنام سُرخ سے ہو جاتی ہے تلوار سُرخ — قدر
ناحق آئینہ صفت صاف کرے چار ابرو — "
جانتی چشم لحد آنکھ کا تار اہم کو — "
جو دل میں بات ہے منہ پر وہی ہے — "
جس مئے کو پیجئے وہ شراب طہور ہے — "
آئینہ کے گھر کو دیکھو احتیاج بام کیا — قلق
دیکھ لو دیکھا ہے کس نے جو رشمع طور کا — "
نور آئینہ کا بے خانۂ زر کیا ہوگا — "
سب نیک و بد ہیں ایک ہماری نگاہ میں — "
ہوں وہ آئینہ کہ جس سے ہیں مکدر سیکڑوں — گویا
رشتۂ زنار و سبحہ کعبہ و بتخانہ کے بیچ — لائق
جب تلک روشن نہ ہو لائق ترے دل کا چراغ — "
خورشید کو گھٹا نہیں ماہتاب سے — "
دل کو جو آئینہ کی طرح باصفا رکھے — •
نہیں اچھی ملال کی باتیں — میکش
ہم صاف گو ہیں دل میں چناں و چنیں نہیں — "
آتا نہیں کچھ رنج و محن آئینہ کے اندر — "
راہ کیوں دل کو ہوتی ہے دل سے — "
دیکھ ہی لیں گے گر چشم بصیرت والے — "
اندھیرا ست گیا جب دم اُجالا ہو ہی جاتا ہے — "
چشمۂ آب بقا تجھ میں ہے — "
واہ کیا کہنا اس صفائی کا — "
گر تجھے کچھ فروغ پانا ہے — "
بغل میں ہی چھپا رکھا تھا ہم نے نور کا ٹکڑا — "
دونوں عالم کا تماشا اس میں پیدا ہو گیا — "
ہے ہر ایک انسان کے پوشیدہ تن میں آئینہ — "
آئینہ ہے آئینۂ دل ارباب صفا کا — مہر
خانۂ دل میں میرے صدق و صفا آئی اب — "
دلِ صافی پہ آسکتا نہیں ہے داغ عصیاں کا — "
دل نہیں صاف تو کیا خاک عبادت ہوگی — "
یوں دل پاک میں انوار چلے آتے ہیں — "
دلوں کو صاف جو آئینہ دار کرتے ہیں — "
جب تک دل نا صاف مصفا نہیں ہوتا — "

ذرا زنگ کے صاف طینت نکلتا ہے اور کچھ ہو
میری صفائی باطن کا ہے جواب کہیں
دوست کا چاہیئے ہے باطن صاف
طالب دیدار بننا ہے اگر تو زاہدا
سب مذاہب کی یہی ہے غایت
سمجھو جو دل کو صاف کیا مثل آئینہ
ہو نصیب اس کو نہ کیوں جلوۂ حق اے محبوب
اُسی کا جلوہ نظر آئے جس گھڑی دیکھو
کس طرح سامنے وہ ترے مہ لقا ہے
میٹ کر زنگ دوئی دل کو نہ کیوں صاف کرے
پاک کر غیریت سے دل پہلے
روشن وہ آئینہ دل اہل صفا ہے ماہ
روشندلوں کو تیرہ درونوں سے غرض نہیں
صاف باطن سے نہیں افتادوں کو بھی خوف بیم
ہیں جو روشن دل گوارا کب کریں احسان غیر
پائیں روشندل سے بہرہ ساکن نزدیک و دور
جو ہیں خونخوار ہو ... صفا کی حاصل
جو صاف دل ہیں وہ نہ رہے پیچ و تاب میں
حاصل صفائے دل نہ کبھی بدگہر کو ہو
بہرہ ور روشندلوں سے ہوتے ہیں کل نیک و بد
ضرر کب ہو عدو کی دشمنی سے پاک داماں کو
صاف دل کے آگے رتبہ سربلندوں کا ہے پست
مثال آئینہ جوہر دلا تو پیدا کر
عیب بھی اہل صفا کا کچھ ہنر سے کم نہیں
اذیت شست و شو کی پاک طینت کب اٹھاتے ہیں
پاکان ازل کو نہیں پروائے مزکی
پاک طینت جو کہ ہیں اُن سے تعلق دور ہے
روشندلوں سے رکھتے ہیں نفرت سیاہ کار
پاکبازوں کے سوا کوئی ہو کیونکر کامیاب
آئینہ کو دوست رکھتے ہیں جہاں کے خوب و زشت
بگڑا جب بہر خود بینی دل صاف آئینہ
سیر خشکی و تری گھر میں میسر ہو جائے
لگا نہ خاک سے دامن نہ خاک دامن سے

پانی کھرا جو ہو تو بھر گھر بنتا ہے
جز مجھے ہو جو ٹوٹے دل حباب کہیں
کیا ہے ظاہر میں اگر ہوا اخلاص
صاف کر آئینہ دل سے ریا کے زنگ کو
دل انسان گناہ سے ہو پاک
دونو جہاں کی سیر ہمارے مکاں میں ہے
جس کو معلوم ہے آئینہ بنانا دل کا
رکھو جو دل صفت آئینہ صفا کر کے
جب تک نہ آئینہ ترے دل کا صفا ہے
بنے آئینہ نہ کیوں آپ میں پاؤں تجھکو
کیوں عبث تو مصفائے تن میں ہے
جس کو کبھی نہ ہو گی سکندر کی احتیاج
محتاج آفتاب نہیں ماہتاب کا
جس کو کچھ خطرہ نہیں ہے شعلۂ آواز کا
مہر کا آئینہ کب محتاج ہو سیماب کا
فیض پہنچاتا ہے سب کو گو کہ ہے دور آفتاب
نہیں دیکھا کبھی زنگ رخ بہرام سفید
ہوتی ہے موج بھی کہیں موتی کے آب میں
پیدا نہ ہو گہر بھی خنجر کے آب میں
فیض عالم میں ہے جاری مہر عالمتاب کا
ملوث کب گناہوں سے ہوا دامان مریم کا
آب میں آتا نظر ہے چرخ اخضر زیر پا
کہ سب رکھتے ہیں دنیا میں باصفا اخلاص
کیا ہوا دریا میں موجوں کی جو ہے رفتار کج
مصفا ہر کدورت سے ہے خرقہ آشنائی کا
عیسیٰ کو ضرر کچھ نہ ہوا بے پدری کا
خار سے کیا اُلجھے گوشہ چادر مہتاب کا
مکروہ جیسے وصل کی شب ہے سحر مجھے
یہ در جنت ہے دروازہ ترے گھر کا نہیں
دل ہوا جب صاف بر عالم سے جھگڑا پاک ہے
تھا نہاں اپنی نظر سے میں سو پیدا ہو گیا
دل اگر آئینہ ہو جائے سکندر ہو جائے
صبا کی طرح جہاں سے مرور میں نے کیا

میر
ماہر
مجروح
مسکین
محب
"
محبوب
"
"
"
"
"
نساخ
"
"
"
"
"
"
"
نصیر
"
"
نسیم
ناسخ
"
"
"
"
"
"
نظم

صفائے باطن

جو اہل دل ہیں الگ ہیں وہ اہل ظاہر سے — نظم
نہ میں ہوں شیخ کی جانب نہ برہمن کی طرف
مثل آئینہ ہوں صاف دوست و دشمن سے — واصفی
کسی سے بھی نہیں رکھتا غبار دل میرا
اپنے دشمن سے بھی رکھتا نہیں میں دل میں غبار — "
کس قدر صاف ہے آئینۂ خاطر میرا
آئینہ کی طرح سے جو رکھتے ہیں دل کو صاف — "
ہیں دوست نیک و بد کوئی اُن کا عدو نہیں
حادثات دہر سے بے خوف ہیں اہل صفا — "
سنگ رہ سیل صحرا سختی منزل نہیں
چاہیے صاف طبیعت کو کہ ہم دل ہو عزیز — وقار
بزم ہستی میں بسر آئینہ مانند کرے
جو صفا باطن ہو کیوں دل پر کدورت آئے — "
سینہ بے کینہ میرا آئینہ سا ہے سفید
جلا دینے کا باعث آئینہ کی خاک رہی ہے — "
نمایش سے صفائی قلب کی وقت کدورت میں
ظاہر میں ملاقات ہے باطن میں عداوت — وہبی
دل صاف نہیں ہوتا ہے ارباب دغل کا
دوست دشمن نظر آتے ہیں یکساں — "
جو دل جو ہو جائے صاف کینہ سے
نکال خاطر

صلح کل

کسی کو کر دی کبھی ہم نے
کسی کی کر دی اٹھائی بات
کسی کا عدو نہیں ہے بیباک
کوئی تیرا عدو نہیں کسی سے کینہ میں — انیس
سر بہت رہ صلح کل سے عادت مجھے
دوست دشمن سب ہیں مجھے یکساں ہیں خاک — بیان
خاک کا پتلا ہوں پنہاں مجھ میں نصیر ہم
ہمسر کرتے ہیں مثل عداوت نہیں — تسلیم
کسی سے محبت عداوت بر آب
تو تو کر کے سب اوپر اپنی نظر تنگ تر آب — شاداب
جو کوئی دیکھے مجھے دیدہ بد سے جل جائے
ہم تو بد خواہ نہیں اپنے مخالف کے تر آب
جو بدی ہم سے کرے اس کی خدا اجر سے راہ
ہندوؤں سے ربط رکھتا ہوں مسلمانوں سے راہ
ہیں حقیقت میں ہوں مجھ کو سب کے در و حرم چاہیے
کسی کدورت مجھ کو سب ہیں ایک — تجمل
کر نیک و بد کا سے اللہ خالق
اگر صلح کی ہم میں قابلیت
نہ برباد ہو بھائی بھائی سے اگر — نادر
جو اہل حق ہیں ان کو حق سے کام
نہیں بغض کسی سے بھی بری ہیں
نہیں ہم

نکالِ خاطر فاتر سے جام جم کا غم
صفا کر آئینۂ دل سکندری یہ ہے — ولی

روشندلوں کو ربط نہ ہو سبزہ بخت کو
خفاش دیکھ سکتا ہے نورِ سحر کہاں — ہرچند

سیہ کاروں کی کب چاہیں مدد جو صاف باطن ہیں
کہ روغن کی نہیں حاجت چراغِ ماہ روشن کو — ″

کرتے ہیں دید حق اپنے ہی دل میں جو ہیں روشندل
اس آئینہ میں عکس یار اے غافل نمایاں ہے — ہمدم

روشن دلوں کی ذات سے ہو رونق جہاں
خورشید ہے فلک پہ بروئے زمین چراغ — ″

دل نہ ہو جب تک منور کب مصفا چشم ہو
شمع روشن ہو تو ہو روشنی فانوس کی — ″

ہمدم جو کچھ ہمارے اس دل میں روشنی ہے
آئینہ مہر و مہ کا ایسا ہے کب جلا میں — ″

کدورت دل سے دھوتا جلوہ گر ہو یار کی صورت
خس و خاشاک سے رکھ صاف جوں آئینہ گھر اپنا — ″

بینا اگر ہے چشم تو روشن رکھے ہے دیکھ
ہر آن اپنے جلوہ سے دل کا مکاں مکیں — ″

منظور یار ہمدم بس ایک صفائے دل ہے
جیسا کہ خار خس سے گھر ہوئے رفتہ بہتر — ″

دل کے آئینہ میں یوں اسکی تجلی ہے نمود
صاف ہمدم جوں نظر آتا ہے درپن میں چراغ — ″

ہو نہ کس صورت ہویدا اس پہ حالاتِ جہاں
آئینہ کی شکل یہاں جس کو دل روشن ملا — ″

مصنقلہ کر کہ دل ابھی غافل
آئینہ مثال ہوتا ہے۔ — ″

جوں آئینہ کہیں ہیں منہ پر برا بھلا وہ
جو صاف دل ہیں ان کو کینہ نہیں خوش آتا — ″

روشندلوں کی ذات ہے مانند آفتاب
در کار گور میں نہیں اُن کے شبن چراغ — ″

ہمارا دل وہ آئینہ ہے جس کو
نہیں صیقل سے کچھ حاجت جلا کی — ہزبر

صاف دل جو ہیں رہا کرتے ہیں وہ بیباک ہوش
دیکھ لو محفل میں کرتی ہے کبھی پروانہ شمع — ہوش

ہے مقدر میں تو پڑ جائے گی اس پر بھی نظر
چشم دل چاہیے انسان کو وارہنے دے — ″

بندۂ حق کو خوش آتی ہے صفائی دل کی
زنگ ہر عیب مٹاتی ہے صفائی دل کی — ہنر

بدظنی صاف چھڑاتی ہے صفائی دل کی
دل تو دل جان کو بھاتی ہے صفائی دلکی — ″

دل کو آئینہ بناتی ہے صفائی دل کی
جلوہ نورد کھاتی ہے صفائی دل کی — ″

ان محروم نہیں کوئی جو ہیں روشندل
ذرے بھی مہر کی پرتو سے چمک جاتے ہیں — یکتا

عادو سے بھی ملے تو بے کدورت ہم ملے یکتا
کسی صورت نہ بل آنے دیا آئینۂ دل پر — ″

بری ہیں صاف باطن صاف دنیا کی صعوبت سے
ضرر پہنچا نہیں سکتی کبھی شمشیر پانی پر — ″

زمیں کیا آسماں سے بھی نہیں چھپتے ہیں روشندل
چہارم چرخ پر ہے مہر یہ تو اس کا عالم میں — یم

صلح کل

برائی نہ چاہے بروں سے بنا ہے
اگر ہے تو دنیا میں مشکل یہی ہے — آصف رح

کیسے ناداں ہیں کہ اچھے کو برا کہتے ہیں
ہو برا بھی تو اسے چاہیے اچھا کہنا — امیر

بندگی ہے اپنی سب سے مہرباں ہیں سب کے سب
شیعہ و سنی و صوفی رند دردآشام بھی — انشا

باراں کی طرح لطف و کرم عام کئے جا
آیا ہے جو دنیا میں تو کچھ نام کئے جا — آتش

نہیں کچھ منحصر اچھے بروں پر فیض اچھوں کا	برستا یکساں ہے ابر رحمت باغ وصحرا میں	ثاقب
درخت پُرثمر سے نیک و بد کھاتے ہیں سب میوہ	نہیں رہتا کوئی محروم فیض اہل باطن سے	״
سمجھتے ہیں بڑا ہر ایک کو بندہ ہو یا حر ہو	خدا والے خودی سے دور رہتے ہیں خدائی میں	״
تری آنکھیں نہیں غافل یہ پلّے ہیں ترازو کے	نہ اعلیٰ کو سمجھ بھاری نہ ادنی کو سمجھ ہلکا	״
ہر ایک بزم میں میں شمع بزم ہو کے رہا	ہر ایک باغ میں رہ کر بنا گل بے خار	״
سنبرہ بیگانہ روی سے یا کمال خلق ہے	ہے معطر بوئے گل سے دوست دشمن کا دماغ	״
بہتر میں وہی تو ایک فرقہ جنتی ہوگا	کہ جس نے صلح کل پر اپنے مذہب کی بنا رکھی	״
ظرف اعلیٰ ہے تو ادنیٰ سے بھی ثاقب بھکے چل	کنکری رکھدیتی ہے منکے کو اکثر پھوڑ کر	״
بے خلش ہم نے بسر کی زیست گلشن میں جلیل	ربط گلچین سے تو یارانہ رہا صیاد سے	جلیل
نہ کی وہ بات جس سے سختیاں سہتے رقیبوں کی	سلامت ہم رہے بتیس ۳۲ دانتوں میں زباں ہو کر	״
میں تو دشمن کا بھی دشمن نہیں سچ کہتا ہوں	عمر بھر مجھ کو محبت سے سروکار رہا	جویا
گبر سے رکھہ رام رام اور شیخ صاحب کو سلام	حق نے کھینچی ہے یہ ہر تصویر اپنے ہاتھ سے	خاموش
خورشید وار دیکھتے ہیں سب کو ایک آنکھ	روشن ضمیر ملتے ہر ایک نیک و بد سے ہیں	ذوق
بزرگوں کی آنکھوں سے دیکھو اگر	بد و نیک کوئی نہ آئے نظر	رمز
گورے کالے ہر ایک کے سر پہ	سایۂ آفتاب یکساں ہے	״
صلح کل ہوں دل لگی دونوں سے ہے	بغض مومن سے نہ کچھ کافر سے لاگ	راسخ
راحت مزہ نہیں ہے برائی میں تیہاں	سب کا بھلا ہو اور کسی کا برا نہ ہو	راحت
نیک و بد سے دوستی اپنی بڑھائے صلح کل	خاص بھی جس سے ترے غمخوار ہوں اور عام دوست	سرور
جو کسی کا نہ ہو سخن دشمن	دوست اس کا جہان ہے گویا	سخن
دیکھتا سب ہوں بس ایک نگہ سے میں سفیر	کم نہیں مردمک چشم سے مردم مجھ کو	سفیر
جنگ ہفتاد و دو ملت کے یہ جھگڑے مٹ جائیں	صلح کل جب ہو موحد اگر انساں ہو جائے	״
یاروں سے بے تکلف اغیار سے تلطف	برتاؤ ہے جہاں میں سب سے برابر اپنا	״
تقوے میں ہم شریک ہیں رندی میں ہم شریک	صحبت سے اپنی کوئی ملول و خجل نہ ہو	شیفتہ
جس بشر کو ہے خداوند جہاں سے اخلاص	اس کو دنیا میں ہے ہر خرد و کلاں سے اخلاص	شائق
صبر اپنی وضع نے ہم کو ملایا خاک میں	سب سے بنھ جائے خیال اس بات کا اکثر رہا	صبر
ہے یہ دنیا میں بزرگوں کی شناخت	چلتے ہیں نیکی کی لاٹھی ٹیک کر	صادر
سب سے الفت سب سے ملت سب سے راضی سب سے میل	حق سے یوں پیوستہ جیسے عشق پیچاں کی بیل	ضمیر
میری نظر میں ایک ہیں کیا دوست کیا عدو	احول نہیں ہوں میں جو مجھے ہو دوئی پسند	طاہر
اس کا رتبہ بہت ہے پیش خدا	جو بروں کو سدا بھلا جانے	عالم
دشمن کا بھی دل در پئے آزار نہ ہوگا	ہم وہ ہیں کہ ہم سے کوئی بیزار نہ ہوگا	عزیز
ہم موحد ہیں ہمارا کیش ہے ترک رسوم	ملتیں جب مٹ گئیں اجزائے ایماں ہوگئیں	غالب
دوست دشمن مجھے یکساں ہیں جہاں میں گویا	نہ کسی سے ہے محبت نہ عداوت میری	فدا
صلح کل کو جب سے ہم رکھتے ہیں دوست	کوئی اپنا دشمن جانی نہیں	فیض

صلح کل

زمانہ میں رہ کر چلو چال ایسی / کہ دشمن کو بھی دوست اپنا بناؤ	ذوق
کفر و دیں ایک ہے سبحہ میں ہے زنار بھی ہے / [illegible]	قدر
[illegible] / صلح کل اختیار کر اے دل	میکش
[illegible]	مہر
[illegible]	محبوب
[illegible]	مضطر
[illegible]	نظیر

ضبط و تحمل

ہے سبحہ سے الفت مجھے زنار سے اخلاص
کوئی ہو کینہ جو اپنے لئے ہے
دلشکن اپنے پرائے کا نہ دنیا میں ہوا
جو کہ کہتے ہیں برا مجھ کو وہ اچھے ہیں وقار
جو کوئی ہر رنگ میں آپس کو شامل کر نہیں گنتے
سب سے رہنا صاف دل یہ کام کم مشکل نہیں
بر آئے سب کی آرزوئے دل خدا کرے
اے شیخ و برہمن حق باطل کی کیا ہے بحث
نیک و بد ہوتے ہی آئے ہیں برا کس کو کہیں
ہو کوئی بادشاہ خواہ گدا
دولت سے اس جہاں کی غنی دل ہیں جو بزرگ

یعنی ہے ہر ایک کا فرو دیندار سے اخلاص
تجھے کیا تو نہ ہو دشمن کسی کا
دوست کے مانند پاس خاطر دشمن کیا
جو برے ہیں میں انہیں کہتا ہوں اچھا بر ملا
ہمیں سب عاقلاں میں انکو عاقل کہ نہیں گنتے
دل سے سب دھو ڈالنا کینہ بہت دشوار ہے
اپنے سے جو برا ہو اس کا بھلا کرے
راہ بتان دروغ نہ راہ خدا دروغ
باغباں پھول جو خوش رو ہیں تو بدخو کانٹے
سب کے سر پر فلک کا سایہ ہے
ان کی نظر میں فرق غریب و امیر کیا

مود
نظم
"
وقار
ولی
ہمدم
"
"
ہوش
یکتا
یم

ضبط و تحمل

حوادث میں کوئی ہوتے ہیں مضطر صاحب تمکیں
غصے کے وقت بھی نہ کسی کو برا کہے
سائل کہے جو سخت تحمل کر اے غنی
جبتک رہا جہاں میں اٹھایا کیا میں رنج
ناگوار اکو جو کرتا ہے گوارا انساں
خدا کا شکر کرتا ہوں کسی سے کچھ نہیں کہتا
دم گھٹ کے نکل جائے تو اچھا ہے نکل جائے
شکر ہے کھل نہ سکا حال کسی پہ میرا
رنج پر رنج سہے اف بھی نہ کی اے ذاکر
وہ کون ہے جو مجھ پہ تاسف نہیں کرتا
ایک دل اور اس پہ اتنے بار غم اللہ رے دل
نہیں اف کرتا ہر گز آفتیں برداشت کرتا ہوں
صابر کو بردبار سمجھ کر نہ چھیڑئیے
اف نہیں کرتے ہم اس محرومیٔ تقدیر پر
لاکھ صدمہ ہوں مگر منہ سے نہ کہنا بہتر
گو میں ستم کشیدہ اذیت رسیدہ ہوں
گر اسکی نہ دورنگی جہاں کی ہم کو
نہ بھاگے عسرت سے امتحاں ہیں وہ عین عشرت ہے اس جہاں میں
ہے اپنا شیوہ خلق سے آئینہ کی مثال

برنگ خس بہا سکتا نہیں سیلاب پتھر کو
لازم ہے اختیار بشر میں زباں رہے
پڑتے ہیں سنگ ہر شجر میوہ دار پر
جو وضع ناگوار ہوی اختیار کی
زہر پی کر مزۂ شیر و شکر لیتا ہے
جو کچھ صدمہ گذرتا ہے گزرتا ہے مرے دل پر
مرجائیں گے اظہار تمنا نہ کریں گے
ہوں وہ مطلب جو نہ آیا کبھی تقریر میں بھی
ہم سا دیکھا ہے جہاں میں کہیں یکتا کوئی
پہ میرا جگر دیکھ کہ میں اف نہیں کرتا
اور اس طاقت پہ ایسا کوئی بے طاقت نہیں
پسند آیا ہے جس دن سے مجھے شیوہ تحمل کا
کہتے ہیں قہر ہوتا ہے غصہ حلیم کا
تا نہ چھائے تیرگی آئینہ تدبیر پر
جو گزر جائے اسے دل ہی پہ سہنا بہتر
رنجیدہ ہوں کسی سے نہ میں اور کبیدہ ہوں
ہمیشہ ابلق ایام زیر ران دیکھا
سنا ہے زندان مومناں میں مزہ ہے کفار کے جناں کا
ہم کو محبت اور عداوت سے کیا غرض

اسیر
"
"
"
آتش
امجد
توفیق
"
ذاکر
ذوق
"
سعید
صابر
عاقل
عالم
عاشق
"
قدر
مضطر

ضبط کرنالوں کو اے بلبل نالاں دم لے
ضبط کر جائے عوض دے نہ برائی کا کبھی
بات انساں جو سنے کانوں سے خاموش رہے
مرد آزاد کو لازم ہے شکایت نہ کرے
ضبط سے خلق میں انسان کی آزادی ہے
ضبط دنیا میں دلیری کا ہے اسم دیگر
ضبط سے قدر ہو انسان کی عالم میں کہیں
ضبط ہے اصل نکو نامی انساں اے دل
ضبط کو کام میں لائے جو بشر خوب ہے یہ
ضبط سے ہوتی ہے انسان کو عزت حاصل
خواہش بد کو نہ انسان جگہ دے دل میں
ہند کے عالموں کا قول یہی ہے ہر دم
ضبط انساں کے ہے چال چلن کی بنیاد
ضبط کو کام میں مردانِ خدا لاتے ہیں
ضبط سے نل کو دوبارہ ہوی شاہی حاصل
ضبط سے بلبل بیتاب گل تر سے ملی
خاک پروانہ ہوا جلکے جو بے ضبط ہوا
زندہ دل ضبط کو ہر کام میں کر جاتے ہیں
ضبط سے ربط بشر کیلئے لازم ہے ہنر

کان پھٹ جائیں گے غنچوں کے فغاں خوب نہیں — ہنر
پہنچے انساں کو جو انساں سے زیاں خوب نہیں — ”
منہ سے کہنا کسی کا رازِ نہاں خوب نہیں — ”
سخن بد ہو اگر وردِ زبان خوب نہیں — ”
ضبط آئے نہ جو غصہ میں تو بربادی ہے — ”
ذاتِ انسان میں جو سچ پوچھو یہی ہے جوہر — ”
یوں تو انسان سے حیوان میں کچھ فرق نہیں — ”
رغبت و حرص و ہوا ہوتی ہے اس سے زائل — ”
نفس زشت کی طاقت گھٹے مرغوب ہے یہ — ”
حسن اخلاق میں ہے ضبط کی عادت داخل — ”
ہوشیاری سے عمل ضبط کا رکھے دل میں — ”
ضبط سے جیتے نفس کو تو وہی ہے رستم — ”
ضبط سے خالقِ عالم کی رہے دل میں یاد — ”
آہ کرتے نہیں ہیں رنج و الم کھاتے ہیں — ”
ضبط ہی سے ہوے یوسف بھی عزیز ہر دل — ”
ضبط سے قمری ناشاد صنوبر سے ملی — ”
چاک سینہ ہوا ناقوس نے نالہ جو کیا — ”
شکوہ کرتے نہیں تکلیف میں مر جاتے ہیں — ”
ضبط سچ پوچھو تو ہے راہِ خدا کا رہبر — ”

ضعف

معذور پیش حق ہے وہ طاقت نہیں جسے
رہتا ہے خشمگیں وہ فقط مجھ نحیف پر
یہ ضعف ہے کہ نکلتی نہیں ہیں اب دل سے
وہ ناتواں ہوں جو لیٹا کبھی میں بستر پر
وہ ناتوان ہوں نکالے جو گھر سے یار مجھے
کس طرح طالب ہوں میں دنیا کے عز و جاہ کا
قضا سر پر نہایت ناتواں ہوں
عہد پیری میں نہ اٹھا ضعف سے دستِ دعا
مری تو سن لے کہ مانند شمع وقت اخیر
قدرت نہ ہم کو آہ کی نے طاقت فغاں
کر دیا ضعف نے عاجز غالب

تکلیف کب ہے شرع کی مردم گیاہ پر — اسیر
گرتا ہے مادہ بھی تو عضو ضعیف پر — ”
کبھی فلک سے بھی اونچی ہماری آہیں تھیں — امیر
گماں ہوا کہ شکن پڑ گئی ہے چادر پر — ”
چلوں وہ چال کہ پہونچوں نہ حشر تک در پر — ”
بوجھ اُوٹھ سکتا ہے کس سے خیمۂ خرگاہ کا — جرار
بھروسہ کیا ہے میرا میں کہاں ہوں — ”
وائے حسرت رائیگاں وقت سحر جاتا رہا — جوش
پگھل چکا ہے سراپا زبان باقی ہے — سودا
نکلے تو کیونکر اپنے دل زار کی ہوس — ”
ننگِ پیری ہے جوانی میری — غالب

ضعف

اے ضعف زرد روئی میں تو نے کیا خفیف
طاقت تھی کہربا کے تنکا اٹھا سکے
مٹ گئے جسم کو جب ضعف روح بھی ہو تو
رہے نہ شہر تو کس طرح شہر یار رہے — نسیم

طمع

خدا کو بھی ہے طمع ناگوار بندوں کی — امیر
سوال جس نے کیا اس کو زیر دست کیا — ”
چڑھ ہے القصہ اپنی اے ارشاد — ارشاد
ہے زمانے میں جس کا نام طمع — احد
برباد ہو گئے طمع مال و زر میں لوگ — ”
قارون کے ساتھ کیا دولت کو دیکھا
جو ہیں طامع انہیں جو سوز غم دولت بیگانگی حاصل
قیدی میں جلن ہوتی ہے زیادہ حرص و غرض سے — اکبر
شباب عمر نے کھویا طمع نے دین لیا
فلک نے ہم سے بڑی نعمتوں کو چھین لیا
عبث حرص و طمع میں مبتلا رہتا ہے اے نادان
پرائے مال و زر پہ منہ میں کیوں پانی بھر آتا — اصغر

تاریخ دین

طمع

دن رات بڑھتی جاتی ہے دولت کی حرص — خلف
آدمی کو بھی ہے کس قدر طمع

اللہ سے [illegible] ذلت و خواری نہ کیجئے حصول — "
ہوگا بغیر [illegible] سوا جو کسب کا نہ ہر طمع

تقدیر سے [illegible] نفس [illegible] طمع — "
ہرگز نہ پیروی [illegible] [illegible] خلق

انسان کو خوار کرتی ہے [illegible] — "
[illegible] قناعت [illegible] نہ کر طمع

جتنا ہے [illegible] نصیب [illegible] — قدر
غافل ہے [illegible] طمع کا کیا مضبوط گھر بنایا

قارون [illegible] — حاتم
[illegible]

[illegible] — گویا
[illegible]

[illegible] — عیب
[illegible] خدمت اہل وطن

[illegible] — منشی
[illegible] طمع

آدمی کو زر [illegible] دست طمع

تابع دین کبھی دولت کا نہ شیدا ہوگا
پیرو شیر خدا کیا سگ دنیا ہوگا — امیر

زمانے بھر میں ہے مشہور حال اخوان یوسف کا
طمع دنیا کی وہ ہے جس سے بازو ٹوٹ جاتے ہیں — "

اہل دولت کی ہوس مرنے پہ بھی جاتی نہیں
غنچہ و گل شاخ سے مٹھی میں لیکر زر گرا — اشک

صاحب اکسیر کو دیکھا فقیر
کیمیا کی آرزو اچھی نہیں — بحر

چربی چھا جاتی ہے آنکھوں میں طمع وہ چیز ہے
گنج زر سر پر اٹھانے کو بنی مزدور شمع — "

اہل طمع کے پاؤں کو چکر ہے کس لئے
تقدیر ہی کا ان کی یہ چکر اگر نہیں — پرتو

جب کیمیا کے شوق نے تاراج کر دیا
دنیا کا سب اثاثہ ہے گویا لنگوٹ میں — "

کس قدر کھاؤ گے خوشخوری میں کیا پاؤ گے
نان و حلوے کی طمع پھر صلاوت ہے عبث — تراب

گنج قاروں کا نہ کام آیا گیا تحت الثریٰ
مال و اسباب بہت حشمت و شوکت ہے عبث — "

گدا سے زیادہ تر محتاج ہیں اس وقت کے اُمرا
کہ ہر صاحب دول کو مبتلائے کیمیا پایا — "

کب تلک زر کے لئے پھرتا رہے گا دربدر
ہے جہاں کی ناخوشی و شادمانی چندروز — "

پھنسے ہیں لذت دنیا میں اہل دنیا یوں
ہو جیسے طعمۂ مردار پہ غراب کا حال — "

مالداروں کو زیادہ ہے طمع دنیا کی
مرد محتاج کو ہے روزی فزا کی تلاش — "

انساں کے دل سے جاتی نہیں کوئی دم طمع
رہتی ہے مثل خوں رگ دل میں ہم طمع — تجمل

طماع کو دکھاتی ہے پہلے بہار عیش
انجام کو دکھاتی ہے رنج و الم طمع — "

قارون ہے اپنے سر پہ خزانہ لئے ہوئے
گو مرگیا مگر نہ گئی ایک دم طمع — "

دولت دنیا کی بیجا ہے ہوس
قبر میں جب ہاتھ خالی جائے گا — "

کچھ اپنے کیسہ میں گو ہم گدا نہیں رکھتے
طمع کسی کی سوائے خدا نہیں رکھتے — جنون

آدمی کچھ غرض سے دیتا ہے
جب اٹھا دے طمع تو پھر کیا ہے — داغ

قرآن اُٹھاتے ہیں طمع زر کے واسطے
دیندار اگر یہی ہیں تو اسلام ہو چکا — رند

طمع دولت کی ہے تاب و تعب مت کھا زمانے سے
ہوس تا نہ جھونکے آگ میں بس زر نہیں ہوتا — سودا

آجائے گر خزانۂ قاروں بھی ہاتھ میں
پوری نہ ہو جہان میں زردار کی طمع — شفق

لالچ ہے بری چیز خبردار ہوشیار
جان اپنی گنواتی ہے مگس میٹھے کی لالچ — شادان

نہ دیکھا کبھی ہم نے طامع کو شاکر
کبھی پیٹ ظالم کا بھرتا نہیں ہے — صبا

دانے کے لالچ سے دیکھا مرغ نے دام قفس
خوان پر گر کر اپنی جان دیتی ہے مگس — طالب

طمع و حرص و ہوس ہیں خالی لفظ
ان سے حاصل ہوا کیا بجز حسرت — عیش

نہ طمع مال ہے ہم کو نہ خواہش جاگیر
ہم آپ زندگی مستعار رکھتے ہیں — عاشق

طلب بھی نہ ملا شہد خوان دنیا سے
ہوئے ذلیل پہ لذت زباں کیا کیا — "

طامع دنیا کو دیکھا ہے نہیں سر خرو
زرد گوں ہوتا ہے چہرہ ایسے دولتخواہ کا — "

دانا تو طمع کا نہ کبھی کام کریں گے
دانہ کو تصور گرہ دام کریں گے — عزیز

پیٹ بھرتے ہی نہیں اہل ہوس کا دیکھا
یہ گڑھا وہ ہے جو پلٹے سے نہیں پٹتا ہے — قلق

طمع بھی کیا بری شے ہے کہ مثل ماہ چند کہیں
گھٹا دیتا ہے غربت کو بڑھا دست حاجت کا — "

غنی ہونے پہ بھی عیب طمع جاتا نہیں ہرگز
دل اہل ہوس پیوند ہے دامان دولت کا — "

دستِ طمع کو توڑ کے مقصد کو کر حصول	دنیائے دوں سے ہاتھ اُٹھا کامیاب ہو	منتہی
آتی نہیں بہار دروں کو نفس پروری	کتّے کو پالتا نہیں جو شیر مرد ہے	منیر
اپنی نظر میں جو طالب دنیا ہے زرِ مرید	اس پیرِ زال پر جو ہو غالب وہ مرد ہے	״
کیا فقر میں گزر ہو چشم طمع سے بغیر	ہے راہ تنگ ایسی جیسے سوئی کا ناکا	میر
آگے کسی کے کیا کریں دستِ طمع دراز	وہ ہاتھ سو گیا ہے سرہانے دھرے دھرے	״
حب دنیا الفت زر دل سے دم بھر کم نہیں	اس پر اے زاہد ارادہ ہے خدا کی یاد کا	نسیم
ہو گئی زر کی جگہ دل میں خرابہ ہو گیا	پیشتر جس جا خزانہ تھا خرابہ ہو گیا	ناسخ
زر کے پیچھے طالب زر ہو رہے ہیں کیا ہلاک	فائدہ کیا نقد جاں دیکر جو کوئی پائے زر	״
خطرے کو حب جاہ کے دل سے نکالئے	یہ بے طرح کا چور ہے گھر میں دھنسا ہوا	نیاز
جو طامع ہیں فراغت ان کو دنیا میں نہ ہو حاصل	امیری میں پہنچ سکتا نہیں ہے کوئی گدائی سے	نساخ
منعموں کا دل طمع سے بھی کبھی خالی ہوا	ربع مسکوں پر قناعت کب ہوئی تیمور کو	״
جو کہ طامع ہو وہ چھانے خاک اے دل دربدر	کس نے دیکھا گھر میں بیٹھے رہتے ہیں سائل کہاں	״
مرد بے پروا ہوں ہے مجھ کو فقیری کا مزہ	ہیں جو طامع اُن کو دنیا کی رہے دولت پسند	واسطی
حال دیکھو صاحب اکسیر کا	خاک چھنواتی ہے دولت کی طمع	״
حال قاروں سن کے یہ ثابت ہوا	باعث آفت ہے دولت کی طمع	״
طمع مال کی سر بسر عیب ہے	خیالات گنجِ نہاں سر سے ٹال	ولی
جذب کرتی ہے زمیں قطرۂ باراں کو مدام	پُر طمع دل نہیں ہوتا کبھی غافل سیراب	ہمدم
زر کی طمع نے سب کا لہو کر دیا سفید	کچھ آج کل عجیب زمانہ کا رنگ ہے	ہزبر

ظاہر و باطن

حال باطن کا عیاں ہو ہے ظاہر اے اسیر	سُرخ آتا ہے نظر شیشۂ مئے گلفام کا	اسیر
ظاہر اگر برا ہو بزرگی میں فرق کیا	مسجودِ خلق کعبہ ہے رختِ سیاہ میں	״
شیشے کی طرح ظاہر و باطن میں نہیں فرق	جو دل میں ہمارے وہی مطلب ہے دہن میں	״
اہل ریا کا ظاہر و باطن کہاں ہے ایک	دلمیں صنم بغل میں کلامِ مجید ہے	״
فروغ ظاہری کو داغ روشندل سمجھتے ہیں	چراغ بادہ اے آتش نہ ہو محتاج روغن کا	آتش
دنیا کے لئے ہیں ہمارے دھندے	ظاہر ظاہر ہیں اور باطن گندے	اسمٰعیل
ہیں صرف زباں سے خدا کے قائل	دل کی پوچھو تو خواہشوں کے بندے	״
باطن کو بھی صورت ظاہر پہ کر قیاس	انگور میں شراب شکر نیشکر میں ہے	״
زبان و دل میں تفاوت جو آدمی کے نہ ہو	صفائی ظاہر و باطن رہے گہر کی طرح	انور
گھر میں تو نہیں بوریا بھی فائدہ کیا شیخ	دروازے پہ لٹکانے سے بانات کا پردہ	بختاور
اہل صورت کو کمال باطنی حاصل کہاں	قابل نشو و نما کب ہے چمن تصویر کا	تسلیم
کم نہیں شیشۂ ساعت سے ابنائے جہاں	صاف ہیں ظاہر میں اڑتی ہے دل باطن میں خاک	״

ظلم

بقدر حال ہیں قوت میں سب غریب آزار — اسیر
دہن کو دانت ملے آسیاب دانہ ہوا
روز ازل سے قسمت ظالم میں ہے زوال — "
کس دن جوان تھا کہ فلک پیر ہو چلا ہے
بس دن ہے مال مفت کھا کر سکندر اعظم — "
سمجھو نہ ظالم سے ایک دن سے فیض کو
کرے ہوگا جسم فن میں موذیوں سے غریب — "
حاجت ہے زنبور سے ہم نے عسل پایا تو غریب
خانۂ زنبور سے ظالم سے ہیں شامل نہیں — "
ظالم اہل ظلم کے ہیں مجرم خانۂ زنبور کا
ہوں غارت گری ممکن کر موذی ہے جہاں — "
لذت سے غم کہاں ابن زنبور کا
زنبیل سے خالی نہ پایا شہد سارا عذاب — "
جو بناوے کبھی ہو بڑا زینہ جو نیاز
جو بڑا ہے معمار سے ہے نہیں قابل جم — "
صاحب ظلم کا افلاس کی عمر باقی ہو
دل ایسے ہی کو تیغ سی ہو بڑی بیت ظالم — "
اپنی ہے بیٹے سے تیغ ہمیشہ سے زنجیر
ٹوٹ دے زمین سے مارنے کی بات نہیں — "
ظالم ہے ظلم فلک دم مارے ہے رضا انداز
رات دن اپنا وظیفہ ہے ظالم کی

باطن کو لوث حرص و ہوا سے تو پاک کر — سعید
ظاہر کی سود مند ولا شست و شو نہیں
ظاہر و باطن رہے انسان کا ہر دم یکساں — سراج
فائدہ کیا صاف منہ پر اور کدورت دل میں ہو
دل میں کچھ ہے زبان پر کچھ ہے — عاشق
ایسی الفت سے ہم کو نفرت ہے
عاشق یہ قول شاعر صادق بیاں ہے سچ — "
جن کے دلوں میں فرق ہے ان کی زبان پر فرق
صاف جوں آئینہ منہ پر کہو جو دل میں ہو — "
پر یہ اچھی نہیں ہر بات میں عیار لپیٹ
ظاہرا صوفی مگر باطن سیاہ — فوق
فوق تیری پارسائی دیکھ لی
ایک ظاہر و باطن ہے ہمارا اے قدر — قدر
چشم بیخواب ملے یا دل بیتاب ہیں
بر میں ہے جبہ و دستار مگر دل میں فریب — محب
دانت کھانے کے ہیں یہ اور وہ دکھانے کیلئے
خس ظاہر پہ شرف رکھتا ہے خس باطن — "
پھل اچھا ہے وہی جس میں خوش آئے گوشت
کیا لباس ظاہری کی اصل یہ بے اصل ہے — مہر
جب طمع اڑ گیا تو صاف تانبا کھل گیا
تم غم کو اپنے پاس پھٹکنے نہ دو کبھی — "
غم کا خیال ہیچ ہے اور غمگسار ہیچ
شخص ظاہر ہیں کا بد باطن کا یہ احوال ہے — منتہی
گھر کے اندر ہے اندھیرا اور باہر سفید
اہل بصر کو جلوۂ خالق یہ ہے نظر — مصحفی
صورت پرست محو تماشائے خلق ہے
خدا دیتا نہیں انساں کو حسن ظاہر و باطن — مضطر
بری ہوتی ہے سیرت جنکی صورت اچھی ہوتی ہے
صاحب معنی سے کیا صورت پرستوں کو مثال — مسکین
شیر قالیں اور ہے شیر نیستاں اور ہے
شیشۂ ساعت کی صورت منہ پہ ملتے ہیں حسود — "
ہے کدورت دل میں گو ظاہر میں ہیں بسیار صاف
جو آدمی ہے ظاہر و باطن میں فرق ہے — ناسخ
خوبرو نہیں وہ کبھی زشت خو نہیں
خوار جو ظاہر میں ہیں ان کو حقارت سے نہ دیکھ — "
کیمیا گر پھرتے ہیں اکثر گدا کے بھیس میں
صورت نے کبھی غیبت میں دم نہ ماریں گے — نسیم
صاف جو ہوگا دل کا وہ کہے گا منہ پر
ٹیم ٹام آئینہ کی جو ہے وہ سب منہ پر ہے — وقار
عالم ٹھو کے سوا گھر میں مگر کچھ بھی نہیں

ظُلم

غم کسی کو نیش زن کے مرگ کا ہوتا نہیں — اسیر
کون روتا ہے جہاں میں مردۂ زنبور پر
ارباب ظلم گردش و پستی نصیب ہیں — "
گرداب میں نہنگ تو اژدر ہے غار میں
جو ظالم ہیں جہاں میں پھولتے پھلتے نہیں ہرگز — "
کبھی امید سر سبزی نہیں ہے چوب دار کو
ہیں جو ظالم فتنہ ہو جاتے ہیں افزایش میں اور — "
باڑھ کر دیتی ہے خونریز جہاں تلوار کو
سخت دل کی بعد مرنے کے بھی ہے مٹی خراب — "
کب کفن دیتا ہے کوئی کشتۂ فولاد کو
ظالموں سے نہیں رہتا ہے زمانہ خالی — "
روز جلاد نیا آتا ہے جلاد کے بعد
خونخوار کو عروج ہے ذلت کا سامنا — "
شہ پر کھلے جو باز کی ٹوپی اتر گئی
قدم قدم ہی آتی ہے خاک سے آواز — "
گڑیں گے مجھ میں جو کرتے ہیں پائمال مجھے
موذیوں سے بھی خدا چاہے تو ہو جاتا ہے نفع — "
شہد ملتا ہے جہاں کو خانۂ زنبور سے
سلوک خاک کریں گے بھلا یہ ظلم شعار — "
کسی نے دیکھی ہے کوڑی کٹار سے باہر

ظلم کی قوت بنا دیتی ہے انساں کو شریر
جتنے اہل ظلم ہیں سب ایک ہیں خرد و بزرگ
شریک صحبت ظالم کو خوفِ ظلم نہیں
بیجا ہے اہل ظلم سے امید فیض کی
زیر زمیں بھی ظلم فلک سے نہیں نجات
اوج فلک سفلہ ہے بیداد گروں سے
دیتا ہے ظالموں کو فلک دولت جہاں
یہ زور ظلم نہیں عقل کی ہے کوتاہی
جو سنجیدہ ہیں اون کو کام کیا ایذا رسانی سے
جو رنج دے اسے حاصل ملال ہوتا ہے
رعیت کو ستانا بادشاہوں کو نہیں لازم
نہ دیکھا سخت طینت کو کبھی سرسبز دنیا میں
ظالم کو سعی سے نہیں بحر جہاں میں نفع
پھل کسی ڈھب کا نہ توڑ انشاؔ کسی کو دکھ نہ دے
سایہ میں جس درخت کے آرام پائیے
کہا مان اچھا نہیں ظلم بے جا
ظالم کبھی سرسبز جہاں میں نہ ہوا
کیونکر نہ سر شمع کو کاٹے گلگیر
ظالم ظلم و ستم بہت بے جا ہے
لیتا ہے خدا سخت دلوں سے بدلا
انسان کی زمام ہے خصلت کے ہاتھ میں
بگڑتی ہے جس وقت ظالم کی نیت
یہ ظلم سارے ہیں چند روزہ ہی ایکدن انتقام کا بھی
کہو قاتل سے کہ سر کاٹ کے مغرور نہ ہوں
سخت طینت کے لئے راحت زمانہ میں نہیں
آدمی سنگدلوں پاس نہ حاجت لے جائے
بیدرد ہیں وہ لوگ جلاتے ہیں جو کہ دل
رحم بے رحموں پہ آتا ہے مقام صبر ہے
ظلم کا جن کو علاقہ ہے عجب ان سے نہیں
ظالم جگر جلوں کے تظلم سے خوف کر
دنیا ہی میں نتیجہ ظلم و ستم ہوا
کشت امید سے ظالم کو نہیں کچھ حاصل
کب پھولتا نہیں ہے مال ستمگر کو اور کا

ربط یکاں نے کیا خونریز عالم تیر کو — اسیر
موڑ ہاتھ آیا ہے نیزے کے برابر تیر کو — ״
شکار تیر کسی دن کمان کا زاغ نہ ہو — ״
کوڑی کٹار کی نہیں ملتی فقیر کو — ״
مردوں کی چھاتیوں پہ ہے پتھر دھرے ہوئے — ״
اڑتا ہے یہ پیر اور مریدوں کے پروں سے — ״
بندوق جو جہاں میں ہے صاحب خزانہ ہے — ״
فلک پھرے لئے ہے سدا ناپتا زمین ذرات — ״
کیا حملہ نہ شاہین تر ازو نے کبوتر پر — ״
کہ خار چھبتا ہے جب پائمال ہوتا ہے — ״
جو ہوں صحت سے اعضا روح کو آرام ملتا ہے — ״
شگوفہ پھولنے پاتا نہیں دیوار آہن پر — آتش
ممکن نہیں کباب جو مچھلی کا شست کھائے — ״
تا دعا تجھ کو کریں سب پھول پھل یاں باغ میں — انشاء
کیا ظلم ہے کہ اس کے ہی اثمار توڑیے — ״
ارے دل دکھانا برا ہے کسی کا — انجم
ملتا ہے ضرور نیک و بد کا بدلا — امجد
گردن پہ ہے اس کی خون پروانوں کا — ״
انسان کے لئے نرم دلی زیبا ہے — ״
دُر ہونے سے قطرہ کا جگر سفتہ ہے — ״
اہل جفا کو چین کہاں بے جفا کئے — اسمٰعیل
نہیں کام آتی دلیل اور حجت — ״
آمیر حمام گرم کریں فقیر کا جھونپڑا جلا کر — آمیر
اپنے سر کو بھی تہ خنجر قاتل سمجھیں — ״
چشم بادام آشنا ہوتی نہیں ہے خواب سے — انور
شکم گرسنہ پر باندھے پتھر نیٹھے — بحر
اشکوں سے ہم بجھائیں گے کسی کا جو گھر جلے — ״
میں نہیں کہتا خدا پہنچے مری فریاد کو — ״
جان عالم زر ستانی کے عوض میں کھینچ لیں — ״
گلخن دہان داغ ہے شعلہ زبان داغ — ״
پتھر کے بن گئے یہ بتوں کا جنم ہوا — ״
خرمن ماہ سے کب چرخ نے دانہ پایا — برق
بیکار زیر چرخ غذا آسیا کی ہے — ״

ظلم

یہ جو پروانہ کو مار کر کوئی پتا ہے کنگار — بیان
رو سیاہی اپنی رو رو کر عبث دھوتی ہے شمع
ظالم کو دل آزاری سے ہر دم ہے سروکار — پرتو
بے رحم کبھی رحم نہیں کرتے نظر پر
جو معاون ظالموں کا ہے اسے راحت نہیں — ״
تیز ہوتی ہے چھری تنگ فساں گردش میں — نسیم
اوج سے اپنے پشیمان رہتے ہیں بیداد گر
سر نگوں پایا ہمیشہ چرخ بے بنیاد کا — ״
ستمگر کو نہ دیکھا پھولتے پھلتے زمانہ میں
ہمیشہ بے ثمر شاخ کمان و تیر ہوتی ہے — ״
ستمگر داشتہ دل سے سدا محروم رہتے ہیں
نہ پھولا باغ عالم میں کسی دن غنچہ پیکاں کا — ״
ظالم نہ دیکھے دہر میں ہم نے کبھی نہال
ہنستے ہی رہتے ہیں لب سوفار رات دن — نوبتی
دیتی ہے تکلیف ظاہر کو بھی آزار کی
اشک خوں روتی ہیں آنکھیں بارہا تلوار کی — ثاقب
موذیوں سے ہو اگر اپنوں کو بھی راحت نصیب
بچہ عقرب نہ نکلے رحم مادر پھاڑ کر — ״
قید سے ظالم بھی کب آزاد ہے
دام فکر صید خود صیاد ہے — ظلم داراً

لے بھرتا ہی۔

ظلم

ہرگز نہ ہوئے سخت طبیعت سے نتیجہ
سرسبز نہ ہو خاک میں زنجیر کا دانہ — مصحفی

کرتا ہے جو پلید غریبوں پہ جور و ظلم
بیٹھے ہی جی وہ موذی و شیطان ہو گیا — محب

منعم نے بنا ظلم کی رکھ کر گھر تو بنایا
پر آپ کوئی رات ہی مہمان رہے گا — میر

پودا ستم کا جس نے اس باغ میں لگایا
اپنے کیے کا ثمرہ اس نے شتاب پایا — ،،

ڈر ظلم سے کہ اس کی جزا بس شتاب ہے
آیا عمل میں یاں کہ مکافات ہو گئی — آہ

ستاتا ہے جو اوروں کو وہ خود گردش میں رہتا ہے
نہیں پوشیدہ ہے یہ رنگ فلاخن کا — مضطر

کسی کے حال پر ستم تو نہ کر ڈر ستمگر خدا سے
کہ دو چار دن ہی میں مکافات والے — ناسخ

کیوں ستاتا ہے ہم غریبوں کو
ارے ظالم ذرا خدا سے ڈر — نظامی

چشم دل کو ظلم کی عادت بنا دیتی ہے کور
دیکھ بینائی نہیں ہے دیدۂ سوفار میں — نیر

پیش جاتی نہیں ہرگز کوئی تدبیر ظلم
کام جب آن پڑا ہے زبردستوں سے
بے چوں و

ظُلم دارا پہ نہ کرتا تو سکندر ہرگز
زیرِ دستوں پر تعدی ظلم ہے اپنے لئے
عمر ظالم کی کم نہیں ہوتی
اتنا تو اے فلک ہو کہ وہ ہاتھ ٹوٹ جائیں
یہ سچ ہے جو کسی کا دِل جلاؤ سے[1]
بے درد ہیں جو درد کسی کا نہیں رکھتے
کب اپنے ظلم سے ظالم امان پاتا ہے
غریبوں پر نہ کیجئے جور گر خوف خدا بھی ہے
ظالم کو نہیں ملتا ہے آرام جہاں میں
ظالم جو ہے کبھی نہ کبھی نامراد ہو
ظالم اپنی سختیوں سے آپ اُٹھاتا ہے شکست
بزم عالم میں نہ ہو ظلم سے زینت ای شمع
وبال جان ظالم عاقبت ہے فعل ظالم کا
ظالم کو خدا نے نہ دیا ظرف حیا کا
وضع ظالم کی درستی ہے اجل کا دھوکا
آفت قہر الٰہی سے بھی ڈرا اے غافل
توانائی نہیں اس میں ستائے ناتوانوں
جو کہ ظالم ہیں سزائے ظلم سے بچتے نہیں
ظالم کو نہیں حاجت اسباب ستم کچھ
جو ظالم ہیں ہمیشہ نطق سے بے بہرہ رہتے ہیں
چار دن زیست کے بے لطف نہ کر اے ظالم
ظالم نہ اختیار پہ مغرور ہو کبھی
ڈرتے رہو شکستہ دلوں کے ستانے سے
خاک میں مجھ کو ملا کر بچ رہے گا کیا فلک
ثمرۂ عشرت سے ہیں محروم خونخواران دہر
دل کسی کا دکھے نہ کر وہ بات
دِل کے دُکھانے کا ہے نتیجہ بہت بُرا
خوش نہ ہو او حرام خور اصلا
پسے ہیں خاک نشیں اہل اوج کے ہاتھوں
آتی ہے سنگ دلوں کو کب کڑی باتوں کی تاب
پامالوں سے ہے رتبۂ ظالم یہاں بلند
اے سنگدل تو خوف کر و گھر ہے خدا کا
ہم اپنی خود نہیں حالت تباہ کرتے ہیں

تشنہ لب چشمۂ حیواں سے نہ آتا واپس
میں پریشان ہوں تو کیا افلاک سرگرداں نہیں
فرق آتا نہ چرخ گرداں میں
جو پھول توڑتے ہیں عنادل کے سامنے
وہ دل ہی دل میں داغ اس کا اٹھائیں[2]
ایسے بھی ہیں یارب کہ تمنا نہیں رکھتے
ستم سے رہتا ہے کب صاحب ستم محفوظ
مجھے ڈر ہے کسی دل سے مبادا بد دعا نکلے
چکر میں سدا چرخ جفا کار ہے دن رات
ہوتا نہال ظلم کبھی بار ور نہیں
ٹوٹنے کا خوف ہے فولاد کی شمشیر میں
سُرخ ہوتا دہن غنچہ گلگیر نہیں
ستم ضحاک کا باعث ہی اقبال فریدوں کا
دیکھو نہیں رکھتا ہے شکم جیم جفا کا
مانع ظلم کبھی راستی تیر نہیں
ناتواں کو نہ دے رنج توانائی میں
کسی ذی روح کی بے جاں نہیں یہ کام انساں کا
شمع کا سر کاٹ کر کالا ہے منہ گلگیر کا
محتاج فسان کی نہیں شمشیر نظر ہے
زبان تو ہے نہیں گویائی پر خار بیاباں میں
کون دنیا میں سدا آیا ہے رہ جانے کو
کیا چار دن رہی جو حکومت یزید کی
دِل اِس صدا سے ہلتا ہے عرش عظیم کا
ایک دن ظالم سزا اپنے کئے کی پائے گا
سبز کب بادِ بہاری سے درخت دار ہو
کام کی بات ہے تو بات ہے یہ
ظالم صدا نہیں ہے خدا کی جریب میں
ظلم کا مال جمع کر کر کے
زمین نشانہ ہے آفات آسمانی کی
جو کہو وہ کوہ سے پھر کر ملے الٹا جواب
دیکھو زمین پست ہے اور آسماں بلند
اچھا نہیں گر تم نے دُکھایا مرے دل کو
کوئی ستاتا ہے تب آہ آہ کرتے ہیں

ثاقب، جویا، ،، ، جلیل، حسن، داغ، سرور، سوز، شہید، شیر، صابر، ،، ، ،، ، ،، ، ،، ، عرش، عیش، عاقل، ،، ، ،، ، عالم، عاشق، ،، ، غافل، فیض، ،، ، فدا، ،، ، قدر، ،، ، ،، ، مسکین، ،،

۱؎ جلائے ۲؎ اٹھائے۔

بے جرم و خطا جس ظالم نے مظلوم ذبح کر ڈالا ہے	اس ظالم کے بھی لہو[1] کا پھر بہتا ندی نالا ہے	نظم
جو نازاں مردم آزاری پہ ہو اس کو یہ دو مژدہ	اجارہ چیونٹیوں کو مل گیا گور کہن کا	ناسخ
سخت دل جو ہیں انہیں محروم رکھتا ہے فلک	بیضۂ فولاد سے بچہ کہاں پیدا ہوا	"
خار خونخوار ہیں باغ جہاں میں ہم نصیب	موسم گل میں شگفتہ غنچۂ پیکاں نہیں	"
ہو خاک کوئی منعم ظالم سے منتفع	حلقوم آب تیغ سے ہوتا ہے تر کہاں	"
فیض ظالم سے نہیں پایا کسی نے غیر ظلم	آب دہقاں سے بھلا کیا کشت دہقاں سبز ہو	"
ہے بکو کاری عبث اے بانیٔ بنیاد ظلم	فائدہ حجاج کو کیا کعبہ کی تعمیر سے	"
اے شیخ دگبر سبحہ و زنار توڑیے	پر دل کسی بشر کا نہ زنہار توڑیے	"
اہل ستم ستم سے نہ باز آئیں گے کبھی	خونخوار یاں ہیں صورت شمشیر دم کیساتھ	"
مردم خونخوار ہیں کیا مال پیش اغنیا	قدر لوہے کی بھلا ہو خاک زر کے سامنے	"
ہیں جوانی میں جو ظالم ہو گئے ظلم پیری میں	کوئی جز مار کہن سال اژدہا ہوتا نہیں	"
جہاں میں سنگدل سے ہوتی ہے راحت کسی حاصل	نہ ہووے تشنہ لب سیراب ہرگز آب آہن سے	نساخ
سنگدل سے رفع ہووے کیا کسی کی احتیاج	کار سیم و زر نکلتا ہے کہاں فولاد سے	"
جہاں میں سنگدل سے ہوتی ہے راحت کسے حاصل	کہ دفع تشنگی کا کب اثر ہے آب آہن میں	"
زنہار جور پیشہ نہ ہو اے ستمگرو	سمجھو کہ ایک روز پئے زینہار ہے	نشاط
دیکھ لے گلزار عالم میں ہے کم ظالم کو عیش	پھول کتنے ہیں سپر میں ایک پھل تلوار میں	وزیر
جہاں فروغ ہے وہاں موذیوں کو دخل نہیں	نہیں ہے چشمۂ پر نور آفتاب میں سانپ	"
حق پرستی کا اگر ہے دعوے	بے گناہوں کو ستایا نہ کرو	ولی
ہم تو چیونٹی کو بھی تکلیف نہ دیں تا مقدور	کون وہ لوگ ہیں جو دل کو دکھا دیتے ہیں	وہبی
ظلم پوشیدہ ہے اس کا جس کو حاصل ہے فروغ	ایک دن دیکھا نہ آغوش فلک میں تیر کو	ہوش
اٹھا کے سر جو چلے دہر میں ستم پیشہ	فلک کی طرح نہ کیونکر وہ شرمسار رہے	"
ظلم جو کرتا ہے عالم میں وہ ہوتا ہے ذلیل	خم نہ پائے شمع پر کیونکر سر گلگیر ہو	"
جتنے ظالم ہیں شعار ان کا ہے عالم میں نفاق	ہم جدا پاتے ہیں عالم میں حروف دار کو	"
سمجھ لے خانۂ ظالم خراب ہے آخر	بدی ہی کرتے ہیں مذکور ظالموں کے بعد	ہمدم
ظلم پر باندھی جس انساں نے کمر	عہد میں اس کے ہو کوئی شاد کیا	یکتا

عاجزی

توبہ نیاز مند سے کب عذر ہو سکے	اے بے نیاز سے سر تسلیم خم ہوا	آصف جاہ
تری کنہ حقیقت کو نہ پہنچا	مقدر سے سوا ہے نارسا دل	"
پسیجے گا دشمن سے دشمن کا دل بھی	کرے منتیں گر کوئی پاؤں پڑ کر	اشک
عجز بندوں کا کیوں پسند نہ ہو	کہ یہی تو خدا کے گھر میں نہیں	امیر
خدا بھی عاجزوں کی عاجزی سنتا ہے محشر میں	بڑی سرکار میں دربار میں یہ عذر چلتا ہے	

عاجزی

کی عاجزی جو ہم نے گئی سرکشی نفس / یہ دیو اس لباس میں تسخیر ہو گیا	ابر
غرور و عجز میں صاحب کمال ہوتا تھا / جو بڑھ کے بدر تو گھٹ کر ہلال ہوتا تھا	"
عبودیت انساں کا ہے کمال / کہ حق بندگی کا ہے عجز و نیاز	شراب
تراب آدمی کی صفت عجز ہے / نہ کرنا کبھی کبریائی کی بات	"
سر کا جھکانا داخل طاعت ہے / دیکھو رکوع کو کہ شریک نماز ہے	توفیق
قدرتی ہے ابروئے تسلیم کی مثل خم / ہنر کوئی نہیں	نسیم
ذرہ ایسا بے حقیقت ہے مگر کچھ ہراس نہیں	ثاقب
نہیں ہے دولت دنیا تو کچھ ہراس نہیں / ہمارے پاس وہ ہے جو خدا کے پاس نہیں	جلیل
کمال شکر کی جا ہے کہ ہے کمال ہمیں / کہاں مایۂ ناز و غرور ہوتا ہے	جلال
اہل نخوت سے یہ بولی عاجزی / مدعی تیرا ہے دعوی چند روز	یونس
وہی ہے اہل تواضع جو ہے سبب بھی جھکے / وگرنہ یوں تو ہے خم ہر گل بار وراں کی شاخ / ہر حال میں	

[1] لہو

عاجزی

مضطر کو ہے عنایت خالق کا آسرا
ہوگا کبھی تو خوبیٔ کردار پہ گھمنڈ
ہو تو اپنے شمار کن میں ہو
عیب آئے نہ کچھ ہنر آ سکے
قریب آگئی کوئی دل شکستہ سے
عجیب کام دیا دل کی انکساری نے
ہے کام ناریوں کا بیاں کرنا سرکشی
پتلے ہیں خاک کے ہمیں زیبا نہیں گھمنڈ
مثالِ خاک ہو پامال راہِ خلق اے صبر
رکھے ہے دل میں اگر قصد سرفرازی کا
وقار عیب کو اپنے ہنر کے تو رکھ
ہیں وہ نہیں ہوں کہ ہوں نقص کمال اپنا
سر جھکا تو بھی تواضع کو ذرا کچھ سرکشی
قلم ہوا ہے قلم تواضع کے لئے محراب کا
اسے ہوش ہے یہ ہم سے نہ بے ابتہ عمل
اک بندۂ ذلیل ہوں میں بے نیاز کا
دکھائی مجھ کو میری عاجزی نے خوبی شہرت ہی
تو تاج خاک ری زینت افزا ہوگئی سر کا
ہے کار عقل خاک نشینی جہان میں
ثابت اسی دلیل سے ہیں ہوش نقش پا

عبادت

مضطر
"
"
"
"
صبر
ہاتف
ہوش
"
"

ہر حال میں ہے باعث عزت فروتنی
بندوں کے حرف عجز ہیں اللہ کو پسند
کمال ہوتا ہے ہر ایک کو عاجزی سے حصول
عجز و نیاز کا ہے کیا شیوہ اختیار
خدا کا رستہ چلو صفا ہے اوبے سر کو جھکا جھکا کر
عاجزی اہلِ ریاضت کی خدا کو ہے پسند
گرہ کشودِ کارِ جہاں کیا بعید ہے
چاہیے سب سے عجز اے سید
ششدر رہوں امتیاز و خطا و صواب میں
انہیں کی آبرو ہے جن کا ہے افتادگی شیوہ
محقق اگر علم حق کا ہے تو
جو بندے خاص ہیں تیری زباں پر انکی جاری ہے
سب کا نیازمند ہوں مجھ کو نہیں غرور
داورِ محشر نے پوچھا بھی نہ روزِ بازپرس
زر مجھ کو ملے لاکھ گلستاں جہاں میں
افتادگی سے خاک کو حاصل ہوا سکوں
ہم بتا دیں تم کو کیا ہے عز و شانِ عاجزی
جس میں ہوگی عاجزی ہوگا وہی ہر دلعزیز
ہے شرافت جبین کرتا ہے وہی اس کو پسند
دوستانِ حق نے رکھا ہے اسے دل سے عزیز
اس گلستاں میں ہمیشہ رہتی ہے فصلِ بہار
ایک دن یہ اوج پر پہونچائے گی بیشک تمہیں
نہ چھوڑو عاجزی کو زندگی تک اپنی تم عاجز
عاشق امید عفو کی ہے انکسار سے
عاشق جھکائے رکھیو جبینِ نیاز کو
بر لا مرادِ بخشش عاصی کی اے خدا
گرچہ ہم نہیں قابل تری رعایت کے
جھک کے ہر ایک سے ملے کام میں ہر ایک کے آئے
فوراً دعا قبول ہوئی اضطراب میں
شیوۂ عاجزی نہ چھوڑ اے فیض
حد سے بڑھ کر عجز بھی کرتا ہے انسان کو خراب
جو چاہے رحمتِ حق عجز کر شعار اپنا
جھکے رہنے سے گردوں کے کجی گردوں کی ظاہر ہے

پھولے وہی شجر جو خزاں میں قلم ہوئے
مجرم جو منفعل ہو خطا کچھ نہ پوچھئے
جبیں پہ ماہ کی ہے داغ جبہ سائی کا
جب سے نشان ہم نے خودی کا مٹا دیا
ہو گئی سل بھی جو پھر کاسہ سر اندر کوئی — نجیب

ہمدم

ذرا عبرت سے نقصان و کمال ماہ کو دیکھو / جو پہلے سر پہ چڑھتے تھے وہ اب ڈھل کر نکلتے ہیں — نظم
گلستاں ہو کہ خارستاں یہ دونوں جائے عبرت ہیں / یہ مقتل نیزہ بازوں کا وہ مدفن تاجداروں کا — "
ہوا میں ان کے ذرے ہوں تو ہوں جو نامور گزرے / پتہ روئے زمیں پہ تو نہیں ملتا مزاروں کا — "
ذرا سن تو سہی کیا شور ہے شہر خموشاں میں / جو غافل ہیں یہاں آکر سبق لیتے ہیں عبرت کا — "
کل تلک منہ ڈھانک کر سوتے ہیں دم گھٹتا تھا جنکا / آج داماں کفن منہ پر ہے دہرایا ہوا — "
یہ اڑ کے تاج سلیماں سے خاک کہتی ہے / بسیرا اب سر بال طیور میں نے کیا — "
عبرت مجھے ہوتی ہے پلٹنے پہ صدا کے / اک بات اٹھاتا نہیں کہسار کسی کی — "
کوئی خبر نہیں دیتا ہے خاک جم کی مجھے / میں خشت گر سے کبھی کوزہ گر سے پوچھتا ہوں — "
لحد میں مال و زر کچھ کام آئیگا نہ منعم کے / جسے خود کھود کر گاڑا ہو امید اس سے کیا رکھے — "
گواہی دیرہے ہیں روز محشر دست و پا میرے / یہ حال اپنوں کا ہے غیروں سے پھر امید کیا رکھے — "
شاہان سرفراز کا آنا تو ہے نشاں / کچھ گرد آسماں پہ چھائی ہوئی تو ہے — "
مت نظر کر نشاط دوراں پر / وا اگر تیری چشم عبرت ہے — نشاط
عبرت کی جا ہے دیکھ ذرا آنکھ کھول کر / آخر کہاں وہ اپنے پرائے چلے گئے — نواب
گر تو مرتا ہے تو بیکار ہے یہ دولت و جاہ / دیکھ دنیا سے گیا لے کے سکندر کچھ بھی — "
کل تک جو شمع محفل عیش و نشاط تھے / جلتا نہیں چراغ ہے آج ان کی گور پر — نسیم
نازاں نہ تخت و تاج و علم پہ ہوں بادشاہ / مٹ جائیں گے تمام یہ نقش و نگار عمر — واسطی
فلک شکوہ بناتے تھے یاں جو قصر بلند / یہ مٹ گئے کہ نشان مزار تک نہ رہا — "
اعضا دکاں کے خاک کے نیچے نہیں نشاں / رکھتے نہ تھے قدم جو تکبر زمین پر — "
چشم عبرت سے زمانے کا تماشا کرلے / پھر ہے اے راہرو منزل فانی سونا — "
جن امیروں کو بڑا طبل و علم پہ تھا غرور / مٹ گئے ایسے کہ اب طبل و نشاں کچھ بھی نہیں — "
ہوئی عبرت مجھے دیکھی جو سحر شبنم کو / مٹ گیا جو جو کہ گلشن ایجاد آیا — "
جہاں یہ واسطی عبرت کدہ ہے / تماشا جمگھٹا میلا نہ سمجھو — "
مسند ہے نہ تکیہ نہ مسہری نہ بچھونا / انجام تہہ خاک ہے یہ اہل دول کا — واہی
بناتے ہیں عبث منعم عمارت دہر فانی میں / کہاں ایوان جمشیدی کہاں قصر فریدوں ہے — "
نام آور جتنے تھے وہ خاک میں سب مل گئے / بہر عبرت ٹوٹی پھوٹی کچھ عمارت رہ گئی — "
خواہش اسباب کی بس عالم اسباب میں تھی / سو رہے بعد فنا خاک میں بستر کے عوض — وزیر
آنکھ جب پڑ جائے گی آنسو رواں ہو جائیگا / اک بلا مجھ کو مزار کشتگاں ہو جائیگا — وحشت
آئینہ ہے چراغ سکندر کی گور پر / ہے جام جم کی خاک پیا اور جم بنے پیر فلک — وقار
ٹھوکروں سے پاؤں کی پامال ہیں وہ آج دیکھ / جن کا سر کل زینت اکلیل و افسر ہو گیا — ہرچند
کسریٰ کے طاق پر یہ لکھا تھا بہ آب زر / اس منزل خراب کے ساکن گزر گئے — ہوس
اہل دنیا کو جگایا خفتگان خاک نے / بند آنکھیں دیکھ کر وا چشم عبرت ہو گئی — ہوش
آخر اک دن تختہ تابوت ہونا ہے نصیب / آب زر سے تھا لکھا خاقان چین کے تخت پر — ہمدم
چین سے کیا سوتا ہے منعم بچھا کر یاں پلنگ / عاقبت ہے گور میں سونا زمیں کے تخت پر — "

عدم

سخت ہے راہ عدم انساں کو بے اعمال نیک
واہ کیا سیدھی عدم کی راہ ہے
کرو جو غور عدم تو وہ ایک ہستی ہے
رفتہ رفتہ لحد میں پہنچے ہم
وہ شہر مقرر ہے کچھ اس شہر سے بہتر
ہموار راہ ہے کوئی رہزن کا ڈر نہیں
عدم کی راہ سے ہموار کوئی راہ نہیں
دلا ملک عدم کے خوف سے کیوں دم نکلتا ہے
دم واپسیں ظلمت قبر محشر
کڑی ہے اسقدر منزل عدم کی
جاتا ہے جو ہستی سے عدم کو نہیں پھرتا
ملک عدم کی آمد و شد کا ہے کیا شمار
کیسی ہموار ہے راہ عدم آباد آسیر
کارواں عدم آباد رواں ہے خاموش
عدم کو چلے جاتے ہیں آگے پیچھے
ہستی سے رواں قافلے رہتے ہیں شب و روز
نہ پستی و بلندی ہے نہ ایسے بھیڑ کے رستے
جہاں ہوگا ترا جانا کہوں کیا حال میں اسکا
عدم میں جا کے کہوں گا سرائے ہستی سے
یارو جو شہر عدم سے آئے ہیں اس ملک میں
کون ادھر کی یہاں خبر لائے
تراب اس طرف خبر کون لائے
ہم نہیں واقف عدم میں کیا تھی دلچسپی مگر
پوچھئے کس سے کہے کون عدم کا احوال
جاتا ہے عدم کو اک زمانہ
ملک عدم میں بیٹھ رہے جا کے سب عزیز
اکدم کی مسافت ہے پہنچ جائیں گے جلدی
کس طرح طے کریں گے الٰہی رہ عدم
کھلتا نہیں عدم سے خرابات دہر میں
شام کو آئے چلے وقت سحر سوئے عدم
کڑی تھی اس قدر منزل عدم کی

شعر	شاعر
مرد بے توشہ کو تکلیف سفر کیونکر نہ ہو	امیر
اک سر مو بھی نہیں زنہار کچھ	،،
نہاں ہوا جو ادھر ہو گیا ادھر پیدا	،،
راہ غربت کٹی وطن آیا	،،
دنیا سے عدم جا کے پھر آتا نہیں کوئی	،،
بہتر کوئی عدم کے سفر سے سفر نہیں	،،
نہ کچھ مسافت منزل نہ راہ کی گردش	انور
مسافر سینکڑوں جاتے ہیں رستہ خوب چلتا ہے	،،
عدم کے ہیں رستے کٹھن کیسے کیسے	اکبر
کہ مر مر کر پہنچتے ہیں وہاں تک	امیر
بے نشہ شہر ہے کوئی دلچسپ ادھر بھی	،،
ستر جہاں میں آئے بہتر چلے گئے	،،
چین سے سوتے چلے جاتے ہیں جانیوالے	،،
خاک اڑتی ہے نہ آواز درا آتی ہے	آزاد
ہر اک شخص کا بس یہی راستہ ہے	افسوں
مسدود عدم کا کبھی رستہ نہیں ہوتا	آتش
عدم کی راہ سب راہوں سے ہے بے پیچ سیدھی	،،
وہاں پر بس کوئی اپنا نہ بیگانہ ترا ہوگا	بختاور
لباس عاریتی بر میں تھا اتار آیا	برق
کیوں پھرے جاتے ہیں وہ الٹے ادھر کس کے	تراب
جو یہاں سے گئے نہ پھر آئے	
نہ آیا ادھر پھر ادھر جو گیا ہے	
روز دنیا سے ادھر اک قافلہ جاتا رہا	تسلیم
ایک بھی ملک سے نہیں جا کر پھرتا	،،
ہر چند کہ راستہ نہیں ہے	،،
ایسے گئے پھر نہ ادھر سے ادھر پھرے	،،
کچھ دور یہاں سے عدم آباد نہیں ہے	،،
کوئی نہ راہبر ہے کسی کا نہ ساتھ ہے	،،
کیوں ہوشیار آئے تھے کیوں بے خبر چلے	،،
رات بھر کے لئے تعمیر مکاں کیا کرتے	،،
کہ پہنچے خاک میں مل کر یہاں تک	،،

عدم

شعر	شاعر
اسیر نہ کر کہ اپنے سے بھی راہ عدم / رک جا ہے نہیں عمر رواں ہو نہیں سکتا	نسیم
دور جانا ہے کہ ہے قصد عدم / یاراں اب ہم کو رخصت پہنچے	نقش
پھر یاں اب ہم کہ چلے عدم آباد بھی / جانفزا اس درجہ ہے کیا جہاں زیر زمیں	ثاقب
جا رہا ہے جان دے کر کنبہ سے کی بستی ہے	=
عدم آباد کی بستی ہے کہیں اپنی بستی ہے	=
بلندی سے بلندی ہے آخر بہار باغ ہستی ہے / عدم سفر ہے آخر غربت کو ترستی ہے	حبیب
وطن کو آنکھ اپنی روح ہے رو رو سوئے عدم / جاتے ہیں جاتے نہیں آتا نہیں ہوتی	=
ہزاروں قافلے چل کے کوئی خبر ہے اسکی / وہاں سے آیا نہ کوئی راہ عدم سے نکلے	=
پھر وہ قافلے اس راہ سے گزرے / سینکڑوں قافلے سب گزری	=
رفتگان عدم نہیں آتی / نہیں آتی خبر ساتھ قدم	
افسوس نہیں ہے راہ عدم	

بھیس ا

عدم

پوچھو ناسخ سے یہ نا واقف کہ عدم میں کیا ہے
بات کیا کہتی نہیں کیا جانے جو دن رات سفر کرتے ہیں
جو گیا یاں سے وہ بس شہر خموشاں میں رہا
جب آنکھ بند ہوئی پھر کیا ہے دو قدم
اک دم میں پہنچے ہیں لاکھوں راہ عدم کرتے ہیں طے
عدم کو جاتے ہیں ادھر کا ادھر دیکھے جاتے ہیں
عجب ہے کوئی ادھر کا [illegible]
عدم آباد کی بستی ہے وہاں کے جانے والوں سے
ذرا کہو سے کوئی جاکر عدم کے جانے والے ہیں
چلو تم آگے آگے ہم بھی آتے ہیں
جاتے ہیں پیچھے سے میری سفر کا
کیا چین سے بیٹھے ہیں کہ ارادہ ہے سفر کا
عدم کے رہنے والے بھی یقین لا مکانی ہیں
نہ پیغام زبانی ہیں
خدا جانے وہ کیا عجیب عالم ہے
کہیں جب جانے ادھر تو جو پھر واپس نہیں آتے

کیا نشستان عدم

ناسخ
پھر اعدم سے نہ کوئی ہمدم کہ حال یاروں کا پوچھئے ہم
عدم سے آکے عدم کو اگر نہ پھر جاتے
=
پہنچ جاتے ہیں بند آنکھیں کئے منزل پہ سب رہبر
خالی قصر وایواں کیا ہمیں بھی ہے وہاں جانا
منزل راہ عدم دیکھئے طے کیونکر ہو
=
رہرو ملک عدم کی نہیں آتی جو خبر
ساتھ نہ کوئی جائے گا ہوں گے رواں جدا جدا
کیونکر کٹے گی راہ عدم کی سفر ہے سخت
جوہری راہ عدم میں نہیں ڈر رہزن کا
نسیم
کسی سے راہ میں ہوتا نہیں کسی کا ساتھ
بے شک کوئی جا لائق تفریح وہاں ہے
چلے تو ہیں مگر اہل عدم جو پہچانیں
ناسخ
در پیش رہ ملک عدم ہے تمہیں حیرت
کیا جانیے کیا لطف ملا ملک عدم میں
گئے عدم میں تو یاران رفتہ پوچھیں گے
=
نہیں معلوم یہ ملک عدم ہے کس تماشے کا
آتا کوئی جو ملک عدم سے تو پوچھتے
وطن چھٹے تو کہو کس طرح قرار آئے
علائی
زینت زیر زمیں گرچہ نہ ہوتی دلکش
رہروان عدم آباد کے جانے والے
دم ادھر چھوٹا اور عدم پہنچا
بحیہ
سفر ملک عدم کا ہے وفور ضعف ہے ہمدم
کہاں چلے ابھی اے ساکنان ملک عدم
یارب مسافران عدم کی خطا معاف
=
ہے عبث جستجوئے اہل عدم
عدم نے ہر طرف ہستی کا ناکا روک رکھا ہے
مسافران عدم کا کہیں نشاں نہ ملا
مسافران عدم کا شمار ہو کس سے
ملک عدم میں خیر سے جانا محال ہے
اس کے پھر آنے کی امید کسی کو بھی نہیں
ملک عدم وہ ملک ہے جاکر وہاں سے پھر
کچھ ہو تو عدم میں راحت
ہستی سے عدم تک نفس چند کی ہے راہ

جلیل
عجیب دلچسپ ہے وہ عالم کہ جو گیا ہو گیا وہیں کا
حرار
یہاں ٹھہر کے غریب الدیار کیا کرتے
"
عدم کی کیا ڈگر ہے صاف کچھ آڑ نہ دلدل ہے
جوش
سرائے دہر سے چل کے جہاں تباہ وگدا ٹھہرے
"
ساتھ کوئی نہیں کوچ سفر کی آواز
"
راستہ بند ہے کیا ڈاک کے ہرکاروں کا
جوہری
راہ عدم کا جوہری ہوگا سفر الگ الگ
"
اٹھتے نہیں ہیں نبتے ہیں رنج وطن میں پاؤں
"
جس کو دیکھا ہے یہاں بے سروساماں دیکھا
"
ہر ایک دم میں رواں رہرو عدم سو سو
"
کرتا نہیں رخ کوئی ادھر جا کے عدم سے
حیرت
بہت ہوا ہمیں عرصہ عدم سے آئے ہوئے
"
کچھ فکر بھی کرتے ہو کبھی زاد سفر کی
"
جو یار گئے پھر نہ ادھر سے ادھر آئے
"
کہ تم بھی جامۂ ہستی وہیں اتار آئے
"
جسے ہم دیکھتے ہیں وہ اسی جانب رواں ہے
"
چرچا ہمارا ہوتا ہے اہل وطن میں کیا
"
عدم سے آئے تو دنیا میں اشکبار آئے
ذاکر
یوں عدم کو کبھی اپنا نہ پرایا جاتا
"
ایسے جاتے ہیں کہ پھر لوٹ کے آتے بھی نہیں
"
ہے قریب اتنا فاصلہ کیا ہے
"
اور انبار غم رکھکر چلے سر پہ خدا حافظ
"
ذرا تو ٹھہر کہ ہم بھی ہیں چلتے ساتھ کے ساتھ
راسخ
مفلس گئے غریب گئے بے ٹکٹ گئے
"
پہلی منزل میں سب چلیں گے آپ
"
گماں ہے باب امکاں پر در شہر خموشاں کا
سعید
رواں ہوا جو ادھر کو وہ کامیاب ملا
سخن
چلے ہی جاتے ہیں یہ کارواں خدا کی پناہ
"
منزل کڑی ہے اور ہے کھٹکا بھی راہ کا
"
قافلہ یاروں کا جو ملک عدم جا پہنچا
سرور
اے غافلو کہو یہاں آنا کہاں رہا
سودا
ہستی تو ہم عذاب دیکھا
"
دنیا سے گزرنا سفر ایسا ہے کہاں کا

کیا شبستان عدم بھی ہے تماشے کی جگہ
نقد طاعت سے تہیدست چلے سوئے عدم
لحد سے اٹھ نہیں سکتا ہے حشر تک مردہ
ملک عدم کا حال کسی نے نہ کچھ کہا
جاتا ہے کوئی واں تو پھر آتا ادھر نہیں
کیا جانے جس مقام کی مطلق خبر نہیں
وہ راہ راہ عدم ہے جو بادشاہ چلے
مسافران عدم کی خبر ہو خاک ہمیں
عدم کے جانیوالے قبر میں رہتے ہیں مدت تک
قبر انساں ہے در شہر عدم
الٰہی کیسی مشکل ہے عدم کی راہ آساں کر
ساکنان عدم آباد کی پرسش مجھ سے
سایہ کی طرح آئے یہاں اور ڈھل گئے
دیکھئے پہنچیں گے کب تک تا در ملک عدم
کیا پوچھتے احوال ہو تم ملک عدم کا
عدم کے جانیوالو آج تک پھر کر نہیں آئے
وہاں کیا تماشا کوئی ہو رہا ہے
عدم کا قافلہ چپ اس طرح ہے رواں
عجب منزل شوق ملک عدم ہے
ملک عدم بھی ہے کوئی دیوار قہقہہ
ہیں وجود اور عدم قریب قریب
ہے ملک عدم بھی کیا ہی دلچسپ
عدم کے جانے والوں سے نہ پوچھو
ملک عدم کو جاتے ہیں لیکن کوئی بشر
راہ عدم کو سینکڑوں جاتے ہیں پر خموش
کیا دور ہے عدم کہ جو جایا نہ جائے گا
ملک عدم سے جا کے پھر آتا ہر ایک شخص
امن ہو گا غم و آزار سے شاید اس میں
لوگ جاتے ہیں ادھر سے تو چلے سوئے عدم
وادی ملک عدم میں نہیں خطرہ مکیں
یا الٰہی کیا عدم کوئی تماشا گاہ ہے
ہمصفیران عدم آباد سے پوچھے کوئی
خاک خوش آئیں گے سنانے عدم آباد کے

ملک ہستی سے جو جاتے ہیں وہاں آتے ہیں
ہم کو اس راہ میں چوروں سے خطر کچھ بھی نہیں
عدم کی راہ تھکاتی ہے پہلی منزل میں
آیا نہ پھر وہاں سے جو بہر خبر گیا
ہرگز پھر اس کے حال کی آتی خبر نہیں
پھرتا کوئی تو پوچھتے ہم ماجرائے گور
برہنہ پا و تہیدست و بے کلاہ چلے
دہان گور سے کس کو جواب ملتا ہے
بہت دلچسپ ہے شاید تماشا پہلی منزل کا
جو سوار آیا یہاں پیدل گیا
کہ اکثر راہرو تھک تھک گئے اس منزل ہستی میں
نقش ہستی ہیں اگر اپنی مثالوں تو کہوں
ملک عدم ازل سے ہمارا وطن ہوا
قافلے چلتے گئے سب پہلی منزل میں رہے
اک ہو کا سا عالم ہے نہ دیوار نہ در ہے
کس سے پوچھتے احوال کچھ شہر خموشاں کا
ہزاروں عدم کو چلے جا رہے ہیں
کسی کے کان میں بانگ درا نہیں آتی
چلے جاتے ہیں کارواں کیسے کیسے
آیا نہ پھر ادھر جو مسافر ادھر گیا
ان میں کچھ فاصلہ بعید نہیں
کوئی نہ پھر ادہاں سے جا کر
وہیں جاتے ہیں آئے تھے جہاں سے
واپس سرائے دہر میں آیا نہیں ہنوز
ہے کارواں مگر جرس کارواں نہیں
اک دم کے دم میں پہنچیں گے قرباں وطن میں ہم
ہوتا نہ واں مکان جو آرام گاہ کا
جو ترقی پہ سدا ملک عدم ہے تہ خاک
پھرتے دیکھا نہ کوئی ہم نے ادھر سے ہرگز
قافلہ ہے کہ یونہی پیش چلا جاتا ہے
جاتے ہیں عالم جو پیر و جواں چھوڑے ہوئے
آشیاں کس شاخ پر ہیں کس چمن میں گھر بنے
پھرتے ہیں آنکھوں میں جلسے عالم ایجاد کے

عزیز ، ، ، ، ، ، عالم ، عاشق ، فوق ، فروغ ، ، ، فدا ، ، ، قدر ، قطب ، ، ، قربان ، ، ، لائق ، ، ، مکیں ، میکش ، ، ، ،

عدم

کچھ خبر آدم کی آتی ہے نہ آدم زاد کی
یا الٰہی کیسی بستی ہے عدم آباد کی
کس قدر ہے قریب ملک عدم
دو قدم پہ نشاں ہے منزل کا
جنازہ کی بلندی گور کی پستی یہ کہتا ہے ہمدم کا
رہ ملک عدم ہے یا کوئی رستہ ہے عدم
جاتے ہیں آنکھ بند کئے تمام و عدم
اس راستہ میں کب ہوتی رہبر کی احتیاج
ہستی میں آ کے مجھ پہ یہ حال عدم کھلا
جاتا ہے دور اور میں آیا ہوں دور سے
کہاں جاتے ہیں سفر کیا ہے منزل کیسی
عدم و ملک عدم کچھ پکار رہے ہوتے
کس سے پوچھیں کہ ہم وہاں عدم
کہاں ہم سے کہاں مقام ہوا
قالب میں روح کہتی ہے کسی کے نام سے
دنیا سے اب سفر ہے مجھے اس دیار کا
اندھیری کوٹھری ہے موت اسکا راز نہاں ہے
سچ کہتے ہیں ہم ملک عدم ملک خموشاں ہے
عدم سے

۵۸ ، ، ، ، ، ، ، ، ، ، ، ، ، ،

عدم

عدم میں یار ہم نے آبادی کی نہ دیکھی / نہ کوئی دور دراز اس میں اک بستی سب کی — نیرنگ

اک خدا ہی جانے کیسی عدم کی راہ ہے / اک مسافر کی خبر ملتی نہیں — =

علم

آسودہ ہیں وہ علم و ہنر میں کہ جو ہیں / رکھتے ہیں بس جاہ کے اور شان کے خواہاں — اکبر

تحصیل علوم کر کے دولت ہے بجا بھی / اخلاق درست کر کے زینت ہے بجا بھی — =

گر علم نہیں تو زور و زر ہے بیکار / مذہب جو نہیں تو ادبیت بھی نہیں — آزاد

نہ جائے مر کے بھی اہل ہنر کا جوہر طبع / گزشتہ ہو کے بھی ہے قاطع مرض و اولاد — =

سب کمال و علم و ہنر سے شرف ہے / انسان ورنہ کم نہیں جانور و دواب سے — اسیر

دولت سے رونق اور ہے دنیا میں علم کی / سونے کی لوح کتنی ہے زیبا کتاب پر

عدم کے رہنے والو تم کو اتنا تو بتانا تھا / گزرتی کیا ہے تم پہ حال خوش ہی یا پریشاں ہے — مہر

سفر ہوگا دشوار ملک عدم کا / گناہوں سے گر یونہی تر دامنی ہے — مضطر

کیا ہی بک بک تھے مضطر دنیا میں ہم جب آئے / اب جائیں گے عدم کو دوش و بال باندھے — "

عدم بھی ہے تماشا گاہ شاید / جو پیہم قافلہ ہستی رواں ہے — "

کہاں قافلہ رہروان ملک عدم / کوئی تو بات کرو اک فرا ٹھکانے کی — مصحفی

اک یار بھی آیا نہ ادھر ملک عدم سے / کیا قافلہ رستہ میں کہیں بیٹھ رہا ہے — "

کیا تماشا نظر آتا ہے وہاں حیران ہوں / لوگ کیوں سوئے عدم یاں سے چلے جاتے ہیں — "

یاران عدم سنتے نہیں بات کسی کی / کس طرح ہم ان قافلہ والوں کو پکاریں — "

مسافران عدم کی خبر نہ پوچھو کچھ / کہ گم ہوئی ہیں بہت کارواں میں کتنے — "

عدم کی بستی بسی رہتی ہے خدا رکھے / کہ واں سے کوئی ہے آتا تو کوئی جاتا ہے — محبوب

عدم سے آئے ہیں جائیں گے پھر عدم اک دن / اس ابتدا کو ہم انجام کار سمجھے ہیں — ماہر

راہ بیتے ہیں وہی راہرو ملک عدم / چار ہل کو انہیں جس راہ لگا دیتے ہیں — "

راہی ملک عدم رہرو ہیں دھڑکا دل میں ہے / قافلہ خاموش جاتا ہے خطر منزل میں ہے — "

ممکن نہیں کہ زیست میں اہل عدم ملیں / میں خود ہوں بے نشاں تو ملے کچھ نشاں مجھے

لوگ کیونکر عدم کو جاتے ہیں / کہ قدم کا کہیں نشان نہیں — منت

راہ عدم میں چھوٹ گیا جسم و جاں کا ساتھ / اک بھیڑ ہے مسافروں کی ریل پیل ہے — منیر

کس طرح راہ عدم مجھ سے دلا طے ہوگی / اب تو عصیاں کا مرے دوش پہ انبار ہوا — نواب

نہ لایا عدم کی خبر کوئی اب تک / یہاں سے گئے کارواں کیسے کیسے — "

عدم کی بہت سخت تھی راہ لیکن / روانہ ہوئے ناتواں کیسے کیسے — "

جو گیا عالم فانی سے نہ آیا پھر کر / خوب دلچسپ مگر شہر خموشاں ہوگا

عدم کا قافلہ کیا جانے کس طرف کو گیا / ذرا بھی گرد نہیں راہ میں غبار نہیں — نظم

عدم کا خواب بھی نرگس کو خواب نوشیں تھا / کہ آنکھ کھول کے دیکھی بہار کی صورت — "

میں تو سمجھا تھا عدم سابق بھی ہے لاحق بھی ہے / ہائے پھر ہستی کی تہمت کیوں لگا کر لے چلا — "

سراغ اہل عدم کے قافلوں کا پھر ممکن ہے / صدا سے بے صدا امر کارواں میں ہے درا ہوتا — "

عدم میں کون سا آرام دنیا سے زیادہ ہے / وہیں سے لوگ آئے ہیں وہیں پھر جانے والے ہیں — نوح

رہ عدم کا پتہ کیا چلے کسی کو دغا ز / کہ خاک بھی نہ کسی جا نظر غبار آیا — وقار

منزل ملک عدم دیکھئے کیونکر طے ہو / راہ دشوار ہے اور زاد سفر کچھ بھی نہیں — "

آخر اک دن عدم کو جانا ہے / بنتی بایوں سفر ہوا تو کیا — ہمدم

ہستی سے ہے عدم تک اک دن ضرور جانا / آئے دور سے ہم پھر اب ہے دور جانا — "

یہاں ملک عدم کا سفر ہے کیا در پیش / جو لوگ اپنے لگے کو پیچ اور مقام میں ہیں — "

بس وہ ہوا ادھر میں کا گزرا جو اس جہاں سے / آیا جو یاں پھر اس نے پائی خبر نہ واں کی — "

عدم کی راہ ہے دشوار تر ادیر خطر شاید / جو یاں اسباب چھوڑے جاتا ہے ہرگز را پنا

نہیں معلوم ہے ملک عدم کو بددعا کس کی / ہزاروں بستیاں بستی ہیں پردہ دیوانہ رہتا ہے — ہنر بر

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
قدر جانیں علم کی ارباب علم	کیا کہے گا مرد جاہل مرحب	امیر
افسوس ہے انسان نہ ہو علم کا جویا	وہ مال ہے یہ صرف سے جو کم نہیں ہوتا	آتش
رکھ اب خیال علم کا ہر وقت اے عزیز	بے شک پنھائیگا یہ تجھے زیور تمیز	افضل
گو اس جہاں سے سعدی وہ عرفی گذر گئے	پر علم سے وہ نام زمانہ میں کر گئے	"
علم کی تحصیل میں اے مہرباں سستی نہ ہو	دھیان دیکر خوب دل سے تم سبق اپنا پڑھو	"
علم سے مطلب ہے ہونا ماہیت سے آشنا	ہے وہ جاہل جو دوئی میں پڑکے بھی الجھا رہا	افسوں
ہو بے عمل کے علم کا کیا فائدہ عیاں	شکر کے نام لینے سے میٹھا ہو منھ کہاں	"
صاحب علم سے حاصل ہو جہاں کی دولت	علم ہر قوم کو ہے باعث خیر و برکت	اثہری
علم ہر قوم کو پہنائے لباس تزئین	علم ہر جسم کو دے فخر کا زیبا خلعت	"
ایشیا کو تھا اسی علم نے گلزار کیا	اب ہے یورپ کو اسی علم سے حاصل عزت	"
کام سورج سے لئے علم نے ایسے ایسے	دیکھکر ہوتا ہے عالم انھیں محو حیرت	"
الغرض علم کو تم اپنے عمل میں لاؤ	منتقل طور سے دکھلاؤ مآل محنت	"
گزرے ادھر فلک سے نہ کس طرح شان علم	جب علم کا مکان بنے لامکان علم	احسن
دیکھو کمال علم کہ وہ کس جگہ نہیں	چھایا ہوا زمین پہ ہے آسمان علم	"
نظروں میں اہل دہر کی جاہل سمائے کیا	ذی رتبہ ہے وہی کہ جو ہے رتبہ دان علم	"
اپنے بھی قصہ ہائے گزشتہ کو بھول جاؤ	سن لے جو گوش دل سے کوئی داستان علم	"
جاہل خدنگ طعن سے ہوتے ہیں دلفگار	کیا چڑھ گئی ہو دیکھو عزیزو کمان علم	"
ادنےٰ سا بھی ہر کام ہے اب علم کا محکوم	بے علم ہے جو قوم سو حال اسکا ہے معلوم	اسمٰعیل
اے علم ہے تجھی سے نقش و نگار ہستی	ہے گلشن جہاں میں تجھ سے بہار ہستی	اوج
تو آفتاب بنکر ہر سمت ہے منور	تیری ہی یہ تجلی پھیلی ہوئی ہے گھر گھر	"
اسرار سر قدرت تو نے کئے ہویدا	شان جمال مطلق ہے تجھ سے آشکارا	"
مخلوق کے دلوں پر تیرے ہیں سکے بیٹھے	چاروں طرف جہاں میں بجتے ہیں تیرے ڈنکے	"
کشت امید انساں نزہت فزا ہے کیا کیا	باغ مراد تجھ سے پھولا پھلا ہے کیا کیا	"
تو بوئے گل کی صورت پھیلا ہوا ہے ہر سو	ہر ہر دماغ میں ہے تیری بسی ہوئی بو	"
آنکھوں کو نور تجھ سے دل کو سرور تجھ سے	شان جمال مطلق کا ہے ظہور تجھ سے	"
مشکل جو مسئلے تھے حل کر دئے ہیں کیسے	ہر فن کے تو نے کھولے دشوار فہم عقدے	"
اے علم تجھ سے کیا کیا انساں نے فیض پائے	حاصل ہوئے ہیں رتبے کیا کیا بڑے ہیں پائے	"
جو مٹ گئے ہیں انکا تجھ سے ہے نام باقی	ہے یادگار ہستی اب تک کلام باقی	"
کیا رتبہ ہے عالموں کا اللہ غنی	یہ لوگ ہیں نائب رسول مدنی	بحر
پے دنیا ہے زیور علم واعظ	وہ مصحف کو حمائل جانتا ہے	"
کشتیٔ حفظ ہے ارباب ہنر کی تعلیم	پار اتر جائینگے استاد بھی شاگرد کیساتھ	"
انتظام کار عالم منحصر ہے علم پر	اٹھ گیا جب علم دنیا سے تو پھر اندھیر ہے	برتر
علم کے آب ہی سے نار ہوا بجھتی ہے	کبھی ہوتے نہیں دیکھا دل جاہل ٹھنڈا	بختاور

علم

شعر	شاعر
علم ہی کرتا ہے بختاور دلوں میں روشنی / گل ہوا رہتا ہے ساری عمر جاہل کا چراغ	بختاور
دن اس کے بہت امن و اماں سے گزرے / جس کے حصہ میں یہاں علم کی دولت آئی	پرتو
بے مشقت نہیں ہوتے ہیں یہ حاصل ناداں / ہنر و علم پدر سے نہیں حصہ تیرا	"
علم سے پایا بشر نے آفرینش پر شرف / ورنہ انساں جانور سے کم نہیں	تسلیم
جو علم نہ رکھے ہو تمیز اس کو کہاں سے / جاہل کی نظر میں ہیں کئی ہیں سبھی ردی	تراب
علم و عرفاں ہو تو البتہ ہے وہ سب سے شریف / بدتر از حیوان ہے گر جہل سے مقرون ہے	"
جاہل کو خبر علم کے درجہ سے کہاں ہو / پوچھ مرد خبردار سے	"
خوبی ہنر تکمیل آدمی کا علم	"
ہوا فقیر کو گر علم کیمیا تو کیا	تاجر
فروزاں نہ ہو جو چرخ پہ آفتاب / ہے شخص بے علم زیر نقاب	"
وہ کیا تیغ ہے جس میں جوہر نہیں / وہ شب تار ہے جس میں اختر نہیں	"
جو ہے بے عمل پڑھ کے اہل صفا / کہا اس کو قرآں میں حق نے گدھا	کتابیں

کتابیں گدھے پر اگر لاد دو	خبر وہ حقیقت سے اصلا نہ ہو	تائب
ناخدائے کشتئ عالم نہ کیوں ہوں اہل علم	علم کہتے ہیں جسے نبیوں کی وہ میراث ہے	ثاقب
دولت دنیا تو بس دنیا ہی میں رہ جائے گی	علم کی دولت مگر عقبے میں بھی کام آئے گی	״
اس کے سایہ سے جو بھاگا وہ خدا سے بھاگا	علم کہتے ہیں جسے دامن رحمت ہے وہی	״
نادان اہل علم کا افلاس ہے غنا	رہتے ہیں ان کے دل میں خزانے بھرے ہوئے	״
جو جاہل ہے قیامت تک وہ عالم ہو نہیں سکتا	کہ عرفان خدا بے علم حاصل ہو نہیں سکتا	״
عالم بے عمل نہیں شاخ خزاں رسیدہ ہے	سایہ سے جس کے راہرو مثل صبا رمیدہ ہے	״
جو عالم بے عمل ہے اس کی باتوں پر اثر کیا ہو	وہ چشمہ ہے تو کھاری ہے وہ گوہر ہے تو جھوٹا ہے	״
بے عمل عالم سے جاہل ہے بھلا	پھول وہ کیا جس میں رنگ و بو نہیں	״
علم پر جبکہ عمل ہی نہیں پھر کیا حاصل	یوں تو شیطان سے بڑھکر نہیں عالم کوئی	״
ایسے عالم سچ ہے اپنے وقت کے بوجہل ہیں	علم دیں پڑھتے ہیں جو عالم فریبی کے لئے	خاطر
حیات جاودانی کا وسیلہ علم ہے خاطر	قیامت تک رہا کرتا ہے زندہ نام عالم کا	״
ہرگز صراط علم سے غافل نہ بچ کے چل	اس راہ سے رسول ملے اور خدا ملے	رمز
زر کا بھی کچھ لطف جاہل کو نہیں	ہے بڑی دولت جو استعداد ہو	سحر
چاہئے تحصیل زر سے بیشتر تحصیل علم	آبرو انساں کو بے فضل و ہنر ملتی نہیں	״
کرو نہ نالۂ موزوں ہزار کی صورت	بغیر علم نہیں اعتبار کی صورت	״
ہے لطف عجب خرچ میں ہے دخل زیادہ	زائل کبھی یہ علم کی دولت نہیں ہوتی	سعید
انساں گہر ہے علم و فن اسمیں ہے آب و تاب	بے آبرو ہے آدمی کو علم گر نہیں	شیر
اس کو بے عزت کہے گا اک زمانہ یاد رکھ	دوڑ میں علم و ہنر کے پیچھے جو رہ جائے گا	صدر
علم کے پانی سے ہے سرسبز دنیا کا چمن	پانی پہنچے گا نہ جس پودے کو وہ مرجھائیگا	״
فیض تعلیم کو ہے شرط گذارش اپنی	کرمس سرو پہ کرتی اثر اکسیر نہیں	صابر
سخت وضعوں کو نہ تعلیم سے نرمی ہو نصیب	لاکھ آتش سے نہ بے آب ہوئے زر نکلے	״
شرافت ہے انسان کی علم سے	لیاقت ہے انسان کی علم سے	ضمیر
ہو فقر کی خواہش کہ امیری کی طلب ہو	بے علم جہاں میں کوئی دولت نہیں ملتی	ظہیر
اطلبوا العلم کے معنی سے ہوا یہ آشکار	ہے تلاش علم جادہ منزل مقصود کا	״
عالم وہ کیا عمل نہ ہو جس کا کتاب پر	بے فائدہ ورق تو ہے جاہل الٹ گیا	ظفر
صلاحیت بجز تعلیم پیدا ہو نہیں سکتی	کبھی غلہ نہیں ہوتا کسی کو غل مچانے سے	عاصی
جو بحر علم میں غواص ہو تو اے غافل	ضرور ہاتھ ترے دُرّ آبرو آئے	فصاحت
کہتے ہیں جسے علم وہ ہے ایک ہی نقطہ	اس علم سے آگاہ اگر ہیں فقرا ہیں	فیض
عزت سے اگر جینا ہے تو علم پڑھو تم	یاں تک کہ مرو بھی تو اسی ہی میں مرو تم	فوق
بے علم کے ہنر کی ترقی بھی ہے محال	رہبر کی ہے تلاش ہر اک راہرو کو فرض	قاسم
مرکر نہ جائیں صاحب جوہر کی قوتیں	جب تو قوی ہے کشتۂ فولاد کا مزاج	قدر
آساں نہیں غبی کی طبیعت ذکی سی ہو	مشکل حصول علم ہے کودن کے واسطے	تعلب

کمال

علم

ثانی نہیں ہے اس کا علم و ہنر کی دولت

سب دولتوں میں اس کو عالم میں ہے فضیلت

پڑھتا ہے جو وہ پڑھ کر سیکھ پائے گا اہمیت

عالم سے ناز اپنے علم و ہنر کو دیکھ

انسان کی مرتبوں کو اس کے ہے نشاں ہے

اور اس کے جہاں میں کیا نام ہے

اس علم سے گلستاں ہے اک تازہ بوستاں ہے

دل ہے وہی ہیں جن کی ہر دم ادھر نظر ہے

دانا ہیں اپنی ہمت سے علم کی ہے

جگر

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
جس کو ہے فوق سب پر وہ فوق علم کا ہے	زینت ہے جو گلے کی وہ طوق علم کا ہے	کمال
کچھ اس میں شک نہیں ہے یہ خیال سچا	نادانو جہل شئے سے بہتر ہے علم شئے کا	"
بس چاہیئے برابر الفت مطالعہ سے	بڑھتی ہے دیکھنا کیا قوت مطالعہ سے	"
جس کو حاصل ہو قوت تقریر	کیوں نہ اسکی ہو عزت و توقیر	"
علم حاصل کرو تم اے بچو	جی ہٹاؤ نہ پڑھنے سے بچو	"
دولت علم کا بڑا ہے اثر	خاک ہے اس کے آگے دولت و زر	"
دولت و زر کو کچھ کمال نہیں	دولت علم کو زوال نہیں	"
علم سے کوئی شئے نہیں بہتر	باعث آبرو ہے علم و ہنر	"
بغیر علم و ہنر آدمی کی کیا وقعت	غرور حسن پہ اپنے یہ خوبرو نہ کریں	محب
علم کا اس سرزمیں پر قدرداں ملتا نہیں	عالموں کا تو یہاں نام و نشاں ملتا نہیں	"
فلک پر قوت تعلیم نے عالم کو پہنچایا	پڑے غار مذلت میں سر غافل کے ٹکڑے ہیں	"
ہے شکایت یہ زمانہ کا ستم اٹھتا نہیں	جانب علم و عمل لیکن قدم اٹھتا نہیں	"
نتیجہ تربیت تعلیم کا ہے	نہ اچھا ہے نہ ہے کوئی برا دل	"
دولت علم گر نہیں ہے پاس	مفلس بے نوا گدا ہے دل	"
خدا نے دی جسے دنیا میں علم کی دولت	وہ اپنے سامنے قاروں کو بھی گدا سمجھا	"
بے علم و فضل شیخ کے جبہ سے فائدہ	ہے بار پشت خر یہ حماقت کی جھول کا	"
سالک منزل حقیقت ہوں	بدرقہ علم رہنما ہے دل	"
زر و جاگیر سے کیا دل کو حاصل	بغیر علم تو ہے بے نوا دل	"
انسان علم ہی سے پہنچتا ہے تا بہ عرش	اس راہ میں نشان کئی نقش پا کے ہیں	"
جس ملک میں تعلیم کا آتا ہے قدم	جاتا ہے وہاں سے بھاگ جہل اظلم	"
انسان ہے بے علم و ہنر کے بیکار	ہر کار میں تعلیم ہنر ہے درکار	"
ممکن نہیں بے علم ترقی کا وجود	تعلیم سے کھل جاتی ہے راہ مسدود	"
پتھر ہے وہ دل جسمیں نہیں صدق و صفا	بے علم و ہنر ہیچ ہے انساں کا وجود	"
بے محنت علم کس نے عزت پائی	بے جوہر علم کس نے وقعت پائی	"
اب چھوڑیئے للہ جہالت اپنی	بے علم و ہنر کے نہیں عزت اپنی	"
گو عقل بشر گوہر تابندہ ہے	بے علم کہاں آدمی بنندہ ہے	"
ہوتی نہیں دولت سے بشر کی عزت	بے جوہر ذاتی نہیں ممکن وقعت	"
گر نہیں علم تو تجھ سے نہیں طاؤس حسیں	او مرے ناز سے بن ٹھن کے سنورنیوالے	"
غلامی کا ذریعہ علم کو سمجھے تو کیا سمجھے	ہم اس کو زور بازو سے خدا اطلس ہما سمجھے	"
جو سمجھے دولت جاوید ان علمی خزانوں کو	مآل اندیش ہیں وہ قوم کی سچی بقا سمجھے	"
ہے یہی علم تو اک حضرت آدم کی شرف	ورنہ انسان کو حیواں پہ شرافت کیسی	"
بے ریاضت نہیں آتا ہے کوئی علم و ہنر	اپنی غفلت کا گلہ کیجئے قسمت کیسی	"
عہد طفلی ہی میں پڑھنا ہے تو پڑھ لے ناداں	ورنہ ایام جوانی میں تو فرصت کیسی	"

اشعار (ترچھی تحریر)	شاعر
علم — [illegible]	محب
متاع علم ہے دنیا تو کیا ملال ہے [illegible]	"
خاک ہے اس کے سامنے کیمیا جانے [illegible]	"
بد نصیبوں کو کہاں دولت تعلیم نصیب [illegible]	"
علم رکھتے ہیں وہی جنکی ہے قسمت اچھی [illegible]	"
[illegible]	"
[illegible]	"
[illegible] خاک وہ	"

علم

شعر	شاعر
ہر دلعزیز علم سے ہوتا ہے ہر بشر / نادان ہے جو علم سے کرتا ہے درگزر	ہنر
تحصیل علم کی کرے طفلی میں ہر بشر / عہد شباب خواب سا جاتا ہے بس گزر	"
عالم کی عقل میں نہیں کوئی فتور ہو / باد مضر سے دور چراغ شعور ہو	"
چرچا جہاں ہو علم کا وہ جائے خوب ہے / جو رائے علم سے لے وہ رائے خوب ہے	"
ہر شہر و ہر دیار میں ہے چاہ علم کی / خوف و خطر سے پاک ہے بس راہ علم کی	"
لازم ہے ہر بشر کو کہ سیکھے اسے ضرور / جاہل بھی جو پڑھے لکھے ہو دنیا میں ذی شعور	"
بے علم جو بشر ہے تو مٹی خراب ہے / بے سمجھ بوجھ دل میں خدا کا عذاب ہے	"
بے علم زیست ہوتی ہے انسان کی حرام / بے علم ہو بھلا نہیں دنیا میں کوئی کام	"
بے علم ہو خراب بشر اس جہان میں / بے علم ہو بھلا نہیں اس جہان میں	"
بے علم ہو بھلا نہیں اس ذرہ بھی خبر / بے علم جو بشر وہ حیوان سے بدتر	"
رکھتا جو علم کو ہے وہ انسان ہے / انسان نہ اس کو کہئے وہ حیوان ہے	"
بہرہ ہے جس کو علم سے وہ نیک نام ہے / ہوتی ہے جس کی چار سو مشہور عام ہے	"

علم و ہنر

مصرع اول	مصرع دوم	شاعر
خاک وہ تعلیم ہے جس سے نہ ہوں عالی دماغ	پیٹھ پر لاتے ہیں یورپ سے کتابیں لاد کے	محب
علم سے انساں خلیفہ ہے خدا کا برملا	اشرف المخلوق ہے قبضہ میں ہے ارض و سما	"
بے حصول علم نطق و عقل سب بیکار ہیں	بے مدد علم و ہنر کے عقل سے ہوتا ہے کیا	"
تربیت تعلیم سے انسان ہوتا ہے ملک	اور علم و فضل و دانش ہی سے ملتا ہے خدا	"
زباندانی نہ ہو جس میں نہ سمجھو آدمی اس کو	تفاوت نطق کے باعث سے ہے انسان و حیواں میں	"
جہاں دیکھتے ہیں جہالت کی باتیں	نگر علم و تہذیب کم دیکھتے ہیں	"
مثال بدر ہوتے ہیں وہی کامل زمانہ میں	در علم و عمل پر جو رگڑتے ہیں جبیں برسوں	"
جسے ہے پائداری وہ ہے حسن خُلق و علم و فضل	کہاں رہتا ہے قائم مثل گل رنگ حسیں برسوں	"
علم دائم زندگی ہے جہل ہے انساں کی موت	آب حیواں اور ہے زہر ہلاہل اور ہے	"
ثبات و صبر و طلب محنت و ریاض دوام	یہ علم و فضل کے رستے ہیں سب بنائے ہوئے	"
نسل پر کیا فخر ہے علم و ہنر پر فخر کر	آدمی تو سب یہ پیدا ایک آدم سے ہوئے	"
علم بھی دولت ہے پھر زر پر عبث کرتے ہیں لوگ	چاہتے ہیں آپ سا زردار ہو داماد بھی	"
دبیگی جہل و تعصب سے کیا شعاع علوم	دبا گہن میں کہاں آفتاب رہتا ہے	"
ہوے جو کتابوں سے دولت کے سائل	وہی باب علم و ہنر تک نہ پہنچے	نیر
آدمی کو علم ہو تو خضر کی حاجت نہیں	بچکے چلتا ہے یہ اکثر راہ ناہموار سے	منت
کیا عجب ہے ہو اگر کشف القلوب	روشنئ چشم باطن علم ہے	"
ہنر و علم بھی حقیقت میں	دولت لازوال ہے صاحب	مضطر
تلوار کی جس طرح ہے خوبئ جوہر	یا آب ہے جس طرح سے خوبئ گہر	مہر
انسان کا اے عزیز جوہر ہے علم	اخلاق ہے آب اور ادب ہے زیور	"
تم اختیار کرو علم و فضل کی تحصیل	شرف ہو تاکہ تمھیں اس سے حاصل اور تفضیل	"
ہر اک طرح کی ترقی کی علم ہی ہے سبیل	یہ چیز وہ ہے کسی کو یہاں نہ قال و قیل	"
زک آکے کوئی بھی عالم کو دے نہیں سکتا	یہ وہ خزانہ ہے چور اس کو لے نہیں سکتا	"
اقبال اگر گل ہے تو گلشن ہے علم	دولت ہے اگر لعل تو معدن ہے علم	"
اے مہر نہیں زوال جس دولت کو	اس دولت بے بہا کا مخزن ہے علم	"
بہتریں ہے مشغلہ کوئی تو ہے تحصیل علم	اس خزانہ کی جو ہے کنجی کتاب اس کا ہے نام	"
پڑھ کتب وہ کہ تجھ کو راہ دکھائیں	آدمی سے تجھے فرشتہ بنائیں	"
علم کا شوق بہتریں ہے شوق	مغتنم ہے اگر رہے یہ ذوق	"
ابتدا اس کی سیر باغ جہاں	انتہا شوق علم کی عرفاں	"
ابتدا انتہا ہیں دونوں خوب	چیز ہے علم دلکش و مرغوب	"
نسب سے مال سے زر سے فضیلت ہو نہیں سکتی	نگر علم و ہنر ہی سے ہر انساں کی شرافت ہے	"
جو کوئی کسب کرے تو اسی کو ہو حاصل	کسی کا ورثہ نہ ہے علم نے ہنر میراث	ہمدم
منظور جس کو دونوں جہاں کی ہو بہتری	وہ جان و دل سے اپنے کرے چاہ علم کی	ہمد[illegible]
انساں کی قدر ہوتی ہے علم و ہنر سے خوب	جس کو ہے علم کوئی نہیں اس بشر سے خوب	[illegible]

علم وہنر عطا ہے بس انساں کے واسطے — یہ خلعت خدا نہیں حیواں کے واسطے — ہنر

خدا نے جس بشر کو دی لیاقت — ہوئی تحسیں کے قابل اسکی عادت — ″

لیاقت والے نے جب چشم وا کی — نظر آئی اُسے صنعت خدا کی — ″

لیاقت باعث عزت ہے بے شک — لیاقت موجب شوکت ہے بے شک — ″

جو ہو عمدہ لیاقت اس کو حاصل — بشر ہو بارگاہ شہ میں داخل — ″

لیاقت سے وزیر شہ بشر ہو — کرم کی مہر کی ہردم نظر ہو — ″

لیاقت سے ہو حاصل مال و دولت — لیاقت سے ہو حاصل جاہ و حشمت — ″

لیاقت سے ملے شیریں کلامی — لیاقت سے ہو حاصل نیک نامی — ″

لیاقت سے نہیں ہے جو خبردار — وہ مردم کی نظر میں ہے بدو خوار — ″

رہے انساں لیاقت سے جو غافل — نہ ہو کچھ زندگی کا لطف حاصل — ″

دنیا ہے مکر۔ مکر کو ہے شرط وقفیت — شیطان کا بھی کام نہ بے علم چل سکا — یکتا

کرے عمل جو نہ پڑھ کر ہمیشہ اس سے بچو — کہ بند پانی میں بوئے فساد آتی ہے — ″

اثر کیا خاک ہو باتوں میں اسکی — وہ جاہل ہے جو عالم بے عمل ہے — یم

عمر ناپائدار

نہ جان کا ہے بھروسہ نہ عمر رفتہ کا — یہ بے وفا ہوئی کس کی وہ آشنا کسکی — آصف

آئے گی نہ پھر کے عمر رفتہ — ہم مفت میں جان کھو رہے ہیں — امیر

گزرا ہوا زمانہ پھر آتا نہیں کبھی — وہ کونسا ہے دم جو دم واپسیں نہیں — ″

جہاں سے مجھے لائی تھی میری عمر — وہیں سیر دکھلا کے پہنچا گئی — ″

بڑی بے وفا عمر رفتہ تھی ہائے — مسافر کو رستہ میں لٹوا گئی — ″

لائے تھے مثل شرر تھوڑی سی عمر — آنکھ ادھر کھولی اُدھر ہم مرچلے — ″

سنتی نہیں ہائے عمر رفتہ — اک عمر سے ہم پکارتے ہیں — ″

نہ بھول اس زندگی پہ غافل نہیں ہے کچھ اعتبار اسکا — کہ راہ لیگی یہ اپنی اکدن عدم کا رستہ مجھے بتاکر — ″

ہیں وہ ناداں جنھیں دو روزہ جینے پہ ہے ناز — دیر کتنی ہے اجل آج نہیں کل آئے — احمد

یوں بیٹھے بیٹھے زیست کے دن ہوگئے تمام — کشتی میں جیسے ساکن کشتی رواں رہے — ″

دو روزہ زیست غنیمت ہے ذکر حق کرلے — بدن میں جان دہن میں زباں رہے نہ رہے — ″

بڑھتی ہے عمر جتنی ہوتی ہے عقل افزوں — ہردم نیا مزہ ہے اس بادۂ کہن میں — احسن

کشتئ عمر کا انجام ہمیں یاد آیا — کھا کے چکر کوئی کشتی جو کہیں بیٹھ گئی — ″

نہ کیونکر عمر کا رشتہ ہو کوتاہ — اٹھایا کرتے ہیں ہم پیچ پر پیچ — اسیر

عمر رواں رواں ہے کوئی جانتا نہیں — یہ طرفہ کارواں ہے کہ جسمیں درا نہیں — ″

کثرت اندوہ وغم میں سچ ہے گھٹ جاتی ہے عمر — پیچ ہو جس میں وہ رشتہ مختصر کیونکر نہ ہو — ″

عمر رواں کی ہوگی روانی کبھی نہ دور — وہ کون ہے جو روک سکے اس سمند کو — ″

جو ہے سوار اس پہ وہ پا در رکاب ہے — کتنا سمند عمر رواں میں شتاب ہے — ″

عمر ناپائدار

خضر کہتی ہیں ... دیکھو ... ہوتا ہے کیا
عمر کہتی ہے کہ آگے برق سے دو گام ہوں
فروغ عمر تھا گویا فروغ جلوۂ برق
ٹھہرنے پائے نہ دم بھر بھی ہم شرر کی طرح
عمر یک خرام ... کہیں نقش پا
دکھلائی ... دیا نہ ...
[illegible]
عزیزو یہ عمر زلیخا نہیں بس ہے
شیشۂ ساعت کی صورت خاک چھانی عمر بھر
موت نے جب آکے ٹکرایا تو چکنا چور ہے
عمر گذری کھیل ہی میں یا کود میں
کاش ہستی کی فکر ہست و بود میں
دن وہ دن ہے کہ خالق کی بھلائی میں کٹے
رات وہ رات ہے جو خالق کی رضا میں گزرے
سراسر کھیل بچوں کا حیات و موت ہے اپنی
ادھر سے اس نے منہ کھولا ادھر سے اس نے منہ ڈھانکا
آج ہے روز ولادت اور کل روز حساب
مرنے جینے کی اسی میں کوئی ساعت ہو تو ہو
ہے سراغ عمر رفتہ کی تلاش
چلے ڈھونڈیں مصر کے بازار میں
سیل فنا ہے بحر جہاں میں کیلئے نجات
کشتی عمر نوح کا لنگر نفس میں تھا

ذوقی
"
"
ثاقب
"
"
"
"
"
"
کیفی نو

جہاز عمر رواں پر سوار بیٹھے ہیں
یہ صدا آتی ہے رفتار سمند عمر سے
عمر گزشتہ کا کہیں لگتا نہیں پتہ
اک دم میں جا ملوں گا عزیزانِ رفتہ سے
ہے مغتنم یہ آمد و شد دم کی چند روز
دم ہیں دنیا سے مجھے ملک عدم تک لے گیا
نہ کی آہ کچھ عمر رفتہ کی قدر
انیسؔ دم کا بھروسہ نہیں ٹھہر جاؤ
کرنے نہ پائے سیر جہان خراب کی
کرتا ہے قطع منزل ہستی کو آن میں
روزق نشیں بحر فنا ہے ہر اک بشر
عمر گریز پا کی ہے کیا کیا محافظت
رکا نہ یہ فرس بدلگام عمر رواں
دم بھر ہے بحر ہستی میں عمر رواں کی چال
چار دیوار عناصر کی خرابی کیا کہوں
دیکھتی بھی نہیں منہ پھیر کے پس ماندوں کو
دشوار ہے ٹھیروں سفر ملک عدم میں
آئے دنیا میں چلے پھر عدم آباد کو ہم
جینے کو عبث ہر دم ہشیار سمجھتے ہیں
کیا جلد اپنی عمر دوروزہ گزر گئی
ملا کر چلی خاک میں سیکڑوں کو
عبث اپنے سے امید رفاقت
ہم سفر تھا میں ترا لیکن جہاں میں کو بکو
بحر ہستی میں دما مہ دم کا ہے مثل حباب
کٹی عمر دوروزہ مثل شیشہ بزم عالم میں
چار دن میں یہ زمانہ بھی گزر جائیگا
حیات کا ہے تعشقؔ بھلا بھروسہ کیا
نہ ہو سست کیوں دمبدم تار عمر
دار فانی میں زیست دوروزہ کیلئے
لے گیا شوق عدم کیا تیز دنیا سے مجھے
رہتا ہے رواں قافلۂ عمر شب و روز
جز یک نگاہ اسکا وجود و عدم نہیں
چلا ہے کیا ہی سبک کارواں عمر رواں

سوار خاک ہیں بے اختیار بیٹھے ہیں
وہ بھی گھوڑا ہے کوئی جس کو کہ کوڑا چاہیے
بالائے آسماں نہیں زیر زمیں نہیں
کیا عرصہ ہے زمانۂ ماضی سے حال کا
کشتئ عمر کی ہے روانی ہوا کے ساتھ
آفریں ہے توسن عمر رواں کی چال پر
عجب جنس کو رائگاں کر دیا
چراغ لیکے کہاں سامنے ہوا کے چلے
کیا طے سمند عمر نے منزل شتاب کی
اس راہوار عمر کی رفتار دیکھنا
ظاہر میں گو مقیم ہے لیکن رواں ہے
گھیرے ہوئے ہیں چاروں عناصر فصیل سے
اگرچہ دورۂ آفاق بھی دہا نہ ہوا
چلتے ہوئے سفینے یہ موج ہوا کے ہیں
الٹے پاؤں پھر گئی عمر گریزاں دیکھکر
ڈھنگ سیکھی ہے تو اے عمر گریزاں کس کا
رک جائے کہیں عمر رواں ہو نہیں سکتا
اتنی ہی عمر دوروزہ تھی سفر ہونے دو
اس عمر دوروزہ کو بیکار سمجھتے ہیں
مثل نگاہ شوخ ادھر آئی اُدھر گئی
نہ کام آئی عمر گریزاں کسی کی
وفا ممکن کہاں عمر رواں سے
ٹھوکریں کھانے کو اے عمر گریزاں رہ گیا
کیا سمجھ کر کیجئے اس عمر فانی پر گھمنڈ
نہ سر پیدا کیا ہم نے لیا احساں نہ ساماں کا
ابھی روئیں گے جوانی کو لڑکپن کیسا
ہوا حباب میں ہے یا ہے جسم زار میں روح
یہ رشتہ کو محکم کسی کا نہیں
عمر گریز پا تجھے کیا کیا نہ چاہیے
رہ گیا پیچھے بہ مشکل گرد افسانہ مرا
آواز نفس کم نہیں آواز درا سے
عمر رواں بھی مثل شرر جلد باز ہے
نشان پا نہیں پیچھے کہیں غبار نہیں

آزاد
آتش
"
"
اشک
امانت
انیس
"
انور
اثر
بحر
"
"
پرتو
تسلیم
"
"
"
"
"
"
"
"
تعشق
"
تراب
ترکی
توفیق
"
"
"

کچھ تو لحاظ ساتھ کا منزل میں چاہیے	ہم ناتواں ہیں تیز نہ عمر رواں چلے	جلیل
جیتے جی اپنی کہیں عمر رواں رکتی ہے	ہے تماشہ کہ سفر میں ہوں سفر سے پہلے	″
ہے عمر رواں میں شمع کا رنگ	گھر بیٹھے گزرتی ہے سفر میں	″
پیدل تو کیا کبھی نہیں سنتا سوار کی	منہ زور کیا یہ عمر رواں کا سمند ہے	جنوں
مرکب عمر رواں بھی ہے نہایت چالاک	تیز رو ایسے کسی نے نہیں توسن دیکھے	جوش
غافل بہ ہوش باش کہ یہ حال عمر ہے	جس طرح برق تھی ادھر آئی ادھر گئی	″
کبھی لڑکپن کبھی جوانی کبھی ضعیفی ہے اور پیری	بشکل ریگ روان صحرا یہ عمر ہر دم کھسک رہی ہے	جوہری
سیکڑوں حسرت و ارمان و تمنائیں ہیں	اور یہاں زیست کی دم بھر نہیں مدت باقی	″
سمند عمر کی میں تیز رفتاری کا قائل ہوں	قدم رکتا نہیں دم بھر بھی اس منہ زور توسن کا	جرار
عمر رفتہ پہ بار بار افسوس	ایک افسوس کیا ہزار افسوس	جویا
عمر رواں نے مجھ کو کہاں لاکے دی دغا	اس ناتواں کو چھوڑ گیا کارواں کہاں	″
چلی جاتی ہے تو اے عمر رفتہ	یہ ہم کو کس مصیبت میں پھنسا کر	جرأت
ہزار افسوس اے نوائے زندگانی	چلی تو خاک میں ہم کو ملا کر	″
وہ دل نہ وہ دماغ نہ وہ آرزو رہی	اے عمر رفتہ لائیں تجھے ہم کہاں سے اب	حفیظ
شمع ساں ساشب کے مہماں ہیں ہم	صبح ہوتے ہی پھر کہاں ہیں ہم	حسن
لیکے رخصت حسن کوئی دم کی	سیر کو یہاں کی ہم بھی آئے تھے	″
تجھ پہ بھولے عبث کوئی اے عمر	تو کی جس سے بیوفائی کی	حالی
کرتی نہیں ذرا بھی توقف جہان میں	کیا جانیے یہ عمر گریزاں کہاں کی ہو	حیرت
شکوۂ مہر و وفا اے دل ناداں کس کا	ساتھ دیتی ہے بھلا عمر گریزاں کس کا	″
کوئی ہے شہسوار ایسا جو دنیا میں اسے روکے	بلا کی تیزیاں ہیں توسن عمر گریزاں میں	″
کیا جانیں چھپکے جاتی ہے کیونکر یہ بے وفا	دیکھا کبھی نہ عمر گریزاں کو راہ میں	″
یہ جان لو کہ منزل مقصد کو لے لیا	ایسی جو چال توسن عمر رواں کی ہے	″
تیری اس چال سے ہوگا تن بیجاں محتاج	تو کرے گی ہمیں اے عمر گریزاں محتاج	″
چھوڑ دینگے ہم ایک دن دنیا	عمر ناپائیدار کے باعث	″
جاتی ہے عمر رواں موج رواں سے آگے	لیتے ہیں عالم ہستی سے کنارا دریا	″
ابتدا سے ہے رواں مرکز اصلی کیطرف	خوب ہم نے تجھے اے عمر گریزاں دیکھا	″
پانی پہ نقش کیا ہے ایسا	جیسے ناپائیدار ہیں ہم	درد
گل کو نہ ہے ثبات ہم کو ہے اعتبار	کس بات پہ چمن ہوس رنگ و بو کریں	″
جان کچھ تجھ پہ اعتماد نہیں	زندگانی کا کیا بھروسہ ہے	″
پیری چلی اور گئی جوانی	اے درد کہاں کی زندگانی	″
نفس کی آمد و شد سے عیاں ہے گویا ہم	ہر آن عمر کے طے کر رہے ہیں زینوں کو	دل
اے شمع تیری عمر طبیعی ہے ایک رات	ہنسکر گزار یا اسے رو کر گزار دے	ذوق
ایکدم عمر طبیعی ہے یہاں مثل حباب	فکر امروز نہ ہے نہ غم فردا ہم کو	″

عمر ناپائیدار

گزرتی عمر ہے یوں دور آسمانی میں / کہ جیسے جائے کوئی کشتی دخانی میں	ذوق
عمر رواں کا توسن چالاک اس لیے / مجھ کو دیا کہ جلد کرے یاں سے ایڑ تو	″
داغ خوشی میں سالگرہ کی بھی غم رہا / کیونکر بڑھا ہیں گے عمر کے وہ دن جو گھٹ گئے	داغ
عمر گزشتہ ماضی تمنی کا / حسرت عمر گزشتہ	″
ضعیف ہے عمر بکرو ہے کرچی میں / کیا فائدہ عمر سامعہ آواز دریغ	سودا
چاہیے جو ہے سامعہ نزع ہستی میں / بہت بچا ہے رہنما کشتی ہے نزع ہستی میں	″
مثل شمع گزشتہ عمر کا ہم آن سے تھوڑا / چراغ سحر ہیں پائندہ جہاں میں	″
جو پائندہ ہو ہر چیز ہے پائندہ ہو سو کہاں سے / جو عمر گزشتہ کو وہ ڈھونڈ ہو سو کہاں سے	″
بہت تنگ زمانہ میں بہت عمر کا عرصہ / بس میں عمل نیک کیا چاہے سو کرلے	″
کھینچ کر تیغ جو چرخ بڑا ہے پیچھے / عمر کے کیا جلد کھٹے جاتے ہیں	″
رات دن عمر کی گھٹتی ہے / زندگی آپ ہی آپ کہتی ہے	

عمر ناپائدار

ہوس سیکھے نہ کیوں عمر جاوداں کی | یہ عمر مختصر بھی اپنی کہاں کی — شفق

کسے خواہش ہے عمر جاوداں کی | کہاں تک ٹھوکریں کھائیں یہاں کی — ″

عمر رفتہ کی بہار سے کچھ جلا تے نہیں | جو نفس جاتے ہیں واپس پھر کے وہ آتے نہیں — ″

عالم ارواح کے نزدیک ہوتے جاتے ہیں | سانس اپنے [illegible] آتے اور جاتے نہیں — ″

دنیا سے ہے سفر [illegible] ساتھ ہے | داغ [illegible] عمر کی ساتھ ہے — ″

پہلے مر جائے [illegible] عمر رواں کی صحبت ہیں — ″

زندگی دو روزہ کی [illegible] عمر رواں دیکھ — ″

جوانی کی [illegible] عمر رواں لوٹے | دکھاتی چال اپنا ہے [illegible] ہے دم کا — ″

مانند حباب اپنی بہت تیز رواں ہے | کشتی حیات اپنی چھپا اول چلے — ″

عمر کے باقی جو ہیں اب بے خبر دو چار دن	کھیل میں ضائع یونہیں یہ بھی نہ کر دو چار دن	سرور
کرو جہان میں عمل نیک غافلو	کیا اعتبار زندگی مستعار کا	سطوت
قلیل عمر پہ سنگیں مکاں بناتے ہو	ثبات کونسا ہے سنگ میں شرر کیلئے	سحر
پہنچے جو تازیانہ تار نفس لگے	کوسوں سمند عمر گریزاں نکل گیا	″
ڈھونڈھے جس شے کو ممکن ہے ابھی تو مل لے	ایک یہ عمر گزشتہ ہاں مگر ملتی نہیں	″
ہماری زیست کے ایام ایسے جلد کٹے	کہ جیسے کوند گئی دیدۂ حباب میں برق	سفیر
کشتی عمر بحر فانی میں	ہوتی جاتی ہے غرق روز بروز	سراج
رواں ہے عمر کی کشتی فنا کے دریا میں	بدن میں جان ہے کوئی دم حباب کے مانند	سعید
اس میں تو تیزیوں کے سوا اور کچھ نہیں	کیوں روح کو ہے توسن عمر رواں پسند	سخن
احباب میری سالگرہ سے ہے شادماں	غمگین ہوں میں کہ عمر میں اک سال گھٹ گیا	شفق
آج کا کام شفق کل پہ نہ چھوڑو زنہار	عمر کا عالم فانی میں بھروسہ کیا ہے	″
دم ہے کہ ہوا کا ایک جھونکا	ہے توسن عمر میرا چالاک	شہید
نہ سمجھے عمر کا ہم کچھ مبادی و مقصود	کہ یہ چلی ہے کہاں اور کہاں سے آئی ہے	″
کس گرم و تند رو ہے نوائے ناقۂ حیات	رفتار ہے تری شتر بے مہار تیز	″
ہیہات عمر رفتہ کا لگتا نہیں ہے	پریشاں ہوں میں کاروان ہستی بچھڑ کر	شاد
نہ دیکھی کبھی گرد عمر رواں کی	بہت تیز چلتا ہے گھوڑا ہمارا	شایق
ترارا بھرتے ہی پہنچا عدم میں	سمند عمر کیا چالاک نکلا	صبا
روکیں سمند عمر کو ہم کس مقام پر	کیا اختیار اس فرس بے لگام پر	″
ہر دم رواروی میں ہے یہ توسن حیات	ہر وقت اپنا پاؤں ہے گویا رکاب میں	صابر
اگر اذاں سنی تھی چلے تو ہوئی نماز	ہم عرصۂ حیات میں کیا آئے کیا چلے	″
ہوس کیا کریں دولت و جاہ کی	کہ ہستی نہیں عمر کوتاہ کی	طاہر
بے سود ہے اب عمر گزشتہ کا تاسف	ہیہات گیا وقت پھر آیا نہیں جاتا	ظہیر
انساں کی زندگی ہے تو دو نفس تلک	ساماں کرتا ہے جینے لاکھوں برس تلک	ظفر
نہیں پائیدار اپنی تعمیر ہستی	کہ ٹھیرے وہ کیا جس کی بنیاد کم ہو	″
یہ جو دم کی آمد و شد ہے اسی میں اے ظفر	دمبدم اک سیر ہستی و عدم کرتے ہیں ہم	″
ہر دم نفس رواں ہے بسوئے ہستی و عدم	یہ ہی سفر ہے اور سفر کس کا نام ہے	″
عمر جاتی ہے گزر اور نہیں ہوتی معلوم	اس مسافر کا کچھ انداز سفر اور ہی ہے	″
نفس کی ہے یہ جو آمد و شد بغور کر سیر اے غافل	یہ دیکھ طے ہو رہی ہے کیونکر رہ وجود و عدم چھپا چھپ	″
عمر رواں کی کشتی اک دم نہیں ٹھہرتی	ہیں یاں مقیم جتنے یہ ہیں سفر میں بیٹھے	″
نہیں اے ہمدمو چلتا یہ دم آہستہ آہستہ	رواں ہے کارواں سوئے عدم آہستہ آہستہ	″
گم ہے نشان وقت جو غفلت میں کھو دیا	اے عیش ڈھونڈھتا ہے کہاں تو سراغ عمر	عیش
دن گزرتے ہیں ماہ آتے ہیں	ماہ جاتے ہیں سال آتے ہیں	عاشق
طفلی گئی شباب گیا پیر ہو گئے	یہ دن بھی کاٹ دینگے جب اتنی گزر گئی	″

چھاؤں جس طرح ڈھلتی پھرتی ہے — اس طرح عمر کی روانی ہے — عاشق

ہو جائے مغفرت تو ہوں دریائے غم سے پار — بہتے سفینے اپنی جو عمر رواں کے ہیں — ،،

زمین پر پاؤں رکھا ہو تو ہو نقش قدم کوئی — ہوا رکھیں کہ بجلی نام اس عمر گریزاں کا — عاصی

کشتیٔ عمر ہے یوں شام و سحر پانی میں — جس طرح بلبلہ کرتا ہو سفر پانی میں — علی احمد

مثل حباب آنکھ کھلی وقت واپسیں — ہم نے تو عمر ایک نفس میں تمام کی — عزیز

پیک نفس نے یہ خبر دی عزیز — قافلۂ عمر رواں ہو گیا — ،،

بحر ہستی میں عمر کا ساغر — شکل جام حباب ہوتا ہے — عالم

شہسواروں سے بھی اس کی باگ رک سکتی نہیں — یہ سمند عمر غافل اس قدر چالاک ہے — غافل

یہ نفس کی ہے روا رو کہ ہیں خوف دل کو سو سو — یہ ہوا میں شمع کی لو کبھی گم کبھی عیاں ہے — ،،

تیری فرصت کے مقابل اے عمر — برق کو پا بہ حنا باندھتے ہیں — غالب

رفتار عمر قطع رہ اضطراب ہے — اس سال کے حساب کو برق آفتاب ہے — ،،

میں مر مٹا تلاش میں لیکن ملا نہ کھوج — یارب چلی گئی مری عمر رواں کہاں — فیض

عرصہ نہیں کچھ اس کے طلوع و غروب میں — کیا آفتاب عمر سریع الزوال ہے — ،،

تو کسی کی نہ ہوئی ہے نہ ہماری ہوگی — خاک پیچھا کریں اے عمر گریزاں تیرا — فدا

عمر سب کھوئی یونہیں الفت رزمیں فرخ — ہائے افسوس کبھی یاد خدا تو نے نہ کی — فرخ

ہے خود بخود رواں فرس عمر اے فروغ — مہمیز کی نہیں اس توسن کو احتیاج — فروغ

پوچھ نہ قائم کہ گئی کیونکر عمر — جس طرح ہو کچھ بسر کر گیا — قائم

جو عمر مقرر ہے سانسوں سے ہوا پر ہے — وقف رہ صرصر ہے فرماں میرے دہقاں کا — قدر

تو سمجھتا ہے کہ میری عمر بڑھتی جاتی ہے — وہ تو کم ہوتی چلی جاتی ہے ہر اک دم کے ساتھ — ،،

اے عمر رواں کہاں گئی تو — تنہا مجھے گور میں سلا کر — ،،

ڈاک انفاس گرامی کی رواں ہے ہر دم — زندگی بھر نہیں یہ پیک ٹھہرنے والے — نیر

اگرچہ اس کا بھروسہ نہیں کسی کو بھی — مگر یہ عمر رواں دم میں سکو لائی ہو — ،،

استاد بھاگنے میں ہے اے پیک عمر تو — شاگرد تیرے چال کی رفتار سیل ہے — ،،

دولت عمر کے سالگرہ سے کیونکر — باندھ لے گا نٹھ میں کس طرح خزانہ کوئی — ،،

بحر جہاں کی مچھلیوں میں ہم ہیں لے فلک — عمر اپنی کو تہی و درازی ہے شست کی — ،،

گھٹتی ہے بات کرنے میں گھڑیاں ہزار حیف — رو کے سے کوئی رکتی ہے عمر رواں کہیں — ،،

طفلی گئی شباب مٹا پیری آگئی — ہونا جو تھا ہوا وہ جو گزرا گزر گیا — منتہی

رواں ہر دم جو یہ عمر رواں ہے — یہ کس جانب روانہ کارواں ہے — میکش

توسن عمر کی روانی کو — سرعت نبض تازیانہ ہوا — ،،

چھوڑے گی اپنے بعد نہ تنہا یہاں مجھے — ہمراہ لے کے جائے گی عمر رواں مجھے — ،،

کشتیٔ عمر رواں کیوں نہ رواں ہو دن رات — اپنا ہر مد نفس جنبش دریائی ہے — ،،

چھوڑ دم جھانسوں کو غافل اپنے دم کی لے خبر — ختم دو سانسوں میں یہ عمر رواں ہو جائیگی — ،،

ہستی میں کچھ نہ پتہ نہ ٹھکانا نہ عدم میں ہے — جائے گی ڈھونڈھنے کہاں عمر رواں مجھے — ،،

عمر ناپائدار

حباب لب جو ہے ہستی ہماری — کہ دم مارتے ہی ہوا زندگی ہے — مصحفی

نظارہ کروں دم کی کب جلوہ گری کا — کہ دم کو وقفہ ہے چراغ سحری کا — ،،

یہاں عمر کو رہنے کی تاب ہے کب خوشی — بحر جہاں میں زندگی بھی ہے وقفہ حباب کا — ،،

صد سالہ زندگی بھی ہے پٹ اڑا ہوا — جاتا ہے مثل برق یہ رفتار گرم ہے — ،،

کشتی سمند عمر کی رفتار کس قدر — جاتا ہے جلد قافلۂ عمر آرمیدہ ہوں — ،،

مہلت نہیں مجھے کہ کیا عنان کی طرح — رو کے کوئی سوار اسے اب رواں کی طرح — محب

عمر رواں تو جاتی ہے زندگی کے دن — بڑھ گیا جوبن تو گھٹے، اک سال اور سالگرہ نے گھٹا دیا — ہم

ہستی عمر رواں ہے چشمک برق جہاں — کب تک ہے یہاں کسے کا قیام — عش

کون کہہ سکتا ہے شب و شباب کی — حالت نہ پوچھ میرے غفلت کے خواب کی — مہر

وہ کروٹیں تھیں عالم غفلت — ٹھہری ایک بھی چشمک ساں برق آنکھوں میں

کیجیے گلہ کیا اے عمر تیری تو شتابی سے

دیر افسوس.

عمر ناپائیدار

[illegible]

دیر افسوس کرتے رہئے گا	عمر جاتی رہی شتاب بہت	میر
طائر عمر کو نظر میں رکھ	غیب سے ہاتھ یہ شکار آیا	"
دیر بھی کچھ لگی نہ مرتے ہیں	عمر جاتی رہی شتاب بہت	"
دیکھا پلک اٹھا کے تو پایا نہ کچھ اثر	اے عمر برق جلوہ گئی تو شتاب کیا	"
اس عمر برق جلوہ کی فرصت بہت ہو کم	جو کام پیش آئے تجھے اسمیں ہو شتاب	"
یہ جو مہلت ہے جسے کہتے ہیں عمر	دیکھو تو انتظار رہا ہے کچھ	"
گرم رفتن ہے کیا سمند عمر	نہ لگے جس کو ہوا کا گھوڑا	"
عمر کا سرنگ چلتا ہے	ابلق روزگار کے سے رنگ	"
رفتگاں میں جہاں کے ہیں ہم بھی	ساتھ اس کارواں کے ہیں ہم بھی	"
کیا راہ چلنے سے ہے اے میر دل مکدر	تو ہی نہیں مسافر ہے عمر بھی گزریں	"
پنجروزہ عمر کیجئے زاہدی یا عاشقی	کام کچھ چلتا نہیں اس تھوڑی سی مدت میں ہا	"
بوئے گل یا نوائے بلبل تھی	عمر افسوس کیا شتاب گئی	"
سوار ہوتے ہی بھاگا چراغ پا ہوکر	سمند عمر میرے اختیار میں کیا تھا	"
مہلت عمر دو روزہ کتنی کرے فضولی کا ہے پر	آئے جو ہیں دنیا میں ہم تو جیسے کہیں مہمان گئے	"
گزر جاتا نہ دم کے ساتھ کیونکر بحر ہستی سے	لگا نا کشتی عمر رواں پر بادباں میرا	ماہر
بیاں ہو ہستی بنیاد قصر تن کیا خاک	حباب سمجھے ہیں جو استوار سمجھے ہیں	"
بحر عالم میں نہ کچھ مٹتے ہوئے دیر لگی	نقش بر آب خط مہر سلیماں دیکھ	"
توسن عمر سے رہو ہوشیار	دے نہ پٹکے یہ رخش ہے چالاک	مجروح
نشست وقت ہے یوں اپنی بحر ہستی میں	کہ جس طرح سے کوئی کشتی رواں پر ہو	سکین
نہ جو روکے رکے عمر رواں میں وہ روانی ہے	کرو کچھ فکر عقبیٰ موت اکدن پیش آنی ہے	مہر
اے مہر گیا قافلہ عمر رواں	کس سوچ میں بیٹھے ہو اٹھو میری جاں	"
گھڑیال گھڑی گھڑی نہیں بجتی ہے	آواز جرس کی آرہی ہے ناداں	"
خاصیت عمر جبکہ ٹھہری گزراں	اے مہر گزر جائیگی یہ عمر رواں	"
مدراحت میں بسر ہوئی تو کیا سود ہوا	اور رنج میں گزری تو ہوا کیا نقصان	"
اچھی بری سب تری گزر جائے گی	ہے حق کی رضا جیسی گزر جائے گی	"
اے مہر بہت گزار چکی عمر رواں	تھوڑی سی رہی یہ بھی گزر جائے گی	"
اعمال ریاضت اور عشق و عرفاں	سامان نجات میں سے کچھ بھی نہیں یاں	"
روتی ہے تری جان کو گھڑی نوحہ گری	اے عمر گزشتہ تجھے ڈھونڈھوں میں کہاں	"
عمر عزیز چشم زدن میں بسر ہوئی	گویا ہماری ہستی موہوم خواب تھا	"
جو کرنا ہے کرلے کہ نہیں دم کا بھروسا	سمجھا ہے جسے عمر چراغ سحری ہے	"
ہستی عمر رواں ہے چشمک برق جہاں	کوئی کہہ سکتا ہے کبتک ہے یہاں اسکا قیام	"
کیا بھروسہ دم کا ہے آیا نہ آیا اے عزیز	وقت فرصت مغتنم ہے کام آئیں گردہ کام	"
گھٹتا تا عمر کو ہے ہر نفس جو آتا جاتا ہے	سمجھ اس رمز کو بہرہ خرد سے ہے اگر کچھ بھی	"

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
سرائے دہر میں ہم مثل برق آکے چلے	تڑپ کے کاٹ دیا وقت مسکرا کے چلے	نظم
جانیوالواں میں ادھر گئے تو سبھی تھے لیکن	سب کے آگے تجھے اے عمر گریزاں دیکھا	״
برق سے تیز کہیں ہے روش عمر رواں	جس نے ایک سانس لی وہ سیکڑوں منزل آیا	״
کسی گڑھے میں گرا دے نہ تجھکو توسن عمر	وہ تیز گام ہے تو شہسوار بھی تو نہیں	״
دم شماری میں گزر جاتی ہے انساں کی عمر	اس میں تقدیم ذرا بھی نہیں تاخیر نہیں	״
رات دن قافلۂ عمر ہے سرگرم سفر	دل دھڑکتا ہے تو آواز درا آتی ہے	״
نہ تھمی عمر رواں لاکھ پھڑکتا رہا دل	سچ کہا ہے کہیں مٹی میں ہوا آتی ہے	״
دولت بے بہا ہے عمر عزیز	کوئی دولت بھی اپنی کھوتا ہے	نظامی
خوش عبث ہوتے ہو نادان ماہ نو کو دیکھکر	ایک مہینہ عمر کا ہوتا ہے کم ہر ماہ میں	ناسخ
وادی ہستی میں آتے ہی عدم کی راہ لی	ساتھ اپنے توسن عمر رواں پیدا ہوا	״
ہوگئی بالکل ہماری عمر غفلت میں بسر	عرصہ اپنی زندگانی کا مگر اک خواب تھا	״
یہی کہتی ہوئی جاتی ہے چلی عمر رواں	میرے دامن سے نہ باندھے کبھی صرصر دامن	״
بیاں کیا ہو سکے عمر رواں کی مجھ سے چالاکی	کہ اس توسن سے لگا ہے نہ ترکی کو نہ تازی کو	״
غبار راہ ہم سمجھیں نہ کیونکر جسم خاکی کو	رگ جاں توسن عمر رواں کو تازیانہ ہے	״
اشارہ آمد و رفت نفس کا ہے یہی ہر دم	بدن میں جو دم آیا ہے مقرر اسکو جانا ہے	״
ہمارا ہر نفس اک بادباں ہے	روانہ کشتی عمر رواں ہے	״
عاقلاں ہیرو نقط نشوند	ہے حیات اپنی یہ حیات نہیں	״
قافلہ عمر کا ہے پا بہ رکاب	زیست کا کیا ہے اعتبار افسوس	نصیر
کرتی ہے روح یہ نفس گرم سے صلاح	ایسے چلو یہاں سے کسی کو خبر نہ ہو	نشاط
نظر آنے کی پھر نہ رکھیو چشم	آنکھ کھلنے تک آشنا ہیں ہم	״
ہے رخصت جاں حال میں تلا نہیں سکتا	رہوار بہت تیز ہے ٹھیرا نہیں سکتا	نسیم
مانند موج جاتی ہے کیوں عمر اے وقار	انسان کو ہر نفس جو فنا کا سفر نہیں	وقار
کیوں رات دن رواں نہ رہے شہسوار عمر	کرتا نہیں قیام کہیں راہوار عمر	واسطی
جا گرم کرنے پائے نہ ہستی میں واسطی	کیا جلد بجھ گیا ہے چمک کر شرار عمر	״
بہت منہ زور ہے تھمتا نہیں ہے شہسواروں سے	رکے گا روکنے سے توسن عمر رواں کیونکر	״
ملے آرام کیونکر ساکنان ملک ہستی کو	نہیں ممکن کہیں عمر رواں کا قافلہ ٹھیرے	״
یہ مجھ کو جشن سالگرہ سے الم ہوا	اک سال زندگی کا میرے اور کم ہوا	״
روکوں میں کس طرح کہ یہ منہ زور ہے بہت	قابو میں میرے توسن عمر رواں نہیں	״
نہ دیکھا نقش قدم کا صدائے پا نہ سنی	سمند عمر سا کوئی سبک خرام نہیں	وزیر
نوجوانان چمن کو دیکھ چک اے عندلیب	عمر جاتی ہے چلی ہر دم جوانی کی طرح	ہوش
ہمارے ارّہ دم سے کٹے ہے نخل حیات	کب اس کی کاٹ کا رکھتا ہے اور آرا منہ	ہمدم
ہم زیست سمجھتے تھے اس آمد و شد دم کو	یہ آرہ تو ہستی کا شجر کاٹنے دوڑا	״
اپنی مثل حباب ہستی ہے	دم کے ہنسنے پہ موت ہنستی ہے	״

عمر ناپائدار

گزری ہے جو گھڑی سو ہوتی ہے عمر میں کم
نکلتی گھڑیال کی صدا میں
یہ بات ہے گزر گئی اپنی
کیا شتاباں گزر گیا شباب کے مانند
عمر عہد شباب ہے نہ رکھ غافل اعتبار
اک دم بھی اپنے دم نہ رکھ اعتبار کا
کیا اعتبار ہستی بے اعتبار کا
چشمک زدن میں ہے مآل آخر
بہار عمر ہے اک نظر میرا شرار
شرر کو دید جان کا ہے تیری عمر کی دیوار کو
پائداری کب ہے سدا سکندر سے باندھ
دل میں منصوبہ نہ منعم ... شباب
توسن زندگی و عہد شباب دونوں
جلد رو برق وار ہیں دونوں شرر کی طرح ختم
گلشن جہاں میں شرر نظر آن کر ذرا
غائب ہوئے نظر سے عمر کٹی جاتی ہے
صبح و شام و سحر ... اور سال پہ سال
ماہ پر ماہ چلے جاتے ہیں اور سال پہ سال
قافلہ عمر دو روزہ ہے جہاں میں اس پر
ہوس خام ہے ہم کو تم کو
آہ کیا کیا ہیں کیا چلے جاتے ہیں دن
کام بن آتا نہیں ... کب آتے ہیں دن
جو گئے وہ عمر کے ہیہات
روانہ ہو گئی

روانہ ہوگئی کیوں عمر کرکے کوتاہی
یہ کیا ہوا جو نہ ٹھہرا شباب کیا باعث — ہزبر

جہاز عمر کا کب بادباں ہے
ہوا ہے دم سے ہی ہر دم رواں ہے — ہرچند

مفت ضائع کرو نہ عمر عزیز
پھر نہیں وقت جا کے آنے کا — یکتا

دم آخر ہی جان جو دم ہے
کیا بھروسہ ہے جا کے آنیکا — ،،

عید

رسم نے ملنے کی کھوئی عید کی ساری خوشی
تین دن تک پاؤں رہ جاتے ہیں اٹھتے بیٹھتے — امیر

آنکھیں ہیں اور لطف ہے اب آکے دیدکا
برسوں جو آفتاب رہا چاند عید کا — ،،

لگایا تو گلے سے پر لگائی تیغ بھی اس نے
ملا تو عید کے دن وہ مگر چیں بر جبیں ہوکر — ،،

حجام میرے دل کا دکھادے جو آئینہ
ان سے زیادہ دوں اسے انعام عید کا — ،،

رہ گیا اپنے گلے میں ڈال کر باہیں غریب
عید کے دن جس کو غربت میں وطن یاد آگیا — ،،

جب تک کے روز عید مسرت فزا رہے
جب تک کہ کعبہ قبلۂ اہل صفا رہے — ،،

جب تک کہ کعبہ مرجع اہل خدا رہے
بالائے فرق سایۂ بال ہما رہے — ،،

پوچھتے ہیں وہ مجھ سے عید کے دن
کہو کیا مل گیا گلے مل کے — ،،

میرے قتل کا دن ہے کیا عید کا دن
گلے تیغ کے کیوں قضا مل رہی ہے — ،،

شاد دل غم میں رہے عید محرم میں رہے
کچھ سپیدی بھی مرے جامۂ ماتم میں رہے — ،،

آج جشن عید ہے اس طرۂ دستار پر
آسمان گرد ے نچھاور ماہتاب و آفتاب — ،،

ہونے نہ پائے غیر بغل گیر یار سے
اللہ یونہیں روز گزر جائے عید کا — ،،

وہ مست ہوں کہ میں نے شب قدر کی جا
روزے تمام ہوں کہیں دن آئے عید کا — ،،

خط عذار یار کا کیا وصف کیجئے
نوروز کا یہ زائچہ خطبہ ہے عید کا — ،،

کھینچا نہ ہاتھ قتل سے قاتل نے شام تک
تکبیر کہتے کہتے کٹا روز عید کا — ،،

پیری میں مجھ سے خنجر قاتل گلے ملا
دیکھا ہے چاند تیسری تاریخ عید کا — ،،

اس غمکدہ میں کٹ گئی یوں اپنی زندگی
قیدی پہ جیسے روز گزر جائے عید کا — ،،

اتراتے ہیں جو لوگ پہنکر لباس کو
ہنستا ہے چاک پیرہن صبح عید کا — ،،

باطن میں غم ہے عشرت دنیا سے ظاہری
پہنے ہوئے لباس محرم ہے عید کا — ،،

اٹھ اٹھکے بیٹھنے سے ہوئے کشتہ ہم امیر
خنجر پھرا گلے پہ ملاقات عید کا — ،،

خزاں میں مجھکو رلاتی ہے یاد فصل بہار
خوشی ہو عید کی کیونکر کہ سوگوار ہوں میں — اقبال

پیام عیش و مسرت ہمیں سناتا ہے
ہلال عید ہماری ہنسی اڑاتا ہے — ،،

آؤ لگ جاؤ گلے آج ہے عید رمضان
ہاتھ پھیلائے گلے ملتے ہیں سب پیر و جواں — آزاد

ہر شب شب برات ہے ہر روز روز عید
سوتا ہوں ہاتھ گردن مینا میں ڈالکے — آتش

کوئی ہے ناز سے بسمل کوئی انداز پہ قرباں
وہ زیب انتزائے عید الفطر قربانگاہ عالم تھا — احسان

ہلال آسا گھٹا نہ فکر ترقی و تنزل سے
جہاں میں عید کے دن مجھ کو ایام محرم تھا — ،،

عید

بنے ہم ماہ نو غم سے ہوئی ہے عید غیروں کی
وہ ہم آغوش اعدا ہیں ہم آغوش الم ہم ہیں — احسان

بنا کی ہے ہلال عید کی کاہیدگی ہم نے
جہاں میں رنج و راحت شادی و غم دونوں توام ہیں — ،،

فنا کے غم نے اے احسان گھٹایا ہے مہ نو کو
کسی کو عید کے دن ہوں اسے ایام ماتم ہیں — ازل

ہم ہیں جیب جو مجروح ہم تیری دید سے
کیا غرض ہیں ہم کو ہلال عید سے — ،،

عید ہے ہم ہیں تیرہ اردوں کی بھلا
عید کیا فرقت میں ہے یاروں کی بھلا — ،،

غم سے ہیں بیدم ہم ہماری عید کیا
غمزدہ ہیں ہم ہماری عید تھی — ،،

وہ جو ملتے ازل تو عید تھی
ہم سے ہو ملے ہم بغل تو عید تھی — سیت

تیغ ابرو دشمن جاں سے تو جاناں لے
حیف ہے گر عید میں بھی نہ دلبر کو دل — ،،

عید قرباں ہے طواف خانۂ جاناں لے
آج گر قسمت سے دل کو ہو یقیں جاناں لے — ،،

عید ہے اے گرتی ... گلے میں جاں لے

تہنیت عید

مصرع	مصرع	بحر
تہنیت عید کی لکھتا ہوں تو رشک آتا ہے	میں نہ پہونچوں پہ در دوست پہ پہنچے یہ کارڈ	بحر
عید رمضاں ہو مبارک دوستو	گل مبارک تم کو ہو اے بلبلو	بہار
عید آئی شاد ہیں برنا و پیر	عید آئی خوش ہیں نادار و امیر	،،
عید کی کیونکر نہ ہو سب کو خوشی	ہوتی ہے باعث خوشی کا عید ہی	،،
واہ کیا دن دلکشا ہے عید کا	واہ کیا دن جانفزا ہے عید کا	،،
عید آئی عید آئی کہتے ہیں	شاد اس دن طفل و برنا رہتے ہیں	،،
عید کی سب کو خوشی ہوتی نہ کیوں	عید وہ ہے لاتی ہے بہجت فزوں	،،
اب مناتے ہیں خوشی لو عید کی	کیوں نہ ہو ہم کو مسرت دید کی	،،
دید کس کو دید یاراں مرحبا	دوستان غمگساراں مرحبا	،،
گیا گلے ملنے کی ہوتی ہے خوشی	پوچھنا کیا عید رمضاں کی خوشی	،،
عید آتی ہے کہ آتی ہے خوشی	جب صبا آتی ہے لاتی ہے خوشی	،،
عید آئی شکر خالق کیجئے	اب زکوٰۃ مال صاحب دیجئے	،،
خوش جو ہو رب جہاں رب غفور	تم کو بھی ہوگی مسرت بالضرور	،،
عید کا دن ہے خوشی کے واسطے	عید ہے بس خرمی کے واسطے	،،
عید کی بچو مناؤ تم خوشی	دو کسی کو تم نہ رنج و غم کبھی	،،
خوش رکھو ماں باپ کو بچو سدا	دل میں رکھو مرتبہ استاد کا	،،
خدمت استاد تم پر فرض ہے	کوئی اس خدمت سے کیا بہتر ہے شئے	،،
تم کو کرتا ہے نصیحت یہ بہار	کرتے رہنا طاعت پروردگار	،،
خوش ہیں سب بچوں سے بوڑھوں تک جہاں آئی ہے عید	کر رہی ہیں سیم تن اٹھکھیلیاں آئی ہے عید	،،
ابر ہو مے ہو گھٹا گھنگھور ہو مطلوب ہو	پھر در و دیوار سے سن لو کہ ہاں آئی ہے عید	،،
تم خفا دشمن خفا اور دوست ہیں نا آشنا	کچھ انوکھی رنگ کی ہم کو یہاں آئی ہے عید	بدر
چھوڑ دو غیروں کے جھگڑے خاک ڈالو ان کے سر	دو گھڑی مل بیٹھ لو اے جان جہاں آئی ہے عید	،،
یہ گلے ملنا ترا اے مہ جبیں اعجاز ہے	خود بخود دل کہہ رہا ہے بیگماں آئی ہے عید	،،
ہو گئے ہو بدر تم کاہش سے کیوں مثل ہلال	لوگ خوش ہو ہو کے کہتے ہیں یہاں آئی ہے عید	،،
لہلہاتا باغ میں ہے ہر شجر آئی ہے عید	کر رہی ہے شوخیاں باد سحر آئی ہے عید	،،
ہو گئے بیخود دلی جب سے خبر آئی ہے عید	سچ ہے یہ اپنے لئے اک درد سر آئی ہے عید	،،
وصل کا وعدہ وہ سچے دل سے لکھ دینگے تجھے	کہیو تو آتنا زباں سے نامہ بر آئی ہے عید	،،
عید کی خوشیاں کریں جو گھر میں ہوں گھر بار ہو	ہم سے بے وطنوں کو کیا صاحب خبر آئی ہے عید	،،
ہم تو کچھ ایسے گئے گزرے کسی کے جور سے	ہر کسی سے پوچھتے ہیں کیوں کدھر آئی ہے عید	،،
یاد آتا ہے کسی کا ہنس کے یہ کہنا کہ آج	بدر تم مل تو گلے دل کھول کر آئی ہے عید	،،
ہجر کے مارے ہوؤں کا خوب درماں آج ہے	یار ہے خنجر بکف اور عید قرباں آج ہے	،،
سر ہتیلی پر لئے پھرتے ہیں شوق قتل میں	جب سے سن رکھا ہے ہم نے عید قرباں آج ہے	،،
بھول کر بھی ٹس سے مس کرتا نہ اے مرغ سحر	ورد ہے سب کی زباں پر عید قرباں آج ہے	،،

عید

کاٹ ڈالے سیکڑوں سر اس نے بے جرم و خطا
آشنانہ فرما کر کے صاحب عید قرباں آج ہے
تم نہیں پاتے تو خنجر ہی ملا دو حلق سے
ہم رگ جاں مان جائے عید قرباں آج ہے
اس کا نخرے کرنے والے سے پوچھے ذرا اپنے کوئی
کون خوش قسمت ہے جس کی عید قرباں آج ہے
ہو نہ ہو لبے بدلے تک آج ہی ہو گئے حلال
صاف صورت کہہ رہی ہے عید قرباں آج ہے
کب دیکھئے میکدہ میں ہو عید
کب ساقی سے ... کی ہو عید
عید کی صبح کیا سہانی ہے
جا بجا جس سمت شادمانی ہے
اگلے وقتوں میں عید ہوتی تھی
اب تو اک رسم ... باقی ہے
سارے بچے خوشی سے ہیں پھولے
عید نا ... سرخ پانی ہے
عرض اک دھوم ہے خدا کے گھر
مومنوں کی برات جاتی ہے
ہم نے بھی عیدگاہ میں جا کر
آج تقدیر آزمانی ہے

جوہر قابلی

عید

ہمیشہ ہم نے یہ دیکھا ہے بادہ فروشوں میں
کہ چاند عید کا انتیسویں کو ہوتا ہے — داغ

میں خوش میرے احباب بھی خوش ہیں پیالے داغ
گھر میں عید تو باہر بھی عید — "

سچ کہتے ہیں عید سے پہلے ہیں قتل مرا اہل تماشا کے لئے
سب گلے ملنے لگے جب کہ وہ جلاد آیا — "

قتل عاشق سے جہاں عید منا [illegible] تھی
اب وہاں ماتم ارباب وفا ہوتے ہیں — "

فکر ہے تہنیت عید کا اس شاہ کے آج
دور میں جس کے ہے ہر صبح صباح دولت — ذوق

مژدہ عید سے ہے دیکھ تو کیا رنگ چمن
رنگین ہے قبا غنچہ کی رنگین منڈیل — "

گل کی رنگین ہوئے آراستہ ہیں آج بدل کر پوشاک
[illegible] — "

فصل ہے باغ تک باغ سے تا بیع خیل
نظر آتا ہے بہ رنگ لب ساغر جو ہلال — "

ٹپکا پڑتا ہے لب بست سے شوق تقبیل
عید کے دن سب ملیں گے اپنے اپنے یار سے — تمکین

ہم گلے مل لیں گے رو رو کر در و دیوار سے
ماہ نو ہیں منتظر سارے تمھاری دید کے

مت چھپاؤ منہ او بشارت لانے والے عید کے
ورنہ کب

مصرع	مصرع	شاعر
جو ہیں قابل بھی دستگیری کے	عید کے دن انھوں نے ٹھانی ہے	جوگی
عید ہے یار سے گلے مل کر	دل کی حسرت ذرا مٹانی ہے	"
روزے اس کے ہیں عید اس کی ہے	پیٹ میں جس کے دانہ پانی ہے	"
گھٹا افلاس کی ہو جب چھائی	عید کیا خاک پھر منانی ہے	"
آج الٹ جائے محفل رنداں	عید کیا روز روز آنی ہے	"
عید کے روز تو خدا کی پناہ	رند ہر ایک جم کا ثانی ہے	"
عید کے روز سب ہیں خوش جوگی	لیکے بیٹھا تو نوحہ خوانی ہے	"
کہتے ہیں آج عید مگر کس کی عید ہے	جن کے دلوں کے مد نظر کچھ خرید ہے	حیدر
ہوگی انھیں کی کہتے ہیں آج عید ہے	ہم کو تو عید یار ستمگر کی دید ہے	"
ابروے یار چاند ہے رخ اس کا عید ہے	جس دن نظر پڑے وہی روز سعید ہے	"
دیکھا نہیں ہے چاند جو ابروے یار کا	بے دید کس طرح سے کہیں آج عید ہے	"
جو عید عاشقاں ہے میسر ہمیں بھی ہو	پھر تو یہ ہم بھی جانیں کہ ہاں عید عید ہے	"
یاں جاں بلب پڑے ہیں کسی کے فراق میں	اللہ رے ستم کہ وہاں جشن عید ہے	"
دل پارہ پارہ ہوگیا ابرو کی یاد میں	جب سے کہ چاند دیکھا ہے وحشت مزید ہے	"
اس مہر وش کو دیکھتے گرچہ نہ دیکھ کر	حیدر بھی دل سے کہتے کہ عید سعید ہے	"
عید اور نوروز ہے سب دل کیساتھ	دل نہیں حاضر تو دنیا ہے اجاڑ	حالی
مہ صیام گیا اور روز عید آیا	خوشی کا عید کے حق ہر کوئی بجالایا	"
کیا خدا کا ادا شکر روزہ داروں نے	کہ اپنے صبر کا انعام ہم نے بھر پایا	"
رہین منت ساقی ہیں بادہ خوار تمام	کہ تیس روز کے پیاسوں کا روزہ کھلوایا	"
گئے ہیں ایسے مساجد سے مختلف خوش خوش	کہ جیسے طفل ہو مکتب سے چھوٹ کر آیا	"
شگفتہ آتے ہیں اس طرح عید گاہ سے لوگ	کہ گنج گویا انھوں نے خرابہ میں پایا	"
حسین جامہ میں پھولے نہیں سماتے ہیں	کہ دن خدا نے نمائش کا ان کو دکھلایا	"
عزیز دوست گلے ملتے پھرتے ہیں باہم	خدا نے سیکڑوں روٹھوں کو آج منوایا	"
ادھر ہے فصل بہار اور ادھر ہے عید الفطر	سماں نشاط کا ہے شہر و دشت پر چھایا	"
صدمہ ہجر و کاہش غم سے	عید بدتر ہوئی محرم سے	داغ
یاس ہو تو امید پھر کیسی	دل نہ خوش ہو تو عید پھر کیسی	"
ملو داغ سے بھی کہ ہے عید کا دن	گلے آج خلق خدا مل رہی ہے	"
پھولا رہے شاہی کا چمن عید مبارک	اے شاہ دکن شاہ زمن عید مبارک	"
اس وقت مسافر بھی پکاریں بدل آہیں	جب دل سے کہیں اہل وطن عید مبارک	"
اے داغ تو بھی نشہ صہبا میں ڈوب کر	وہ شعر تر سنا کہ رہے یادگار عید	"
باہم ہوں جس طرح سے بغل گیر مسلمین	اس طرح ہیں نشاط طرب ہمکنار عید	"
تیر قضا کا طائر غم بھی نشانہ ہے	آیا ہے دام شوق ولی میں شکار عید	"
پرتو فگن ہیں نیر اقبال بادشاہ	چمکا ہے روزگار میں کیا روزگار عید	"

ورنہ کب ہے عید بیکس بے وطن بے یار کی
ہوک اک اٹھتی ہے دل میں سر میں اٹھتا ہے غبار
پھر بھی تم کو ہو مبارک عید رنگیںؔ خستہ جاں
وہ گلشن جہاں میں نمایاں بہار عید
غنچے چٹک کے ہوتے ہیں کیسے نثار عید
کیا عید کی خوشی ہے گلستان دہر میں
مہندی کے بدلے خون تمنا لگائے ہیں
روتے ہیں ملکے عاشق و معشوق دیکھئے
کیا تہنیت کا شور ہے دیکھو تو صبح سے
لڑکے خوشی سے کہتے ہیں عیدی کو دیکھکر
کیسے نکھر رہے ہیں حسین ماہتاب سے
ہم مست عید ہیں ہمیں کیا مے کی احتیاج
ہم کو دیار غیر میں کیا عید کی خوشی
یوں ہوئی عید تو کیا عید تو ہاں جب ہوتی
خوشی سے روز روز عید قرباں جانتا ہے وہ
ہماری عید تو جب ہے کہ دیکھیں تیرے ابرو کو
دم بسمل اے بت عشق گر خوشی عید کی سی ہوئی مجھے
عین سے عید عبادت کو بتا دیتی ہے
دال سے راہبر داد و دہش ہوتی ہے
عید کی عین سے احباب وطن عیش کریں
دال سے ہے انھیں دلدار انہیں دیگری
تم کو اے اہل وطن عید مبارک ہوئے
خوب دوگانے پڑھو اور یگانوں سے ملو
آکے غربت میں ہوئے ہم ہیچکارہ دوستو
عید کے دن بھی محبان وطن سے ہیں بعید
ناآشنا سے عید مبارک کی ہے صدا
عید کرتے ہیں وہاں لوگ خوشی سے باہم
ہیں پھنسے عید کی رسموں میں ہمارے ساتھی
قتل کر ڈالے بلا سے پر لگا لیوے گلے
عید کو بھی گر نہ ہو تیرا وصال
صد شکر اس کو آج تمنائے دل ملی
کہتی ہے تجھ سے عید کہ اے فخر روزگار
ڈر تھا کہیں مزاج منغض نہ ہو حضور

شعر	شاعر
جس کو غربت میں تمنا ہو کسی دلدار کی	رنگین
عید ہے لوگوں کی مجھ کو موت کا ہے انتظار	״
اور یہ کہنا کسی کا ہو تیرے ورد زباں	״
مرغان خوشنوا نے کیا ہے نکھار عید	شوق
اتراتی پھر رہی ہے نسیم بہار عید	״
اس عید پہ نثار ہے فصل بہار عید	״
کیا کیا کئے حسینوں نے ہائے سنگھار عید	״
کیا کیا لٹا رہی ہے دُرِ شاہوار عید	״
ڈنکے بجا رہی ہے نسیم بہار عید	״
دیکھو ہمارے پاس بھی ہے یادگار عید	״
جوبن برس رہا ہے غضب ہے سنگھار عید	״
ساقی چڑھا ہوا ہے غضب ہے خمار عید	״
اہل وطن کو شوقؔ مبارک بہار عید	״
کہ گلے میرے وہ آ کر مرا پیارا ملتا	ظفر
محبت سے جو کرتا جان قربان الٰہی ہے	״
ہلال عید کو اے مہ جبیں دیکھا تو کیا دیکھا	״
خم تیغ تیرا جو سامنے نظر آیا مثل ہلال تھا	״
یا سے پھر یاد الٰہی کو جتا دیتی ہے	غلام جیلانی
عید آ کر ہمیں دیندار بنا دیتی ہے	״
یا سے یاران سفر رنج و الم بیش کریں	״
کیوں نہ یہ رنج سوا اور وہ خوشی بیش کریں	״
یار و احباب سے وادید مبارک ہووے	״
جشن یہ صورت جمشید مبارک ہووے	״
تیغ حسرت نے کیا دل کو دو پارہ دوستو	״
آنکھیں کب دیکھیں مجنوں کا نظارہ دوستو	״
ہیں بے مزہ نشاط جہانگیر کے مزے	لایق
ہے بجز غم کے نہیں کوئی ہمارا غمخوار	لاعلم
ہم گرفتار بلا اور مصیبت ہے ہزار	״
منتظر اس بات کا ہیں عید قرباں میں رہا	״
خاک ڈالوں عید پر اے مہ جمال	״
مت سے گرچہ عید کو یہ انتظار تھا	״
کیا کیا نہ تیرے دید کو دل بیقرار تھا	״
ہر روز دور آنے میں کیا مجھکو عار تھا	״

عید

شعر	شاعر
عشرت نصیب اب ہے کو ایک دن کے واسطے / یوم سعید شوال بھی جا خدمت گزار تھا	لاعلم
خوشیاں منانے پھرتے ہیں سب لوگ عید کی / اور مجھکو آرزو ہے فقط تیری دید کی	״
عید آئی ہے تو کیونکر جانئے آئی ہے عید / گلے ملنے تو ہم بھی جانتے آئی ہے عید	״
تمام عمر کی حسرت و ارمان نکل گئی / گلے بھی ملنے پائے نہ یہ عید یوں ہی گئی	״
عید کے دن منہ چھپا کے بیٹھنا منظور ہے / گلے لگ جا پیارے عید کا دستور ہے	״
اے احباب پیارے عید ہو اب بعد سال / آج تک جا پیارے عید اب ہے کمال	״
ہوئی ہے پھر تو ہم کو بھی ملنے چال / بہتر اچھی عید ہو جو بہت جلد چال	״
چل رہی ہے عید بھی ہو جائے کہیں نہیں / یہ یار روز عید ہو اب ٹھیک غم کہیں نہیں	״
جام شراب دید ہو اب وطن کو یاد ہے / مبارک باد احباب کو یہ عید خاص ہے	״
دل ملا ہو بے ملے ہلال عید اس دل ناشاد سے / عید کی تیاریاں ہوں جس کی مبارک باد ہے	״
سلطان ہوں ناامید اس کی مبارک باد ہے	خوشی بھی

عید

کیا کام مجھ کو عید سے اور عیدگاہ سے
میری تو عید ہو گئی تیری نگاہ سے — نظیر

ہم سے تو آج بھی نہ ملا وہ نگار آہ
ہم عید کے بھی دن رہے امیدوار آہ — "

عید کے دن شکوہ جور و جفا جاتا رہا
تم گلے سے لگ گئے سارا گلہ جاتا رہا — "

کہتے ہیں عید ہے آج اپنی بھی عید ہوتی
ہم کو اگر میسر جاناں کی دید ہوتی — "

مبارک ہو ہر روز شادو کامی و عید ارونکو
منائیں عید بیٹھے سے لگائیں اپنے یاروں کو — لااعلم

ہو وہ پوری دل کی جو امید ہو
مہرباں تم کو مبارک عید ہو — "

اب چاہئے ہے چاند نکل آئے ... ایجاد کا
عید آئی کھل گئے زباں بلبلوں کی مبارک باد کا — "

خوشیاں

خوشی بھی باعث افسوس ہو گئی افسوس	ہلال عید سے ابروے یار یاد آئی	لااعلم
میں ایکدن بھی دوست سے اپنے نہ مل سکا	امید عید کی تھی سو وہ بھی نکل گئی	"
سحر عید کی کچھ مجھ کو خوشی ہے تو یہ ہے	کہ عزیزان وطن یاد کرینگے مجھکو	"
عید قرباں ہے یہی دن تو ہے قربانی کا	آج تلواروں کے مانند گلے مل قاتل	"
کھٹکا خزاں کا ساتھ رہا ہر بہار کے	لیکن بہار عید ہمیشہ بہار ہے	"
عید آئی ہے نظر عید مناؤ صاحب	شرط اسلام کی ہے کیجیے بغل گیر مجھے	"
شکر خدا ہے پیش نظر جلوہ عید کا	مشتاق دل بہت تھا مرا جس کی دید کا	"
اب دیر کیا ہے آؤ گلے مل لو شوق سے	ساعت بھی نیک دن بھی مبارک ہے عید کا	"
عید کی ساری خوشی دل کی کلی کھلنے سے ہے	اور کھلنا اس کلی کا یار کے ملنے سے ہے	"
آج لگ جاؤ آج ہے عید رمضان	ہاتھ پھیلائے گلے ملتے ہیں سب پیر و جواں	"
اے عید زہے نصیب تیرے	جو تجھ سے ملے حبیب تیرے	"
آ عید میں خیر مل لوں تجھ سے	کر عفو اگر خطا ہو مجھ سے	"
عید قرباں ہے آنے والی	دل کوئی نہیں خوشی سے خالی	"
جس دن قسمت سے عید آئی	ہو گی دربار تک رسائی	"
پیاری عید تو ہے وہ دلبر	جس کا چرچا گھر گھر در در	مصور
جان ہے سب کی پران ہے سب کی	سچ پوچھو تو مان ہے سب کی	"
ہو مبارک عید تم کو دوستو	عالم غربت میں ہیں تم سے دور	مدار
عید آئی گلشن عالم میں یا آئی ہے بہار	کھل رہے ہیں دل کے غنچے اور چہکتے ہیں ہزار	مسلم
آج جشن عید قرباں ہے بط مے ہو حلال	ساقیا ہو بادۂ خونیں سے سبزہ لالہ زار	"
لو آگئی عزیز و عید الضحیٰ مبارک	ملنا گلے سے باہم عشرت فزا مبارک	محوی
قربانیوں کا کرنا نام خدا مبارک	عمرہ کا اور حج کا ہونا ادا مبارک	"
عید الضحیٰ جو آئی ہر سو ہے شادمانی	خوش ہیں وہی خدا کی جن پر ہے مہربانی	"
کیوں کر ہو خوشی نہ سب کو عید الضحیٰ جو آئی	ہے میٹھی عید کی سی اس میں بھی دلربائی	"
جب واشربوا کلوا کی ہم کو ہوئی ہدایت	تو عید کی خوشی میں واجب ہوئی دو رکعت	"
ظاہر سے ہم کو مطلب اللہ جانے باطن	سب سے ملاپ لیکن لازم ہے عید کا دن	"
عید الضحیٰ کا محوی کر کے فقط بہانہ	رسم یگانگت کا کرتے ہیں ہم ترانہ	"
جو حکم دینا ہے دیدو کہ عید قرباں ہے	تمھارا چاہنے والا نثار ہو کہ نہ ہو	ناز
دل اگر فارغ نہیں ناساز ہے ساز نشاط	عید کے دن رنج ہوتا ہے دل محبوس کو	ناسخ
اے عید تو ہی حاصل ماہ صیام ہے	اے عید تو ہی ثمرۂ قعد و قیام ہے	نامی
اے عید تو ہے شوکت اسلام کی دلیل	تیوہار ایک بھی تو نہیں ہے ترا عدیل	"
ہاں بے نوا بھی عید منا لیں بلا ہراس	ان کے دلوں سے آج تو ہو جائے دور یاس	"
ہے آج وہ دن کہتا ہے اسلام جسے عید	ہر شخص کے لب پر ہے یہاں نعرۂ توحید	"
گلرو چمکتے پھرتے ہیں جوں ماہ و مشتری	ہے سب کے روز عید کی دل میں خوشی بھری	نظیر

خوشیاں مناتے پھرتے ہیں سب لوگ عید کی	اور مجھ کو آرزو ہے فقط تیری دید کی — لاعلم
عید کے دن شکوۂ جور و جفا جاتا رہا	تم گلے سے مل گئے سارا گلا جاتا رہا — ؍؍
ہو مبارک دوستوں کو شادیٔ ایام عید	اتفاق باہمی ہے جانفزا انعام عید — ؍؍
خیر و خوبی سے خوشی عید کی جاوید رہے	تندرستی رہے اللہ کی تائید رہے — ؍؍
حوریں جنت کو مبارک ہوں فلک کو تارے	باغ کو گل ہوں تمہیں عید مبارک ہو٘وے — ؍؍

عیش

دنیا کی سیر اور ہے عیش و نشاط اور	جام جہاں نما نہ کبھی جام جم ہوا — آصف ح
بزم جمشید ہٹی محفل پرویز لٹی	ہے زمانہ میں وہی عیش کا ساماں اب تک — ؍؍
بسکہ ذاکر العیش نصف العیش ہے	یاد ایام فراغت ہی ہی — اسمٰعیل
عیش کا دہر میں مکاں دیگا کبھی نہ آسماں	گرگ سے ماہ مصر کا پوچھتے ہو پتہ عبث — امیر
عیش کا نام ہی سنا ہے امیر	ڈھونڈ مارا جہاں بھر میں انھیں — ؍؍
قدر راحت کی بس رنج ہے دنیا میں امیر	تب چلوں باغ کو جب قیدیٔ زنداں ہوں — ؍؍
راحت کو ڈھونڈھتا ہے عبث تو جہان میں	اس کا زمیں میں ہے نہ پتہ آسمان میں ہے — ؍؍
خوگر جور نج کے ہیں وہ راحت طلب نہیں	جسم گلیم پوش کو دینی ہے شال رنج — ؍؍
عشرت قبول نہ کر کبھی اختیار میں	آئے ہنسی تو قہقہ دیوار دیکھ کر — ؍؍
غافل نہ مثل برق ہو شادی سے خنداں زن	یاران غم سے ہے گل آدم خمیر کی — آتش
غضب ہے منزل ہستی میں آسائش طلب ہونا	ہجوم خواب سے رہرو نے ہے آخر خلل پایا — ؍؍
آدمی کی بے شعوری ہے طلب راحت کی یاں	داغ ہیں یہ خانۂ چرخ کہن میں آبلے — ؍؍
جو عاقل ہیں انھیں راحت کی فکر اصلا نہیں ہوتی	خیال عیش رکھنا ہر گھڑی ہے کام جاہل کا — احد
دن رات ہے امیروں کو آرام سے غرض	ساقی سے مدعا ہے دیا جام سے غرض — آزاد
کیا خاک ہو امید کمینوں سے عیش کی	کب مروحہ بنا پر زاغ سیاہ کا — اسیر
جانتا ہوں راحت دنیا کو سرتا پا الم	فربہی پر مجھ کو ہوتا ہے یقیں آماس کا — ؍؍
نکلا جو دم تو راحت و آرام ہے اسیر	آوارگی ہے جسم کی روح رواں تلک — ؍؍
یہ باغ دہر میں ہے مجھ کو ناپسند خوشی	چلے جو زور کروں سد باب خندۂ گل — ؍؍
جمع ہوتے نہیں دو عیش کبھی زیر فلک	مے سے لبریز کبھی کاسۂ طنبور نہیں — ؍؍
کرتے ہیں فکر عیش جہاں خراب میں	ہے جستجوئے چشمۂ حیواں سراب میں — ؍؍
خانۂ عیش کو دیتا ہے لب گور صدا	ایک دن شہر بھی ہوگا وہ جنگل ہوگا — ؍؍
عشرت ارباب غافل کو نہیں رنگ ثبات	بیشتر ہو جاتے ہیں مفلس تونگر خواب میں — ؍؍
چاہتی ہے مرغ عیش اہل دنیا ہو شکار	خاک پر تار شعاعی کا بچھا کر دام صبح — ؍؍
بے محل راحت جو ہو انسان کو ہوتا ہے رنج	پائے خوابیدہ نہ کیوں پائے اذیت خواب میں — برق
ہر کوئی دنیا میں ساز عیش کا بھرتا ہے دم	آدمی کا رشتۂ جاں تار ہے طنبور کا — بحر

عیش

دار فنا میں آس نہیں روز عیش کی — بحر
عیش ہوا جو کوئی گھڑی منتظم ہوا
دل خوش جہاں پر نہ بجز اپنا — ؍؍
نشاط و عیش جہاں ہے اور سراب شراب
گر سبز گلستاں ہے ادھر ادھر گئی — ؍؍
عشرت سے موج آب ادھر سے ہوا عیش
بیجا حباب سر میں بھرے سے ثابت ہوا ہیں — ؍؍
فریاد و عندلیب سے ثابت ہوا عیش
ہر گل ہے داغ آہ چمن ہے ہوا عیش — ؍؍
ہوتی رنج کر گئی
اے بحر قطع زیست ہوئی سنائی صدائے عیش
گھبرا کے وہ بیجا خدا سے طلب کرتا ہوں — ؍؍
ساز عشرت جو میں دنیا میں کچھ بھی پایا نہیں
کان بجتے ہیں برابر کہ یہاں نصیبوں کیلئے — ؍؍
عیش ہے دار فنا میں خوش نصیب
سولی پہ نیند آئے راحت ہوا گر تقدیر میں — ؍؍
آسائش بیجا سے مسرت نہیں ہوتی
ہو جا میں اگر پاؤں تو راحت نہیں ہوتی — ؍؍
عشرت میں برتری کی پرورش کیونکر ہو
جب پدر گردوں ہے دنیا دوں مادر ہے
گلزار دہر میں نہیں مقام عشرت
بلبل پہ جفائے باغباں ہے

عیش دنیا

عیش

ناپائدار عیش کے سامان ہیں عزیز
[illegible]
ساغر شراب ہے کہ بھروسہ ہے گلستاں ہے
[illegible]
عجب کیا [illegible] آرام گور میں
مرنے کے بعد [illegible]
دنیا میں [illegible]
[illegible]
عیش دنیا [illegible]
[illegible]
[illegible] عیش
[illegible]
صبح عیش [illegible]
[illegible]
[illegible]

عیش دنیا کی طرف رخ نکرو اے زندو
غم عیش سے وابستہ ہے اور عیش ہے غم سے
سخت تر ہے عذاب دوزخ سے
رہتے ہیں ظالم ہمیشہ شاد و خرم دہر میں
راحت وہ ہم نے پائی قفس میں کہ عمر بھر
خوب گوریگی مری رنج لحد میں تنہا
ساری کمائی لٹ گئی عیش و نشاط میں
پایمالی کے سوا کیا ہے مآل عشرت
نہ دیکھی عیش کی صورت کبھی بے رنج دنیا میں
توام زبسکہ سختی و نرمی جہاں کی ہے
رنج دیتا ہے خوشی کے بعد انساں کو فلک
اے فلک شادی و ماتم کو ہم اکساں سمجھے
ریاض دہر میں یکساں ہے شادی ماتم
مژدہ دیگر گور میں کہتے ہیں یہ ہم سے تنگ
لحد میں جا کے ان اٹھکھیلیوں سے ہوگا چھٹکارا
بڑے ناداں ہیں جو بھولے ہوئے بیٹھے ہیں عقبیٰ کو
بشر جنت میں ہے جب تک نشاط زندگانی ہو
گزرتے ہیں گھڑیوں میں عشرت کے دن
میرا طریق عیش جدا ہے جہان سے
خوش و ناخوش بسر ہو جائے گی یہ زندگی لیکن
موسم شیب میں بیفائدہ ہے لعب شباب
حاصل تو ہوا وصل نہیں رات پر افسوس
یاں فکر معیشت ہے وہاں دغدغۂ حشر
بہار چند روزہ پر عبث دل شاد کرتے ہیں
منزل دنیا نہیں جائے نشاط
موسم عیش کو جاتے ہوئے کچھ دیر نہیں
اس خرابات میں یہ عیش محل کس کا ہے
توام زمانے میں ہے غم و عیش ہر جگہ
ایام مصیبت کے تو کاٹے نہیں کٹتے
جس عیش میں یاد آئیں غم و رنج کے صدمے
مآل عیش وقت نزع غافل تلخ کامی ہے
اسے او شوکت عہد جوانی دیکھنے والے
ہو آل کار جس کا رنج و غم

دیدۂ غول ہیں اس میکدہ کے جام تمام
لازم ہیں غم و عیش بس عیش پہ غم
جستجو عیش جاودانی کی
کم نہیں ہوتا کبھی خندہ لب سوفار کا
بھولے سے بھی نہ یاد کسی دن چمن رہا
زندگی ہوگی نہ مرنے کا تقاضا ہوگا
باقی کفن کو تار نہیں اب بساط میں
پھول کھلتے ہیں گلستاں میں بکھرنے کیلئے
ہنسی کے ساتھ ہی آنکھوں سے آنسو بھی نکلتے ہیں
پیدا بدن میں گوشت نہ بے استخواں ہوا
نکمہ میں دہر کے بیکار ہے راحت کی حرص
غم سے غمگین کبھی راحت سے نہ مسرور ہوئے
بہار گیا ہے نہ دیکھیں تھا خزاں کیلئے
منزل مقصود کو پہنچے ہوئی راحت نصیب
جئینگے جب تلک دنیا میں کھیلے گی قضا سر پر
جہاں غفلت سرا ہے عیش اک خواب پریشاں ہے
مثال حور پہلو میں عروس نوجوانی ہے
نہیں کاٹے کٹتے مصیبت کے دن
چلتا ہوں چھوڑ چھوڑ کے ہر رہ گزر کو میں
جسے آرام کہتے ہیں یہ یاں ہوگا نہ واں ہوگا
کب ثمر بوئے ہے جو نخل خزاں پر آیا
اک پل میں شب عیش و طرب ہوگئی آخر
آسودگی کہئے جسے یاں ہے نہ وہاں ہے
مری دانست میں وہ عمر کو برباد کرتے ہیں
کیوں بچھاتا ہے بساط انبساط
دن ہے بجلی کی چمک رات ہے اک یا گھٹا
برق ہے رخنۂ در سایۂ دیوار گھٹا
رنجیدہ ہے کوئی تو کوئی شادماں کہیں
دن عیش کے گھڑیوں میں گزر جاتے ہیں کیسے
وہ غم ہی نہیں دسترس عیش بس غم
نہایت خوش مزہ ہر چند لذات جہانی ہیں
رہیگا محو عشرت تا کجے بے رکھ دے آئینہ
اے عزیز ایسی خوشی اچھی نہیں

بحر
بازغ
بیدم
تسلیم
"
"
ثاقب
"
"
جنون
"
"
"
جرار
"
"
جوہری
داغ
سخن
سودا
"
"
سرور
"
سحر
شاد
شہید
صا[illegible]
ظہیر
عز[illegible]

بھنور میں لذتوں کے پھنسکے تو کل ابھرا ہی	بچے رہتے اگر انساں تو بیڑا پار ہو جاتا	محب
دیکھ پچھتائے گا جب اترے گا اس مے کا خمار	نشۂ عیش میں غافل ہے عبث تو اے دوست	"
دور عشرت ہے برق کی چشمک	بلبلہ سے ہے کم بقائے قدح	محو
عہد عشرت اک سرکتی دھوپ ہے	دور ساغر ایک چلتا آفتاب	"
ہائے کچھ عیش کو ثبات نہیں	دور چلتا ہوا ہے ساغر کا	"
رنج و راحت کی قدر عالم میں	شاہ کیا جانے کیا گدا جانے	نہتی
فرصت عیش اپنی یوں گزری	کہ مصیبت پڑی تمنا پر	میر
کیا جانوں لوگ کہتے ہیں کس کو سرور قلب	آیا نہیں یہ لفظ تو ہندی زباں کے بیچ	"
بیٹھ کر مسند پہ صنم خوگر راحت نہ بن	چلنا ہے اس گھر جہاں تکیہ نہیں بستر نہیں	میکش
خالی نہیں فریب سے عیش اس جہان کا	ساغر شراب کا ہے کف شیشہ باز میں	نظم
لذت عشرت ہوئی بے تلخکامی کب حصول	ذائقہ میں دیکھ لو رکھتی ہے تلخی ہر شراب	ناسخ
ہے بروں کو عیش اچھوں کو ہے دنیا میں رنج	توڑتا ہے گل کو گلچیں چھوڑتا ہے خار کو	"
روز مولد سے نہیں عیش و طرب قسمت میں	رمز یہ ہے کہ بشر ہوتے ہیں گریاں پیدا	"
بحر جہاں میں غم ہے کسی کو کسی کو عیش	ماہی کو خار اور صدف کو گہر ملا	واسطی
ہیں جہاں میں طالب امر محال	جو یہاں کرتے ہیں راحت کی طمع	"
شادی و غم چمن میں توام ہے	آنکھ ہے پھول اشک شبنم ہے	وقار
نہ ہنس رلائے گا تجھ کو خمار بادۂ عیش	ہے نشاط تو اس بزم میں مدام نہیں	منیر

عیب و ہنر

اصل کا عیب نہ ہو نقل سے ہرگز زائل	مردم زنگ کی کھنچتی نہیں تصویر سفید	اسیر
کس طرح بے آزمائش ہو عیاں عیب و ہنر	ایک ہے بخل و کرم جس شہر میں سائل نہیں	"
کلفت دنیا چھپا دیتی ہے مردوں کے ہنر	زنگ کر دیتا ہے پنہاں جوہر شمشیر کو	"
جو عیب پوشش کی ہے وضع پردہ درگی کہاں	کہ شام صادق و کاذب نہیں سحر کی طرح	"
قدرتی جو چیز ہے پاکیزہ ہے وہ عیب سے	زنگ سے ہوتا نہیں آئینہ زانو سیاہ	"
عیب اصلی صحبت کامل سے بھی جاتا نہیں	کب مٹی ظلمت حروف سورۂ والنور سے	"
بے لباسی سے ہیں ارباب ہنر صاحب قدر	جوہر تیغ عیاں ہوتی ہے عریانی سے	"
پیدائشی جو عیب ہے ہوتا نہیں وہ دور	اینٹھن نہ جائے کوئی جلائے رسن ہزار	"
ہنر نے رنگ کیا بوئے مشک کا پیدا	ہزار ہم نے چھپایا پہ آشکار ہوا	"
ہم ہنر پیشہ دیکھتے ہیں ہنر	عیب بیں ہوگی بے ہنر کی نظر	"
عیب بیں عیب سمجھتے ہیں ہنر کو بھی اسیر	آگ کا نام یہ نافہم دھواں رکھتے ہیں	"
مطلب کسی کے عیب سے کیا ہے ہنر پسند	چنتے ہیں پھول ہم شجر خاردار کے	"
کیا جانے کوئی صاحب جوہر کا مرتبہ	سمجھے وہ قدر تیغ کی جس کو نگاہ ہو	"

عیب و ہنر

جس میں ہو جوہر ذاتی اُسے کیا حاجت کسب
پیرنا کوئی سکھاتا نہیں مرغابی کو — اسیر

ہے عجب دھوپ چھاؤں کا عالم
ہنر اس کا جو ہے وہ اس کا نقص — آزاد

دست ہنر میں ہے وہ کلید کشود کار
ہے کشود کار کوئی فتح باب ہے — "

گر ہے کسی کے عیب چھپائے گا
جو راز اور عیب ہمیشہ چھپائے گا — فرحان

ستار اس کے عیب جو ہو ذی شعور
طلبگار راحت جو رکھے ضرور — "

وہ کوئی ہنر یاد رکھے
بڑھ کے بد آپ سے نہیں پاتا — "

جب کہ انسان غور کرتا ہے
ہر حال پہ پڑتی ہے خدا پر نظر اپنی — جو

یہ مرتبہ حاصل ہے کہاں بے ہنری سے
بے لباسی میں بھی تلوار کا اسلوب ہے جوہر — "

اپنے جوہر کو میں اپنے لئے زیور سمجھا
ہے ہنر اصل نجابت بھی ضرور — برق

کب بہ کشش تلوار کی ہے جب جوہر دار میں
بے ہنر انسان کو انسان ہوتا ہے وبال — "

شمع انگشت بہ دنداں منہ میں زباں لال ہے
سبھی بجھکیں

عیب و ہنر

اہل زمانہ دیکھتے ہیں عیب ہی کو بس
کیا فائدہ جو شیفتہ عرض ہنر کریں — شیفتہ

کیا کہیں اپنا حال اے شائق
کوئی ہم ہنر کو پسند نہیں آتا — شائق

ہے ہنر شرط آدمی کی آدمیت کے واسطے
بے ہنر حیوان ہے صاحب ہنر [illegible] — ظفر

[illegible]

مصرع اول	مصرع ثانی	شاعر
کبھی بھٹکیں نہ گرد عیب دنیا میں وہ بختاور	کمر اپنی جنھوں نے بہر تحصیل ہنر باندھی	بختاور
عیب جوئی غیر کی کرتا بُرا ہے مدعی	خود نظر کرتا نہیں اپنے برے اعمال کو	تراب
یا ور نظر جو تم کو عیبوں پر اپنے ہوتی	ہرگز نہ تم سے ہوتی غیروں کی عیب بینی	”
لباس عاریت سے ہوتے ہیں اہل ہنر عاری	ہمیشہ انگلیاں رہتی ہیں باہر آستینوں سے	توفیق
بے کار ہے تیر جو ہو بے پر	ہے فخر ہنر سے آدمی کا	ترکی
کمر چست کر بہر کسب ہُنر	کرتا ہو فضائل سے تو بہرہ ور	تائب
کہ اموال سے ہمیشہ ہے زوال	ہنرور کے کیسہ میں ہر دم ہے مال	”
جو کوئی بات نہ پوچھے تری تو کیا شکوہ	ہنر نہیں کوئی تجھ میں یہ عیب کیا کم ہے	ثاقب
گلۂ بخت غلط شکوہ فلک کا بے سود	جب بجز بے ہنری مجھ میں ہنر خاک نہیں	”
کفش دوزوں کی نہیں کچھ قدر زر دوزوں سے کم	خواہ ادنے خواہ اعلے ہو ہنر ہو کوئی ہو	”
خانہ سازی میں جو ہُد ہُد نے ہنر پیدا کیا	ایک مُشت پر ہے لیکن تاج شاہی مل گیا	”
مردیک چشم کا رکھ لیتی ہے پردہ عینک	عیب غیروں کا چھپاتے ہیں چھپانیوالے	”
کسوٹی پر لگا کر دیکھ پہلے اپنے عیبوں کو	شگاف خامہ کو ناخن پر اکثر آزماتے ہیں	”
ہاتھ میں ہوتا اگر کچھ بھی ہنر	رہتے عزت سے نکل جاتے جدھر	حالی
اتنی ہی دشوار اپنے عیب کی پہچان ہے	جس قدر کرنی ملامت اور کو آسان ہے	”
نہ کچھ پوچھے حال علم و ہنر کا	ہیں زردار سب بس زمانے کے قابل	حیرت
اگر کچھ ہنر ہے تو انسان ہے	ہنر گر نہیں ہے تو حیوان ہے	”
کیوں نہ ہر ذی ہوش سمجھے راہ بخشش کی اسے	اہل تقوے کی عبادت ہے چھپانا عیب کا	خاطر
یہ ہوا آئینہ سازی سے سکندر کی عیاں	جو کرے کسب ہنر وہ نامور ہو جائے گا	خلیل
عیب نکلا جو ہنر پیدا کیا	ہم نے کھویا جس قدر پیدا کیا	داغ
بنا کے آئینہ دیکھے ہے پہلے آئینہ گر	ہنرور اپنے بھی عیب و ہنر کو دیکھتے ہیں	ذوق
دنیا میں ہے غرور تکبر ہنر کے ساتھ	ہے کونسا ہنر جو کریں بے ہنر دماغ	رشک
رمز گر اہل قدر کی ہے تلاش	ذات میں اپنی کر ہنر پیدا	رمز
عیب سے مجھ کو بچایا ملے رمز	عیب گویوں کو دعا دیتا ہوں	”
کسی ہنر کسی فن میں نہیں کمال مجھے	مثل ماہ نہ ہوگا کبھی زوال مجھے	راسخ
ہنر سے دور ہے بد اصل کی خلقت کو آئینہ	خمیر تنگ سے بنتا ہے تو جوہر نہیں ہوتا	سودا
بشر کے عیب و ہنر گفتگو میں کھلتے ہیں	ہر ایک شعر سے ظاہر ہے ولولہ دل کا	سحر
ہنر کی عیب کی صورت یہ ہے زمانے میں	کہ اب تو عیب نہیں عیب کو ہنر کہنا	سعادت
کیا بڑا عیب ہے یہ خلق ہنر و دشمن ہے	کھٹکا آنکھوں میں جو اہل ہنر و فن دیکھا	سعید
کبھی چھپ سکتے ہیں گو لاکھ چھپائے کوئی	خود ہی کھل جاتے ہیں سب عیب و ہنر آپ سے آپ	سراج
چھپائیں اپنے اور غیروں کے عیبوں کو کریں ظاہر	خدا ہنرور کرے منہ کالا ایسے نکتہ چینوں کا	ہنرور
ہے خردمند وہی جو کہ ہنر کو سیکھے	بے ہنر صحبت ارباب ہنر سے نکلا	شاداں
یہ وہ دولت ہے جسکو کچھ زوال آتا نہیں مطلق	بشر کو چاہئے حاصل کرے علم و ہنر پہلے	شفق

مصرعِ اول	مصرعِ ثانی	شاعر
نعمت اپنے واسطے کسب ہنر کی چاٹ	بس مال و زر وہی جنھیں ہے مال و زر کی چاٹ	عالم
کثرت عیب نے اپنے یہ چھپایا ہے عزیز	کہ جو دیکھے تو وہ جانے کہ ہنر کچھ بھی نہیں	عزیز
دیکھتے ہیں جو ہنر عیب کو کب دیکھتے ہیں	عیب کے دیکھنے والے تو ہنر دیکھا چلے	غریب
کیا منہ ہے جو ارباب ہنر سے کریں باتیں	جز عیب کوئی ہم سے ہنر ہو نہیں سکتا	فیض
رات دن کرتا ہے فرخ تو جو دولت دولت	سوچ تو دل میں ذرا تجھ میں ہنر ہی کیا ہے	فرخ
لازم ہے اپنے عیب و ہنر میں کرے تمیز	جائے بشر نہ دوستوں کی واہ واہ پر	قلق
عیب کو پہلے ہنر سے دیکھتے ہیں لوگ قطب	ہیں مہ نو کی طرف ہر ہر بشر کی انگلیاں	قطب
ٹھوکریں ان کے لئے اہل ہنر ہیں جتنے	ہے تری چال تو کچھ اے فلک پیر نئی	مصحفی
دیکھ دل میں تو اپنے عیب و ہنر	کس قدر صاف آئینہ ہے دل	محب
جو دیکھا چشم بصیرت سے تو ہوا معلوم	نہیں برے ہیں جہاں میں کوئی خراب نہیں	”
بہت داغ اوروں کے ہم دیکھتے ہیں	مگر اپنے عیبوں کو کم دیکھتے ہیں	”
خالی نہیں ہے عیب سے کوئی بجز خدا	مجھ میں یہ عیب ہے کہ مرے پاس زر نہیں	منتہی
عیب بھی جائے ہنر ہوتا ہے اپنے حال پر	بہر شانہ کس قدر زیبا مگر دندانہ ہے	”
اپنی فلاح کے لئے سیکھے کوئی کمال	آسودہ حال رہتے ہیں کسب ہنر سے لوگ	مفتون
شرط سلیقہ ہے ہر اک امر میں	عیب بھی کرنے کو ہنر چاہیے	میر
کیوں نہ اس عیب بیں کا ہوں ممنوں	جو بتائے رہِ صواب مجھے	منت
نظر عیب بیں کی ہے عیبوں کے اوپر	ہنرور ہمیشہ ہنر دیکھتے ہیں	مہر
رائے خلقت کی بری یا اچھی	ہے فقط عیب و ہنر پہ مبنی	”
جو عیب جس میں ہو نہیں جاتا کسی طرح	چھٹتا نہیں ہے چاند کا دھبا کسی طرح	نساخ
عیب پر اپنے کر نظر پہلے	پھر اٹھا آنکھ دوسرے کی طرف	ناصر
لاکھ جوہر جو ہوں کسی میں تو ہوں	مجھ میں ہے عیب اک زمانے کے	ناثر
بے ہنر کیوں نہ ہو گلزار جہاں میں بے قدر	کوئی بھولے سے بھی چھوتا ہے گل بے بو کو	نظامی
قلم کو پرچم دولت فقط ہنر سے ملا	وگرنہ گھاس ہے اک خشک دشت و صحرا کی	”
شعر گوئی میں جو کی اوقات صرف	اس سے ہم کوئی ہنر ہی سیکھتے	نور
باغ جہاں میں اہل ہنر میں کشمکش آہ	چلتے ہیں سنگ نخل ثمردار کی طرف	نصیر
ہنر کے نور سے ہوتی ہے دور ظلمت جہل	ہزار عمر فدا کیجئے اک ہنر کے لئے	نشاط
آدم کی تو اولاد میں ہر فرد بشر ہے	انسان ہے وہی جس میں کہ جوہر ہے ہنر کا	نواب
ہنر سے ہے نام بشر تا قیامت	زمانہ میں ہے جام اگر جم نہیں ہے	واسطی
ہے جہاں میں ہنر شناس بہت	آدمی کے لئے ہنر ہے شرط	”
کسی کو جوہر ذاتی نظر نہیں آتا	وگرنہ کون ہے جس کو ہنر نہیں آتا	وقار
وہ عیب نہیں عیب جو ہو ساتھ ہنر کے	اس عیب کو بھی بلکہ ہنر پھر نہیں لگتا	”
جو رونا ہے تو اب اس بات کا ہے	ہنر کوئی نہ سیکھا واہ ہم نے	واہ
جگ[1] میں نیں[2] اہل ہنر اپنے ہنر سوں[3] بہرہ یاب	کوہ کن کوں[4] فیض کب پہنچا ہے جوئے شیر سوں	ولی

عیب و ہنر

لازم ہے آدمی کے لئے جاننا ہنر

کسب ہنر نہ ہو تو وہ انسان کیا ہوا

[illegible]

[1] دنیا ۱۲ — [2] نہیں ۱۲ — [3] سے ۱۲ — [4] سے ۱۲

غرور

کبر سب خاک میں مل جائے گا مغروروں کا
ہے دلیل جبن ظاہر سر میں رکھتے ہیں غرور
جب منعم مغرور نے کی بات نہ ہم سے
ذرا سی بات پر اہل تکبر پھاڑ کھاتے ہیں
طاؤس کی طرح ہیں خراماں یہ اہل کبر
جب ہوا مغرور انساں روشنیٔ دل کہاں
سمجھتا ہے یہ اپنے دل میں مغرور
ایک ہی اصل ہے یہ کبر یہ نخوت کیسی
رکھ زمیں پر قدم آہستہ ذرا اے مغرور
غضب ہے ملکے تکبر سے چاہتا ہے یہ زہد
جھومتے چلتے ہیں کیوں رستہ میں یہ نخوت فروش
بڑھ کے بولے گا جو دنیا میں وہ پائے گا سزا
بس اسی روز پہ یہ کبر یہ نخوت نمرود
آخر مآل عجز ہے تیرے غرور کا
کبر چھوڑو سرکشی اچھی نہیں اے اہل کبر
کھینچتا ہے دور آپ کو کیوں ماہ و آفتاب
کھینچے ہے اور آپ کو کیا سرکشی سے یہ
چرخ کے ہاتھوں سے اٹھ سکتے نہیں اہل غرور
موسم پیری میں کبر نوجوانی کب تلک
غرور بھر جہاں میں ہے عین بے مغزی
عجب ناداں ہے جو مغرور ہے عمر دو روزہ پر
ہو گر بیناں کبر سے معلوم کیا تجھ کو نہیں
غرور اچھا نہیں ہے اے صنوبر قامتو اتنا
زوال دولت اقبال ہو جاتا ہے نخوت سے
اوج دنیا پر نہیں ہے سرکشی لازم امیر
احباب کی نظر میں ترا عیب ہے ہنر
یہ کج نہاں نو دولت خدا جانے ہیں کیا سمجھے
عبث اے دوست تجھ کو ہے تکبر چار عنصر پر
عمل نیک بھی مغرور کا ہے قابل حک
زائل اندوہ کرے گا سہرا انساں سے غرور
کیا دولت دو روزۂ دنیا کا اعتبار

اک ذرا گور غریباں میں گزر ہونے دو — امیر
فہم زن سے بھی کہیں مردوں کی ہو دستار کج — ״
چپ ہو رہے ہیں ہم صورت دیوار سمجھ کر — امیر
درندے ہیں یہاں بھی کچھ نہیں موقوف جنگل پر — ״
انساں ہو کے مرتے ہیں حیواں کی چال پر — ״
بزم میں آتے ہی گل کر دیتی ہے صرصر چراغ — ״
زمیں ہے آسماں ہے اور میں ہوں — ״
میں اگر خاک ہوں پھر کچھ بھی یہ اکسیر نہیں — ״
مور چپ دب کے سلیماں سے نہ فریاد کریں — ״
کہ مثل طاعت ابلیس رائیگاں ہوں میں — ״
کہدو ہشیاروں سے چھوڑیں مست کی رفتار کو — ״
دار موجود ہے منصور کی سرتابی کو — ״
چھین لی ایک ہی پشہ نے خدائی تیری — ״
اے باغباں خزاں بھی ہے پیچھے بہار کے — ״
رزق پشہ ایک دن مغز سر نمرود ہے — ״
ہوتا ہے بیچ غرور بہت سیم و زر کے وقت — امیر
ملتا نہیں ہے چرخ ستمگار کا دماغ — ״
عاقبت گر گر زمیں میں آہ گڑ جاتی ہے برق — ״
چونک غافل شب گئی دن آشکارا ہو گیا — ״
ہوا جو قطرے میں شامل ہوئی حباب ہوا — ״
بدن میں چار دن ہے اعتدال اس چار عنصر کا — ״
ایک پشہ سے ہوا احوال کیا ضحاک کا — ״
کہ کو کو کہہ رہی ہیں قمریاں کسریٰ کے ایواں پر — ״
بجھادے شمع کو جھونکا نسیم صبح گاہی کا — ״
رہروؤں کی ٹھوکریں کھاتا ہے سر فغفور کا — ״
مغرور اے امیر نہ ہو واہ واہ پر — ״
ہلال آسا مدار ان کا ہے بالکل خود نمائی پر — ״
ہوا سے خاک کی دشمن تو آب آتش کا دشمن ہے — ״
چھپ رہا باغ ارم دہر میں شداد کے بعد — ״
تیغ میں بال جو ہو گا تو کہاں بل ہو گا — ״
ملتا نہیں ہے کیوں ترا اے چرخ دماغ — ״

بیجا ہے اسپ و خیمہ و خرگاہ پر غرور	خر لوٹتے ہیں تربت بہرام گور پر	امانت
پاؤں نخوت سے جو رکھتے تھے سرِ افلاک پر	ہاتھ اٹھا کر زیست سے وہ سو رہے ہیں خاک پر	"
بے محل اپنی عمارت پر ہوا جس کو غرور	بنتے بنتے قصر کی تعمیر آدھی رہ گئی	"
تعجب نخوتِ اہلِ زمیں پر مجھکو آتا ہے	یہ اس پر کیوں بگڑتے ہیں کہ جس میں مر کے گڑتے ہیں	اکبر
مت بول بڑا بول نکل جائے گا اک روز	یہ بولتا تن میں جو ترے بول رہا ہے	"
زمیں کے تلے جن کو جانا ہے اک دن	وہ کیوں سر کو تا آسماں کھینچتے ہیں	انیس
باپ دادا پر عبث اترا رہا ہے بوالفضول	عاق کر دیتے ہیں اکثر ناخلف اولاد کو	انجم
کام قاروں کے نہ آیا مال و زر	منعمو بیجا ہے دولت پر گھمنڈ	"
بادشاہ ہفت کشور ہے تو کیا	کر نہ دو دن کی حکومت پر گھمنڈ	"
عقل میں جب فتور ہوتا ہے	مال کا تب غرور ہوتا ہے	"
باور خود بیں کا نخل مدعا ہوتا نہیں	حجت قاطع ہے اس پر ماجرا شداد کا	انور
کہیں نہ لطمۂ بادِ اجل فنا کر دے	بہت نہ سر کو اٹھائیں حباب پانی میں	"
موت آجائے تو آجائے بلا سے لیکن	دل میں انسان کے پندار نہ آنے پائے	"
تھا لباس قاقم و سنجاب پر جن کو غرور	بے سر و ساماں گئے اس عالم اسباب سے	"
نظر عیبوں پہ اپنے چاہیے اے اشک دانا کو	خرابی آئی جب انساں یہ سمجھا میں کامل ہوں	اشک
قدم رکھ زمیں پر نہ ظالم اکڑ کر	فلک پیس ڈالے گا تجھکو رگڑ کر	اثر
نہیں جن کو جاہ و حشم کا تجبر	وہی لطفِ جاہ و حشم دیکھتے ہیں	اسمٰعیل
اظہار شیخیت سے نشان بے ہنری کا	جو اہلِ ہنر ہیں کبھی دعویٰ نہیں کرتے	"
کیا جو کبر تو شیطاں کے ہاتھ کیا آیا	وہی عزیز ہے عزت جسے خدا نے دی	"
گئی کس کے سر سے ہوائے غرور	یہ آندھی جب اٹھی نہ زائل ہوئی	بحر
غرور کر کے نگاہوں سے گر گئے مغرور	بلند جتنے ہوئے اتنے اور پست ہوئے	"
غرور خوب نہیں مشتِ خاک کے حق میں	ہوا سے مل کے پریشاں غبار ہوتا ہے	"
اتنا مغرور کیوں باغباں ہے	یہ چمن چار دن میں خزاں ہے	"
تفاخر آلِ تمغا پر عبث اولادِ آدم ہے	نہیں ممکن مقدر کا نوشتہ فردِ باطل ہو	"
اتنا ہوا ہے کبر پہ بھولو نہ گلرخو	دو روز کی بہار ہے یہ عمر بھر کہاں	"
مہ دو ہفتہ کا عالم مقامِ عبرت ہے	غرور چاند سے چہرے پہ خوبرو نہ کریں	"
سارے جہان کو ہے غرور اپنی شان پر	ہر ایک شخص کا ہے دماغ آسمان پر	"
کوسِ رحیل یہ ہے وہ ہیبل رہ عدم	شاہوں کو کیوں گھمنڈ ہے نام و نشان پر	"
کیا دم کا بھروسہ یہ ہوا ہے نہ بہت پھول	ہے مثل بگولے کے تری نشو و نما خاک	"
کس چیز پہ اغماض مجسم ہیں زری پوش	سر ڈالیں گریباں میں ہے زیرِ قبا خاک	"
اکڑ کے چلتے ہیں رکھ رکھ کے ٹوپیاں ٹیڑھی	امنگ پر ہیں زمانے کے نوجواں کیا کیا	"
جائے حیرت ہے جو نفرت دہو خود بینی سے	نظر آتا ہے اس آئینہ میں چہرا الٹا	"
دو شالہ اوڑھ کر غرانہ تو ہم چرم پوشوں سے	درفش کاویانی سے بڑھا رتبہ فریدوں کا	"

غرور

اے فلک قدر نہ کرتا کبھی زنہار گھمنڈ / کر جھکا ہے بہت اونچوں کو نگوں سار گھمنڈ	بحر
لعل میں لعل رہا ہے نہ صدف میں موتی / نیکوئی کرے زنہار گھمنڈ	"
اپنی دولت پہ بگولے نے پریشان ہوا / سر اٹھایا جو بگولے نے تو کیا سزاوار گھمنڈ	"
خاک ہو خاک سے پیلے کو سب نہ چلا / ایک پشہ سے بھی نمرود کا بیکار گھمنڈ	"
جب نہ اتنی بھی ہے قدرت تو ہو کیا بیکار گھمنڈ / منہ چڑھ نالہ ارسطوں سے نہ دیکھیں صور پھنکے	"
سب نکل جائے گا اے چرخ ستمگار گھمنڈ / سکتے ہیں جو لوگ یہ حال ان کا ہے	"
زور و زر رکھتے ہیں جو لوگ یہ ان کا ہے گھمنڈ / بار تو اونچ ہے تو سو بار ٹوٹا	"
اگر اکبر ہے اگر آراستہ دولت ہے گھمنڈ / دانے بھرے سے لئے یہ زمیں چلو	"
ذکر و موتیوں سے ہیں نہ چیز گھمنڈ / اے امیر وراہ دنیا میں نہ چھیڑ اس سے اڑ گیا	باقی
پاؤں میں پھر لگی تو سر سے ہے زیرِ خاک / ڈالی ہے جو آج ہے وہ کل ہے گھمنڈ	امانت
دو دن سے باغ دہر میں زر دار کا گھمنڈ / اٹھائیں ہے تو نے تکبر سے چھوڑ دے	"
اے دل وہ چال چل کہ عدو کو بنا دے دو	غرور جب

غرور

شعر	شاعر
مالداروں کو ہے دولت پر گھمنڈ / خوش جمالوں کو ہے صورت پر گھمنڈ	جوش
زاہدوں کو ناز ہے اپنے زہد پر / جوش کو خالق کی رحمت پر گھمنڈ	=
اتنی جلدی جاسے کی مثل حباب دم بھر میں / ہوا بھری ہوئی نخوت کی جس کلاہ میں ہے	حفیظ جعفری
ہیں اونچی ٹوپیاں جن کی غرور سے دیکھیں / حباب بھی جو ہے سر بھی اسی کلاہ میں ہے	=
اوج و عروج جاہ پہ بیجا ہے یہ غرور / دیکھی زمیں میں انہوں نے جو تھے آسماں مزاج	جوہری
مثال باد و آتش ہو نہ سرکش / خمیر جسم ہے آب و گل سمجھ اے	=
بنانگ کل وہ کیوں پھولے باد نخوت سے / گرہ میں مفلس اٹھل کے سمجھو زر ہو جائے	=
غرور اے منعم زیبا نہیں ہے دولت و زر پر / بھروسہ چاہیے انسان کو اپنے مقدر پر	=
بقا جہاں کو نہیں عمر کو ثبات نہیں / عبث غرور اے منعم کو دولت و زر پر	جلیل
دو روزہ حسن پر پھولے ہیں کیا گل / بڑے کم ظرف ہیں اترا رہے ہیں	ناسخ

غرور خوب نہیں تخت عارضی پہ فلک	کہ ہر کمال کو آخر زوال ہوتا ہے	بیدل
کبر کہتے ہیں جسے خصلت شیطانی ہے	عجز سے جانے کو تا عرش بشر خاک ہوا	برق
سرکشی اچھی نہیں ہر وقت شیشہ کی طرح	سامنے محتاج کے جھک جائے گردن چاہیے	״
تراب آدمی کی صفت عجز ہے	نہ کرنا کبھی کبریائی کی بات	تراب
جس کو کچھ اپنے علم و ہنر کا غرور ہے	جاہل اسی کو کہیے وہی بے شعور ہے	״
فقیر کو ہے تکبر امیر سے واجب	کہ عاجزی میں یہاں فقر کی حقارت ہے	״
امین ہیں کب وہ ضغطۂ گور و عذاب سے	کبر و غرور سے جو دکھاتے ہیں دبدبہ	״
گھمنڈ وہ نہ کرے پالکی اور ہاتھی پر	نگاہ جس کی ہو دنیا کی بے ثباتی پر	״
عبث ہے فوج پہ مغرور اپنی شاہِ زماں	غرور دلہا کو ہوتا نہیں براتی پر	״
آدمی غرہ عبث کرتا ہے اپنی ذات پر	اصل جس کی قطرۂ پیشاب ہے یا خون ہے	״
یہ مٹی ایک دن ہو جائے گی بحر تلاطم میں	حباب آسا اٹھاتا ہے عبث مغرور سر اپنا	تجمل
تمام عمر نہ مغرور ہوش میں آیا	ہمیشہ مست زمانہ میں بے شراب رہا	״
کہتا ہے بدر ہو کے سر آسماں ہلال	نخوت نہ چاہیے کبھی اپنے کمال پر	״
چل تکبر سے نہ آگے ترے پیچھے مغرور	موت کھینچے ہوئے شمشیر فنا آتی ہے	״
لحد کو دیکھ اے منعم نہ بھول اس شان و شوکت پر	یہاں بھی جسم اگر آیا تو بے طبل و علم آیا	تسلیم
سمجھتے کیا ہیں جوانی گنوا کے جو ناداں	اکڑ کے چلتے ہیں پیری میں نوجواں کی طرح	״
گرمیٔ تقریر گر حاصل نہیں کس کام کی	شمع کیوں کرتی ہے اس آتش زبانی پر گھمنڈ	״
ایک دن کی زندگی پر کیوں نہ اترائے حباب	سر تو رکھتا ہے مگر سر میں نہیں رکھتا دماغ	״
جہاں میں اہلِ نخوت ہم نے دیکھے محض بے معنی	حباب اتنا ابھرتا ہے مگر حکمت سے خالی ہے	״
اپنی خود بینی نے ہم کو کھو دیا مثلِ حباب	کھول کر جب آنکھ دیکھا کچھ نہ پایا آپ کو	״
ہوا ثابت حباب بحر کے بے جا ابھرنے سے	کہ ہیں معنی سے دم کے بھرنے والے بیشتر خالی	
نسب کا تفاخر نہ کر زینہار	بشر بے ہنر ہے مثال غبار	تائب
کل فلک سے ہمسری کرتے تھے جو اہل غرور	آج وہ زیر زمیں ہیں سر اٹھا سکتے نہیں	تہور
سرنگوں ہو گیا فوارہ نکل کر باہر	آسماں گردن سرکش کو اٹھا دیتا ہے	توفیق
یہ جان لے جھکے گا سر اک روز خاک پر	گردن کشی جو صورت مینا کرے کوئی	״
ہو کر بلند ہوتا ہے فوارہ سرنگوں	جھکتا ہے وہ ضرور جو گردن فراز ہے	״
گردنِ شیشہ جھکی اور کہا جب قلقل	سچ تو کہتے ہیں بڑے بول کا سر نیچا ہے	ثاقب
جاتی رہے گی ظاہر و باطن کی روشنی	غافل چڑھا نہ آنکھ پہ شیشہ غرور کا	״
جو چوکیں سرکشی سے اہلِ نخوت بعد مردن بھی	لحد میں کیوں کھڑا ہی دفن ہو مردہ فرنگی کا	״
کبر سے نازل ہوا دنیا میں دوزخ کا عذاب	پر فرشتوں کے جلے جس سے یہ ایسی آنچ ہے	״
نہ ہوا اتنا بھی اے نو دولتوں مغرور دنیا پر	نہیں معلوم کیا انجام تم کو کبر و نخوت کا	جنول
زیرِ گردوں کب رہی مغرور کی گردن بلند	بنگیا جام گدائی کاسۂ سر شاہ کا	
نہ ہو اے منعمو مغرور مال و دولت و زر پر	کہ دیکھو یاس کا عالم ہے کیا قبرِ سکندر پر	

تاکجا اے اہل دنیا تاکجا	دولت و جاہ و تجمل پر گھمنڈ	جلیل
صاف رکھ دل کو تکبر سے مدام	ہوگا روشن جہاں میں تیرا نام	حیرت
ہے تکبر مایۂ شر و فساد	پاک رہنا اس سے اے عالی نہاد	״
بندگی چاہیئے حیرت کہ وہ ہے بندہ نواز	اس کے دربار میں ہوتا نہیں منظور گھمنڈ	״
جتنے ناداں ہیں انہیں کا تو ہے دستور گھمنڈ	پر خردمند سے رہتا ہے سدا دور گھمنڈ	״
دہر میں چشم حوادث سے بچے رہتے ہیں	جب تلک کرتے نہیں قیصر و فغفور گھمنڈ	״
اہل ایماں کیا کرتے ہیں اس سے نفرت	رہتا ہے بادۂ نخوت سے جو مخمور گھمنڈ	״
جو گئے زیر زمیں دل میں تکبر کو لئے	ان کے ہمراہ ہوا خاک میں مستور گھمنڈ	״
غرور حسن بیجا ہے سمجھ لو	نہیں رہتا سدا جوبن کسی کا	״
غرور جاہ بے جا ہے مآل کار سوچو تو	یہی اعمال دنیا سے بشر کے ساتھ جاتے ہیں	״
جنہوں نے آپ کو سب سے سمجھ لیا ہے بڑا	بڑائی دیکھ نہیں سکتے غیر کی زنہار	حالی
کچھ بھی ہوا غرور کی جس سر میں بھر گئی	مثل حباب دم میں وہ برباد ہو گیا	خلیل
دیکھیے جس کو یہاں اُسے اور ہی دماغ ہے	کرمکِ شب چراغ بھی گوہر شب چراغ ہے	درد
کس ہوا میں ہم ابھرتے ہیں عبث مثل حباب	یہ تو ثابت ہے کہ مشتِ خاک بے بنیاد ہے	رند
حواس خمسہ میں اس کے فتور ہوتا ہے	جنوں سمجھا ہوں جس کو غرور ہوتا ہے	״
غافل غرور و کبر کو اس میں جگہ نہ دے	بھر جائے گا یہ کاسۂ سر ار ہوس سے	״
مثل حباب چند نفس کی نمود پر	جو تھا وہ اپنے وقت کا افراسیاب تھا	رشک
راہ میں اتنا نہ تن تن کر چلو اے غافلو	جھکے پیری میں قد موزوں کہاں ہو جائیگا	״
اہل نخوت کی نمائش بھی ہے مانند حباب	جان کی خیر ہے جب تک کہ ہوا رہتی ہے	״
دماغ پیر گردوں میں بھرا ہے بادۂ نخوت	بچشم غور دیکھا تو اک مینائے خالی ہے	رعنا
مئے خودی سے ہے دنیا میں ہر بشر مدہوش	ہرن ہو نشۂ دولت تو چوکڑی بھولے	راسخ
زمیں پر چلیں آج کیوں ہم اکڑ کر	اسی میں تو رہنا ہے اک روز گڑ کر	رنجور
غرور و کبر رہا کس کا بحر فانی میں	اٹھایا سر تو فنا صورت حباب ہوا	رحمت
جھکا نیکو تیرے جھکا آسماں ہے	چلا کر نہ رحمت زمیں پر اکڑ کر	״
تو بھی رعنائی سے ٹھوکر مار کر چلتے ہیں یار	سوجھتا اتنا نہیں ہم خاک کے پیوند ہیں	سوز
خدا کی بندگی کا سوز ہے دعویٰ تو ہر اک کو	ولے دیکھا ہے بندہ ہی اپنی خود نمائی کا	״
مغرور ہو نہ ہستی ناپائیدار پر	دو دن کی زندگی کا بھلا اعتبار کیا	سخن
عبث اے منعمو مغرور ہو دنیائے فانی پر	گیا جس دم جہاں سے کچھ نہ تھا دست سکندر میں	״
اکڑ اکڑ کر کیوں نکلتے ہو غرور و کبر و نخوت سے	زمیں پر غافلو رکھو قدم آہستہ آہستہ	״
دماغ جھڑ گیا آخر ترا اے نمرود	چلا نہ لشہ سے کچھ بس تری خدائی کا	سودا
عجب ناداں ہیں جن کو ہے عجب تاج سلطانی	فلک بال ہما کو پل میں دیتا ہے مگس رانی	״
نازاں نہ ہو تو اس پر گر تجھ کو سنگ میں سے	گوہر نکالنے کا کسب و کمال آیا	״
اے میاں دیکھ نہ بھائیگا خدا کو غرور	کیا کروں ہائے زمیں سخت فلک ہے دور	״

غرور

دماغ خلق پر از کبر ہے میں حیراں ہوں
مشت خاک میں اتنا غرور کس کا ہے
مشت خاک ہے کبر اہل جہاں سے مجھے یہ اب
دہشت سے ہوئے [illegible] نقش پا
افتادگی نہ ہوئے [illegible] اس پہ اے ناداں
تو کر غرور تو زنہار [illegible] مہر و ماہ بلند
جو مرتبہ تیرا [illegible] شکل مہر [illegible] رہا
غرور جس نے کیا ہو رد عتاب رہا [illegible] آج تک خراب رہا
معلم الملکوت کو نہیں لازم غرور
بیٹھ کر کرسی پہ انساں کو نہیں [illegible] جانے کیلئے
پاؤں لٹکائے ہوئے بیٹھا ہے جانے کیلئے
نہیں ہے آدم خاکی غرور کے لائق
غرور و کبر ہے رب غفور کے لائق
مت بنا ہے غرور سے منعم
تو خدا کو جواب کیا دے گا
بیجا ہے کبر چاہیے بندے کو بندگی
زیبا ہے اور بیجا ہے کبر گر خدا گھمنڈ
فرعون غرق نیل ہوا ہے غرور سے
کرتا نہیں پسند کسی کا خدا گھمنڈ
دنیا میں حق نے دی ہے فضیلت بڑی گھمنڈ
کس کا تھا [illegible] ہے بجا گھمنڈ

باغ جہاں